خوب ترنگ

از

میاں خوب محمد چشتی

ایک تنقیدی مطالعہ

مع

حیات مصنف و مطالعۂ تنقیدی دیگر تصنیفات

پی ایچ۔ڈی کی ڈگری کے لئے ایک مقالہ

از

ڈاکٹر عالی جعفری

جس پر ۱۹۵۹ء

بمبئی یونیورسٹی نے پی ایچ۔ڈی کی ڈگری تفویض کی

گجرات اردو اکادمی

(حکومت گجرات) گاندھی نگر

خوب ترنگ

از

میاں خوب محمد چشتی

ایک تنقیدی مطالعہ

مع

حیات مصنف و مطالعۂ تنقیدی دیگر تصنیفات

پی ایچ ۔ ڈی کی ڈگری کے لئے ایک مقالہ

از

ڈاکٹر عالی جعفری

جس پر ۱۹۵۹ء

بمبئی یونیورسٹی نے پی ایچ ۔ ڈی کی ڈگری تفویض کی

گجرات اُردو اکادمی

(حکومت گجرات) گاندھی نگر

GUJARAT URDU AKADEMY
GUJARAT STATE
GANDHINAGAR

A CITICAL EDITION OF KHUBTARANG

BY

MIYAN KHUB MUHAMMAD CHISHTI

WITH

HIS LIFF AND A CRITICAL STUDY

OF

HIS OTHER WORKS

A Ph. D. THESIS (1958)

BY

A. N. JAFREE

FIRST PUBLICATION YEAR : 1993
COPIES : 500
PRICE : RS. 85.50

PUBLISHED BY : DR. HASU YAJNIK
GUJARAT URDU AKADEMY
DAFTAR BHANDAR BHAVAN,
SECTOR : 17
GANDHINAGAR- 382017

PRINTED BY : MARUTI OFFESEAT PRINTERS.
TAVADI PURA, SHAIBAUG,
AHMEDABAD

فہرست

عنوان		صفحہ
۱ - پیش لفظ	... ...	ا تا ج
۲ - پہلا باب	... ...	۱ تا ۱۵
۳ - دوسرا باب	... ...	۱۶ تا ۵۵
۴ - تیسرا باب	... ...	۵۶ تا ۹۱
۵ - چوتھا باب	... ...	۹۲ تا ۱۲۱
۶ - پانچواں باب	... ...	۱۲۲ تا ۲۳۵
۷ - چھٹا باب	... ...	۲۳۶ تا ۴۲۷
۸ - ساتواں باب	... ...	۴۲۸ تا ۴۴۵
۹ - کتابیات	... ...	۴۴۶ تا ۴۵۲

پیش لفظ

خوب ترنگ

از میاں خوب محمد چشتی

گجرات صدیوں سے علم و ادب کا مرکز رہا ہے سرزمینِ گجرات کو اردو زبان کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر ولی گجراتی کی زادبوم ہونے کا فخر حاصل رہا ہے مگر امرِ واقعہ یہ ہے کہ ولی سے قبل بھی یہاں گجری. اردو کی روایت کا پتہ چلتا ہے ۔ پندرھویں سولہویں صدی عیسوی کے گجری زبان کے کارناموں کے بارے میں محققین ادب نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے ان کی لسانی اور ادبی اہمیت پر کارآمد روشنی ڈالی ہے ۔ شاہ بہاء الدین باجن ، خوب محمد چشتی، شاہ علی جیو گام دھنی. قاضی محمود دریائی ، امین گودھروی وغیرہ کے کلام گجری کو باقاعدہ مرتب کرکے منظرِ عام پر لانا تاریخ ادب کی ایک بڑی اہم ضرورت کو پورا کرنا ہے ۔

چونکہ کلام گجری کے قدیم سرمائے کو احاطۂ تحریر میں لاکر انھیں محفوظ رکھنا اکاڈمی کے اغراض و مقاصد میں شامل رہا ہے لہٰذا گجرات اردو اکاڈمی کے ادبی منصوبوں میں کلام گجری کی ترتیب و تدوین اور ان کی نشر و اشاعت کو مقدم رکھا گیا ہے ۔ اس سے قبل علم دوست حضرات کی خدمت میں گجری اردو مثنویاں پیش کی جاچکی ہیں

شاہ خوب محمد چشتی کا شمار گجرات کے اکابرین صوفیا میں ہوتا ہے۔ ان کی مشہور و معروف مثنوی "خوب ترنگ" گجری زبان کا شاہکار ہے ۔ فاضل محقق ڈاکٹر عالی جعفری نے برسوں کی محنت شاقہ اور عرق ریزی سے "خوب ترنگ" کے کئی

قلمی نسخوں کا موازنہ و مطالعہ کرنے کے بعد اسے مرتب کیا ہے اور قیمتی و مفید مطلب حواشی کے ذریعہ اس کی لسانی اور ادبی اہمیت کو واضح کیا ہے۔

گجرات اردو اکاڈمی گجری کا زبان کے اس فن پارے کو قارئین اردو کی خدمت میں پیش کرتے ہوئے فخر و مسرت کا اظہار کرتی ہے۔

ڈاکٹر ہسو یاگنک

سکریٹری گجرات اردو اکادمی

گاندھی نگر

پیش لفظ

اردو زبان کی تاریخ کا مطالعہ کرنے والوں سے یہ امر پوشیدہ نہیں ہے کہ اردو کی تشکیل و ترویج میں گجرات نے بڑا اہم حصہ لیا ہے۔ علمائے کرام و صوفیائے عظام نے دین و مذہب کی تبلیغ و اشاعت کے لئے فارسی کے دوش بدوش بلکہ اس سے کہیں زیادہ مقامی زبان —— ہندی یعنی اردوئے قدیم یا گجری ہی کو استعمال کیا۔ ان کی اس سعیٔ جمیل کی نشاندہی نہ صرف کتب تاریخ مثلاً مرأت احمدی و مرأت سکندری وغیرہ سے بلکہ قوام الدین لمجی کی فرہنگ بحر الفضائل اور پھر بہاؤالدین باجن، قاضی محمود دریائی، علی جیوگام دھنی اور خوب محمد چشتی کے کلام سے بھی ہوتی ہے۔ مؤخر الذکر تو اس امر کی بھی شہادت بہم پہونچاتے ہیں کہ علی جیوگام دھنی اور خوب محمد چشتی تک آتے آتے اردو تشکیلی دور کے مراحل سے گذر کر اتنی توانائی حاصل کر چکی تھی کہ وحدت الوجود کے سے دقت پسند مسئلہ تصوف کی توضیح و تشریح کے لئے وہ بلا جھجک استعمال ہوسکتی تھی اور دسویں صدی ہجری کے سیاسی انتشار کے سبب گجرات سے دکن ہجرت کرجانے والے بزرگوں کی اولاد مقامی ادیبوں اور شاعروں کی زبان سے اپنی زبان کو متاثر قرار دینے کے لئے ایک مخصوص فخر و محبت سے یاد کرسکتی تھی۔

مگر دلچسپی کی بات یہ ہے کہ اردو زبان سے متعلق لسانی تحقیق کرنے والوں نے جتنی توجہ خوب محمد چشتی پر صرف کی ہے اس کا مستحق انہیں شاید کوئی دوسرا گجراتی شاعر نظر نہیں آیا ہے۔ حافظ محمود شیرانی، مولوی عبدالحق، ڈاکٹر محی الدین زور، پروفیسر نجیب اشرف ندوی، پروفیسر عبدالقادر سروری، نصیر الدین ہاشمی، ڈاکٹر ظہیر الدین مدنی، ڈاکٹر مسعود حسین خاں اور ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی صاحبان نے مختلف اوقات میں خوب محمد چشتی کی خوب ترنگ کی اہمیت کو اپنے اپنے انداز میں محسوس کرایا ہے۔ میرا مقالہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ تاہم اس میں پہلے پہل نہ صرف خوب ترنگ کا متن متعین کرنے کی کوشش کی گئی ہے بلکہ دوسری خصوصیات کے ساتھ ساتھ اس کے لسانی اوصاف کو بہ تمام تفصیل بیان کیا گیا ہے تاکہ اردوئے قدیم —— خصوصاً گجری کے سلسلے میں زبان کی ساخت اور ادبی تشکیل کی کیفیت نمایاں ہوجائے۔ اس کے علاوہ میں نے خوب محمد چشتی کی دوسری کتابوں اور رسالوں کا تنقیدی جائزہ و مطالعہ بھی پیش کیا ہے۔ اس اجمال کی تفصیل کا اندازہ مندرجہ ذیل تقسیم ابواب سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے:

پہلا باب: میاں خوب محمد چشتی کا زمانہ (۹۴۶ھ تا ۱۰۲۳ھ)

(۱) سیاسی و معاشرتی حالات

(ب) دینی و مذہبی ماحول : مشہور علماء و اہل طریقت
(ج) ادبی ماحول : شعرا و ادیب : عربی و فارسی
(د) اطبائے گجرات
دوسرا باب: (ا) اردو کیا ہے ؟
(ب) اردو کی پیدائش سے متعلق مختلف نظریئے
(ج) اردو کے مختلف نام : دکنی و گجری ؛ اردو کی ادبی تشکیل
تیسرا باب: (ا) حیات خوب محمد چشتی (۹۴۶ھ تا ۱۰۲۲ھ)
(ب) تصانیف خوب محمد چشتی ۔ خوب ترنگ کے علاوہ
(ج) حیات خوب کے ماخذ : خوب محمد چشتی کا ذکر کرنے والی کتابیں مع اقتباس و تبصرہ
چوتھا باب: (ا) تصوف : ۱۔ فلسفۂ تصوف
۲۔ تاریخ تصوف
(ب) سلسلۂ چشتیہ : تاریخ ، خصوصیات ، نظام
پانچواں باب: (ا) مثنوی ــــ صنف سخن
(ب) اردو مثنوی ، خوب محمد سے پہلے
(ج) اردو مثنوی ، خوب محمد کے زمانے میں
(د) خوب ترنگ کا تصوف مع ترجمۂ رسالۂ عقیدۂ صوفیہ
(ھ) خوب ترنگ کی فنی و ادبی اور شعری و عصری خصوصیات
(و) خوب ترنگ کی لسانی خصوصیات
چھٹا باب: (ا) خوب ترنگ کی تدوین و ترتیب کے لئے استعمال میں آنے والے نسخے مع مختصراتِ خصوصی
(ب) متن خوب ترنگ
ساتواں باب : فرہنگ
کتابیات :

مقالہ کی تکمیل میرے لئے مسرت و الم کی ملی جلی کیفیتیں رکھتی ہے ۔ خوشی ظاہر ہے تکمیل مقالہ کی ہے اور الم اس بات کا ہے کہ میرے شفیق استاد پروفیسر محمد ابراہیم ڈار صاحب (مرحوم) جنہوں نے ڈاکٹریٹ کی ڈگری کے لئے خوب ترنگ پر کام کرنے کا مشورہ دیا تھا ، آج اس دنیا میں موجود نہیں ہیں ۔ مجھے یقین ہے کہ انہیں مقالہ کی تکمیل کی

خوشی مجھ سے زیادہ ہی ہوتی۔

اس مقالہ کی ترتیب و تہذیب کے لئے ڈاکٹر زور، پروفیسر سروری، پروفیسر نجیب اشرف ندوی اور ڈاکٹر مدنی صاحبان کا ممنون ہوں کہ انہوں نے اپنے مفید مشوروں سے مجھے سرفراز کیا۔ اس کے لئے میں ان تمام علمائے ادب کا تہِ دل سے شکرگزار ہوں۔

خوب ترنگ اگرچہ ۱۳۲۷ھ میں اپنی فارسی شرح کے ساتھ نعمانی پریس (پٹن۔گجرات) سے شائع ہو چکی تھی مگر غلطی اغلاط سے پر؛ اس لئے مختلف قلمی نسخوں کی تلاش و جستجو میں مجھے احمد آباد، پٹن مذکور اور حیدر آباد کا سفر کرنا پڑا۔ نتیجہ میں مجھے کچھ اچھے نسخے مل گئے جن سے خوب ترنگ کا متن متعین کرنے میں سہولت پیدا ہو گئی۔ ان نسخوں کا ذکر میں نے چھٹے باب میں خوب ترنگ کے متن سے پہلے کر دیا ہے۔

احمد آباد میں خوب ترنگ کے قلمی نسخوں تک رسائی حاصل کرنے میں محب محترم سید جمال الدین قادری وکیل اور ناظم کتب خانۂ پیر محمد شاہ، احمد آباد کا مشکور ہوں۔ خوب ترنگ کی نقل تیار کرنے کے لئے محبی ضیاء الدین ڈیسائی، محبی پروفیسر احمد حسین قریشی اور محبی سید محمد علوی کا منت گزار ہوں۔ محبی ضیاء الدین اور محبی پروفیسر احمد حسین قریشی نے احمد آباد کے نسخوں کے تقابلی مطالعہ میں بھی کافی مدد کی ہے۔ پٹن کا سفر محبی محمد حسین ڈیسائی (برادر ضیاء الدین ڈیسائی) کی معیت میں آسان اور دلچسپ رہا۔ ڈیسائی برادران نے میرے طعام و قیام کے لئے احمد آباد میں جو سہولتیں بہم پہونچائی تھیں ان کے لئے بہ صمیم قلب شکرگذار ہوں۔

حیدر آباد کا سفر برادرم پروفیسر خواجہ حمید الدین صاحب شاہد کی ہمت افزائی پر کیا تھا۔ تقریباً دو ہفتہ انہیں کے ہاں بہ آرام و فراغت مقیم رہا۔ علاوہ بریں اپنی نجی مشغولیات سے وقت نکال کر وہ مجھے ڈاکٹر زور، پروفیسر سروری، پروفیسر آغا حیدر حسن دہلوی اور نصیر الدین ہاشمی صاحبان ہی کے یہاں نہیں لے گئے بلکہ کتب خانۂ آصفیہ اور کتب خانۂ سالار جنگ میوزیم بھی لے گئے اور میرے کام کے سلسلے میں سہولتیں بہم پہونچوائیں۔ ان سب کے لئے میں ان کا جتنا بھی شکریہ ادا کروں کم ہے۔

آخر میں مجھے محب محترم جالب مظاہری سہسرامی، محب محترم تصدق حسین قاضی، محبی محمد معراج بٹ کاشمیری اور محبی مجاہد حسین حسینی کا شکریہ ادا کرنا ہے کہ ان کے لطف و عنایت کے سبب میں اپنے مقالہ کی ضروری کاپیاں تیار کرسکا ہوں۔

مرتب مقالہ
اے۔ این۔ جعفری
بمبئی ۲۱ر نومبر ۱۹۵۸ء

پہلا باب

(عہد خوب محمد چشتی : ۹۴۶ھ تا ۱۰۲۳ھ)

سیاسی و معاشرتی حالات
دینی اور مذہبی ماحول، مشہور علماء و اہل طریقت
ادبی ماحول : شعراء و ادباء اور اطباء

سیاسی حالات

خوب محمد چشتی کی زندگی گجرات کی اسلامی سلطنت کے آخری زمانہ سے تعلق رکھتی ہے۔ چنانچہ اس کے مختصر حالات کے تذکرہ کے ساتھ عصری کیفیت بیان کرنا مناسب ہوگا۔

سلطنت تغلق (دہلی) کی کمزوری سے شہ پاکر جونپور، مالوہ اور دکن کے صوبیداروں نے اپنی اپنی خود مختاری کا اعلان کر دیا۔ لیکن آقا دوست ظفر خاں نے مدت تک گجرات میں اس قسم کی کوئی جسارت نہ کی۔ تاہم ہر آن بدلتے ہوئے سیاسی و معاشی حالات کی بنا پر علماء و مشائخ کی استدعا اور بلند حوصلہ بیٹے تاتار خاں کے پیہم اصرار پر ۸۱۰ھ میں اس نے بمجبوراً مظفر شاہ کا لقب اختیار کر کے گجرات کی عظیم الشان خود مختار سلطنت کی بنیاد رکھی۔ اس خاندان کی حکومت میں کم و بیش پندرہ بادشاہ ہوئے ہیں[1]۔ مظفر شاہ کے بعد تاتار خاں کا بیٹا احمد شاہ اول بادشاہ ہوا۔ یہ بڑے عزم اور حوصلے کا بادشاہ تھا۔ اس کو مذہب و تصوف سے بڑا لگاؤ تھا۔ احمد آباد کا شہر اسی کا بسایا ہوا ہے۔ وزراء کے مشورے سے اس نے جو ملکی و اصلاحی قوانین اجراء کئے تھے وہ مظفر شاہ حلیم کے زمانہ تک جاری و ساری تھے[2]۔ احمد شاہ کی وفات پر محمد شاہ تخت نشین ہوا۔ یہ اپنی فیاضی و سخاوت کے سبب زر بخش و لک بخش مشہور تھا۔ تاہم جنگ و جدال کا مرد میدان نہ تھا۔ اس کی موت پر قطب الدین احمد شاہ کا لقب اختیار کر کے بادشاہ ہوا۔ مختلف جنگوں میں دادِ شجاعت دی۔ قطب الدین کے بعد محمود بیگڑہ سریر آرائے سلطنت ہوا۔ گجرات کی سیاسی، مذہبی اور معاشرتی زندگی میں اس نے بڑے کارہائے نمایاں انجام دئے ہیں۔ اس کی شان اور دبدبہ کا یہ عالم تھا کہ سکندر لودھی شاہِ دہلی نے اس کے ہاں تحفے تحائف بھیج کر دوستی و محبت کا ہاتھ بڑھایا تھا[3]۔ محمود بیگڑہ کے بعد مظفر شاہ حلیم تاج و سریر کا مالک ہوا۔ یہ بڑا مدبر اور متدین بادشاہ تھا۔ اس کے بعد سکندر شاہ اور کچھ دنوں کے بعد بہادر شاہ بادشاہ ہوا جو اسم بامسمیٰ تھا۔ گجرات کی آس پاس کی سلطنتیں اس کی ہیبت سے کانپتی رہتی تھیں۔ اگر رومی خاں نمک حرامی نہ کرتا تو بہت ممکن تھا کہ بہادر شاہی پرچم دہلی پر لہرا اٹھتا[4]۔ ۹۴۳ھ/ میں پرتگالیوں نے دھوکے سے اسے قتل کر دیا۔ مثنوی خوب ترنگ میں بہادر شاہ کا ذکر ملتا ہے:

---

[1] بیلی: لوکل محمڈن ڈائی نسٹیز ص ۱۷، حاشیہ
[2] یادِ ایام
[3] مرأت سکندری
[4] یادِ ایام

فتح ہوئی مانڈو کی جب حاکم شاہ بہادر تب

(حکایت آمدن از طرف وجود بروش انبیاء و مالک شدن بر ہر مقام)

بہادر شاہ کی وفات کے بعد ادبار کا سایہ سلطنتِ گجرات پر منڈلانے لگا۔ چنانچہ اس کے بعد اکبر فتح گجرات یعنی کوئی ۳۶ سال تک نظام سلطنت میں ڈھیلاپن پیدا ہوتا رہا[1] کمزور و نوعمر حکمران ذی اقتدار امراء کے ہاتھوں میں کٹھ پتلی بنے ہوئے تھے۔ خانہ جنگیوں اور امراء کی آپسی لڑائیوں نے سلطنت گجرات کا شیرازہ بکھیر کر رکھ دیا۔ ان ۳۶ سالوں میں کچھ دن محمود فاروقی اور پھر پہلے سولہ سال محمود سوم نے حکومت کی۔ (۱۵۳۸ء تا ۱۵۵۴) لیکن اختیار الملک عماد الملک، دریا خان اور عالم خاں لودھی جیسے زبردست امراء کی مجموعی اور کبھی انفرادی نگرانی میں ۱۵۴۵ء تک اس نے برائے نام ہی حکومت کی۔ یوں تو مسجدوں میں خطبہ اسی کے نام کا پڑھا جاتا اور سکّے بھی اسی کے نام کے ڈھالے جاتے لیکن واقعہ یہ ہے کہ حکومت کا اصل "حکمران" سلطان محمود نہیں بلکہ حسب موقع کوئی امیر ہوتا۔ صاحب مرآت سکندری کے مربی سید مبارک بخاری اور دوسرے وفادار وزراء کی مدد سے محمود نے دریا خاں وغیرہ کے چنگل سے رہائی پائی اور ۱۵۴۵ء تا ۱۵۵۴ء تک بہ نفس نفیس حکومت کی۔ مگر اس کی نو سالہ ذاتی حکمرانی سے ملک کو بحیثیت مجموعی کوئی خاص فائدہ نہ پہنچا[2] جس کی اصل وجہ اس کی ادنیٰ مذاقی اور اوباش پسندی تھی۔[3] ورنہ افضل خاں بنبانی اور آصف خاں بنبانی نے حتی الوسع سلطنت کی بنیادوں کو مستحکم کرنے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا تھا۔ اور اگر جرجی چڑیمار اور برہان جیسے ادنیٰ طبیعت والوں کو (جو سلطان محمود کی ناک کا بال بنے ہوئے تھے)[4] سلطنت میں دخل نہ ہوتا اور وہ من مانی نہ کر پاتے تو ان کے ہاتھوں محمود بیگڑہ کی یاد تازہ ہوجاتی۔ لیکن برہان نے محمود سوم کے ساتھ اس کے وفادار اور لائق و با اثر امراء کو دھوکے سے قتل ... (۔۔۔ھ/۱۵۵۴ء)۔ سلطان محمود شاہ سوم کے بعد احمد شاہ سوم بادشاہ ہوا۔ یہ دوسرا کم سن بادشاہ تھا۔ چنانچہ پہلے کی بہ نسبت امراء کو کھیل کھیلنے کا زیادہ موقع ملا۔ ۱۵۵۴ء میں انہوں نے سلطنت گجرات کو آپس میں تقسیم کر لیا[5] اور اپنے اپنے علاقوں میں خود مختارانہ حکومت کرنے لگے۔ ویسے نام کو بادشاہ وقت کی اطاعت بھی جاری تھی۔ ان کے بڑھتے ہوئے حوصلہ اور اقتدار کی جنگوں نے سلطان محمود سوم کی حکومت کے ابتدائی حصہ کی تاریخ دہرا کر سلطنت گجرات کے خاتمے کو قریب ... کر دیا۔ ہمایوں کی ایران سے واپسی کے بعد شمالی ہندوستان میں افغانوں پر عرصۂ حیات تنگ ہوا ... بھاگنے والے گجرات پہنچے اور انتشار کی آگ بھڑک اٹھی۔

احمد شاہ سوم کی حکومت دراصل امرائے ثلاثہ — اعتماد خاں، سید مبارک بخاری اور عماد الملک کی حکومت تھی۔

---

[1] کومی سیریٹ: تاریخ گجرات (انگریزی)　[2] ایضاً

[3] مرآت سکندری　[4] ایضاً

اعتماد خاں نے اکبر کو متعدد بار گجرات پر حملہ کرنے کی دعوت دی اور اسی زمانے میں سلطان مبارک شاہ فاروقی (۶۱ تا ۶) نے گجرات پر دو حملے کئے۔ دوسرے حملے میں سلطان پور اور نندربار کے اضلاع پر قبضہ کر لیا۔ مقامی امرا سے حبشی امرا کی عداوتوں نے صورت حال اور نازک کر دی۔ ایک عجیب نفسانفسی اور ہیجان و انتشار کا عالم تھا۔ یہی تو وجہ تھی کہ اکبر بگولے کی طرح شمال سے چلا اور آندھی کی طرح گجرات پر چھا گیا۔ (۹۸۰ھ/۱۵۷۲ء)

بیرم خاں کی آمد اور وفات

سلطان محمود سوم کی وفات سے چند مہینے قبل حج کے ارادہ سے بیرم خاں گجرات آیا اور پٹن میں قیام کیا۔ مبارک خاں لودھی نے باپ کے قصاص کے طور پر بیرم خاں کو سہسر لنگ کے تالاب کے کنارے قتل کر دیا۔ (۱۵۵۳ء)۔ تاریخ وفات قاسم ارسلان کے ذیل قطعہ[۱] سے معلوم ہو سکتی ہے۔ ؎

بیرام بطوف کعبہ چوں بست احرام — در راہ شد از شہادتش کار تمام
در واقعہ ہاتفی پئے تاریخش — گفتا کہ "شہید شد بیرام"

سلطان احمد شاہ کی وفات

سلطان محمود سوم نے اپنی دانائی کی بنا پر دریا خاں وغیرہ جیسے امرائے جبار کو اپنے ارادوں سے باخبر نہ ہونے دیا لیکن سلطان احمد سوم میں بچپنا ہی نہیں تھا بلکہ وہ احمق اور بودا بھی تھا۔ اکثر کیلے کے درختوں پر تلواریں مارتا اور کہتا کہ میں فلاں امیر کو یوں ماروں گا اور فلاں کو یوں۔ چنانچہ موقع پاکر اعتماد خاں نے اسے قتل کر دیا۔ روایتاً یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس کی موت عشق و عاشقی کا نتیجہ تھی۔[۳] وجہ کچھ بھی ہو۔ اس کے مادۂ تاریخ وفات "بیگناہ مقتول شد"[۴] سے اس کے لئے عام ہمدردی کا پتہ چلتا ہے۔

سلطان مظفر شاہ سوم

سلطان احمد شاہ سوم کے بعد بارہ سال نتھو سلطان مظفر کا لقب اختیار کر کے بادشاہ ہوا۔ یہ سلطنت گجرات کا آخری بادشاہ تھا۔ تیسری دفعہ یکے بعد دیگرے، ایک بچہ کی تخت نشینی نے سلطنت گجرات کی رہی سہی طاقت کو بھی ختم کر دیا۔ امرائے سلطنت کو ایک دفعہ پھر آپس میں تقسیم کر لیا[۵]

... ... احمد آباد ... کھمبایت، سابرمتی اور مہی کے درمیانی اضلاع۔

۱۔ ... [illegible]
۲۔ بساتین السلاطین (تاریخ بیجاپور)　　۳۔ تاریخ گجرات، کومی سیریٹ (حال سلطان احمد شاہ سوم)
۵۔ تاریخ فرشتہ　　۴۔ مرآت احمدی

۲۔ شیرخاں فولادی اور موسیٰ خاں فولادی : سرکار پٹن اور جنوب میں کادی تک کا علاقہ۔
۳۔ چنگیز خاں بن اعتماد الملک ارسلان : سورت، بھڑوچ، بڑودہ اور چانپانیر۔
۴۔ تاتار خاں لودھی : جوناگڑھ، سرکار سورٹھ۔
۵۔ سید میراں و سید حامد بخاری : دھندوقہ اور دھولکہ۔
سلطان مظفر ان امراء کے ہاتھوں حوالاتی قیدی بنا ہوا تھا۔

اکبر کا پہلا حملہ

اپنی زرخیزی اور شاندار تجارت کے لئے گجرات صدہا سال سے شہرت رکھتا تھا اور اس پر ہر ایک بادشاہ کی للچائی ہوئی نظریں پڑا کرتی تھیں۔ چنانچہ اعتماد خاں کے بلاوے پر اکبر لبیک کہتا ہوا جولائی ۱۵۷۲ء میں گجرات کی طرف روانہ ہوگیا اور ۷ نومبر ۱۵۷۲ء میں شاہی لشکر کے ساتھ پٹن پہنچا۔ گجراتی امرا سلامی کے لئے آئے۔ وہاں سے احمد آباد کے لئے چلا۔ جوٹانا کے مقام پر بھی گجراتی امراء سلامی کے لئے حاضر ہوئے۔ ان میں "شیر گجرات" میر ابو تراب، سید مبارک بخاری کے پوتے سید حامد بخاری وغیرہ بھی تھے۔ اکبر نے اعتماد کو بڑے تزک و احتشام کے ساتھ بلوایا اور بہ سہولت تمام پورے گجرات کا دورہ کرتا رہا اور اسے اپنی سلطنت میں شامل کرتا گیا۔ کھنبایت پہنچنے پر کچھ دقتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ دوسرے مرزایان تیموریہ نے تنگ پریشان کیا۔ لیکن اس نے وقتی طور پر اسے دبا دیا۔ اور دوسرے حملۂ گجرات کے زمانہ میں ان کا قلع قمع کر دیا۔ سورت [illegible] کرنے کے بعد مراجعت کی اور عید کے بعد گیارہ مہینہ دارالخلافہ سے باہر رہنے کے بعد اکبر فتح پور سیکری [illegible]۔

دوسرا حملہ

گجرات سے آئے ہوئے ابھی پورے تین مہینے بھی نہیں ہو پائے تھے کہ اکبر کو اطلاع ملی کہ گجرات میں بغاوت [illegible] رہا ہے۔ اس بغاوت کا سرغنہ مرزا محمد حسین تھا۔ اس بغاوت میں حصہ لینے والے اختیار الملک [illegible] شیرخاں فولادی وغیرہ تھے۔ کچھ عرصہ بعد مظفر شاہ سوم چند مہینوں کے لئے اپنا تخت واپس لینے میں [illegible] اکبری پرچم ایک بار پھر احمد آباد پر لہرا کر رہا۔ مظفر شاہ اکبر کا قیدی بن گیا اور پھر بھاگ [illegible] اگلے دس سال تک مغلیہ فوجوں سے محاربہ کرتا رہا۔ تنگ آکر مغلیہ فوج نے اس کا [illegible] ایک بار پھر لے لینا چاہتے تھے کہ ۱۵۹۳ء میں اس نے استرے سے اپنا [illegible] خودکشی کر لی۔

۱۰۰۵ھ میں بہادر بن سلطان مظفر سوم احمد آباد پر حملہ آور ہوا۔ مگر شکست کھائی اور بھاگ نکلا۔

۱۰۱۴ھ میں اکبر کا انتقال ہوگیا۔ اور جہانگیر بادشاہ ہوا۔ ۱۰۱۵ھ میں سید مرتضیٰ بخاری کو صوبیدار گجرات مقرر [illegible] لیکن انہیں ہٹا کر جہانگیر نے مرزا کوکلتاش کو صوبیدار بنا دیا۔ ۱۰۱۹ھ میں ملک عنبر، سردار نظام شاہ، سورت اور [illegible] پر حملہ آور ہوا اور لوٹ مچا دی۔ جہانگیر نے اس کا سدباب کیا۔ اور کسی نے اس [illegible]

جرأت نہیں کی۔ چنانچہ گجرات امن و آشتی کی زندگی بسر کرنے لگا۔

یوں ہم دیکھتے ہیں کہ خوب محمد چشتی کے زمانہ میں گجرات بیشتر سیاسی انتشار کا شکار رہا۔ تاہم معاشرتی اعتبار سے گجرات اس وقت بھی نمایاں ہی رہا۔ تفصیل ذیل میں ملاحظہ فرمائیے:

معاشرتی حالات

ظفر خاں الملقب بہ سلطان مظفر اول کے خاندان نے ایک سو چوراسی برس تک گجرات پر حکومت کی۔ ان کا رعب داب متصلہ حکومتوں اور حاکموں پر چھایا ہوا تھا۔ نیت کے اعتبار سے بڑے اخلاص کیش تھے۔ اور حوصلہ ان کا بلند تھا۔ عدل گستری میں اپنے پرائے کی تمیز نہیں تھی۔ رعایا کی قرار واقعی خبر گیری میں کوئی دقیقہ نہیں اٹھا رکھا تھا۔ یتیموں اور بیواؤں کی ہمیشہ دستگیری کی علماء و مشائخ کی ہمیشہ حوصلہ افزائی کرتے رہے۔ جھاڑیوں اور جنگلوں کو صاف کرواتے، ویرانوں کو آباد اور بے کاشت زمینوں کو زرخیز کھیتوں میں تبدیل کرتے رہے۔ عمارتیں اور باغات تیار کروائے۔ پھلوں میں آم، انجیر، کیلا، سنگترہ، انگور، انار، کمرک، فالسہ، ناریل، جامن، آنولہ، کٹھل، بڑہل، کھرنی اور پھولوں میں گلاب، سیوتی، چمپا، چمیلی، بیلا، موگرہ، جوہی، کیتکی، کیوڑہ وغیرہ دور دور سے منگوا کر باغوں کو آراستہ کیا[1] امراء الگ مسابقت کی دوڑ میں ملک کی سرسبزی و شادابی میں اضافہ کرتے تھے۔ زراعت اور صنعت و حرفت کو دن دونی رات چوگنی ترقی دیتے تھے۔ باجرہ، ارہر، موٹھ کی پیداوار کے علاوہ ان کی حوصلہ افزائیوں اور مہربانیوں نے گجرات کی کاشت میں عمدہ چاول، نیشکر وغیرہ کا اضافہ کیا۔[2]

ان بادشاہوں کی فیاضیوں اور سرگرمیوں کے سبب قسم قسم کے گجرات میں صدہا کارخانے تھے۔ جن میں بیش قیمت و نادر اشیاء سنگ تراشی، زردوزی، کارچوب، چینی کا کام، صندل اور ہاتھی دانت کے نادرات، زربفت، کمخواب، مخمل، سفراط، الائچہ، چکن اور چیرہ ایسی چیزیں تھیں۔ جو ہندوستان میں بڑی بڑی قیمتوں پر فروخت ہوتی تھیں[3] ان کے علاوہ احمد آباد میں اتنا عمدہ کاغذ تیار ہوتا تھا کہ نفاست اور صفائی کے باوجود دولت آباد اور کشمیر کا کاغذ اس کے آگے مات کھاتا تھا۔[4]

جب سلطان محمود سوم نے اپنے راستے سے امراء کو شکست دے کر ان کانٹوں کو دور کر دیا اور مطمئن ہو گیا تو ۹۵۳ھ میں اس نے آبائی دار الخلافہ احمد آباد کو ترک کر کے محمود آباد عرف چانپانیر کو اپنا دار الخلافہ قرار دیا۔ وہاں اس نے ایک زبردست محل تعمیر کروایا جسے آہو خانہ نام دیا۔ اس کا طول دو فرسنگ اور عرض عرصۂ میدان جنگ کے برابر تھا۔ اس کے طول و عرض میں کونے کونے پر چھوٹی چھوٹی عمارتیں بنوائیں جو اپنی خوبصورتی میں بے مثل تھیں۔ اکثر دیواریں اور چھتیں منقش تھیں۔ ان عمارتوں کے دروازوں پر دو رویہ بازار تھے۔ جن میں بہت سی دوکانیں تھیں۔ دوکانوں میں انسانی ضرورت کا ہر سامان مہیا

۱؎ یاد ایام (عبد الحیٔ)
۲؎ ایضاً
۳؎ مرأت سکندری
۴؎ ایضاً

تھا۔ ان کے بیچنے کے لئے ہر دکان میں "پری زاد" مقرر تھے۔ جدھر نظر دوڑائیے آراستہ و پیراستہ باغ موجود تھے۔ باغوں میں درختوں کے تنے زربفت و مخمل اور ان کی شاخیں اطلس و کمخواب میں ملبس تھیں۔ ان باغوں میں سلطان محمود آہو چشموں کے ساتھ دادِ عیش و کامرانی دیتا اور ان کی معیت میں سیر و شکار کرتا۔ عید کے دن ہاتھیوں اور گھوڑوں کو زر و زیور سے اس طرح آراستہ کرتا کہ کسی زمانہ میں بھی کسی بادشاہ نے اس امر میں یہ ظرافت و لطافت روا نہ رکھی ہوگی۔[1]

صاحب مرأت احمدی سلطان محمود سوم کے نقل دار الخلافہ کے سلسلے میں رقمطراز ہے:

"چون نوبت سلطنت محمود ثانی[2] رسید محمود آباد دروازہ کروہی بلدہ را پایتخت و مقر سلطنت خود گردانید و از احمد آباد تا آنجا بازار دو رویہ ساخت۔ و مردم را فرمود تا بہ اطراف آن عمارات ساختند کہ در حقیقت یک شہر شدہ بود و بتدریج ارباب صنایع و بدایع فراہم آمدند بہ تخصیص کار شعربافی بہ انواع اقمشہ زربافی و ابریشم بافی از جنس کمخواب و قطنی مشروع و پچ و مخمل و چکن دوزی و کارچوب و دہ یک۔ روزی بنا بر موافقت آب و ہوا و رنگ و بہار اچ بر جمیع ولایت ہندوستان برآمد کہ در اطراف عالم و اقصای بلدان ایران و روم و شام بنام و نشان گجرات مشہور و معروف شدہ و طرفہ این کہ انچہ در بلدۂ احمد آباد بافندگی، نساجی، کاذری، قصاری و کندی گری دقاقی می نماید با رونق است برابر این کہ دیگر اگر بفاصلہ برد؟ کروہی بعمل آرند بخوبی آن نیست۔"[3]

احمد آباد کے بارے میں امین احمد رازی صاحب تذکرۂ ہفت اقلیم کی رائے بھی بہت اہم ہے:

"شہر احمد آباد بحیثیت لطافت و کیفیت آبادانی و بشہرت تمام عالم رجحان دارد و در نزاہت ابنیہ و عمارت مستثنیٰ از بلدان دیگر است۔ اگر گفتہ شود در کل بلادِ عالم باین عظمت و آراستگی شہری موجود نشدہ اغراق و مبالغہ نمودہ و نباشد۔ بازارش برخلاف شہرہای دیگر نہایت وسعت و پیراستگی سکانش از اناث و ذکور ہمہ ممکین[4] الحق بخوبی این شہر کم خواہد بود۔"

گجرات کی صنعت و حرفت وغیرہ کے سلسلے میں ایک جگہ مولانا عبدالحئی ارشاد فرماتے ہیں:[5]

"شاہان گجرات کی ہمہ گیر طبیعت اور بے مثل فیاضی نے گجرات کو ہر قسم کی صنعتوں اور حرفتوں کا مرکز بنا دیا تھا۔ ان ہی خصوصیتوں کے لحاظ سے ہندوستان کا کوئی حصہ اس سے لگا نہیں کھاتا تھا۔"

سیاسی خلفشار سے قطع نظر، حاکم وقت رعایا کی فلاح و بہبود کا بڑا خیال رکھتا تھا۔ تعلقات گجرات سے جو سلطان محمود سوم کے معاصر و مصاحب تھے سکندر بن منجھو روایت کرتا ہے[6] کہ سلطان محمود سوم علماء و مشائخ سے بڑے دوستانہ تعلقات

---

[1] مرأت سکندری [2] فارسی تاریخ نگار محمود گجراتی کی چند روز حکومت کو نظر انداز کرتے ہوئے محمود سوم کو محمود ثانی کہتے ہیں۔
[3] خاتمۂ مرأت احمدی (نواب علی ایڈیشن) ص ۷ [4] فیضی نے ایک جگہ کچھ اس قسم کی بات کہی ہے ع منم کہ کشتۂ خوبان احمد آبادم ـــ

قائم رکھتا تھا۔ ان کی تعلیمات کو وقت نظر سے دیکھا کرتا تھا۔ ان حضرات کے لئے پچھلے بادشاہوں نے جو وظائف مقرر کئے تھے سلطان
محمود نے انہیں جاری ہی نہیں رکھا بلکہ ان میں اضافہ بھی کر دیا۔ علاوہ بریں جن سادات و مشائخ سے اس کے قریبی تعلقات تھے
انہیں فتوحات وغیرہ کے موقع پر پیش کشیں بھی دیتا تھا۔ مستحقین کے لئے نئے نئے وظیفے جاری کیے۔ وہ فقراء کا زبردست دوست
تھا۔ اور ہمیشہ ان کی ضرورتوں کا خیال رکھتا۔ ان کے لئے مختلف مقامات پر اس نے کنوئیں کھدوائے تھے۔ اس باب میں مسافروں
کی سہولت بھی پیش نظر تھی۔ فقراء کے استقبال کے لئے اور ان کے قیام کے واسطے عمارات رباط تعمیر کروائیں جن میں ان کے آرام
و آسائش کے خیال سے تنخواہ دار ملازم بھی رکھے تھے۔ جو خود کھاتا تھا وہی درویشوں کو بھی کھلاتا تھا۔ چنانچہ درویشوں کی اکثر
ضیافت ہوا کرتی۔ سردیوں میں مسجدوں اور مدرسوں کے قیام گزاروں اور دوسرے نیک بندوں کو سر سے لے کر پاؤں تک کے
لباس دیتا، کمبل فراہم کرتا۔ ایک مرتبہ جب اسے یہ اطلاع ملی کہ بعض ناہنجار اپنے کمبل بیچ دیتے ہیں تو اس نے اتنے بڑے
بڑے کمبل تقسیم کروائے جو بیک وقت کئی افراد کے کام آئیں اور کوئی فرد کمبل کو بیچ نہ پائے۔ کوچوں اور گلیوں میں لکڑیوں کے
انبار جلا کرتے کہ غریب غربا آگ تاپیں اور سردی سے محفوظ رہ سکیں۔ اس کا یہ بھی قاعدہ تھا کہ تیار شدہ پھل مثلاً نیشکر، کیلے،
آم، تربوز وغیرہ بھی موسموں کے لحاظ سے درویشوں میں تقسیم کرواتا۔ اور جب تک ان کی تقسیم نہ ہو لیتی وہ محل میں کسی پھل کو
جانے نہ دیتا۔ غرضکہ اس کی مہربانیوں کی کوئی حد نہیں تھی۔

سلطان مظفر شاہ حلیم کے زمانے سے بارہ ربیع الاول کو جشن منانے کی ایک رسم چلی آرہی تھی۔ اسے سلطان محمود نے
جاری ہی نہیں رکھا بلکہ اس میں کچھ اضافے بھی کئے تھے۔[شه] پہلی تاریخ سے لے کر بارہ ربیع الاول تک بادشاہ علماء و مشائخ
کو جمع کرواتا۔ روز پہلی نوبت تک کتب مقدسہ مثلاً بخاری شریف وغیرہ کی تلاوت ہوتی۔ بعد میں مختلف کھانوں پر پیغمبر اکرمؐ
کا فاتحہ دیا جاتا۔ اور انہیں کھانوں سے علماء و مشائخ کی ضیافت ہوتی۔ بارہویں تاریخ کو بادشاہ سلطان محمود سوم ان کی
خدمت میں حاضر رہتا۔ ان کا ہاتھ دھلاتا۔ وزراء قابیں لگاتے، کھانے چنتے اور جب تک دعوت ختم نہ ہو لیتی سب ان کی
خدمت میں ایستادہ رہتے۔ دعوت کے اختتام پر بادشاہ انہیں روپوں اور کپڑوں سے نوازتا جو دوسرے سال کے جشن کے
موقع تک ان کی کفالت کرتے۔ علاوہ بریں عمدہ اور نفیس دھلی کپڑے دسترخوان کی جگہ بچھائے جاتے تھے۔ ان کپڑوں کو دھلوا کر
بادشاہ ان میں سے اپنی پوشاک بنواتا اور سال آئندہ کے جشن تک برابر استعمال میں رکھتا۔ جس سال برہان نے سلطان
محمود سوم کو زہر دیا ہے اس سال بھی اس نے دھوم دھام سے اس جشن کو منایا تھا۔ حسب سابق سارے مراسم ادا کئے۔ بارہ
تاریخ کو تھکا ماندہ خوابگاہ میں پہنچا تو شربت طلب کرنے پر برہان نے اس کو زہر آلود شربت دیا اور پھر اس کی تکرار جاری رکھی

ه مرأت سکندری

شه یاد ایام ص ۲۷

له مرأت سکندری

اور موقع پاکر اسے قتل کر دیا۔ سلطان محمود سوم کی فقراء نوازی، غربا پروری نے اس کو عوام سے شہید کا لقب دلوایا۔ چنانچہ وہ سلطان محمود شہید کے نام سے مشہور رہے۔

سلطان محمود (سوم) شہید کے زمانہ میں باب العمرہ کے متصل مکۂ معظمہ میں ایک مدرسہ تعمیر ہوا تھا۔ اس مدرسے میں علامۂ شہاب الدین ابن حجر مکی اور عزیز الدین عبدالعزیز زمزمی وغیرہ علمائے مکہ درس دیا کرتے تھے۔ اس کے علاوہ دوسرے رباط اور مکتب بھی وہاں تعمیر ہوئے تھے۔ اور اسی پر اکتفا نہ کرتے ہوئے خلیج کھمبایت کے ایک بندرگاہ کی آمدنی سکان مکہ و مدینہ کے لیے مخصوص کردی تھی۔ چنانچہ ایک لاکھ روپے کی لاگت کا مال وہاں بھیجا جاتا تھا۔ رسل و رسائل کا خرچ شاہی خزانہ مستزاد برداشت کرتا۔ اور اس مال کی فروخت سے جو آمدنی ہوتی وہ اہالیانِ حرمین شریفین پر تقسیم ہو جاتی۔[1]

سلطان احمد سوم اور سلطان مظفر سوم کے زمانے کے معاشرتی حالات کم وبیش یہی تھے۔ تاہم سیاسی انقلابات نے ایک آشوبی کیفیت ضرور پیدا کر رکھی تھی۔ سلطنت مغلیہ کا صوبہ بننے کے بعد سیاسی طور پر گجرات میں امن تو ضرور ہوا لیکن صنعت وحرفت کے بارے میں مولانا سید عبدالحیؒ کا یہ بیان بڑا اہم ہے کہ "اگرچہ دسویں صدی ہجری میں گجرات پر تباہی آئی اور اکبر بادشاہ کی ملک ستانی کی خواہش نے اس کو تباہ و برباد کر دیا۔ تاہم مدتِ دراز تک آگرہ و دہلی کے درباروں کی سجاوٹ گجرات ہی کی نفیس اور نادر اشیاء سے کی جاتی تھی۔[2]

مدارس

پچھلے قرنوں کی طرح زمانۂ زیرِ بحث میں بھی گجرات تدریس وتعلیم کے لئے مرکزی حیثیت کئے ہوئے تھا اور اس کے لئے ضروری تھا کہ طلباء کی کثیر تعداد کے لئے وہاں مدرسوں کی لازمی تعمیر ہو۔ سلاطینِ گجرات اور امراء کو دین و مذہب سے جو دلچسپی تھی اس کے سبب انہوں نے بہت سے مدرسے تعمیر کروائے۔ مگر افسوس ہے کہ ان کے بارے میں گجرات کی تاریخیں یا تو بالکل خاموش ہیں یا پھر بخل سے کام لیتی ہیں۔ یہ مدرسے اسلامی ممالک کے رائج الوقت مدرسوں کی تاسّی میں تعمیر ہوتے تھے۔ چنانچہ گجرات کی تمام مسجدوں کو جواب کھنڈر ہیں، اور خانقاہوں کو جواب مقبرے ہیں یہ سمجھ لیجئے کہ وہ کسی زمانے میں عظیم الشان مدرسے تھے۔ احمد آباد کی جامع مسجد، سرخیز میں شیخ احمد کھٹو کا مقبرہ اور وہاں کی مسجد [illegible] گواہی دیتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ احمد آباد میں بے شمار مدرسے اور خانقاہیں تھیں۔ جلوی [illegible]

مدارس درو بے حد و خانقاہ   براے [illegible]

لیکن ہمیں چندہی ایک مدرسوں کے متعلق تھوڑی بہت معلومات ہوئی ہیں اور اس عہد کی مطابقت کے پیش نظر

---

[1] ظفر الوالہ (راس)   [2] یاد ایام

[3] مرأت احمدی

ان میں کچھ ہی کے متعلق سطور ذیل میں چند باتیں عرض کی جائیں گی :

مدرسۂ علامہ وجیہہ الدین علوی

یہ مدرسہ ۹۲۵ھ میں قائم ہوا تھا۔ اپنے زمانے میں اسلامی تعلیمات کا گجرات میں سب سے بڑا مرکز تھا۔ ہندوستان کے گوشے گوشے سے طلباء علمی و روحانی پیاس بجھانے آتے اور اپنی "فتوحات" سے ہندوستان کے مختلف علاقوں کو بہرہ یاب کرتے۔ اس مدرسے کے کم و بیش اسی[1] ایسے طالب علم تھے جنہوں نے اپنے اپنے مدرسے جاری کئے اور شیدائیان علم کو اس مدرسے کے فیوض و برکات سے متمتع کیا۔[2] علامۂ علوی اس مدرسے کے مدرس اعلیٰ تھے۔ انہوں نے کوئی ۶۵ سال اس مدرسے میں درس دیا۔[3] آپ کی وفات پر آپ کے صاحبزادے شیخ عبداللہ علوی اس مدرسۂ عظیم کے مدرس اعلیٰ بنے۔ صادق خاں نے مدرسہ سے ملحق طلباء کے لئے قیام گاہیں تعمیر کروائیں۔ اس مدرسے کا ایک بہت بڑا کتب خانہ تھا۔ شاہی خزانے سے مدرسہ کی اعانت ہوا کرتی اور طلباء کے لئے وظائف مقرر ہوتے۔[4] اس مدرسہ میں مندرجہ ذیل مضامین پڑھائے جاتے تھے۔[5]

(۱) تفسیر و اصول تفسیر (۲) حدیث و اصول حدیث (۳) فقہ و اصول فقہ (۴) معانی و بیان (۵) منطق (۶) فلسفہ (۷) علم اقلیدس ۸، ۹، مابعد الطبعیات و نجوم (۱۰) Polemic (۱۱) ادب

مدرسۂ شیخ طاہر پٹنی

مکہ سے واپسی کے بعد شیخ طاہر پٹنی نے پٹن میں قیام کیا اور حدیث کا درس دینے لگے۔ ان کے درس میں شرکت کے لئے دور دور سے طلباء آتے تھے اور یہ دامے، درمے، سخنے غرض ہر طرح ان کی امداد کرتے۔ مدرسے میں غریب اور امیر کی تخصیص نہیں تھی۔ تاہم اپنی دولت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے یہ غریب طلباء کے شوق علم کو تیز کرنے کے لئے انہیں ہر طرح کی سہولت بہم پہنچاتے۔

مدرسۂ شمع برہانی

سابرمتی کے کنارے حضرت شیخ عثمان المعروف بہ شمع برہانی کا مدرسہ تھا۔ اس کو خود احمد شاہ نے اپنے کتبخانہ سے کتابیں بھجوائی تھیں۔[5] یہ مدرسہ ۹۸۰ھ تک باقی تھا۔ فتح گجرات کے بعد اکبر نے اس کتب خانہ کی کتابیں اپنے ہاں کے علماء وغیرہ میں تقسیم کر دیں۔ ان میں سے کچھ مولانا عبدالحق محدث دہلوی، کچھ ملا عبدالقادر بدایونی اور کچھ ملک الشعراء فیضی کو ملی تھیں۔ باقی شاہی کتب خانہ کو بھیج دی گئیں۔[6]

اس زمانے کے علمی شغف اور مدرسوں کی کثرت کی بنا پر گمان گذرتا ہے کہ گجرات میں بے شمار کتب خانے رہے

---

[1] معارف فروری ۱۹۳۳ء — [2] ایضاً — [3] مرأت احمدی

[4] معارف مارچ ۱۹۳۳ء — [5] ظفر الوالہ (راس) ص ۳۲ — [6] تاریخ بدایونی ج ۲ ص ۲۰۲

ہوں گے۔ لیکن کوشش بسیار کے باوجود کوئی مفید مطلب بات اس ضمن میں ہاتھ نہیں لگی۔ مدرسۂ علامہ علوی، مدرسۂ شمع برہانی، مدرسۂ طاہر پٹنی اور شاہیہ کتب خانوں کا ذکر کہیں کہیں مل جاتا ہے۔

تعمیرات

محمود آباد میں سلطان محمود شہید کے آہو خانہ کا ذکر آچکا ہے۔ اس مقام پر سیدی سعید کی مسجد اور سید مبارک کے مقبرہ کا مزید تذکرہ کرنا ہے۔ سیدی سعید کی مسجد اسی زمانۂ زیر بحث میں (۹۸۰ھ/۷۳-۱۵۷۲ء) شیخ سعید الحبشی سلطانی نے تعمیر کروائی تھی۔ اس کی کھڑکیوں کی جالیاں عجائب روزگار سے ہیں۔ ان کے مماثل سنگ تراشی کے کام دلی اور آگرہ میں اس عہد میں مل تو جاتے ہیں لیکن یہ چیز دیگر کا حکم رکھتی ہیں[1]۔

مضافات محمود آباد میں موضع سوجلی کے قریب سید مبارک بخاری کا مقبرہ اب بھی زیارت گاہ عالم ہے۔ سیدی سعید کی مسجد کی طرح اس مقبرے میں بھی سارسینک طرزِ تعمیر جلوہ گر ہے۔ طول وعرض کے لحاظ سے یہ چھوٹا ہے لیکن تعمیر میں سادگی و مختلف حصوں کے نقش ونگار اور ان کے ٹھوس پن اور تناسب کے لحاظ سے ہندوستان کا کوئی مقبرہ اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا[2]۔

اپنے طویل زمانۂ قیام میں جہانگیر نے اس مقبرہ پر حاضری دی تھی۔ (۱۶۱۸ء)

قحط گجرات

سلطان مظفر سوم کی تخت نشینی کے دو سال بعد ۱۵۶۳ء میں مشرقی دنیا کی سیر و سیاحت کے سلسلے میں قیصر فریڈرک کھمبایت آیا تھا۔ اس نے جزیرہ دیو کی شاندار تجارتی کاروائیوں کا ذکر کیا ہے اور کھمبایت کی تجارت کا تفصیلی جائزہ لیا ہے کہ اس کا مشاہدہ ہے کہ ۱۵۶۳ء میں کھمبایت میں ایک زبردست قحط پڑا تھا۔ جس میں ہندو اپنے بچوں اور بچیوں کو آٹھ آٹھ شلنگ میں پرتگالیوں کے ہاتھوں بیچ دیا کرتے تھے[3]۔

دینی ماحول

مولانا سید عبد الحئی فرماتے ہیں[4]:

"میرا خیال ہے ــــ اور میں اس کو بلا خوف مخالفت کہہ سکتا ہوں کہ شاہان گجرات نے اپنی ڈیڑھ دو برس کی فرمانروائی

---

[1] آرکی ٹکچر آف احمد آباد از ہوپ و فرگیوسن ص ۸۲ تا ۸۷ [2] فرگیوسن: انڈین اینڈ ایسٹرن آرکی ٹکچر ج ۲ ص ۲۴۴ تا ۲۴۵

[3] ظفر الوالہ (راس)

Purchas – His Pilgrims or Auklutus posthumur 1905, pp. 89 – 91,

بحوالۂ تاریخ گجرات (کومی سیریٹ)

[4] یاد ایام ص ۳۸

کے زمانے میں جس قدر علوم وفنون کی سرپرستی کی ہے، دہلی کی شش صد سالہ تاریخ اس کی نظیر نہیں پیش کرسکتی۔"
سلاطین گجرات کی یہ علوم وفنون کی سرپرستی ہی تھی جس نے اسلامی ممالک کے مختلف مراکز علم وفن کے جھتے میں احمد آباد اور دوسرے مقامات گجرات کو سربلند کردیا تھا۔ علمائے گجرات کے فیوض وبرکات سے ہندوستان ہی سیراب نہیں ہوا بلکہ دوسرے اسلامی ممالک خصوصاً اہالیان مکہ و مدینہ نے بھی ان سے کسب علم کیا۔ ان سے فتووں کے طالب ہوئے اور ان کے پیچھے نماز پڑھی۔ آن سے حدیث میں سندیں لیں۔ خود اس امر خاص اور کثرت مدارس سے گجرات کی علمی فضا کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

واقعہ یہ ہے کہ عہد زیر بحث کا جائزہ لینے پر ہم یہ محسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ ایک عالم سے لے کر عامی تک حدیث، فقہ تفسیر اور منطق کا بغایت شوق مطالعہ کرتا تھا۔ گجرات کے مدارس درس حدیث کے لئے امتیازی حیثیت رکھتے تھے۔ اس وصف کے لئے علامہ علوی اور شیخ طاہر پٹنی کے مدرسے نمایاں ہیں۔ بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ احمد آباد کے در و دیوار قال اللہ وقال الرسول کی صداؤں سے گونج رہے تھے۔ علماء کے علاوہ صوفیائے کرام، عوام اور سرکاری نوکر وغیرہ سبھی حدیث پڑھنے کے لئے شبانہ روز کوشاں رہتے تھے اور اس کی ترویج میں سعی کرتے تھے۔ بلکہ اس کے لئے اپنی زندگیاں وقف کردی تھیں۔ شیخ علی المتقی (کلاں[1])، شیخ محمد طاہر پٹنی، عبدالوہاب متقی، مولانا قطب الدین، علامہ وجیہ الدین علوی وغیرہ گجرات کے جید عالم اور زبردست محدث گزرے ہیں۔ شیخ علی المتقی (کلاں) کا اثر محدثین اسلام پر بہت گہرا ہے۔ کنز العمال ان کی مایۂ ناز تصنیف ہے۔ شیخ کے بعد بزرگی میں شیخ محمد طاہر پٹنی محدث دوسرے درجہ پر ہیں۔ شمالی ہندوستان کے مقابلے میں گجرات نے کہیں پہلے درس حدیث کی مرکزی حیثیت پیدا کرلی تھی۔[2]

اس زمانہ میں خود گجرات کے یا باہر سے آکر مستقل قیام کرنے والے یا کچھ عرصہ سکونت اختیار کرکے درس و تدریس کا شغل فرمانے والے علمائے کرام کے اسمائے گرامی یہ ہیں:[3]

سید عبدالاول، شیخ عبدالملک بنبانی، شیخ علی المتقی کلاں، قاضی عیسیٰ بن عبدالرحیم، شیخ عبداللہ سندھی، شیخ عبدالمعطی باکثیر حضرمی، شیخ شہاب الدین احمد العباسی المصری الشافعی، شیخ محمد طاہر پٹنی (محدث)، علامہ وجیہ الدین علوی، رحمت اللہ سندھی، مفتی قطب الدین النہروالی، شیخ میاں ابوابراہیم شطاری، شیخ عبدالوہاب المتقی، احمد بن علی السکبری، بہاؤ الدین عبدالکریم بن محب الدین القطبی الحنفی، شاہ محمد بن فضل اللہ برہانپوری، محمد زبیری، سید احمد شیرازی،

---

[1] اگرچہ آبائی وطن جونپور اور مولد برہان پور ہے لیکن مکہ کے بعد ہندوستان میں زیادہ تر ان کا تعلق گجرات ہی سے تھا اس لئے ان کا شمار علمائے گجرات میں ہوتا ہے۔

[2] یاد ایام

[3] یاد ایام، مرأت احمدی، ترجمۂ گلزار ابراہیم، مخطوطۂ باقر علی ترمذی مرحوم، توزک جہانگیری وغیرہ

سید جلال شیرازی، سید الکبیر الشریف شیخ العیدروس، شیخ عبدالقادر العیدروس، عبداللہ الواعظ، شیخ عبدالعزیز احمد آبادی، محمد النہروالی، شیخ علی شیر بنگالی، شیخ حسن محمد چشتی، شیخ طاہر بن یوسف سندھی، شیخ عبداللہ صوفی شطاری، شاہ صبغۃ اللہ الحسینی بھڑوچی، سید عبدالرحمٰن حسینی، شیخ حمید برادر رحمت اللہ سندھی، ملا عبدالرحمٰن بہورہ (بوہرہ)، ملا حسن فاضی، ملا حسین، شیخ محمد بن عبداللہ الفاکہی، شیخ سعید شافعی حبشی، جمال الدین محمد بن عبدالرحیم رفاعی، جمال الدین محمد علی بن الحشیری، مجدالدین محمد بن محمد الایجی اور محمد دیدار وغیرہ۔

اہل طریقت

جس زمانہ سے مسلمانوں نے گجرات میں اپنی نو آبادیاں قائم کیں اسی زمانہ سے بزرگان دین اور مشائخ کا سایہ گجرات پر قائم ہے۔ چشتیہ، سہروردیہ، مغربیہ، عیدروسیہ، قادریہ، رفاعیہ، نقشبندیہ، شطاریہ، شاذلیہ وغیرہ سلسلوں کے متوسلین نے اہالیان گجرات کے دلوں کو نور اسلام سے مزین ہی نہیں کیا بلکہ ان کے باطنوں [illegible] بھی ہے۔

ان مشائخ کی تعلیمات روشن ہے کہ وہ ابن عربی کے نظریات کے قائل تھے[۱] ان نظریات کی اشاعت میں شیخ علی المہائمی نے بہت بڑا حصہ لیا ہے اور ان کے زمانے سے یہ اصول گجرات پر چھائے ہوئے ہیں۔ خانقاہوں میں حدیث کے ساتھ ساتھ الفتوح المکیہ اور فصوص الحکم کی تعلیم دی جاتی تھی[۲] علماء و مشائخ گجرات نے ابن عربی [illegible] بہت کچھ کام کیا ہے۔ یہ کتابیں باقاعدہ درس میں شامل تھیں اور ان کی ترجمیں بلکہ شرحوں کی شرحیں [illegible] آمد پر شیخ علی المتقی نے مروجہ تصوف کو زیادہ پاکیزہ اور سلیس بنانا چاہا۔ اس لیے کہ [illegible] غیر ضروری باتیں تصوف متداولہ میں در آئی تھیں۔ نہیں خاطر خواہ کامیابی تو نہیں ہوئی [illegible] بُرداری اور اخلاقی پہلو پر زیادہ زور دیا جانے لگا[۳] شیخ علی المتقی جیسی شخصیت [illegible] کی کوشش دراصل یہ تھی کہ تصوف اور حدیث نبوی میں مطابقت پیدا ہو جائے۔

فلسفۂ تصوف و تاریخ تصوف کے ساتھ ساتھ اس عہد کے مختلف سلاسل تصوف کا ذکر [illegible] سلسلہ اس عہد کے چند بہت ہی مشہور نفوس قدسیہ کے اسمائے مبارک ذیل میں درج [illegible]

افضل خان بنبانی، شیخ رحمت اللہ صدیقی چشتی، خواجہ محمد [illegible]

غوث گوالیاری، شیخ مبارک سندھی، شاہ عبدالجلیل [illegible] علی المتقی [illegible]

۱؎ مقالہ ڈاکٹر باقر علی ترمذی مرحوم ۲؎ [illegible]

۳؎ مرآت احمدی، تذکرہ محبوب الزمن فی [illegible]، تاریخ بدایونی، [illegible] گلزار ابرار، اخبار الاخیار، ماثر الکرام وغیرہ

شطاری، شیخ ابوجیو تمیمی برہان پوری، شیخ لشکر محمد عارف، سید علی بن ابراہیم رفاعی، شیخ راجی محمد شطاری، ملک محمود پیارو، سید جلال ماہ عالم، سید محمد مقبول عالم، شیخ جمال بھتری، شیخ کمال محمد عباسی، شیخ نورالدین ابوالفتوح شیرازی، خواجہ جمال الدین خوارزمی نقشبندی، شیخ محمود فاروقی چشتی، خوشترابی بی چشتیہ، میاں شیخ محمد چشتی، شیخ برہان علوی، شیخ علی المتقی خورد، سید ابوتراب شیرازی، میاں شیخ یحیی چشتی (مدنی)، شیخ قطب جہاں ذاکر نہروالی، ملاموسیٰ سندھی، شیخ نعمت اللہ، شیخ طٰہٰ، شیخ ماہ، شیخ عبداللہ سہروردی، سید احمد مجذوب وغیرہم۔

ادبی ماحول

منظر و پس منظر کی رعایت سے خوب ترنگ کے سلسلے میں اردو شعراء اور ان کے کلام سے متعلق گفتگو چونکہ آیندہ صفحات میں کی جائے گی اس لئے یہاں پر عربی و فارسی کے سلسلے میں کچھ اشارے کئے جاتے ہیں۔ اشارے اس لئے کہ ان کی تفصیل میرے موضوع کے لئے چنداں مفید نہ ہوگی۔

گجرات کے مختلف مدارس مثلاً مدرسۂ علامۂ وجیہ الدین علوی، مدرسۂ شیخ برہانی اور مدرسۂ علامہ طاہر پٹنی وغیرہ کی شبانہ روز کی کوششوں سے گجرات میں علم و ادب کے چراغ کا اجالا بڑھتا اور پھیلتا رہا۔ جس کی بقا کے لئے شاہان گجرات اور امرائے گجرات نے پوری پوری کوشش کی۔ مقامی و بیرونی طلباء نے زیادہ سے زیادہ فیض اٹھانے میں سعی کی۔ علوم ظاہری و باطنی کا بول بالا تھا۔ ظاہر کی شائستگی کے ساتھ ساتھ باطن کی شستگی پر عمل تھا۔ عشق مجازی کے آئینہ میں عشق حقیقی جلوہ فگن نظر آتا تھا۔ دنیا کے ساتھ دین بھی تھا۔ ظاہر ہے ایسی مثالی فضا میں علم و ادب کو خوب خوب فروغ ہوا۔ عربی و فارسی و اردو کے جید عالم اور زبردست شاعر گجرات نے پیدا کئے اور رہی سہی کسر کو باہر کے علماء اور شعراء نے پورا کر دیا۔ غزل، قصیدہ اور مثنوی وغیرہ سبھی اصناف سخن میں طبع آزمائی ہوتی۔ اور ذہن و فکر بے مثال ادب پاروں سے نوازتا رہتا۔ ذیل کی فہرست میرے بیان کی شہادت و صداقت کے لئے کافی ہے۔ اس فہرست میں عربی فارسی کے ان شاعروں اور ادیبوں کے نام درج ہیں جو یا تو گجرات کے تھے یا پھر وہیں سکونت اختیار کر لی تھی یا کچھ عرصہ قیام کیا تھا۔ (ان میں علماء و صوفیائے مذکور کے اسماء شامل نہیں ہیں۔)

عربی[1]: شیخ عبدالقادر بغدادی، سید عطا محمد قادری، حاجی الدبیر، مخدوم زادہ وغیرہ

فارسی[2]: نظیری نیشاپوری، فیضی فیاضی، محمد رضا شکیبی، خواجہ علی مسیحی، ملا صیفی ساوجی، میر محوی، ملا حالتی، یاغانی یا جانی، ملک الشعراء غزالی، محمد صوفی، عبدالشکور بزمی، تقی اوحدی، عرفی، سودائی قلندر گجراتی، عبداللطیف ابن عبداللہ العباسی

---

[1] مرأت احمدی، تذکرۂ محبوب الزمن فی تذکرۂ اولیائے دکن (ملکاپوری)، مقالۂ ڈاکٹر باقر علی ترمذی مرحوم

[2] مرأت احمدی، تذکرۂ اولیائے دکن (ملکاپوری)، اذکار الابرار اور ریوا ایستھے وغیرہ کی مرتبہ فہرست وغیرہ

ثنائی، نصیر ہمدانی، میر محمد ہاشم سنجی، فروغی، ملک قمی، محمد شریف، طالب آملی، محتشی، استاد نظیری، امین احمد رازی، سکندر بن منجھو صاحب مرأت سکندری وغیرہ۔

دوسرا باب

(۱) اردو کیا ہے ؟

(۲) اردو کی پیدائش سے متعلق مختلف نظریئے

(۳) اردو کے مختلف نام۔ دکنی اور گجری ، اردو کی ادبی تشکیل

(۴) اردو۔ خوب محمد کے زمانے میں

اردو کیا ہے؟

اس سوال کا جواب ایک تو یہ ہے کہ جمہوریۂ ہند کے وفاق کی رو سے ہندوستان کی چودہ زبانوں میں سے ایک زبان
اردو ہے۔ لیکن دوسری زبانوں کے مقابلے میں ہندی کی طرح اردو کسی مشابہت رکھنے والے علاقے سے تعلق نہیں رکھتی [illegible]
دانگ ہند میں بسنے والی مختلف قوموں، خصوصاً ہندوؤں اور مسلمانوں کی زبان اور کلچر کی صدیوں کی باہمی آمیزش [illegible]
نے ایک نئی زبان اور نئے کلچر کو جنم دیا۔ اور اس کی پرورش کی۔ یہ نئی زبان اردو اور یہ نیا [illegible]
کے سلسلے میں گجرات، پنجاب، سندھ اور برج کے علاقوں کا نام لیا جاتا ہے۔ اس کی تشکیل و ترویج میں [illegible]
اور برج کے خطوں نے بڑے اہم فرائض انجام دئے ہیں۔ چنانچہ ان مذکورہ حقائق کی روشنی میں اردو کسی [illegible]
کی نہیں ہو سکتی۔ اردو پورے ہندوستان کی زبان ہے اور گجراتی و مرہٹی وغیرہ کی [illegible]

اردو زبان کو اردو کیوں کہتے ہیں اس پر کافی سیر حاصل تحقیق ہو چکی [illegible]
اردو کا گھر" ہونے تک کئی مراحل سے گذرا ہے۔ آئندہ کے صفحات میں ان کا ایک [illegible]
گا کہ اردو کہاں اور کیونکر پیدا ہوئی اور اس سلسلے میں کونسے نظریئے علمائے [illegible]
زبان کا لفظ ہے۔ اوردا، اردہ، اوردو، اردو، اس کی مختلف شکلیں [illegible]
اس کے معنی لشکر کی فرودگاہ کے ہیں۔ چنگیزی لشکر کے ساتھ یہ لفظ ہندوستان [illegible]
بھی لے گئے۔ چنانچہ وہاں یہ لفظ جرمنی میں [illegible]
کی شکل میں اب بھی موجود ہے۔

بابر سے قبل تاریخ فیروز شاہی[2] اس لفظ کو اس طرح استعمال [illegible]

"بآوازۂ بذل و عطا از چہار جانب خلق متوجہ اردوے [illegible]

او فتح پانے ہوئے لشکر [illegible]
نصرت شعار [illegible]

---

[1] جامع التواریخ ج [illegible]

[2] طبقات [illegible]

پر سے دوسرے کئی ترکیبی الفاظ بھی وضع کرلئے گئے تھے۔ مثلاً: اردو بیگی، اردو بازار وغیرہ۔[1]

ابتدا میں خود اردو کا نام زبان اردوے معلیٰ تھا۔ میر تقی میر (نکات الشعراء) اور محمد حسین تحسین (نوطرز مرصع) نے اردو کے لئے اردوے معلیٰ لکھا ہے۔ لیکن یہ ترکیب اردو کے سلسلے میں دیر تک نہ چل سکی۔ چنانچہ زبان اردوے معلیٰ سے زبان اردو اور پھر اردو زبان اور آخر میں اردو ہوگیا۔ نوادر اللغات میں سراج الدین علی خاں آرزو نے اردو کا لفظ زبان کے لئے استعمال کیا ہے۔ فورٹ ولیم کالج کی کتابوں میں یہی نام ملتا ہے۔ اردو کے شاعروں میں بھی یہ لفظ مروج ہے۔ مصحفی غالباً پہلے شاعر ہیں جنہوں نے اردو کو زبان کے مفہوم میں استعمال کیا ہے:

خدا رکھے زباں ہم نے سنی ہے میر و مرزا کی
کہیں کس منہ سے ہم اے مصحفی اردو ہماری ہے

اور یہ اردو زبان وہی زبان ہے جسے مسلمانوں اور ہندوؤں کے صدیوں کے باہمی اشتراک عمل نے جنم دیا اور یوں پروان چڑھاکہ اردو دنیا کی جدید زبانوں میں ایک نمایاں مقام کی مستحق ہوگئی۔

اردو کی پیدائش سے متعلق مختلف نظریئے

ہندوستان کے مختلف علاقے اس امر کے مدعی ہیں کہ اردو ان کی پیدا کردہ اور پروردہ ہے۔ مولانا سلیمان ندوی چنانچہ ارشاد فرماتے ہیں:

"آجکل بعض فاضلوں نے پنجاب میں اردو اور بعض اہل دکن نے دکن میں اردو اور بعض عزیزوں نے گجرات میں اردو کا نعرہ بلند کیا ہے۔"[2]

بادی النظر میں ہر دعویدار خاصی حد تک حق بجانب نظر آتا ہے۔ اس لیے کہ اردو کی پیدائش اور تشکیل و ارتقاء سے متعلق کافی مواد ہر علاقہ میں مل جاتا ہے اور لطف یہ ہے کہ مذکورہ بالا علاقوں میں دہلی اور اس کے قرب و جوار کو بھی شامل کرلیں تو بلا جھجک یہ کہہ سکتے ہیں کہ چاروں مدعیوں کے ہاں تاریخی اور لسانی سچائی پائی جاتی ہے۔ آیئے ذرا ان دعوں کا جائزہ لیں:

میر امن کہتے ہیں۔

"جب اکبر بادشاہ تخت پر بیٹھے تب چاروں طرف کے ملکوں سے سب قومیں قدر دانی اور فیض رسانی اس خاندان لاثانی کی سن کر حضور میں آکر جمع ہوئیں۔ لیکن ہر ایک کی گویائی اور بولی جدی جدی تھی۔ اکٹھے ہونے سے آپس میں لین دین، سودا سلف، سوال جواب کرنے کے لئے ایک زبان اردو کی مقرر ہوئی۔"[3]

---

[1] آئین اکبری [2] نقوش سلیمانی [3] باغ و بہار، عبدالحق ایڈیشن

سرسید کی رائے میں یہ شاہجہاں کی دلی کی پیداوار ہے :

جبکہ شہاب الدین شاہجہاں بادشاہ ہوا اور اس نے انتظام سلطنت کا کیا اور سب ملکوں کے وکلاء کے حاضر رہنے کا حکم دیا اور دلی کو نئے سرے سے آباد کیا اور قلعہ بنایا اور شاہجہاں آباد اس کا نام رکھا اس وقت شہر میں سب لوگوں کا مجمع ہوا۔ ہر ایک کی گفتگو کی رفتار جدا تھی۔ ہر ایک کا ڈھنگ نرالا تھا۔ جب آپس میں معاملہ کرتے ناچار ایک لفظ اپنی زبان کا، دو لفظ اس کی زبان کے، تین لفظ دوسرے کی زبان کے ملا کر بولتے اور سودا سلف لیتے۔ رفتہ رفتہ اس زبان نے ایسی ترکیب پائی کہ یہ خود بخود ایک نئی زبان ہوگئی۔[1]

محمد حسین آزاد کا خیال ہے :

رفتہ رفتہ شاہجہاں کے زمانے میں کہ اقبال تیموری کا آفتاب عین عروج پر تھا، شہر اور شہر پناہ تعمیر ہوئی۔ نئی دہلی دارالخلافہ ہوئی۔ بادشاہ اور ارکان دولت زیادہ تر وہاں رہنے لگے۔ اہل سیف، اہل قلم، اہل حرفہ و تجار ملک ملک اور شہر شہر کے آدمی ایک جگہ جمع ہوئے۔ ترکی میں اردو بازار لشکر کو کہتے ہیں۔ اردوے شاہی اور دربار میں ملے جلے الفاظ زیادہ بولتے تھے۔ وہاں کی بولی کا نام اردو ہوگیا۔[2]

امام بخش صہبائی اور نساج وغیرہ نے بھی اسی قسم کی رائیں ظاہر کی ہیں۔ یوروپین مستشرقین کے بیانات بہت مختلف ہیں۔

ڈاکٹر گل کرائسٹ ہندوستانی فیلالوجی میں تحریر فرماتے ہیں :

جب تیمور (۷۷۱ھ تا ۸۰۷ھ) نے ہندوستان پر حملہ کیا تو اس وقت سے اردو کی بنیاد قائم ہوئی۔[3]

کول بروک اِسے پندرہویں صدی عیسوی (نویں صدی ہجری) کی پیداوار بتاتے ہیں۔

پندرہویں صدی عیسوی (نویں صدی ہجری) کے آخر ایام میں برج بھاشا میں تغیر شروع ہوا اور اس نے ترقی پاکر جدید زبان کی صورت اختیار کرلی۔[4]

ڈاکٹر ونٹرنٹس اِسے بارہویں صدی عیسوی کی تخلیق بتاتے ہیں۔

بارہویں صدی عیسوی (چھٹی صدی ہجری) میں جب مسلمانوں نے ہندوستان پر تسلط [illegible] الفاظ برج بھاشا میں ملنے لگے۔ اور اس تغیر کے باعث سولہویں صدی عیسوی (گیارہویں صدی [illegible]) [illegible] زبان پید

---

[1] آثار الصنادید [2] آب حیات ص ۲۱-۲۰

[3] ڈاکٹر گل کرائسٹ ہندوستانی فیلالوجی بحوالہ اردوے قدیم

[4] بحوالہ اردوے قدیم Cole [illegible] [illegible]atic Research Vol. III p. 220

ہوگئی۔[1]

مسٹر بیمس کا خیال ہے۔

فتح ہندوستان کے بعد عرصۂ دراز تک مسلمانوں نے فارسی کو اور ہندوؤں نے ہندی کو محفوظ رکھا۔ مسلمان مدت تک فصیح ہندی بولنے کے عادی تھے اور انہوں نے ہندی میں فارسی الفاظ کو نہیں ملایا تھا۔ اکبر (۹۶۳ھ تا ۱۰۱۴ھ) کے زمانے میں جب راجہ ٹوڈرمل نے طریق مال گذاری کو رواج دیا تو ہندو فارسی زبان سیکھنے پر مجبور ہوئے۔ اس زمانہ سے ہندی میں فارسی الفاظ کی آمیزش شروع ہوئی اور اس طرح سے ایک جدید زبان 'اردو' کی بنیاد پڑی۔[2]

ڈاکٹر مولوی عبدالحق :

ہندوستان میں شمال مغرب کی جانب سے مسلمان فاتحین کی آمد پر اردو زبان کا پہلا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ سلطان محمود غزنوی اور اس کے بیٹے مسعود کے عہد حکومت میں تلک ناتھ اور دوسرے بیشتر ہندو دربار غزنی میں بڑے بڑے منصبوں پر فائز تھے۔ غزنی میں ہندوؤں کا ایک لشکر سردار سرندراؤ کی کمان میں تھا۔ خاندان غزنی کے آخری فرماں رواؤں نے غزنی سے منتقل ہو کر پنجاب میں مستقل سکونت اختیار کرلی اور خاتمۂ حکومت تک پنجاب میں رہے۔ اس طرح غزنی اور صدر مقام لاہور دونوں جگہ مسلمانوں اور ہندوؤں کا آپس میں خلط ملط ہوا اور روزانہ کے اس ارتباط نے دونوں قوموں کی زبان پر کافی اثر ڈالا۔ چونکہ ترکی، ایرانی، اور ہندی سب اردوے معلیٰ میں رہتے تھے۔ اور ان کی زبان جو مذکورہ تینوں زبانوں کی ایک مخلوط شکل تھی اہل اردو یا زبان اردو کہلاتی تھی۔ اس وقت مسلمان حکمران فارسی بولتے تھے۔ ملک کی عام زبان ہندی تھی جو پراکرت کے ذریعے سنسکرت زبان سے نکلی تھی۔ اس عام مقامی زبان سے فارسی مخلوط ہوئی اور اس اختلاط سے زبانِ اردو عالم وجود میں آئی۔ اگرچہ اردو یا یہ کہئے کہ دہلی اور اس کے اطراف و اکناف میں وجود میں آئی لیکن اس کی ادبی تشکیل دکن میں ہوئی اور اس زبان کی ابتدائی نشو و نما صوفیاے کرام نے کی۔[3]

سید سلیمان ندوی:

مسلمانوں کی عربی و فارسی سب سے پہلے ہندوستان کی جس دیسی زبان سے مخلوط ہوئی وہ سندھی اور ملتانی ہے، پھر پنجابی اور بعد ازیں دہلوی ... سندھی، ملتانی اور پنجابی آپس میں بالکل ملتی جلتی ہیں۔ جس کو ہم اردو کہتے ہیں اس کا آغاز ان ہی بولیوں میں عربی و فارسی کے میل سے ہوا۔ اور آگے چل کر دارالسلطنت دہلی کی بولی جس کو دہلوی کہتے ہیں

---

[1] ڈاکٹر ونٹرنٹس : لٹریچر ص ۱۳۹ بحوالۂ آردوے قدیم
[2] Beam's Comp. Grammar of the Modern Aryan Languages of India P. 15.
[3]

مل کر معیاری زبان بن گئی اور پھر دار السلطنت کی بولی معیاری زبان بن کر تمام صوبوں میں پھیل گئی۔[1]

حکیم شمس اللہ قادری:

ہندوستان کی زبانوں میں برج بھاشا (سوراسینی) اگرچہ دوآبہ کی زبان تھی لیکن پانچویں صدی ہجری تک اس کو بے حد وسعت ہو گئی تھی۔ بہار سے نیلاب اور نیلاب سے مالوہ تک بولی جاتی تھی اور اس اعتبار سے ملک کے اس خطہ کی زبان تھی۔ جہاں سب سے پہلے اسلامی حکومت قائم ہوئی۔ مسلمان آباد ہوئے اور اسلامی تمدن نے نشوونما پائی۔ مسلمانوں کے اثر سے برج بھاشا میں عربی و فارسی الفاظ داخل ہونے لگے جس کے باعث اس میں تغیر شروع ہوا جو روز بروز بڑھتا گیا اور ایک عرصہ کے بعد اردو زبان کی صورت اختیار کر لی۔[2]

حافظ محمود شیرانی:

اگر آل غزنہ سے پیشتر مسلمانوں کو کسی ہندی زبان کے اختیار کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی تو اس عہد میں جو خاصہ دراز ہے وہ پنجاب میں کوئی نہ کوئی سرکاری زبان، تجارتی و معاشرتی اغراض سے اختیار کر لیتے ہیں جس کو غوریوں کے عہد میں جب دار السلطنت لاہور سے دہلی جاتا ہے تو اسلامی فوجیں اور دوسرے پیشہ ور اپنے ساتھ دہلی لے جاتے ہیں۔ دہلی میں یہ زبان برج بھاشا اور دوسری زبانوں کے دن رات کے باہمی تعلقات کی بنا پر وقتاً فوقتاً ترمیم قبول کرتی رہتی ہے اور رفتہ رفتہ اردو کی شکل میں تبدیل ہوتی جاتی ہے۔[3]

ایک جگہ اور تحریر فرماتے ہیں۔

ہم پر یہ واضح ہو گیا ہے کہ اردو اور پنجابی کی صرف کا ڈول تمام تر ایک ہی منصوبہ کے زیر اثر تیار ہوا ہے۔ ان کے تذکیر و تانیث اور جمع اور افعال کی تعریف کا اتحاد اس ایک نتیجہ کی طرف ہماری رہنمائی کرتا ہے کہ اردو اور پنجابی زبانوں کی ولادت گاہ ایک ہی مقام ہے۔ دونوں نے ایک ہی جگہ تربیت پائی اور جب سیانی ہو گئی ہیں تب ان میں جدائی واقع ہوئی ہے۔ ان زبانوں میں جو اختلاف دیکھا جاتا ہے وہ اکثر اس وقت واقع ہوا ہے جب دہلی پرورش شعراء اور تعلیم یافتہ طبقہ نے دہلی اور لکھنؤ میں شروع کی ہے۔[4]

ڈاکٹر سید محی الدین زور:

اردو نہ تو پنجابی سے مشتق ہے اور نہ کھڑی بولی سے بلکہ اس زبان سے جو ان دونوں کی مشترک سرچشمہ تھی یہی وجہ ہے کہ وہ بعض باتوں میں پنجابی سے مشابہ ہے اور بعض میں کھڑی بولی سے۔ لیکن مسلمانوں کے صد مقام صدیوں تک

---

[1] نقوش سلیمانی ص ۳۴ [2] اردوئے قدیم ص ۱۴ [3] پنجاب میں اردو

[4] پنجاب میں اردو ص ۲

دہلی اور آگرہ رہے ہیں اسی لئے اردو زیادہ تر کھڑی بولی ہی سے متاثر ہوگئی۔[1]

ڈاکٹر صاحب ایک اور جگہ ارشاد فرماتے ہیں۔

زبان ہندوستانی کا ارتقاء پنجاب ہی سے شروع ہوچکا تھا۔ لیکن اس کے ثانوی مدارج دوآبہ، گجرات اور دکن میں تکمیل کو پہنچے۔ دہلی میں یہ زبان سو ڈیڑھ سو سال تک رہنے کے بعد گجرات اور دکن کا رخ کرتی ہے۔[2]

نصیرالدین ہاشمی :

مسلمان فاتحین شمال کی جانب سے ہندوستان میں داخل ہوئے تو اول انہوں نے پنجاب میں قیام کیا مگر اس کے بعد دہلی کی جانب پیش قدمی کی۔ مسلمانوں کے صدہا خاندان جو ترک، مغل اور افغان تھے جن کی زبان عام طور سے زیادہ تر فارسی تھی۔ پنجاب سے لے کر دہلی تک آباد ہوگئے۔ اس زمانے میں یہاں "جدید ہندو آریائی دور کی پراکرت" زبان بولی جاتی تھی۔ اس دیسی زبان میں غیر ملکیوں کی زبان کی آمیزش ہونے لگی اور اس امتزاج سے اردو کی پیدائش ہوئی۔[3]

ڈاکٹر سید ظہیرالدین مدنی :

... جب ہم گجرات کو اس سہ مرکزی اصول ۔ تجارت، مذہب، سیاست ۔ کی کسوٹی پر پرکھتے ہیں تو ہمیں یہ زیادہ قرین قیاس معلوم ہوتا ہے کہ ایک مشترکہ زبان نے خطۂ گجرات میں ضرور جنم لیا ہے جس کا صفحۂ ہستی سے مٹ جانا یا ملک بھر میں پھیل کر موجودہ اردو کی شکل اختیار کرلینا محتاج تلاش و تحقیق ہے۔[4]

اردو ادب و اردو زبان کے مندرجہ بالا محققین اور ماہر لسانیات کی مذکورہ رایوں سے یہ امر بخوبی روشن ہو جاتا ہے کہ اردو کب اور کیونکر پیدا ہوئی۔ اسی کے ساتھ 'کہاں پیدا ہوئی' کا جواب بھی مل جاتا ہے۔ اس کا تجزیہ مندرجہ ذیل صورت میں پیش کیا جاسکتا ہے :

(۱) اردو کی ابتدا سندھ میں ہوئی۔

(۲) اردو کی ابتدا پنجاب میں ہوئی۔

(۳) اردو کی ابتدا دوآبۂ گنگ وجمن میں ہوئی۔

(۴) اردو کی ابتدا گجرات میں ہوئی۔

اور اس ابتدا کی بنیادی وجہ تجارتی، مذہبی اور سیاسی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ کسی زبان کی پیدائش اور پرورش

---

[1] ہندوستانی لسانیات ص ۱۹ [2] ہندوستانی لسانیات ص ۹۱ [3] دکن میں اردو
[4] مقالۂ ڈاکٹر مدنی ص ۲۰

130/88

کے وجوہ و اسباب اسی تثلیث کی صورت میں ملتے ہیں۔ تجارت مادی اور مذہب روحانی ضروریات کی تسکین ذہنی کی صورت پیدا کرتے ہیں جن کے لئے فرد و قوم ایک مقام سے دوسرے مقام۔ چاہے وہ کتنا ہی دور کیوں نہ ہو۔ تک آجاتے ہیں۔ یوں ایک مخصوص زبان اور کلچر بھی نقل مکانی کرتے رہتے ہیں اور اسی کے ذریعہ ایک نئی زبان وجود پذیر ہوتی ہے۔ سیاست کا ذکر میں آخر میں کر رہا ہوں کہ تجارت کو فروغ دینے یا کسی کی بیجا مداخلت کو روکنے یا توسیع مذہب اور کبھی توہین مذہب کا بدلہ لینے کے لئے یا پھر "نیا دانہ نیا پانی" کی جستجو محرک ہو کر سیاست کا پہلو پیدا کر دیتی ہے۔ اور قومیں ایک دوسرے سے نبرد آزما ہوتی ہیں اور تسلط کے ساتھ ایک زبان اور ایک کلچر دوسری زبان اور دوسرے کلچر سے "متصادم" ہوتے ہیں۔ یہ "تصادم" رفتہ رفتہ اختلاط کی صورت میں نمودار ہوتا ہے۔ کبھی فاتح کی زبان حاوی رہتی ہے اور کبھی مفتوح کی زبان اس کا قلع قمع کر دیتی ہے۔ ہر صورت میں عوامی اشتراک کام کرتا رہتا ہے۔ عوام جس زبان اور کلچر کو اپنا لیتے ہیں وہ زندہ رہتی ہے اور جسے ترک کر دیتے ہیں وہ مردہ ہو جاتی ہے۔ اردو زبان عوامی اشتراک کی بڑی خوبصورت مثال ہے کہ فاتح اور مفتوح کی زبانیں بھی باقی رہیں اور نہیں بھی۔ باقی یوں رہیں کہ اردو کا ڈھانچہ تو مقامی بولی کا رہا مگر اسے خوبصورت پیکر عربی، فارسی اور ترکی وغیرہ نے عطا کیا۔ اس پر باقی نہ رہنے کی صورت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

اردو کی ابتدا سندھ میں

زبان کی پیدائش کے جن تثلیثی اسباب کا ذکر ہوا ہے، انہیں کی روشنی میں اس نظریہ کا جائزہ لیتے ہوئے محسوس ہوتا ہے کہ ایک قدیم زمانے سے سندھ کو تجارتی، سیاسی اور مذہبی اہمیت حاصل رہی اور مختلف زبانیں بولنے والے سندھ آتے جاتے رہے۔ اس سے یہ نتیجہ نکالنا غلط نہ ہوگا کہ سندھ میں یقیناً ایک مشترکہ زبان کے پیدا ہونے کے امکانات تھے۔ غالباً اسی بنا پر مولانا سید سلیمان ندوی نے یہ نتیجہ نکالا کہ ــــ

"سندھ کی وادی ہماری متحدہ زبان کا پہلا گہوارہ ہے۔"[1]

ان کے دلائل مختصراً یہ ہیں:

(۱) سندھ کی بندرگاہ میں داخل ہونے والے تاجر عربی و فارسی بولتے تھے۔ سامان کے لین دین کے سلسلے میں سندھی کے الفاظ عربی و فارسی میں اور عربی و فارسی کے الفاظ سندھی میں داخل ہوئے ہوں گے۔

(۲) ۹۲ھ میں مسلمانوں نے سندھ پر حملہ کر کے اپنی حکومت قائم کی۔ اس لشکر کے سپاہیوں کی زبان عربی و فارسی تھی۔ سندھ کے بعض پنڈت بغداد گئے اور وہاں ہندی و عربی کتابوں کے ترجمہ میں حصہ لیا۔ اس سے ہندی میں عربی اور عربی میں ہندی الفاظ کا خلط ملط ہوا۔ ملتان میں اسلامی ریاستیں تین سو برس قائم رہیں۔

---

[1] نقوش سلیمانی ص ۳۱

(۳) تاجروں کی آمد و رفت اور قیام حکومت کے سبب سے لازم تھا کہ مقامی بولیوں میں عربی و فارسی الفاظ کا میل جول ہو اور اس سے ایک نئی زبان معرض وجود میں آئے۔ چنانچہ سندھی، ملتانی اور پنجابی بولیوں نے آخر میں دہلی کی زبان سے مل کر ایک معیاری زبان کی صورت اختیار کر لی اور پھر ملک کے تمام حصوں میں پھیل گئی۔ اپنے دلائل کی تقویت کے لیے مولانا عرب سیاحوں کے بیانات نقل کر کے فرماتے ہیں:

"مسلمانوں کی عربی فارسی سب سے پہلے ہندوستان کی جس دیسی زبان سے مخلوط ہوئی وہ سندھی اور ملتانی ہے پھر پنجابی اور بعد ازیں دہلوی۔ سندھی پر اس اختلاط کی شہادت آج بھی اسی طرح نمایاں ہے۔ چنانچہ ہماری اردو کی طرح سندھی عربی اور فارسی الفاظ سے گراں بار ہے اور سب سے عجیب یہ کہ اس کا رسم الخط آج تک ٹھیٹھ عربی نسخ ہے۔"[۱]

عرب سیاحوں کی پیش کردہ شہادتیں یہ ہیں:

سعودی (۳۰۳ھ): "سندھ کی زبان خاص ہے، ہندوستان سے الگ۔"[۲]

اصطخری (۳۴۰ھ): "منصورہ اور ملتان اور اس کے اطراف میں عربی اور سندھی بولی جاتی ہے اور مکران والوں کی زبان فارسی اور مکرانی ہے۔"[۳]

ابن حوقل (۳۵۸ھ): "منصورہ اور ملتان اور اس کے اطراف میں عربی اور سندھی بولی جاتی ہے۔"[۴]

بشاری مقدسی (۳۷۵ھ): (ملتان کے متعلق) "اور یہاں فارسی زبان سمجھی جاتی ہے۔"[۵]

(دیبل کے متعلق) "ان کی زبان سندھی اور عربی ہے۔"[۶]

ان شہادتوں سے یہ امور مستنبط ہوتے ہیں:

(۱) سندھ میں عربوں اور ایرانیوں کا زبردست اثر تھا۔

(۲) بعض علاقوں میں عربی و فارسی سمجھی اور بولی جاتی تھی۔

(۳) عربی و فارسی کے علاوہ سندھی بھی بولی اور سمجھی جاتی تھی۔

چنانچہ ان شہادتوں سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ عام بول چال کے لئے کوئی مشترک زبان — نئی زبان — پیدا ہوئی۔ رہ گئی یہ سندھی تو یہ مقامی زبان تھی جس میں عربی و فارسی کے الفاظ دخیل ہوگئے ہوں گے اور اس زبان کے آگے بڑھنے اور ادبی صورت اختیار کرنے پر اس کا رسم الخط عربی ہوگیا ہوگا۔

اسی لئے ڈاکٹر زور فرماتے ہیں:

"اس میں کوئی شک نہیں کہ سندھ میں ایک زبان یقیناً ارتقا پاتی رہی۔ مگر وہ اردو نہ تھی۔ وہ اس زبان کی قدیم

---

[۱] نقوش سلیمانی   [۲] تا [۶] نقوش ص ۳۳

شکل تھی جو آج سندھی کہلاتی ہے۔"[1]

اب یہاں پر مولانا کی ایک اہم فروگذاشت کا ذکر بیجا نہ ہوگا کہ جن امور کے پیش نظر انہوں نے اردو کا تعلق سندھ سے بتلاتے ہوئے سندھی، ملتانی اور پنجابی کا ذکر کیا ہے وہیں گجرات کی زبان کو قطعی نظر انداز کر دیا ہے۔ حالانکہ اگر پہلے نہیں تو کم از کم ایک ہی زمانہ میں عربی و عجمی تاجروں کی آمد و رفت گجرات میں بھی عام تھی۔

اردو کی ابتدا پنجاب میں

کسی نئی زبان کی تشکیل میں قوموں کا باہمی ارتباط و اختلاط بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ اسی کے پیش نظر "اردو کی ابتدا پنجاب میں" کا نظریہ خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ ایک زمانہ تک غیر ملکی زبانیں بولنے والے سیاسی اسباب کی بنا پر پنجاب میں سکونت پذیر تھے۔ عہد غزنوی میں پنجاب غزنویوں اور غیر ہندی اقوام کی زور آزمائی کا میدان تھا۔ سبکتگین نے ۳۷۶ھ/۹۸۶ء میں جے پال کو شکست دی اور جے پال سے صلح کا عہد و پیمان بھی کر لیا مگر بد عہدی پر اس نے دوبارہ جے پال پر فوج کشی کی اور پھر شکست دی۔ اور اس نے لمغان سے لے کر پشاور تک کا علاقہ اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔ اور اس کے استحکام کی تدبیریں کیں۔ نیز یہاں کے خلجی، افغان وغیرہ کو لشکر میں شریک کر لیا[2] اور جب محمود تخت نشین ہوا تو ۴۱۳ھ میں اس نے لاہور فتح کر کے پنجاب کو اپنی قلمرو میں شامل کر لیا۔ لاہور کا نام اپنے نام پر محمودپور رکھ کر اسے صدر مقام بنا دیا۔ تمام علاقہ کو مختلف اضلاع میں تقسیم کر دیا اور صدر مقام پر ایک زبردست لشکر رکھا۔ محمود نے جب بھٹنڈہ فتح کیا تو وہاں بھی کافی عرصہ مقیم رہا۔[3]

مختصر یہ کہ عہد غزنوی میں پنجاب میں کوئی دو سو سال تک فارسی بولنے والوں کی ایک بڑی تعداد نے سکونت اختیار کی۔ اس زمانہ میں دینی و مذہبی تبلیغ کا سلسلہ بھی خاصا تھا اور یہ تبلیغ یا تو مقامی زبان میں ہوئی ہوگی یا پھر فارسی اور مقامی زبان دونوں ہی میں انجام دی گئی ہوگی۔ ایک اور اہم بات اس دور کی یہ ہے کہ غزنوی فوج میں افغانی، خراسانی، ہندی سبھی شامل تھے۔ محمود کی وسطی ایشیا کی مہموں میں ہر دفعہ ہندوستانی شریک تھے۔ محمود کے لشکر کے تمام پیل بان ہندو ہوتے تھے اور ویسے خود غزنی میں بھی ہندوستانی کافی تعداد میں رہتے تھے۔ المعری نے رسالہ الغفران میں بمقام غزنی ایک ہندو عورت کے ستی ہونے کا ذکر کیا ہے۔[4] اس سے صاف ظاہر ہے کہ ہندوستان اور غزنی میں بہت کافی خلا ملا تھا۔ ہندی علاقے میں غزنویوں کے ملازم، محاسب وغیرہ ہندو ہی ہوتے تھے۔

اس ربط ضبط سے ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ تجارتی، معاشی اور سیاسی اسباب کی بنا پر ملکیوں اور غیر ملکیوں کا

---

[1] ہندوستانی لسانیات ص ۸۸ [2] محمود غزنوی از ناظم ص ۳۰ [3] ایضاً ص ۱۰۱
[4] ہندوستانی لسانیات ص ۸۹

میل جول بہت بڑھ گیا ہوگا اور اس کی وجہ سے مقامی زبان میں فارسی الفاظ بہت حد تک دخیل ہوگئے ہوں گے۔
چنانچہ ڈاکٹر زور صاحب فرماتے ہیں: "دو سو سالوں میں جبکہ پنجاب غزنویوں کا جاے قرار تھا ایک بین قومی زبان کا پیدا ہونا ضروری تھا۔ چنانچہ اسی واقعہ کی بنا پر پنجاب کے بعض جدید ادیبوں نے اس بات پر زور دیا ہے کہ اردو بہ نسبت برج بھاشا کے پنجابی سے مشتق ہے۔" [1]

لیکن یہ دیکھتے ہوئے کہ غزنویوں کا یہ زمانہ امن و امان کا زمانہ نہیں تھا۔ ہر طرف قتل و خون جاری تھا۔ انتشار کی کیفیت تھی۔ کسی کو یہ یکسوئی کیونکر ملی ہوگی خصوصاً مقامی لوگوں کو کہ وہ ایک نئی زبان کی سوچیں اور پھر مقامی لوگوں کے دل دماغ میں غیر ملکیوں کے خلاف غم و غصہ بھی رہا ہوگا جو بدیسی زبان اور الفاظ کے اپنانے میں مانع رہا ہوگا۔

اس لئے یہ نتیجہ نکال لینا کہ اس "باہمی اشتراک" سے ایک زبان ضرور وجود میں آئی ہوگی اور وہی ہماری اردو کی قدیم شکل ہے شبہ سے خالی نہیں۔ پنجابی اور قدیم اردو کی گرامر کی مشابہت و مماثلت بھی کوئی اہم بات نہیں ہے کیونکہ دوسرے علاقوں کی صرف اور اردو کی صرف میں اس نوع کی مشابہت وغیرہ کافی ملتی ہے۔ پھر پنجابی ہی کو اہمیت کیوں دی جائے! مزید یہ کہ اس سلسلے میں جب ہم اس عہد کے صوفیاے کرام کی خدمات اور ادبی کارناموں پر نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں وہاں بھی کوئی مثبت پہلو نہیں ملتا۔ چنانچہ جب تک مسعود سعد سلمان کا دیوان ہاتھ نہ آجائے، اور اس کی زبان کا اندازہ نہ ہو جائے پنجاب یا پنجابی کے حق میں فیصلہ کرنا دشوار ہے۔

اردو کی ابتدا گجرات میں

اس نظریہ کے پیش کرنے والے پروفیسر سید نجیب اشرف ندوی اور موٴلف ڈاکٹر سید ظہیر الدین مدنی ہیں۔ اپنے مقالہ میں ڈاکٹر مدنی صاحب نے اس نظریہ کو بڑے محققانہ انداز میں شرح و بسط کے ساتھ بیان کیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف نے تجارت، مذہب اور سیاست کے سہ مرکزی اصولوں کو سامنے رکھا ہے۔ چنانچہ انہیں کی روشنی میں ان کی تحقیق کا خلاصہ کچھ اس طرح پیش کیا جا سکتا ہے:

ہندوستان زمانۂ قدیم سے تجارت پیشہ قوموں کی دائمی کشش کا مرکز بنا رہا اور مختلف بادشاہوں نے اس "سونے کی چڑیا" کو پالینے کی ہمیشہ جدوجہد کی۔ علاوہ بریں اس کے فلسفہ و دانش نے اقصاے عالم میں دور دور تک اجالا پھیلایا اور قلب کے ساتھ لوگوں کے ذہنوں کی تربیت و اصلاح کا کام سرانجام دیا۔ چنانچہ بلا مبالغہ کہا جا سکتا ہے کہ شمال، جنوب، مغرب، مشرق چاروں طرف سے لوگ مختلف مقاصد کے ساتھ ہندوستان خصوصاً گجرات آتے رہے اور اپنے ساتھ اپنی بولیاں ساتھ لاتے رہے۔ گجرات کی زرخیزی، تجارت، آب و ہوا اور مذہبی مقامات

---

[1] ہندوستانی لسانیات ص ۸۹

کی افراط نے یقیناً بے شمار مخلوق خدا کو اپنی طرف کھینچا ہوگا اور انہوں نے توطن اختیار کرلیا ہوگا۔ بندرگاہوں کے اس ملک پر سیاسی اعتبار سے جارحانہ حملے کوئی ۲۰۰ ق م سے شروع ہوگئے تھے اور ان کا سلسلہ ۱۸۰۰ء تک جاری رہا جبکہ انگریز پورے ملک پر قابض ہوگئے تھے۔ ان حملہ آوروں میں فارسی و عربی خصوصاً فارسی بولنے والوں کے حملے ۱۵ھ سے لے کر ۶۹۶ھ تک جاری رہے۔ اس کے بعد یعنی ۶۹۶ھ کے بعد انصرام صوبہ کے طور پر دہلی سے گورنر آتے رہے، اور بہت بڑی تعداد میں فارسی بولنے والے۔ مسلمان حملہ آوروں سے بھی پہلے گجرات میں موجود رہے۔ اس سلسلے میں ظفرخاں الملقب بہ سلطان ظفر کا سلسلۂ حکومت خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ (۸۱۰ھ تا ۹۸۰ھ)

چونکہ تجارت، مذہب اور سیاست ایسے اسباب ہیں کہ جن کی بنا پر مختلف اللسان لوگ کسی مقام پر اکٹھا ہو سکتے ہیں اور ان کی اس یکجائی سے مشترکہ زبان کی داغ بیل پڑ سکتی ہے۔ اس لیے سندھ اور پنجاب کے دعویداروں کے ہاں یقیناً سچائی پائی جاتی ہے۔ مگر اسی اسبابی تثلیث کے پیش نظر وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ اس مشترکہ زبان کے پیدا ہونے کے امکانات گجرات میں بہت زیادہ تھے۔ اس لیے اردو کی جائے پیدائش کا شرف للفضل متقدم کے تحت گجرات کو حاصل ہوتا ہے۔ تاہم بقول مدنی صاحب کے اس مشترکہ زبان کا یک لخت مٹ جانا یا ترقی کر کے ہندوستان کے کونے کونے میں پھیل جانا تحقیق طلب ضرور ہے۔ اب رہ گئی بات اردو پر برج بھاشا کے اثر کی تو اس کے جواب میں مختصراً یہ کہا جا سکتا ہے کہ لسانی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو پتہ چلے گا کہ گجراتی، راجستھانی وغیرہ ایک ایسی پراکرت میں سے نکلی ہیں جس سے ہندی (مغربی) شورسینی وغیرہ نے جنم لیا ہے۔ لہذا یہ اگر برج بھاشا اور شورسینی کی صرف و نحو اور ترکیبوں سے مشابہ ہے تو کچھ عجب نہیں کیونکہ ہندی، راجستھانی اور اسی قبیل کی دوسری زبانوں میں بھی بہت زیادہ مشابہت و مماثلت ہے۔

اردو کے نام — گجری اور دکنی — اور ادبی تشکیل

ارتقائی مدارج میں اردو کئی ناموں سے موسوم ہوتی رہی ہے۔ ان ناموں میں گوجری اور دکنی بھی ہیں۔ تاہم گجری اور دکنی سے بحث کرنے سے بہتر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کے دوسرے ناموں پر ایک نظر ڈال لیں۔

ہندوستان میں مسلمانوں کے آنے سے پہلے کوئی ایک زبان رائج نہیں تھی۔ مختلف خطے مختلف زبانیں بولتے تھے۔ مثلاً گجراتی، بنگالی، سندھی اور پنجابی وغیرہ۔ ان کے علاوہ ایک علمی و ادبی زبان سنسکرت موجود تھی اور لطف یہ کہ عربی و فارسی بولنے والے خصوصاً سیاح ان علاقائی زبانوں کے علاوہ خود سنسکرت کو بھی ہندی یا ہندوی کہتے تھے۔ یعنی وہ ان میں فرق نہیں کرتے تھے۔ مثلاً بزرگ بن شہریار ۲۷۰ھ کے قرآن کے متعلق کہتا ہے: "قرآن کا ہندی مطلب بیان کرے۔"[1]

---

[1] عجائب الھند ص ۳

اس سے مستنبط ہوتا ہے کہ یہ لفظ ہندی کسی مقامی زبان کے لئے استعمال کیا گیا ہے یا اس سے مراد قدیم اردو کی کوئی شکل ہے۔

۲۷۷ھ میں ہندوستان کی جس زبان سے طب کی کتابوں کا ترجمہ کیا گیا ہے ابن ندیم کی الفہرست میں اس کو ہندی لکھا گیا ہے۔ نقل من الھندی الی الفارس۔ ہندی سے فارسی میں ترجمہ ہوا۔[1] یہ اقتباس ظاہر کرتا ہے کہ ہندی کا لفظ سنسکرت کے لئے استعمال ہوا ہے، کیونکہ طب کی کتابیں سنسکرت ہی میں تھیں۔

البیرونی "کتاب الھند" میں کلیلہ و دمنہ کے ذکر میں لکھتا ہے:

"ہندوؤں کے پاس ان کے علاوہ اور بھی بہتیرے دوسرے علوم و فنون کی اور بے شمار کتابیں ہیں لیکن ہم ان سے واقف نہیں ہو سکے۔ میری خواہش ہے کہ ہم کتاب پنچ تنتر جو ہم لوگوں میں کلیلہ و دمنہ کے نام سے مشہور ہے ترجمہ کر دیتے۔ یہ کتاب فارسی اور ہندی اور پھر عربی اور فارسی میں ایسے لوگوں سے منتقل ہوتی رہی ہے جن پر اداے مطلب کے سلسلے میں اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔"[2]

امیر خسرو نہ سپہر میں سنسکرت کو اس کے اصلی نام سے یاد کرتے ہیں:

"این است زبانی بصفت در دری، کم تر از عربی و برتر از دری۔"[3]

لیکن مثنوی دول رانی میں سنسکرت کو زبان ہند بھی یہی خسرو کہتے ہیں:

زبان ہند ہم تازی مثال است کہ آمیزش در آنجا محال است گر آئین عرب نحو ست و گر صرف۔ از آن آئین درین کم نیست یک حرف۔[4]

اور پھر مقامی زبانوں مثلاً لاہوری، سندھی، گجراتی، بنگالی، اودھی وغیرہ کے ساتھ نواح دہلی میں مروج زبان کے لئے فقط ہندوی استعمال کیا ہے:

دہلی و پیرامنش اندر ہمہ حد ۔۔ این ہمہ ہندویست کز ایام سخن

عامہ بکار است بہر گونہ سخن[5]

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایام قدیم سے دہلی اور اس کے اطراف و اکناف میں جو زبان بولی جاتی تھی وہ اگرچہ کوئی پراکرت یا اپ بھرنش ہوگی جس کو خسرو نے ہندوی کے نام سے یاد کیا ہے۔ اب ذرا خسرو کے یہ اشعار ملاحظہ ہوں:

---

[1] بحوالہ نقوش سلیمانی ص ۶۰
[2] کتاب الھند، انجمن ترقی اردو ہند ص ۲۰۸
[3] بحوالہ خسرو، وحید مرزا، ص ۱۶۰
[4] مثنوی دول رانی ص ۴۲
[5] خسرو بحوالۂ محمد وحید مرزا ص ۱۸۵

ترک ہندوستانیم من ہندوی گویم جواب، شکر مصری ندارم کز عرب گویم سخن
چون من طوطی ہندم از راست پرسی، زمن ہندوی پرس تا نغز گویم [۱]

اس سے پتہ چلتا ہے کہ خسرو نے "ہندوی" اردو کی قدیم شکل کے لئے استعمال کیا ہے مگر لفظ ہندوی کا پراکرت اور اردو کی قدیم شکل کے لئے استعمال کرنا ذرا مغالطہ میں ڈالتا ہے۔ مثلاً کالنجر کے راجہ نندا نے محمود غزنوی کو رائج الوقت زبان میں چند شعر لکھ کر بھیجے تھے جنہیں محمود اور دوسرے شعرائے غزنی نے پسند کیا۔ زین الاخبار میں اس کا ذکر اس طرح ملتا ہے:

"پس نندا شعری گفت امیر محمود را بلغت ہندوی و بہ نزدیک او فرستاد۔" [۲]

اس موقع پر مولانا سلیمان ندوی کا یہ بیان دلچسپی سے خالی نہیں:

"اہل عرب یہاں کی قدیم زبان میں سے ہر ایک کو ہندی یا ہندیہ کہتے تھے۔ وہ سنسکرت، پالی، سندھی، ملتانی گجری سب کو ہندی کہتے تھے" [۳]

امیر خسرو نے صوبائی بولیوں کی جو فہرست دی ہے لگے ہاتھوں اسے بھی دیکھ لیجئے، سندھی، لاہوری، کشمیری، گیری، بنگالی، گوری، گجراتی، تلنگی، معبری، دھورسمندری، اودھی اور ہندی جو دہلی کے اکناف میں بولی جاتی ہے۔ [۴]

حاصل مطلب یہ کہ بعضوں نے سنسکرت کے لیے اور بعضوں نے کسی مقامی بولی کے لئے لفظ ہندی کا استعمال کیا ہے۔ اردو نے چونکہ ہند ہی میں جنم لیا ہے اور کسی ایک مقام کی زبان پر اس کی عمارت کھڑی کی گئی ہے اس وجہ سے اس کے لئے بھی شروع شروع میں کوئی نیا نام وضع نہیں کیا گیا؛ اور ہند کی نسبت سے ہندی مشہور ہوئی۔ اس کی مثالیں بے شمار ہیں۔ چند ایک ملاحظہ ہوں:

(۱) فرہنگ بحر الفضائل (۸۲۸ھ) میں قدیم اردو کے لئے ہندوی استعمال کیا گیا ہے۔ [۵]

(۲) شیخ عبدالوہاب متقی جو ۹۶۳ھ میں مکہ ہجرت کر گئے تھے درس و تدریس کے سلسلے میں دیس دیس سے آئے ہوئے طالب علموں سے ان کی اپنی زبان میں گفتگو کیا کرتے تھے۔ ان کے ایک شاگرد شیخ عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہیں:

"... و با ہندیان در تقریر فارسی تکلف نکنند و ہم بہ زبان ہندی اکتفا فرمایند۔" [۶]

---

[۱] بحوالہ خسرو از محمد وحید مرزا ص ۲۲۸، اور یہاں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ بقول عوفی (لباب الالباب) ہندوی میں مسعود سعد سلمان کا بھی دیوان تھا۔ [۲] زین الاخبار گردیزی مرتبہ عبدالوہاب قزوینی ص ۶۳

[۳] نقوش سلیمانی ص ۵۹ [۴] مثنوی نہ سپہر بحوالہ خسرو، وحید مرزا ص ۱۸۵

[۵] بحوالہ مقالہ ڈاکٹر مدنی [۶] اخبار الاخیار در ذکر عبدالوہاب المتقی

(۳) ملک محمد جائسی کے شارح کا ارشاد ہے:
"گمان نکنند کہ ہیچ اولیا بہ زبان ہندی تکلم نہ کردہ زیراکہ اول از جمیع اولیا قطب الاقطاب خواجہ بزرگ معین الحق والملۃ والدین قدس اللہ سرہ بدین زبان سخن فرمودہ ازان بعد حضرت گنج شکر قدس اللہ سرہ و حضرت در زبان ہندی و پنجابی بعضی از اشعار نظم فرمودہ چنانکہ در مردم مشہور اند۔" [۱]
(۴) ملا عبدالقادر بدایونی نے بوستان کے ایک مشکل شعر کا مفہوم اپنے استاد شیخ عبداللہ بدایونی سے اس طرح پوچھا تھا:
"معنی این چیست بزبان ہندی بیان کنید۔" [۲]
عادل شاہیوں کے زمانہ میں درباری زبان فارسی سے اردو اور پھر اردو سے فارسی ہوئی مگر اس زبان کو اس وقت اردو نہیں بلکہ ہندی ہی کہتے تھے۔ خافی خان چنانچہ منتخب اللباب (ج ۳ ص ۳۰۷) میں ابراہیم عادل شاہ کے متعلق لکھتا ہے:
"ابراہیم عادل شاہ دفتر فارسی کہ بجائے دفتر ہندی جد و پدر او قرارداد بودند برطرف نمودہ بدستور سابق ہندوی مقرر نمود۔"
ہندی کا نام اردو زبان کے لئے اس قدر مخصوص و مشہور ہو گیا تھا کہ اردو کے شاعر اور ادیب اسے اسی نام سے یاد کرتے تھے۔ میر تقی میر نکات الشعراء میں اور تحسین نوطرز مرصع میں اردو کو ہندی کہتے ہیں۔ شاہ عبدالقادر دہلوی نے قرآن مجید کا جس زبان میں ترجمہ کیا ہے اسے ہندی کہا ہے؛ اور سر سید نے آثار الصنادید کے طبع اول میں اردو کا نام ہندی لکھا ہے۔
اردو کو ہندوستانیوں اور فرنگیوں نے ہندوستانی یا زبان ہندوستانی یا زبان ہندوستان کے نام سے بھی یاد کیا ہے۔ شاہجہانی دور کا مصنف عبدالحمید لاہوری بادشاہ نامہ میں لکھتا ہے: [۳]
"سخن طرازان فارسی و ہندوستانی نظم و نثر داستان آن رستم آثار گذارند دامن امید بجز انل عطایا برآموزند۔"
ابو الفضل اکبرنامہ میں ادہم خاں اور انگہ کے واقعہ کو بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے:
"حضرات بزبان ہندوستانی فرمودند۔ اے ماندو کرا انگہ مارا کشتی۔" [۴]
ابو القاسم فرشتہ عادل شاہ ثانی والی بیجاپور کے ذکر میں لکھتا ہے:

---

[۱] اردو کی ابتدائی نشوونما
[۲] تاریخ بدایونی ج ۳ ص ۵۴
[۳] بادشاہ نامہ ج ۱ ص ۴۹۳
[۴] اکبرنامہ ج ۳ ص ۲۷۱

" تا بہ ہندوستانی متکلم نمی شد "[1]

اور مولانا وجہی سب رس میں لکھتے ہیں :

" زبان ہندوستان ۔ آغاز داستان ۔ نقل ایک شہر تھا ۔"[2]

ڈاکٹر گل کرائسٹ نے قواعد کی ایک کتاب کا نام رکھا ہے : قواعد ہندوستانی ۔ انگریزوں نے اسپین کی طرح ہندوستان میں مسلمانوں کو پاکر مورش کہا اور ان کی زبان — اردو — کو بھی مورش کہا مگر یہ عام نہ ہوسکا ۔

گجری اور دکنی

اوپر کی سطریں یہ بتاتی ہیں کہ اردو کے پہلے کئی نام تھے ۔ مگر خود ان ناموں سے پہلے اس زبان کو گجرات میں ہندوی ، گوجری ، دہلوی اور زبان گجراتی کہتے تھے اور دکن میں دکھنی ، گوجری اور ہندی کہتے تھے ۔

باجن (وفات ۹۱۲ھ) اپنے کلام کو ہندوی اور دہلوی دونوں ہی کہتے ہیں ۔ ایک مناجات کے سلسلے میں لکھتے ہیں : " و این مناجات بزبان ہندوی گفتہ شدہ است ۔"[3] دوسری جگہ ایک نظم کی سرخی یہ دیتے ہیں :

" صفت دنیا بزبان دہلوی گفتہ ۔"[3]

علی جیو گام دھنی (وفات ۹۷۳ھ) کی جواہر اسرار اللہ کی زبان کو ان کے پوتے سید ابراہیم بن شاہ مصطفیٰ گوجری بتلاتے ہیں :

... بطریق نظم بالفاظ گوجری ... فرمودہ ۔[4]

مگر اسی زبان کو صاحب مرأت احمدی گام دھنی کے کلام کا ذکر کرتے ہوئے ہندی کہتا ہے ۔[5]

میاں خوب محمد چشتی اپنی مثنوی خوب ترنگ میں اپنی زبان کے بارے میں لکھتے ہیں :

(۱) جیوں دل عرب عجم کی بات — سن بولے بولی گجرات

(۲) جیوں منہ بولی منہ بات — عرب عجم مل ایک سنگھات

اور اس کی توضیح " امواج خوبی " شرح خوب ترنگ میں یوں کی :

... ومن بزبان گجراتی کہ الفاظ عجمی و عربی آمیز است

---

[1] تاریخ فرشتہ (فارسی)
[2] سب رس ، انجمن ترقی اردو ہند ص ۱۶
[3] اورینٹل کالج میگزین ۱۹۳۰ء پروفیسر شیرانی
[4] جواہر اسرار مرتبہ سید ابراہیم بن شاہ مصطفیٰ بحوالہ مقالہ ڈاکٹر مدنی
[5] مرأت احمدی ، خاتمہ ، بڑودہ ، ص ۶۵

بعد میں محمد امین نے اپنی مثنوی یوسف و زلیخا (۱۱۰۹ھ) کے بارے میں لکھا ہے[1]:

ہر یک جاگہ ہے قصہ فارسی میں ۔۔۔ امیں اسکوں اتارے گوجری میں

گجرات کے ان شعراء کے علاوہ بعض دکنی شعراء بھی اپنی زبان کو گجری (گوجری) کہتے تھے۔ شیخ برہان الدین جانم (وفات ۹۹۰ھ) اپنی تصانیف حجت البقا اور ارشاد نامہ میں لکھتے ہیں:

(۱) جس ہویں گیان پچاری ۔۔۔ نا دیکھیں بھاکا گجری (حجت البقا)

(۲) یہ سب گجری کیا زبان ۔۔۔ کر یہ آئینہ دیا نماں (ارشاد نامہ)

مگر اسی زبان کو دکن کے مشہور شاعر ملا وجہی اور نشاطی دکھنی کہتے ہیں:

وجہی ۔ دکھن میں جوں دکھنی مٹھی بات کا ۔۔۔ ادا نین کیا کوئی اس دھات کا

نشاطی ۔ اسے ہر کس کتیں سمجھا کوں توں بول ۔۔۔ دکھنی کئے باتاں ساریاں کوں کھول

گویا گجراتی اور دکھنی شعراء تقریباً ایک ہی زبان کو مقامی محاوروں کی بنا پر الگ الگ ناموں سے موسوم کرتے ہیں۔ البتہ دکھنی شعراء کے اپنی زبان کو گوجری یا گجری کہنے سے مغالطہ ہوتا ہے۔ محققین کی رائے اس سلسلے میں یہ ہے ـــ

مولوی عبدالحق:

لیکن خصوصیت کے ساتھ گجری کہنے سے ان کا مقصد یہ ہے کہ اگرچہ وہ زبان جس میں ان کا کلام ہے ہندی ہے لیکن گجری ہندی ہے۔[2]

ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور:

اس سلسلے میں یہ واقعہ ضرور قابل ذکر ہے کہ گجرات کی سلطنت کا ختم ہونا ہندوستانی کی ترقی و نشوونما کے لئے مفید ثابت ہوا۔ کیونکہ زوال سلطنت کے ساتھ وہاں کا علمی و ادبی شیرازہ بکھر گیا۔ ابراہیم عادل شاہ نے (رسالہ)... اپنے آدمیوں کو بیش بہا تحائف اور سوغات دے کر گجرات روانہ کیا تاکہ وہاں کے علماء اور شعراء کو بیجاپور کے دربار میں آنے کی دعوت دیں۔ چنانچہ تھوڑے ہی عرصہ کے بعد گجرات کی ادبی عظمت کا پرچم لہرانے لگا۔ مشہور و معروف ہستیوں کے علاوہ اکثر عام لوگ بھی بیجاپور آئے تھے اور ان گجراتیوں کا اس قدر اثر ہو گیا تھا کہ بعض دکھنی مصنف بھی اپنی گجراتی آمیز ہندوستانی کو گجری کے نام سے موسوم کرنے لگے۔[3]

---

[1] امین، یوسف زلیخا مقالہ ڈاکٹر عبدالحمید فاروقی

[2] رسالہ اردو، جولائی ۱۹۲۷ء

[3] ہندوستانی لسانیات ص ۱۰۳

پروفیسر شیرانی مرحوم :

ہمارا خیال ہے کہ جو لوگ اپنی زبان کو گجری یا گوجری کہتے ہیں وہ درحقیقت گجرات سے تعلق رکھتے ہیں۔ ... اگر دکن میں یہ اصطلاح کسی مصنف کے یہاں ملتی ہے تو ہم یہ سمجھ لیں کہ در اصل وہ مصنف گجرات کا باشندہ ہے اور اسی لئے اپنی زبان کو گجری کہتا ہے[1]

مندرجۂ بالا بیانات سے یہ واضح ہوتا ہے کہ گجری یا گوجری گجرات سے اور دکھنی دکھن (دکن) سے مخصوص ہے۔ تاہم ان میں فرق ہے تو بس مقامی محاوروں کا ہے۔ ورنہ دونوں مماثل بلکہ ایک ہی زبان ہیں۔ اب اسے ہندی یا ہندوستانی کہہ لیجئے۔ جسے باجن دہلوی بھی کہتے ہیں اور ہندوی بھی۔ جو خود اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ دہلوی یا مشترکہ زبان اور گجری میں بھی محض مقامی محاوروں کا ہی فرق رہا ہوگا۔ اور دہلی کی مرکزیت نے وہاں کی زبان کو معیاری سمجھنے پر مائل کیا ہوگا اور اسی لئے اپنی زبان کو معیاری حیثیت دینے کے لئے انہوں نے دہلوی کہا ہوگا تاہم گجری کی ایک اہم توجیہ کا بیان کر دینا دلچسپی اور اہمیت سے خالی نہیں ہے۔

ڈاکٹر سید ظہیر الدین مدنی رقم طراز ہیں :

" ... سوال توجہ طلب ہے کہ گجری کو قوم گوجر اور ملک گجرات سے منسوب کیا جائے یا گجری بمعنی بازار سے۔ ممکن ہے کہ گذری یا بازار سے عوام میں گجری ہو گیا ہو۔ جیسے غریب نواز سے گریب نواج۔ ذکریاں (اذکار) سے جکریاں۔ بہرحال بازار کے لئے تو گجرات اور دکن میں عام طور پر لفظ گجری استعمال ہوتا ہے۔ بیجاپور میں یہ لفظ بازار کے لئے استعمال ہوتا تھا۔ وہاں اس وقت بھی ایک محلہ نانا گجری کے نام سے مشہور ہے۔ ممکن ہے وہاں اس کا بازار ہو۔ خاندیش میں دیہاتی بازار کو (جو بڑے شہروں میں ہفتہ میں ایک روز ہوتا ہے) گجری کہتے ہیں۔ آجتک احمد آباد میں بھی دیہاتی ہفتہ کے بازار کو گجری ہی کہتے ہیں۔ اس امر کو پیش نظر رکھتے ہوئے خیال ہوتا ہے کہ شاید ایسے ہی بازاروں میں مخلوط زبان جو بولی جاتی ہوگی اس کو بھی گجری ہی کہنے لگے ہوں گے۔"[2]

اردو کی ادبی تشکیل

اردو کی ابتدا کے سلسلے میں اگرچہ محققین کے ہاں اختلاف رائے پایا جاتا ہے [illegible] متفق ہیں کہ اردو کی ادبی تشکیل سب سے پہلے گجرات ہی میں ہوئی۔

پروفیسر محمود شیرانی مرحوم کی رائے یہ ہے :

" موجودہ معلومات کی روشنی میں کہا جا سکتا ہے کہ اردو زبان کی ادبی تشکیل سب سے پہلے صوبہ گجرات میں پائی

---

[1] پروفیسر شیرانی اورینٹل کالج میگزین، فروری ۱۹۳۱ء [illegible]

جاتی ہے۔ یہ صوبہ سنہ ۶۹۶ھ میں سلطنت دہلی کے زیر نگین آتا ہے اور مسلمان آبادکار اس میں داخل ہوتے ہیں۔ تقریباً ایک صدی تک گجرات دہلی کے تابع رہا۔ بعد میں آزاد ہوگیا۔ ہم اور واقعات سے اعراض کرکے امیر تیمور کے حملۂ ہند کا ذکر کرتے ہیں۔ جس سے سرزمین گجرات میں زبان کو بالواسطہ تقویت پہنچتی ہے۔ تیموری تاخت کی بناپر لوگوں کی ایک کثیر تعداد صوبۂ دہلی سے ہجرت کرکے گجرات میں جاکر آباد ہو جاتی ہے۔"[1]

ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور کا ارشاد ہے:
"گجرات کی اردو کے قدیم مخطوطے ہنوز محفوظ ہیں۔ اگرچہ بالکل ادبی رنگ کے نہیں مگر ان سے ثابت ہوتا ہے کہ گجرات میں یہ زبان اس قدر ترقی کر گئی تھی کہ اس کا مقصداً استعمال یقیناً ادبی ہوگا۔"[2]

اردو کی تشکیل ـــ ادبی تشکیل میں سلاطین اور صوفیائے کرام نے بڑا حصہ لیا ہے۔ گویا دین و دنیا دونوں متحد ہو گئے تھے۔ دنیا کے لحاظ سے سکندر لودھی، اکبر، اور دکن کے عادل شاہی حکمرانوں کے زمانے میں فارسی اور پھر اردو سے لوگوں کا شغف بڑھتا گیا۔ صوفیائے کرام نے دین و تصوف کی تبلیغ و اشاعت کے لئے مقامی زبانوں ـــ عربی و فارسی الفاظ کے میل کے ساتھ ـــ کو استعمال کیا۔

گجرات پر محمود غزنوی، قطب الدین ایبک اور شہاب الدین غوری کے حملے کچھ نہ کچھ اہمیت ضرور رکھتے ہیں۔ مگر علاؤالدین خلجی کے افسر الغ خان کا حملہ تو بڑی ہی خصوصیت اور اہمیت کا حامل ہے۔ اس لئے کہ اس کے بعد سے (۶۹۶ھ تا ۸۱۰ھ) گجرات دہلی کا صوبہ بن گیا اور وہاں سے باقاعدہ گورنر آتے رہے۔[3] نہ صرف ان کے دفاتر کی زبان فارسی تھی بلکہ ان کی فوج میں بھی فارسی بولنے والوں کی اکثریت تھی۔ علاوہ بریں اس دور میں امراء اور روساء کے لئے اپنے ساتھ علماء و شعراء و ادباء کا منسلک رکھنا ثقافتی اہمیت رکھتا تھا۔ اس لئے قطعی ممکن ہے کہ گورنروں کے علاوہ ان کے امراء وغیرہ کے ساتھ علماء و شعراء و ادبا بھی رہے ہوں گے۔ ویسے دہلی سے وہ گجرات ضرور آئے۔

دہلی کی کمزوری پر جب خانہ جنگیاں شروع ہوئیں تو علماء و فضلاء خاصی تعداد میں گجرات آئے کہ سکون کی دارو یہیں ملتی تھی۔ امیر تیمور کے حملے کے بعد تو ان کی ایک بڑی تعداد گجرات آکر سکونت پذیر ہوگئی۔

اس سلسلے میں صاحب مرأت احمدی کا بیان ملاحظہ ہو:
"ہم درین اثنا خبر رسید کہ حضرت صاحب قران امیر تیمور گورگان در دہلی نزول اجلال فرمودند و فتور عظیم

---

[1] اورینٹل کالج میگزین نومبر ۱۹۳۰ء ص ۱۱۰ — [2] اردو شہ پارے ج ۱ ص ۱۲
[3] تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: ظفر الوالہ، تاریخ گجرات، حاجی الدبیر

در آن دیار راہ یافت وخلق کثیر ازان حادثہ گریختہ بہ گجرات آمدند"۔[1]

واقعہ یہ ہے کہ بقول شیرانی صاحب علماء و فضلاء کی اس ہجرت سے گجرات میں زبان کو بہت بڑا فائدہ ہوا لیکن اس سے کہیں زیادہ فائدہ اسے خود گجرات کے بادشاہوں اور صوفیاء کی ذات بابرکات سے پہنچا ہے۔

گجرات کی خوشگوار اور عمدہ آب وہوا[2] سلطنت کا قابل تعریف نظم ونسق اور علم وادب کے چرچے کے ساتھ سلاطین گجرات کی داد و دہش اور علمی سرپرستی کے سبب دور دور سے علماء و ادباء احمد آباد اور دوسرے شہروں میں کھنچ کھنچ کے آ گئے تھے۔ درس و تدریس کے سلسلے میں یہ اقتباسات اہم ہیں:

" مدارس بہشت آئین و مساجد چون خلد برین ساختہ"[3]

اور علوی شیرازی لکھتا ہے:

مدارس درو بے حدو خانقاہ — برائے مسافر کہ آید ز راہ[4]

اس سے صاف ظاہر ہے کہ سلاطین گجرات علم وادب کے خود دلدادہ تھے۔ ان کی علم وادب کی خدمات کے سلسلے میں مولانا عبدالحئی کا یہ اقتباس کافی ہے:

" میرا خیال تو یہ ہے اور میں اس کو بلا خوف مخالفت کہہ سکتا ہوں کہ شاہان گجرات نے اپنے ڈیڑھ سو برس کے زمانۂ فرمانروائی میں جس قدر علوم وفنون کی سرپرستی کی ہے دہلی کی شش صد سالہ تاریخ اس کی نظیر نہیں پیش کر سکتی۔ یہ صرف ان کی قدردانی اور حوصلہ افزائی کا نتیجہ تھا کہ شیراز و یمن و دیگر ممالک اسلامیہ کے چیدہ و برگزیدہ علماء نے گجرات میں آکر بودو باش اختیار فرمائی، جن کے فیوض سے چند دنوں میں گجرات مالا مال ہوگیا اور خود گجرات میں اس پائے کے علماء پیدا ہوئے جن کے فیوض علمی کی آبیاری سے اب تک ہندوستان کی درسگاہیں سیراب ہو رہی ہیں۔"[6]

واقعہ یہ ہے گجرات میں صاحبان فضل و کمال موجود تھے۔ سلطنت گجرات کے خاتمہ پر ان میں سے اکثر دکن چلے گئے جہاں ان کی قدر و منزلت ہوئی اور ان کی زبان کو لوگوں نے اختیار کر لیا۔

اردو کی مقبولیت کے ساتھ ساتھ اسے سلاطین گجرات کی اردو نوازی بھی کہہ سکتے ہیں کہ ظفر خان (ظفر اول) نے راستی خان کو جہاں شکست دی تھی اس مقام کو اپنی فتح کی مناسبت سے جیت پور کے نام سے موسوم کیا۔ محمود

---

[1] مرأت احمدی ج ۱ ص ۴۴ [2] عمل صالح، ہفت اقلیم، ظفرالوالہ، مرأت سکندری وغیرہ میں اس کی شہادتیں مل جاتی ہیں۔ [3] یاد ایام ص ۱۵ [4] مرأت سکندری [5] ایضاً
[6] یاد ایام ص ۲۸ [7] مرأت احمدی

بیگڑہ کے نام میں بیگڑہ (بے بمعنی دو، گڑھ بمعنی قلعہ، بیگڑہ یعنی دو قلعوں والا) بھی اردو دوستی کا ثبوت ہے۔ اس کا ایک فقرہ بھی زبان زد خاص و عام ہے: "نیچی بیری ہر کوئی جھوڑے" [۱]

عمارات و تالاب وغیرہ کے نام بھی اردو رکھے گئے۔ مثلاً سلطان قطب الدین کا بنوایا ہوا تالاب کانکریہ تلاؤ [۲] یہ حوض اب بھی اسی نام سے مشہور ہے۔ اس کے اطراف میں شاہی خاندان کے افراد کے لئے جو عمارتیں تیار ہوئی تھیں وہ "قصر گھٹا منزل" [۳] کے نام سے مشہور تھیں۔ ان میں سے تالاب اور "نگینہ باڑی" آج بھی باقی ہیں۔ 'پوربندر' کے قریب سلاطین گجرات کے ایک رومی سپہ سالار نے بلا اجازت بندرگاہ میں داخل ہونے والوں اور جہازوں کو روکنے کے لئے پانی کے اوپر اور اندر موٹی موٹی زنجیریں ڈلوا دی تھیں۔ اسے لوگ عام طور پر "سنکل کوٹ" (زنجیر کا قلعہ) کہتے تھے [۳]

مشائخ اور صوفیائے کرام نے اردو کی مقبولیت اور ادبی تشکیل میں جو حصہ لیا ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ اشاعت اسلام کے لئے انہوں نے سندھ اور دکن کے علاوہ گجرات کو بھی اپنی توجہ کا مرکز بنالیا تھا۔ تقریباً تمام سلسلوں سے وابستہ مشائخ گجرات میں موجود تھے [۴] ان کی تبلیغ کا حلقہ انسانی آبادی کو محیط تھا۔ ہر مذہب و ملت کے لوگ ان سے روحانی فیض حاصل کرتے تھے۔ تلقین و ہدایت کے لئے انہوں نے مقامی اور عام بولی کو اپنایا اور مریدوں کے لئے چھوٹے چھوٹے رسالے لکھے جنہیں ہم بجا طور پر ادبی تشکیل کی اولین کوشش کہہ سکتے ہیں [۵]۔ ان بزرگوں کے ملفوظات اور گجرات کی تاریخ کی کتابوں میں ان سے منسوب جملے اور فقرے اس حقیقت کے شاہد ہیں کہ جو زبان وہ اپنے مریدوں کے لئے استعمال کرتے تھے وہ قدیم گوجری یا اردو ہی تھی۔

علاوہ بریں احمد آباد کے محلہ رائے کھڑکی مسجد کے ایک کتبہ (۹۶۳ھ) سے پتہ چلتا ہے کہ اردو قبولِ عام کی سند حاصل کر کے کتبوں کی زبان بن چکی تھی۔ یہ کتبہ وہاں اب بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

بہرحال تلاش و تحقیق کی روشنی میں یہ نظے ہے کہ اردو کی ادبی تشکیل آٹھویں صدی ہجری میں یقیناً ہو چکی تھی۔ مولانا فضل الدین بن قوام الدین بلخی باشندۂ 'کڑی' (گجرات) کی شرح مخزن اسرار اس کا بدیہی ثبوت ہے [۶] اس میں فارسی الفاظ کے مترادف دئے ہوئے ہیں۔ مولانا کی دوسری تصنیف فرہنگ بحرِ

---

[۱] کذا بمبئی ص ۱۱۱ [۲] مرأت احمدی، خاتمہ، بڑودہ ایڈیشن ص 19

[۳] مرأت سکندری، فضل اللہ ص ۲۰۱ [۴] تفصیل کے لئے اذکار الابرار، تذکرۂ اولیائے دکن، یاد ایام مرأت احمدی (خاتمہ) وغیرہ سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔

[۵] مقالہ ڈاکٹر مدنی [۶] مضمون شیرانی، اورینٹل کالج میگزین نومبر ۱۹۳۰ء

الفضائل (۸۳۹ھ) میں مرتب ہوئی۔ اس میں تین سو سے زیادہ اردو الفاظ ملتے ہیں[۱] اس کے آخری باب کے متعلق مولانا تحریر فرماتے ہیں:

"باب چہارم در بعض الفاظ ہندوی کی درنظم ہندی استعمال کنند۔"

اس سے ظاہر ہے کہ گجرات میں اردو نظم کا آغاز پہلے ہو چکا ہوگا۔ افسوس کہ ایسے ادبی کارنامے ہماری دسترس سے باہر ہیں۔ تاہم ان امور کے پیش نظر یہ کہا جاسکتا ہے کہ نویں صدی ہجری میں اردو کی تشکیل ہو چکی ہوگی۔ بلکہ بقول ڈاکٹر سید ظہیر الدین مدنی "شاید ادبی تشکیل کا ایک آدھ دور بھی گذر چکا ہوگا"[۲]

اردو — خوب محمد کے زمانے میں

اردو کی ادبی تشکیل کا اندازہ باجن کے اقتباسات سے ہوگیا ہوگا۔ واقعہ یہ ہے کہ خوب محمد چشتی کے زمانے میں اردو گجرات کے دینی و دنیوی مسائل کے بیان پر پورا پورا عبور حاصل کر چکی تھی۔ شاہ علی جیو گام دھنی، خوب محمد چشتی، بابا شاہ حسینی کا کلام اس کا شاہد عادل ہے۔ ملاحظہ ہو:

شاہ علی محمد جیو گام دھنی[۳]

عام اردو دنیا باجن کے بعد گجرات کے شاہ علی محمد جیو گام دھنی سے زیادہ واقف معلوم ہوتی ہے۔ اور عام طور پر وہ اس کو ان کا نام سمجھتی ہے۔ حالانکہ شاہ ان کے سید اور خانقاہ نشینی کی طرف اشارہ کناں ہے۔ جیو (بمعنی جان) جس کی شکل آجکل جی ہے محض احترام اور بزرگی کے لئے اس کا استعمال ہوا ہے۔ البتہ علی محمد واقعی ان کا نام ہے۔ گام دھنی اہالیان گجرات کا عطا کردہ عام لقب ہے۔ جو قبول عام و احترام کے جذبات کا حامل ہے۔ گام دھنی کے معنی گاؤں کے مالک کے ہیں۔ افسوس ہے کہ آپ سے متعلق زیادہ معلومات اب تک فراہم نہیں ہوسکی ہیں۔ آپ قطب عالم شاہ ابراہیم بن شاہ عمر الحسینی احمدی کے فرزند ہیں۔ مرأت احمدی میں آپ کو نبیرۂ سید عبد الرحیم لکھا ہے (ص ۶۵)۔ آپ سید احمد کبیر رفاعیؒ کی اولاد سے ہیں۔ آپ نے ۷۷ سال کی عمر میں ۱۴ جمادی الاول ۹۷۳ھ کو انتقال فرمایا۔ مزار رائے کھڑ (احمد آباد) میں شاہ عزنی کے روضہ کے متصل واقع ہے۔ مدارج تصوف میں بڑے ہی بلند پایۂ مقام کے حامل ہیں۔ اردو کے بلند پایہ نقاد و محقق مثل محمود شیرانی، مولوی عبد الحق اور ڈاکٹر

---

[۱] مضمون شیرانی، اورینٹل کالج میگزین نومبر ۱۹۳۰ء

[۲] مقالۂ ڈاکٹر مدنی ص ۳۱

[۳] تذکرۃ الانساب، برکات الاولیاء، اورینٹل کالج میگزین ۱۹۳۱ء فروری، مرأت احمدی (خاتمہ)، تذکرۂ اولیائے گجرات، اردو کی ابتدا میں نشو و نما میں صوفیائے کرام کا حصہ، تذکرۂ اولیائے دکن (ملکاپوری)، اردو شہ پارے، سخنوران گجرات۔ مخطوطہ (ڈاکٹر مدنی)

زور وغیرہ آپ کی شاعرانہ عظمت کے قائل ہیں۔ اردو کا ایک دیوان الموسوم بہ جواہر اسرار اللہ آپ سے یادگار ہے۔
شیخ بہاء الدینؒ ثانی برناوی اور شیخ غوثؒ گوالیاری جیسے بزرگ آپ سے ملنا ضروری سمجھتے تھے۔
کتاب چشتیہ میں شیخ بہاء الدین برناوی کے جانشین شیخ علاؤالدین برناوی لکھتے ہیں کہ جب شیخ بہاء الدین برناوی گجرات تشریف لے گئے تھے تو احمد آباد میں گام دھنی کے مہمان ہوئے تھے۔ اس دوران ملاقات میں گام دھنی نے اپنا ہندی کلام سنایا جس کو برناوی نے بہت پسند کیا اور گام دھنی نے اس کا ایک نسخہ برناوی کی خدمت میں پیش کیا۔ آپ کا نقش نگین "اللہ باقی محمد ساقی" تھا۔ مریدوں کو شجرہ عنایت کرتے وقت اس کی مہر شجرہ پر لگا دی جاتی تھی۔[1]

آپ کی حیات میں آپ کے ایک مرید ابوالحسن بن عبدالرحمٰن القریشی الاحمدی نے ایک مختصر دیباچہ کے ساتھ آپ کا کلام مدون کیا اور جواہر اسرار اللہ نام رکھا۔ یہ اس مجموعہ کی پہلی اشاعت ہے۔ دوسری اشاعت ان کے پوتے سید ابراہیم بن شاہ مصطفےٰ بن شاہ علی محمد جیو گام دھنی کی مرہون منت ہے۔ موصوف اپنے دیباچہ میں تحریر فرماتے ہیں:[3]

"وقتی طالبان وجود واحد این فقیر را گفتند کہ این دیباچۂ جواہر اسرار اللہ کہ ابوالحسن شیخ محمد ابن عبدالرحمٰن القریشی الاحمدی فرمودہ بغایت مختصر است تو دیباچۂ دیگر کن۔ بعد از تامل بسیار التماس ایشان قبول کردہ بمقدار حصول حوصلہ خود عرض نمودہ کہ 'الاطاعۃ فوق الادب' اگرچہ مناسب جواہر اسرار اللہ نیست لطف فرمودہ باخلاق 'تخلقوا باخلاق اللہ'۔ خطائی و لغزشی اگر یابند عفو فرمایند و حلہ آرایش عروس بپوشانند این فقیر را دعای از دیار عرفان وعشق و عاقبت بخیر دارین فرمایند ... این جواہر اسرار اللہ باذن آنحضرت سلطان العارفین متوب ساختم تا طالب مکاشفہ را مطلوب فی الحال در مناظرہ آید و این قصیدہ القریشی الاحمدی فرمودہ بود، آن ہم درج کردم۔" چنانچہ یہ قصیدہ بھی درج کیا ہے۔
جواہر اسرار اللہ شروع سے آخر تک عشق حقیقی اور معرفت الٰہی کے رموز و نکات کا حسین اور دلکش مجموعہ ہے۔ بیان کی دلآویزی اور عبارت کی رنگینی دل موہ لیتی ہے۔ مسئلۂ وحدت الوجود کو مختلف پیرایوں میں خوبصورتی کے ساتھ بیان کیا ہے۔ صاحب مرأت احمدی جواہر اسرار اللہ کو شیخ مغربی کے دیوان کے ہم پلہ مانتا ہے۔
[4] "دیوانی دارد بہندی زبان در روش و معنی برابر دیوان مغربی است۔"

---

[1] کتاب چشتیہ
[2] تذکرۂ اولیاے دکن
[3] جواہر اسرار اللہ مرتبہ سید ابراہیم بحوالہ سخنوران گجرات (مخطوطہ)
[4] مرأت احمدی ص ۶۵۔ واضح ہو کہ لفظ 'برابر' کا استعمال غلط ہے۔

پروفیسر شیرانی مرحوم نے جواہر اسرار اللہ کے مطالعہ کے بعد جو رائے دی ہے وہ جامع و مانع ہے۔ "معلوم ایسا ہوتا ہے کہ وہ صفات سے گذر کر عین ذات الٰہی میں محو ہیں۔ قلب پر وصالی کیفیت طاری ہے۔ بشر، شجر، ہجر پھول، غنچہ، کلی غرض تمام مظاہر قدرت میں محبوب حقیقی جلوہ نما ہے۔ اور یہ اس کے نشۂ محبت میں سرشار ہیں۔ اس سے رنگ رلیاں کرتے ہیں اور محظوظ ہیں۔ کبھی مجنوں بنتے ہیں اور کبھی لیلیٰ۔ کبھی شیریں ہیں، کبھی خسرو، کبھی دولہا ہیں اور کبھی دلہن۔ محبوب ان کا بھیس بھرتا ہے اور یہ محبوب کا بہروپ اختیار کرتے ہیں۔ وہ ان پر ناز کرتا ہے اور یہ اُس پر ناز کرتے ہیں۔ رنگ اڑاتے ہیں اور ہولی کھیلتے ہیں۔ مختصر یہ کہ وہ اپنی محبت میں مگن ہیں۔

نمونۂ کلام:

نکتۂ اول در مکاشفہ ؎

اپتے بھاؤ جو لیا یا لورے — ہو کیوں بھیس کچھو بھی جھورے

نکتۂ دوم ؎ تو کھنڈ ہورجے آسرا ہے — سب پیو جہت بھیس جھتا ہوا ہے

ہونتوں دونوں نانو اسی کے — آہیں اے سب بھیس جسی کے

نکتۂ سوم ؎ مرک ابھر ہور مندر مارے — ہورجے اس منہ ندیاں بارے

مانک موتی سگھ سنگارا — اے سب بھیس پیا کا سارا

نکتۂ چہارم ؎ کبھیں سو لیا وے بھیس اکاسا — ہو کر چندا تارے باسا

دیہ الا راتیج بکھیرے — روپ انپڑے اپیں ہیرے

نکتۂ پنجم ؎ کبھیں سو ہووے اندھیاری راتا — سانجھ بتی کر لا وے دھاتا

ہو کر دیوار راتیں ساری — لا کر جوت دکھاوے بھاری

نکتۂ ششم ؎ مکھ پر بال بکھیر سوں تھی — چھپ کر ہووے رات سنگاتی

ولی سنبھال سو بکھیرے کیسا — دن ہو آوے سورج جیسا

نکتۂ ہفتم ؎ ان بھر دلی کھیلے میرے — بھیس کئے ہیں میرے تیرے

پرکھ نار ہو آپیں آیا — دیکھو بھیس اوناری لیا یا

نکتۂ ہشتم ؎ کھیل جدھیا بہرویا کھیلے — ہنسی تل بھی کھیل نہ میلے

---

[1] اورینٹل کالج میگزین فروری ۱۹۳۱ء

آپیں ناچیں آپیں گاوے — آپیں آپس بھاؤ دکھاوے
نکتۂ نہم؎ — کبھیں تیج بھرا بھیں لیاوے — دھرتی ہو کر آپ بچھاوے
کر پریت ہو بھاری بیسے — سر ماں ہو کر نینوں بیسے
نکتۂ دہم؎ — ایک سمند و دسات کہاوے — دھنوس بادل مینہ ہو آوے
وہی سمند کر بوند دکھاوے — ندیاں نالے ہو کر چالے
نکتۂ یازدہم؎ — کبھیں سو مینہاں ہو جھڑ لاوے — کبھیں پیوتی اولے ٹھاوے
کاج بیج ہنس آپیں کھیلے — نار پرکھ ہو وہی سو جھیلے[۱]

علی جیو مکاشفہ — نکتۂ اول[۲]

جس کس کی بات نہ جانیں — بیٹھے آپس آپ بکھانیں

نکتۂ دوم

شاہ علی جیو نانوں دھراؤں — سلطان عالم آپ کہاؤں
سارے شاہوں کا ہوں شاہ ہوں

نکتۂ سوم

علی علی کا راتا ماتا — علی علی منہ کریو باتا
علی علی سوں بجنے نباتا

نکتۂ چہارم

علی علی ہنس آپ دکھاوے — علی علی سوں لاوں لاوے
علی علی پر واریا جاوے

نکتۂ پنجم (درتخلص)

علی محمد آپ کہاوے — علی محمد سب رنگ لاوے
علی محمد سہاگ لٹاوے

در عقدہ — نکتۂ اول[۳]

پر گھٹیا سیری سیریاں — مجلس باتاں بوجھیاں تیریاں

نکتۂ دوم

یہ دوب بیا کر جاوتوں — جگ کیری بھیس آوتوں
سب مانہہ ہیں کرتا بھاوتوں

نکتۂ سوم

پیو بلبل نجر سنوارنیں — جیو رجھی نہ میرا دھارنیں
اس گھونگھٹ اوپر وارنیں

نکتۂ چہارم

تو اپنا روپ بکھیر کر — ہر لوگوں اوپر بول دھر
ہو رانا دیکھے آپ پر

نکتۂ پنجم (درتخلص)

اے شاہ علی جیو پیو توں — کر چھند چھپاوے کیو توں
سب بھیسو مانہہ ہیں جیو توں

---

[۱] مخطوطہ جواہر اسرار اللہ، کتب خانۂ پیر محمد شاہ، احمد آباد

[۲] و [۳] از جواہر اسرار اللہ (مخطوطہ) کتب خانۂ پیر محمد شاہ، احمد آباد

فارسی اوزان میں چند نظمیں پائی جاتی ہیں۔ (رجز مربع سالم)[1]

یہ جیو تو رہتا نہیں
ہو رمن دوکھ سہتا نہیں
کو جائے پیو کہتا نہیں

اے بھائیو ہوں سوں کروں

منجہ جگ کہے جمتا نہیں
پیو باج مجہ گمتا نہیں
من مانہ نیہ سمتا نہیں

اے بھائیو ہوں سوں کروں

کچھ بات ہے پن کیوں کہوں
من مانہ کی من لے رہوں
توں سکھ کرے ہور دوکھ سہوں

اے بھائیو ہوں سوں کروں

کے لوگ مجکو دوکھ دہیں
جانو جو ایسا کو سہیں
مجہ باج علی جیو کے کہیں

اے بھائیو ہوں سوں کروں

از معراج نبی[2]

آدم آدمیں ہور جن سارے اسے نور نبی تھی کہتے
بھیس پھرا کر آپ دکھایا ہم تم اوپر بول سو دیتے

ڈونگر جیواں ہور نباتات اسے سب نور نبی کا جانوں
احمد محمد نانوں احد کے دوجا من منہ کوئی نہ آنوں

---

[1] مخطوطہ کتب خانۂ پیر محمد شاہ، احمد آباد

[2] ایضاً

توریت ماں خدا ایں کہیا مہتر موسیٰ بات
محمد رسول حبیب خدا کا ساروں کیہ یہہ بات

احمد بھی ہے توریت ماتھیں محمد کیرا ناؤں
انجیل میں بھی احمد کہیا ملے تھیں کسی مولود ٹھاؤں

احدیت تھیں وہ ہووا ظاہر حضرت نبی محمد میرا
آئے صلب عبداللہ کے سگلے ٹھاؤں کرتے پھیرا

باجت گاجت سہیلی گاویں رے تجہ روپ اجاگل کیرے
آج ہماری عید یہی ہے نین سلونے دیکھے تیرے

حبیب خدا کا خاتم انبیا ساروں کا سرتاج
جس کے مولود باجت گاؤ عید ہماری آج

علی محمد ایکس نور ہے بکھر گیا ہے چو ندیس سوئے
بھیس انپڑے آپیں لیایا رہیا آپس آپیں جوئے

مدح شیخ احمد کبیر رفاعی

سلطان سید احمد میرے
جد تمہارے امت شاہ نبی ایں معراج کی رات
شاہ شہاں ہیں جس جگماہاں سیوا کریں سو تجہ پیارا
سانچا شاہ حسینی راجا نو کھنڈ تیری آن
سلطان انبیا کل جگ داتار شاہ علی تن میو

اے شب نور نوازے تیرے
امت سگلی تجہ کو بخشی مرید کئے سب تیرے ہات
غوث قطب سب عالم کیرے واریں جاویں تجہ پر پیارا
سارے مرید تمہارے پیار نہ کریں بکھان
سلطان سید احمد راجے ساروں کا تیں جیو

بابا شاہ حسینی

ان کا نام بابا شاہ حسینی المعروف بہ پیر بادشاہ ہے۔ بقول[1] مولوی عبدالحق صاحب یہ صاحب دیوان ہیں اور حضرت شاہ علی جیو کے مرید و معتقد معلوم ہوتے ہیں۔ دیوان کے خاتمہ پر شاہ صاحب کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے:[2]

---

[1] اردو کی ابتدائی نشو و نما ... ص ۶۳ [2] ایضاً

شاہ علی جیو جگ پرور تم ہو میرے لال　　ناز ک نہال سے شاہ حسینی راکھو تم سنبھال
دنیا فانی سراب کی نا لاگی اس کو جھال

ان کا کلام صوفیانہ اور عارفانہ ہے بلہ

اس صاحب ثنا سوں دیکھو جب صدا ہوا
ہر عید تھے جواب سو 'قالوا بلا' ہوا

غزل

رو برو ہے شہر درسن بے نقاب	دیک ناسک بولتے ہیں در حجاب
تس اوپر رکھتے ہیں خواہش دید کی	دید کر آپس کا مانند حباب
اس عبادت بیچ نیں ہے حق رسی	حوض مسجد کا کریں پانی خراب
حق اسی کی ہے عبادت عین دید	جوں صنم کا مبتلا مستِ شراب
دل تر از آبِ ریا ظاہر سنے	بہرِ استنجا رہیں در پیچ و تاب
گھر سے نکلیں رہ گزر کی دید کوں	وقت جاتا گر جماعت کا شتاب

طعنہ زن نیں ہے حسینی بر عباد
دل سیں کرتا ہے اپس کے یوں خطاب

خان محمد ۵۲

ان کے متعلق معلومات بہت کم ہیں۔ سب سے پہلے ان کا ذکر ضیاء الدین ڈیسائی نے اپنے ایک مضمون "شغل طوبیٰ" مطبوعہ نوائے ادب، بمبئی جلد ۶ نمبر ۴ (ص ۲ تا ۱۲) میں کیا ہے۔ شغل طوبیٰ دراصل خان محمد کی ایک متصوفانہ تالیف ہے۔ جس میں "ہفت تصور":

نیت و موت و ذکر در تصویر　　نظر و قرب با ارادت کیر
ہم حساب عمل ز نیک و بد　　یاد دارش کہ ہست گفتۂ پیر

کی تفصیل و تشریح کرتے ہوئے صوفیانہ اشغال بیان کئے ہیں۔ انھوں نے اگرچہ اپنی اس تالیف کا نام شغل طوبیٰ رکھا ہے مگر اسے گفتۂ پیر بھی کہا ہے۔ اس کا ایک مطلب تو یہ ہے کہ انھوں نے اپنے پیر کے ارشادات پیش

---

۵۱ اردو کی ابتدائی نشوونما ص ۶۳ تا ۶۴　　۵۲ ماخوذ از ضیاء الدین ڈیسائی: مضمون مطبوعہ نوائے ادب، بمبئی ۱۹۵۵ء

کئے ہیں اور چونکہ بالعموم صوفیاے کرام اپنے پیر کے ارشادات و ملفوظات پیر کے وصال یا اپنے آخر ایام میں تحریر کئے ہیں۔ اس لئے اس کا دوسرا مطلب ہم یہ بھی نکال سکتے ہیں کہ محمد خان نے شغل طوبیٰ کو کبر سنی میں تحریر کیا ہوگا۔ تاہم اس پر اصرار نہیں کیا جا سکتا۔

خان محمد کے والد کا نام ولی محمد تھا (شغل طوبیٰ) اور یہ گجرات کے مشہور صوفی شاہ غزنی منجھن شاہی کے نبیرہ ہیں۔ چنانچہ ایک اعراس نامہ میں ان کا نام شیخ خان محمد بن شیخ ولی بن شیخ خان محمد جانشین حضرت سلطان غزنیں شاہی ملتا ہے۔ اسی میں ان کی تاریخ وفات "ذکر حق" سے ۱۰۲۸ھ ملتی ہے۔ چنانچہ یہ خوب محمد چشتی کے ہمعصر تھے اور اپنے زمانے کی معزز ہستیوں میں شمار ہوتے تھے۔ شغل طوبیٰ ہی میں اگرچہ ہمیں خان محمد ہی کی تحریر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ کئی تالیفات کے مالک تھے۔ لیکن دست برد زمانہ سے محض شغل طوبیٰ ہی ہم تک پہنچی ہے۔

گجری کے طالب علموں کے لئے خان محمد یوں دلچسپی کا باعث ہیں کہ صوفیانہ نکات کی تشریح اور حسب ضرورت و موقع اپنے بیان کی تائید میں یا وضاحت کے لئے وہ آیات قرآنی، احادیث نبوی، اقوال بزرگان اور ملفوظات اولیاے کرام کے علاوہ عربی و فارسی کے ساتھ ساتھ "ہندی" اشعار بھی استعمال کرتے ہیں۔ پوری کتاب میں ہندی کے کل ۷ شعر پائے جاتے ہیں۔ ان میں سوائے ایک کے سب کو دوہرا کہا ہے۔ بقیہ ایک کو "ہندی" کے عنوان سے معنون کیا ہے۔ مصنف نے اگرچہ کہیں صراحت نہیں کی کہ استعمال شدہ اشعار کس شاعر یا کن شاعروں کے ہیں تاہم اس امکانی صورت سے انکار بھی مشکل ہے کہ یہ تمام شعر نہ سہی، کچھ شعر ان کے رشحات قلم کا نتیجہ ضرور ہیں۔

ان اشعار کو خان محمد اگرچہ ہندی کہتے ہیں مگر سچ تو یہ ہے کہ ان کی زبان قدیم گجری ہے۔ ان میں فارسی و عربی کے الفاظ قدرے کم استعمال ہوئے ہیں۔ دوہروں کا بھی یہی انداز ہے تاہم ان کی زبان شاہ علی جیو گام دھنی صاحب جواہر اسرار اللہ اور دوسرے بزرگوں کے کلام کے مقابلے میں زیادہ سلیس اور صاف ہیں۔ ملاحظہ ہوں:

بھار نکلتا لاسوں تانو ، الا اللہ سوں بھیتر آنو
جی دم شہ بن خالی جاوے ، اپنیں ہاتھوں گھر لٹاویں

یہ سب چھند تمھارے من ہر دس ہوں سر دیتا ، ترن نہالی باج تمھوں پیو نام ہمارا کیتا

جی کچھ عقبا کاج نہ آوے ، دنیا نام اسہی کہاوے
جس تھیں تجھ پیو بسرے سہی ، دنیا نام اسہی کوں کہے

جاگو رے جگ جاتا جانوں ، مرن درن کون من میں آنوں
گور اندھاری دیکھ سارے ، جس کوں دھوکھا اتنا ہووے
سنگر بھیر تھان ہے بسنان ، دو ناں کھے کے جاوے ہسناں

چنتا آنوں پھکی لو ہو ہوا سوجیو ، ناں جانوں کس پنتھ میں مجھے چلاوے پیو

یہ ریختہ بھی سنیئے : ؎
دلا غافل چہ می خسپی کہ اتنی نیند کیوں کریئے
کہ وقت مرگ در پیش است کہ اپنی میت سوں ڈریئے

کچھ دوہے اور ملاحظہ ہوں : ؎
جے دم لیا سو کم ہویا چھوڑنی سو بھی جائے ، کھوٹ منڈانے دھون پروں مورکھ مرم نپائے

کا کرنتا آج کر، آج کرے سو ایتال
مورکھ مہلت کے کھیڑی جیسی کے موت خیال

سجناں کیسو پیارا لگاؤں سو ہردے سونھیں
ہونتو چیری تمھار پرلٹ کینہ دکھاؤ ہو

سید حسن [1]

آپ کا نام اگرچہ حسن ہے مگر شیخ حسن جی کے نام سے مشہور ہیں۔ ان کا یہ عرف ان کی بزرگی کے ساتھ اس ادب و احترام کی طرف بھی اشارہ کر رہا ہے جس کے مستحق وہ عوام و خواص میں سمجھے جاتے تھے۔ واقعہ یہ ہے کہ یہ زبردست عارف اور عالم تھے۔

ان کے والد ماجد کا نام سید فتح اللہ اور مولد پٹن (گجرات) ہے۔ والد کے انتقال پر اپنے بڑے بھائی

---

[1] تذکرۃ الانساب ۔ برکات الاولیاء ، حقیقۃ السورت ، آئینۂ تاریخ (گجرات)

سید محمد کے ساتھ سورت میں سکونت اختیار کی۔ بعد میں حج بیت اللہ سے واپسی پر حضرت شیخ محمد نائب رسول اللہ (برہانپوری) بن فضل اللہ انہیں برہانپور لے گئے۔ وہاں انہوں نے اپنے مرشد سے ۱۰۲۹ھ تک علوم ظاہر وفیوض باطن کی تحصیل وتکمیل کی اور اپنے وطن لوٹ آئے۔ ذیقعدہ ۱۰۶۲ھ[1] میں بروز چہارشنبہ ۹۴ سال کی عمر میں انتقال فرمایا۔ سورت میں آپ کا مزار سید پورہ کے قریب حسن جی کا ٹیلہ کے نام سے مشہور ہے۔ آپ ایک قادر الکلام شاعر اور پختہ کار خوشنویس تھے۔ آپ کے اشعار کی تعداد ایک لاکھ بتائی جاتی ہے۔

(۱) چالیس ہزار شعر سرور کائنات کی مدح میں۔ بزبان فارسی

(۲) پانچ ہزار شعر سرور کائنات کی مدح و میلاد کے سلسلے میں۔ بزبان ہندی

(۳) چند بے نقط قصائد سرور کائنات کی مدح میں

احسن اتحاف کے نام سے آپ کے ملفوظات شیخ ولی اللہ بن شیخ ابراہیم نے جمع کئے ہیں۔

افسوس ہے کہ آپ کا بیشتر کلام نایاب ہے۔ خصوصاً ہندی کلام سرے سے ملتا ہی نہیں ہے۔ حقیقۃ السورت میں اشعار قصائد بے نقط میں سے یہ ایک شعر درج ہے:

محمد آمد و اسلام کرد در عالم علوم آمد همراه او عدل و کرم

دکن کے ہمعصر شعرا اور ان کا نمونۂ کلام

اردو زبان و ادب کی نشوونما کے ابتدائی مدارج ہوں یا اس کے بھرپور شباب کا زمانہ، دکن اور اہالیانِ دکن نے اس کی بڑی خدمت کی ہے۔ نظم و نثر کو نئے روپ اور نئے رنگ عطا کئے ہیں۔ دل کا سوز و گداز، دماغ کی وسعت و گہرائی، ظاہر کا حسن اور باطن کا نور بخشا ہے اور لطف یہ کہ اس میں میر و گدا، عالم و عامی، کافر و مومن کسی کی تخصیص نہیں، زمانے کی بھی قید نہیں۔

ہمارے شاعر خوب محمد کے زمانے میں بھی دکن نے عظیم شاعر پیدا کئے۔ ان کا زیادہ تر تعلق قطب شاہی اور عادل شاہی درباروں سے رہا ہے۔ ذیل میں ان کے مختصر تراجم اور نمونۂ کلام درج کیا جاتا ہے تاکہ گجرات کی عصری زبان سے تقابل کی ایک صورت پیدا ہو جائے۔

---

[1] تذکرۃ الاولیا میں تاریخ وفات ۱۰۶۰ھ درج ہے۔

[2] ڈاکٹر زور، نصیر الدین ہاشمی اور دوسرے دکنی محققین اردو کی سعئ جمیلہ کے سبب ان کے حالات و کلام عام معلومات کی بات ہے۔

(۱) قطب شاہی شعراء

محمد قلی قطب شاہ

دکن کی قطب شاہی سلطنت کا یہ پانچواں جلیل القدر حکمراں اردو کا زبردست شاعر تھا۔ تقریباً تمام اصناف نظم پر یکساں قدرت حاصل تھی۔ اس کا کلام اپنے زمانے کا حسین عکاس ہے۔ اس کے کلیات کو اس کے بھتیجے محمد قطب شاہ نے ۱۰۲۵ھ میں مرتب کیا تھا[۱] اسے ڈاکٹر زور صاحب نے اپنے طویل مقدمے کے ساتھ شائع فرما دیا ہے لیکن نصیرالدین ہاشمی اسے مکمل نہیں بتاتے۔ فرماتے ہیں:

"جو کلیات شائع ہوا ہے اس میں بہت سا کلام نہیں ہے۔"[۲]

اس کے دو تخلص تھے: ایک قطب شاہ اور دوسرا معانی۔

نمونۂ کلام (بالاختصار):

قصیدہ

محمد نانوں سے بستا محمد کا اے بن سارا
سو طوبیاں سوں سہاتا ہے جنت نمنے چمن سارا

دسے فانوس کے دریانے جوں جوت دیویکا
سو تیوں دستا دوالاں میں تھے میویاں کا بدن سارا

سیکھے دم عیسوی دائم چمن میں گل لگانے تیں
ہرے نہالاں کے جلوے میں شاطا ہو پون سارا

نبی کی دعا تھے برس گانٹھ پایا
خوشیاں کی خبر کے دمامے بجایا

پیا ہوں میں حضرت کے ہت آب کوثر
تو شاہاں اوپر مجھ کلس کر بنایا

مرا قطب تارہ ہے تاریاں نجل
تو مجھ پر فلک رنگ کا چتر چھایا

سورج چندر پی نال ہو کر بجیں تب
منڈل ہو فلک ٹمٹمایاں بجایا

کرے مشتری رقص مجھ بزم میں نت
برس گانٹھ میں زہرہ کلیان گایا

مرا گلستاں تازہ اس تے بتوائے
مجھ اس باغ تھے میوہ دمدم کھلایا

دندے دشمناں کو سو یک جا ملا کر
سو اسپند کے پاتراں کرنا چاہا

خدایا معانی کی امید برلیا
کہ جیوں سانت کی سبیوں سب جگ کھایا

وغیرہ

۱؎ کلیات محمد قلی قطب شاہ مرتبہ ڈاکٹر زور
۲؎ دکن میں اردو طبع چہارم ص ۴۹

غزل

گرجا ہے میگھ سرتھے تازہ ہوا ہے بستاں
پھولاں کی باس پایا بلبل ہزار دستاں

اے خوش خبر صباتوں لے جا جواں قداں کن
چمنا کی آرزو میں بیٹھے ہیں مے پرستاں

او نونہال پھولاں ہے جام خوئے سو بادہ
نرگس اپس پلک سوں پھاڑد کرسے شبستاں

کھ نور پر دسے یوں لج خط عنبریں رو
جوں سورا پر ہے بادل ریحاں سو گلستاں

بے ہوش میرے دل کوں میٹھے ایدھر جلائے
گلزار ہے عجب او دو لعل شکرستاں

ایدھر مج عشق کے گداکوں اورنگ شاہی دیتا
سب عاشقاں منج انگھے ہیں طفل جوں دبستاں

روزی ہوا قطب شہ تج عشق کا پیالہ
بھرسے ہے ہر طرف توں جم شوق کے خمستاں

وغیرہ

ظل اللہ

سلطان محمد قلی قطب شاہ کے بعد اس کا بھتیجا اور داماد سلطان محمد تخت نشین ہوا۔ یہ بھی شاعر تھا۔ ظلُ اللہ و ظل الہ تخلص کرتا تھا۔ اس کا ذکر کرنے والی کتابیں بتاتی ہیں کہ اس کا کلام مثنوی، قصیدہ، غزل وغیرہ سبھی پر مشتمل تھا۔ کلام دستیاب نہیں ہوتا۔ تاہم اردو کے قدیم مربی ہونے کے علاوہ اس کا نام یوں بھی زندہ رہے گا، کہ اس نے سلطان محمد قلی قطب شاہ کا کلیات مرتب کیا تھا۔ دیباچہ کے طور پر اس نے محمد قلی کے بارے میں جو کچھ لکھا تھا اس میں سے چند شعر مثال کے طور پر نقل کئے جاتے ہیں:[1]

سو کچھ شاعری بیچ شہ دھر کمال
بچن کہہ کے موتیاں نمن صدف ڈھال

کہے نیں کئیں شعر میں وصف اپس
جو رچہ شعر کے فن میں ریتا سرس

جو بھی کوئی اچھے شاعر اس دھات دو
تو بن وصف اپس نہ رہے سات دو

رہیا جائے نا شاعراں من منیں
بتاکے وصف شعر کے فن منیں

وغیرہ

وجہی

ملا وجہی اس دور کا ایک عظیم شاعر اور بلند پایہ نثر نگار ہے۔ اس کی شہرت عام اور کارنامہ دوامی ہے۔

---

[1] کلیات سلطان محمد قلی قطب شاہ مرتبہ ڈاکٹر زور

نظم میں قطب مشتری اور نثر میں سب رس بقول نصیرالدین ہاشمی "دکن کے شہ پارے ہیں"۔[1] قطب مشتری خوب محمد کے حیات ہی میں بزمانہ ۱۰۱۸ھ لکھی گئی تھی۔ اس نے سلطان ابراہیم اور سلطان محمد قلی کا زمانہ پایا تھا۔

نمونۂ کلام[2]

مثنوی

چھپتی رات اجالا ہوا دیس کا — لگیا جگ کرن سیو پریس کا
شفق صبح کا نیں ہے آسمان میں — کہ لالے کھلے سنبلستان میں
جو آیا جھلکتا سورج واٹ کر — اندھارا جو تھا سو گیا نھاٹ کر
سورج یوں ہے رنگ آسمانی منے — کہ کھلیا کمل پھول پانی منے

وغیرہ

غزل

طاقت نہیں دوری کی اب توں بیگی آمل رے پیا
تج بن منجے جینا بہوت ہوتا ہے مشکل رے پیا
کھانا برہ کیتی ہوں میں، پانی انجھو پیتی ہوں میں
تج نے بچھڑ جیتی ہوں میں کیا سخت ہے دل رے پیا
ہردم توں یاد آتا منجے، اب عیش نئیں بھاتا منجے
برھالو سنتا تا منجے تج باج تل تل رے پیا

وغیرہ

غواصی

اس عہد کا دوسرا عظیم شاعر ہے۔ اس کے کلام کو دیکھ کر اس کی خودپسندی یا تعلی کچھ بری نہیں معلوم ہوتی۔ اس نے سلطان محمد قطب شاہ اور سلطان عبداللہ قطب شاہ کا زمانہ پایا تھا۔ اس نے قصیدہ، مثنوی غزل سبھی کچھ کہا ہے۔ لیکن کامیاب مثنوی اور غزل کے میدان میں نظر آتا ہے۔

نمونۂ کلام[3]

---

[1] دکن میں اردو طبع چہارم ص ۴۷

[2] دکن میں اردو طبع چہارم ص ۴۰

[3] دکن میں اردو طبع چہارم

قصیدہ

شکر خدا جو ذوق پہ ہے ورق ٹہار من ٹہار آج
یعنی ہوا ہے ہر طرف ابر گوہر بار آج

نادر بہارستان کا زرگر ہزاروں صنع سوں
کیتا جرت گلزار کی جہاراں کوں خوش سنگھار آج

کسوت ہرے کر دھر ترے شبنم کی موتیاں میں ہو غرق
دیتی ہے جلوہ ہر گھڑی جیوں گنبد دوار آج

وغیرہ

مثنوی[۱] (سیف الملوک و بدیع الجمال)

اگرچہ ہوں شہ کے بندیاں میں حقیر
ولے شعر کے فن میں ہوں بے نظیر

کہوں کھول یوں میں کہوں کیا اپیں
گواہی دے یوں شعرا پیں نا چھپیں

بہر حال یوں نظم الہام سوں
کیا میں نول شاہ کے نام سوں

برس یک ہزار اور پنج تیس میں
کیا نظم یو ختم دن تیس میں

وغیرہ

غزل

پیا بن پیالہ پیا جائے نا
پیا باج یک تل جیا جائے نا

کہتے ہیں پیا بن صبوری کروں
کیا جائے نا کیا جائے نا

سجن میرا یو مجھ سوں بیدل ہوا
ہر یک تل مجھے یوں کہیا جائے نا

سینے میں میرے داغ دے کر گیا
کہ ذرہ یو دل میں رہا جائے نا

مجھے تیر سینے پر کاری لگے
جگر پھوٹ سارا اٹھا جائے نا

غواصی نہ دے توں دیوانے کوں پند
دیوانے کوں پند دیا جائے نا

وغیرہ

احمد

احمد بھی اسی دور کا شاعر ہے۔ ابن نشاطی[۲] احمد کو استاد سخن کہتا ہے۔ حالات تو الگ رہے افسوس ہے

[۱] مثنوی سیف الملوک و بدیع الجمال مطبوعہ [۲] پنجاب میں اردو ص ۲۲۹ (طبع سوم)

کہ اب تک اس کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات بھی ہمیں نہ معلوم ہوسکی۔ اس کی دو مثنویوں کا پتہ چلا ہے۔ لیلیٰ مجنوں اور مصیبتِ اہل بیت۔

نمونۂ کلام

مثنوی (لیلیٰ مجنوں) [1]

جو منج بخت کوں فتح یاور ہوا — سو منج بخت کا سیوک انبر ہوا
جو شہ آپ تھے آپ منج یاد کر — منج غم کی بندگی سے تھے آزاد کر
دیتے امر علی کی یہ باغ لاؤں — جو پالوں اسے امریت ناؤں
جوئیں شہ کا امر سر پہ لیتا — نرت باغ لاتے شتابی کیتا
جو احمد کرے آس دھر بن سنگار — سو اب شہ تھے پائے سیتس سنگار

وغیرہ

(از مثنوی مصیبت اہل بیت)

پھر خوش ہو علی اکبر کافراں پر جا پڑے — نوکر دو کر سب یزیدی تیر تفنگ سوں آ لڑے
پیادے ہور سواریاں را مارتوتے یکبار طمام — تو زخمی کر علی شہ کوں کیتے کافر اپنا کام

عادل شاہی شعراء

ابراہیم عادل شاہ ثانی (۹۸۸ھ تا ۱۰۳۷ھ)

عادل شاہی خاندان حکومت کا یہ چھٹا بادشاہ تھا۔ یہ علم وادب کا دلدادہ اور سرپرست ہی نہ تھا بلکہ خود بھی ذی علم، صاحب فن اور بلند پایہ شاعر تھا۔ اس کا بیشتر کلام نایاب ہے۔ البتہ نورس باقی ہے جو اس کے نام کو ابدالآباد تک زندہ رکھے گی۔ ڈاکٹر نذیر احمد (لکھنو علی گڑھ) نے اسے مرتب کر کے شائع فرما دیا ہے۔ نورس میں بہت سے گیت ہیں جو مختلف راگ راگنیوں میں گائے جا سکتے ہیں۔

نمونۂ کلام [2]

سید محمد ہتی ہیرا — جیو رتن میں اتم ہیرا
محل محل صدر سنوارے — اس نمونے بہشت اپارے

---

[1] پنجاب میں اردو ص ۲۲۹ (طبع سوم) [2] دکن میں اردو طبع چہارم ص ۹۴

انند ہوتا ہر سدا بہارے
کدم کستوری جوا چندن لائے
شمالی عنبر بتیاں پھرائے
بادل دمامے بجلیاں بجاوے
سہلا نورس کلیان بڑھاوے

ارتی لیائی انبر بھر تارے
بادل کان سے ہر رنگ دس پرجائے
شربت گھول امرت پلائے
باجی خالو آشتابی نتے پاوے
ابراہیم گر گنی گاوے

برہان الدین جانم

برہان الدین جانم حضرت شمس العشاق کے بیٹے اور خلیفہ ہیں۔ علوم ظاہری اور فیوض باطنی کی تحصیل اپنے والد سے کی۔ ۹۹۰ھ میں وصال ہوا۔ آپ سے متعدد کتابیں یادگار ہیں اور اکثر منظوم ہیں۔

نمونۂ کلام[۲]

سکتا قادر قدرت سوں سمجھے تجھ کوں کوئی کیا
جس کوں پورے دیوے راہ کہیا یہی من پیشا

یہ روپ پرگٹ آپ چھپایا کوئی نہ پایا انت
پایا موہ میں سب جگ باندھیا کوں کر سوجھے پنت

امر خدا کا لیاؤ بجا توں نہی نہی منکر ہونا
مقام شیطانی جس کو کہنا دل تھی سارا دھونا

چلنے کا تو نیم نہ ہووے یہ توشا پھوکٹ پایا
اس دھات عمر خرچ کیتا آخر پھر پچھتایا

(وصیت الہادی) وغیرہ

اللہ واحد سرجنہار
سگل عالم کیا ظہور
کوئی کہیں سب عشق تمام
عشق لیا ہے سب پھرپاس

دوجگ رچنا رچیا اپار
اپنے باطن کیرے ظہور
عشق کی آنکھیں کیا ہر فہام
عشق تھی سگلا بھوگ بلاس

وغیرہ

---

[۱] نورس مطبوعہ

[۲] رسالۂ اردو جولائی ۱۹۲۷ء

عبدل

اس کا نام عبدالغنی ہے[1] اور تخلص عبدؔل۔ اسے زمانہ ابراہیم عادل شاہ ملا تھا۔ اس سے زیادہ اس کے حالات نہیں ملتے۔ ۱۰۱۲ھ میں بادشاہ زمانہ کے سوانح کو ابراہیم نامہ کے عنوان سے بطور مثنوی قلم بند کیا تھا۔

نمونۂ کلام (تعریف نورس محل)

سنواب صفت شاہ محل رہن ٹھاؤں   دھریا ناؤں نورس محل تس جو ناؤں
ولے محل نورس دھریا ناوں یوں   بھریا رنگ نورس نت انھ روپ جوں
اوسی محل پو شاہ عالم نو مائی   کہ جیوں چاند پر سور بھیا ہے آئی
ولے محل نورس ہوا یوں اٹھان   دسے گگن آگن ہور اس نشان
گگن سات سیڑھی ہور مل جوڑ کر   فلک محل نورس کی ایک کھن اوپر
ولے گگن آکر چھپی تس منجار   رہے طاق بندھیا ہو برتھا رقار[2]

قریشی

یہ بریدشاہی شاعر امیر برید کا ہمعصر ہے۔ ۱۰۲۲ھ میں ایک مثنوی "بھوگ مل" کے نام سے لکھی ہے کہتے ہیں کہ اس کا نسخہ کلکتہ کی امپیریل لائبریری میں موجود ہے[3]

نمونۂ کلام دستیاب نہیں ہو سکا۔

حسن شوقی

حسن شوقی کا شمار دکن کے عظیم شعراء میں ہوتا ہے۔ اس کا تعلق گولکنڈہ، بیجاپور کی سلطنتوں کے علاوہ نظام شاہی سلطنت سے بھی تھا۔ چنانچہ ڈاکٹر زورؔ نے اسے گولکنڈہ، اور نصیرالدین ہاشمی نے بیجاپور کے علاوہ احمدنگر کے شعراء میں بھی شمار کیا ہے[4] اس کی شہرت اس کی زندگی ہی میں کافی ہو چکی تھی۔ [illegible] نے اپنی مشہور مثنوی پھول بن میں اس کی تعریف کی ہے اور اس کے بقید حیات نہ [illegible] ظاہر کیا ہے۔ اس کی دو مثنویاں فتح نظام شاہ اور میزبانی نامہ اور چند غزلیں کتب خانہ انجمن ترقی اردو میں محفوظ ہیں[5]

نمونۂ کلام

---

[1] تذکرۂ مخطوطات اردو [2] دکن میں اردو طبع چہارم ص ۱۵۲ [3] ایضاً ص ۲۲۵
[4] اردو شہ پارے، دکن میں اردو [5] رسالۂ اردو جولائی ۱۹۱۹ء

۱۔ فتح نامۂ نظام شاہ:

اپس میں اپیں دوست سب مل ہوے — محبت سو اخلاص یک دل ہوے
نزاع دل میں کا دور کیتے نفاق — اپس میں اپیں مل کئے اتفاق
یو سب مل کے ایسا کئے یک پنا — جو اس کفر کو مار کرنا فنا
کئے بھاگ سوگند و عہد استوار — یو غازی غزا پر ہوئے برقرار[1]

۲۔ میزبانی نامہ:

سدا دار پر تجھ منگل گزگزیں — منگل گزگزیں جیوں بدل گزگزیں
ہتی مست پرپیلیاں مست ہے — زبردست پو کیا زبردست ہے
سدا دار پر تجھ طبل باجتے — طبل باجتے ہور مندل گاجتے
بہت دیس تے شہ کے گھر کاج ہے — شہرگشت کی رات سو آج ہے
شہرگست کا ساز و ساماں ہوا — نفیریاں ترائے دماماں ہوا[2]

غزل

دلبر سلونی نین پر کھینچی ہے سو کا خوبتر — خطاط جیوں مادیا رقم چھندوں ثلث کے صاد پر
یا چک دوات ہے سیم کی کیکی سو بھر سیاہی لکھے — سو کا قلم جوں داستے کاتب گیا اس میں بسر
یا نین موتی دھال میں سو کا سو تاگا نیل کا — موتی پرو کر کھینچتے تو راہیا ہے ٹوٹ کر[3]

آفتابی[4]

سلطان حسین نظام شاہ کے عہد کے اس شاعر نے شاہنامہ کی بحر میں ایک مثنوی لکھی تھی۔ اس میں حسین نظام شاہ کے واقعات درج ہیں۔ اس کے اشعار کی تعداد ۳۷۰ ہے۔ افسوس کہ نمونۂ کلام دستیاب نہ ہو سکا۔

اس سے قبل ہم دیکھ چکے ہیں کہ دکنی اردو اور گجراتی اردو (گجری) میں چند ایک الفاظ کے سوا فرق محض مقامی لب و لہجہ کا ہے۔ اس کا ثبوت دکن اور گجرات کے ہمعصر شعراء کے کلام کے نمونوں سے بخوبی مل سکتا ہے۔ خوب محمد کے کلام سے

---

[1] رسالۂ اردو جولائی ۱۹۲۹ء   [2] ایضاً   [3] رسالۂ اردو جولائی ۱۹۲۹ء
[4] دکن میں اردو ص ۲۲۴

ان کا مقابلہ کرتے ہوئے یہی کچھ محسوس ہوتا ہے ۔ اس کی شہادت "خوب ترنگ" کی خصوصیات کے ذیل میں ملے گی ۔ خوب محمد کے کلام کی طرح گجرات کے دوسرے شعراء کے کلام پر گجراتی اور راجستھانی اثر نمایاں ہے۔

تیسرا باب

(۱) حیات خوب محمد چشتی (۹۴۶ھ تا ۱۰۲۳ھ)

(۲) تصانیف خوب محمد — خوب ترنگ کے علاوہ

(۳) حیات خوب کے ماخذ:
خوب محمد کا ذکر کرنے والی کتابیں، مع اقتباس و تبصرہ

میاں خوب محمد چشتی احمد آبادی (۹۴۶ھ تا ۱۰۲۳ھ)

پچھلے زمانے کے کسی ادیب، شاعر یا بزرگ کے حالات کے ماخذ کتب تواریخ اور تذکرے ہیں۔ چنانچہ خوب محمد چشتی کے سلسلے میں انہیں کو ماخذ سمجھتے ہوئے کئی کتابوں کا بالاستیعاب مطالعہ کیا۔ مگر حاصل؟ صرف چند سطریں! تاریخ مرآت سکندری تو ان کے باب میں بالکل خاموش ہے۔ تاریخ مرآت احمدی کے خاتمے میں نام، تاریخ وفات اور چند کتابوں کا ذکر ہے۔ تقریباً یہی مواد دوسری کتابوں میں بھی ملتا ہے[1]۔ کتنی عجیب بات ہے کہ گلزار ابرار اور اخبار الاخیار خوب محمد کے ہمعصروں کا تو حال بیان کرجاتے ہیں مگر خود ان کے بارے میں ایک لفظ تک نہیں کہتے۔ خوب محمد کے علم و فضل کو دیکھتے ہوئے نہ صرف ہماری حیرت بڑھ جاتی ہے بلکہ افسوس بھی ہوتا ہے۔

نام

خوب محمد نام[2] اور خوب و خوبی تخلص ہے۔ کبھی کبھی پورے نام ہی کو بطور تخلص استعمال کرتے ہیں۔ شاہ خوب اور خوب میاں عرف ہے[3]۔ تاریخ اولیاے گجرات کے سوا کہیں ان کی اولاد کا ذکر نہیں ملتا اور وہ بھی سرسری۔

ولادت و وفات

رسالہ خلاصۂ موجودات کے آخر میں "خموش" سے خوب محمد نے خود اپنی تاریخ ولادت ۹۴۶ ہجری نکالی ہے۔ ؎

باخموشی در دلم آمد ندا از گوش ہوش خوب با ہریک مگو تاریخ مولودت "خموش"

۹۴۶ھ

وفات ۲۴۔ شوال ۱۰۲۳ھ میں واقع ہوئی[4]۔ کارنجہ کے سامنے نالہ کے پاس چوک احمد آباد میں متصل مسجد ذہت

---

[1] تاریخ اولیاے گجرات، پنجاب میں اردو، اردو شہ پارے، اردو کی ابتدائی نشو و نما میں صوفیاے کرام کا حصہ، اورینٹل کالج میگزین

[2] خاتمہ مرآت احمدی، اور تاریخ اولیاے گجرات میں ان کا نام محض محمد درج ہے، مگر خود خوب ترنگ میں خوب و خوبی کے تخلص کے علاوہ خوب محمد ایک ساتھ ملتے ہیں۔ چنانچہ قیاس کہتا ہے ان کا اصل نام خوب محمد ہی ہے۔

[3] ایضاً

[4] خاتمہ مرآت احمدی وغیرہ

الملک مدفون ہیں۔ خوب کی مقبولیت کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ مسجد فرحت الملک عوام میں شاہ خوب کی مسجد کے نام سے مشہور ہے۔ ہر سال ۲۴ شوال کو آپ کا عرس لگتا ہے اور بقول مولانا ابوظفر ندوی آپ کی اولاد مسجد اور متعلقہ زمین پر قابض ہے[1] قبضہ اور اولاد کا مسئلہ متولیان مسجد اور سید علی میاں قادری اور مولانا عبدالرحمٰن کے مابین آجکل تنازعہ کا مسئلہ بنا ہوا ہے، عدالت میں مقدمہ چل رہا ہے۔

مذہب و مسلک

خوب محمد سنی المذہب اور چشتی المشرب تھے۔

علم و فضل اور تصوّف

میاں خوب محمد بہت بڑے صوفی تھے۔ وحدت الوجود کے قائل تھے بلکہ ان کا عقیدہ بھی یہی تھا جیسا کہ ان کی تصانیف خصوصاً حفظ مراتب، عقیدۂ صوفیہ و خوب ترنگ اور امواج خوبی وغیرہ سے ظاہر ہوتا ہے۔ سلسلۂ چشتیہ میں حضرت کمال سیستانی سے بیعت تھے۔ خوب محمد کو ان سے اس درجہ تعلق خاطر تھا کہ اپنی تصنیف خوب ترنگ کو انہیں کے فرمودات کہتے ہیں۔ ؎

ان تھیں میں سنیا دن رات — اس منہ یاد رہی کچھ بات
وہ جیوں منجہ کوں آئی ترنگ — جمع کییے لے تس تس ڈھنگ
خوب ترنگ اس دیا خطاب — مدح رسولؐ اللہ کے باب

اور یوں مولانا روم اور شمس تبریز کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔

افسوس ہے کہ مرید کی طرح خود پیر کے حالات بھی پردۂ خفا میں ہیں۔ البتہ خوب ترنگ میں خوب محمد نے ان کا ذکر اس طرح کیا ہے۔ ؎

میں مرشد تھیں سنیاں بیان — ولے مرشد صاحب عرفان
جنہوں منجے سکھلایا دین — جن تھیں منجہ دل ہوا یقین
جیلانی بسطامی شاہ — بغدادی جس چتر کلاہ
ہر ماضی پر حجت لیکھ — ہوں معتقد ہوا ان دیکھ
وارث محمدی ہر ٹھانوں — شیخ کمال محمد نانوں
کیا عروج مقام اقدم — اللّٰہم اغفر وارحم

---

[1] تاریخ اولیاے گجرات ص ۱۲۱ حاشیہ

چنانچہ ان کی تاریخ وفات بھی دی ہے۔ مادۂ تاریخ بڑا پیارا ہے۔ ؎

کہہ تاریخ تنھوں کی خوب جن عددوں ذاکر محبوب
۹۷۹ھ

اور کہتے ہیں۔ ؎

ان کوں تھا یہ علم کمال خذالعلم افواہ رجال

خوب کی تعلیم و تربیت کا اندازہ انہیں کی تصانیف سے لگایا جا سکتا ہے۔ دوسری کتابیں[1] انہیں زبردست صوفی یا درویش کامل یا صوفی مرتاض و عالم آدمی کہنے پر ہی اکتفا کرتی ہیں۔ ان کی تصانیف کی روشنی میں کہا جا سکتا ہے کہ انہیں علوم قرآن، حدیث، تصوف، طب، نجوم، موسیقی، عروض، عربی، فارسی، گجراتی، عطاری اور منطق پر پورا عبور تھا۔ اس اجمال کی تفصیل آگے درج ہے۔

تصانیف

خوب محمد کی معلوم[2] تصانیف حسب ذیل ہیں:

(۱) رسالہ شرح جام جہاں نما الموسوم بہ شراب جام (۹۷۴ھ)۔ فارسی نثر میں ہے۔

(۲) صراط مستقیم (۹۸۱ھ) فارسی نثر میں ہے۔

(۳) خوب ترنگ (۹۸۶ھ) گجری نظم میں ہے۔

(۴) شرح خوب ترنگ الموسوم بہ امواج خوبی (۱۰۰۰ھ) فارسی نثر میں ہے۔

(۵) رسالہ حفظ مراتب (۱۰۰۹ھ) فارسی نثر میں ہے۔

(۶) رسالہ خلاصۂ موجودات (۱۰۱۴ھ) فارسی نثر میں ہے۔

(۷) رسالہ صلح کل (۱۰۱۶ھ) فارسی نثر میں ہے۔

(۸) مفتاح التوحید (سنہ ؟) فارسی نثر میں ہے۔

(۹) رسالہ بھاؤ بھید — فارسی و گجری نثر و نظم میں ہے۔

(۱۰) رسالہ چھند چھنداں — ہندی علم عروض پر — فارسی و گجری نثر و نظم میں ہے۔

خوب محمد کے متعلق جو مجھے کہنا ہے وہ موقع بہ موقع میں کہوں گا۔ تاہم خود خوب محمد نے خوب ترنگ میں اپنے متعلق جو اشارے کئے ہیں انہیں نقل کر دینا ضروری سمجھتا ہوں:

---

[1] ان کا حوالہ دیا جا چکا ہے۔ [2] اس لئے کہ جس رفتار سے انہوں نے کتابیں لکھی ہیں اس سے خیال گزرتا ہے کہ خوب محمد نے اور کتابیں بھی لکھی ہوں گی۔

خوب محمد خوب ترنگ میں

(۱) حضرت یوسف اور زلیخا کا قصہ بیان کرتے ہوئے جب خوب محمد زلیخا کی اس خواہش کا ذکر کرتے ہیں کہ وہ حضرت یوسف کو خریدنا چاہتی تھی تو پھر اپنی بھی ایک خواہش کا اظہار کرتے ہیں کہ وہ نعت کے دو لفظ کہہ کر رسول اکرم کے مداح کہلانا چاہتے ہیں۔ ؎

خوب محمد بھی تیوں جان ہوس دھرے یوں من منہ آن
نعت ہمیں دو بول ملاؤں بارے تس مداح کہاؤں

(۲) شراب حقیقی کی مستی کے سبب خوب محمد جو کچھ ہیں اس سے کچھ مختلف باتیں کرتے ہیں۔ ؎

خوب محمد مستی ماٹ ہے کچھ اور کہے اور گھاٹ

(۳) تفصیل حضرت الہیت کی تمثیل میں اپنے آپ کو مثال کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ ؎

خوب محمد کی جیوں ذات دیکھ پچھانوں جس دن رات
خوب محمد لیویں ناؤں ہوں معلوم ہوؤں اس ٹھاؤں
خوب محمد لکھے جا نہ میری ذات پچھانوں تا نہ
خوب محمد آنوں یاد تب بھی میری ذات مراد
(ہر ٹھنہ باج تغیر ذات ہور یہ سارے تعینات)

(۴) تصوف کے باریک نکتے بیان کرتے ہوئے خیال گزرنے لگتا ہے کہ شاید سامع انہیں سمجھ نہیں سکا ؎

خوب بولتا ہے جس ٹھانہ کیا جانوں سمجھیا کی نا نہ

(۵) حضرت روح میں ایک شعر ہے۔ ؎

خوب محمد کا سن جیو۔ میرا جیو سچیں ہے پیو

یعنی اے جان خوب روح خوب محبوب خوب ہے۔

(۶) خوب کے دل کی کیفیت ملاحظہ ہو۔ ؎

کہوں خوب کے دل کی بات سن دھر دل کے کان سنگھات
میرے دل کی سن تمثیل جیوں ہے رنگ بھریا قندیل
بھر سلسلوں سوٹانکیا کا نہ زلف ابتر مجموعے ما نہ

(۷) اپنے "بول" کو انمول کہنے کے بعد خوب محمد دعا کے طالب ہوتے ہیں۔ ؎

خوبیں سن یہ میرا بول ایک بول پن جان امول

کبھیں جو توں اس ہوں کوں پائے منجھے دعا کر برائے خدائے

(۸) خوب محمد اپنے زمانے میں محبوب عصر کی حیثیت رکھتے تھے۔ ؎
(المجاز قنطرۃ الحقیقہ)

سب محبوبوں کا محبوب آج سو جیوں اپنوں منہ خوب

(۹) بہت کچھ کہنے کے باوجود خوب محمد چھپانے کی باتیں چھپا بھی لیتے ہیں۔ ؎

فرض چھپانے تھے جے بول وے کچھ بات کہی نا کھول

(۱۰) معرفت میں ڈوب کر رموز حقیقت بیان کرنے کے باوجود اپنے عجز کا اس طرح اظہار کرتے ہیں۔ ؎

سیکھیا سب کہتا ہے خوب کہاں خوب نیں کہاں محبوب

(۱۱) جسے لوگ ظاہر میں خوب محمد کہتے ہیں، اس کے اندر ذات حقیقی جلوہ نما ہے۔ ؎

باطن خوب ذات من آن ظاہر خوب محمد جان

(۱۲) اپنی "حقیقت" کی طرف ایک اور جگہ اشارہ کناں ہیں۔ ؎

یہ وحدت کثرت طرفین جیوں ہوں خوب محمد عین

اس کی تشریح میں کہتے ہیں: در وحدت کہ حقیقت انسان کامل ست ہمچنان در ذات خوب محمد را عین یافت۔ (امواج خوبی)

شاعری

خوب محمد فارسی و گجری کے شاعر ہیں۔ گجری کا کلام بھاؤ بھید۔ چھند چھنداں اور خوب ترنگ میں ملتا ہے۔ اس کی خوبیاں چنانچہ ان کے تبصرے میں بیان کی گئی ہیں۔ رہ گیا فارسی کلام تو وہ کمیاب ہی نہیں بلکہ نایاب ہے۔ امواج خوبی وغیرہ میں جہاں کہیں ان کا کلام ملا ہے اس کی صراحت کر دی ہے۔ اس کلام کے پیش نظر ان کی فارسی شاعری پر کوئی حکم تو لگایا نہیں جا سکتا۔ تاہم اس احساس کا ذکر ضروری ہے کہ نثر کی صرح [illegible] پر بھی زبردست عبور حاصل ہے۔ مشکل سے مشکل مفہوم اور مطالب کو بآسانی نظم کرتے ہیں، وہ بھی خوبصورتی کے ساتھ۔ کاش کہ ہمیں ان کا کلام مل جاتا۔

آئیے اب ایک نظر ان کی تصانیف پر بھی ڈالیں: (خوب ترنگ کا ذکر بعد میں آئے گا)

شرح جام جہاں نما الموسوم بہ شراب جام

یہ شرح فارسی نثر میں ہے۔ وجود مطلق کے لئے چونکہ شراب کو استعارہ کیا ہے اس لئے اس کے بیان میں خاصی رنگینی پائی جاتی ہے، اور کیوں نہ ہو کہ خوب محمد نے جام حقیقی کو شراب مجاز سے پُر کیا ہے:

" درآں جام حقیقی شراب مجاز پُر کردم۔"
۲۹ سطریں فی صفحہ کے لحاظ سے باریک خط میں یہ ۱۸ فولس کیپ کاغذ پر لکھا جا سکتا ہے۔ خوب محمد نے
اسے ۹۷۴ھ میں تحریر کیا تھا۔ چنانچہ خود کہتے ہیں:

نقش تاریخ بیان خوب زابجد بدر آر　　　سال تاصیت سنہ نہصد و ہفتاد و چہار

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جام جہاں نما کا مطالعہ عام تھا۔ تاہم لوگ اسے مشکل پاتے تھے اور اس کے رموز و
نکات پر انہیں پورا عبور نہیں ہو پاتا تھا۔ انہیں اس کی شرح کی ضرورت محسوس ہوتی تھی۔ چنانچہ خوب محمد کے دوستوں
نے اس کی شرح لکھنے کی استدعا کی۔ ملاحظہ ہو۔

" طائفہ دوستان یعنی ہیئت مستان کہ در قابلیت طالب علم توحید شراب بودند و محب تحقیق و تجرید کہ حقیقت
مستان جعل جاعل نیست و از الفاظ ائمہ این طایفہ موجودات مستان ایشان را بردل یقین مستی حاصل میشد و از
کتب ایشان کہ کتاب وجودیست و بہ فہم عبارت آن قاصر بودند ازین فقیر فاذا اتم الفقر فھو اللہ بدرگاہ ساقی
از لسان التماس کردند کہ بزم رسالہ جامع کلیات علم توحید شراب علم وی عالمست و مراتب وجودی باشد بسازیعنی
بیت

درگردش آر ساقی جام جہان نما را　　　تا برتو راز پنہان گرداند آشکارا "

انہوں نے اس کی بھی خواہش کی کہ ہر مرتبہ کو ایک دائرہ سے ظاہر کیا جائے تاکہ اس صورت کا دور اور ہر صورت
مرتبہ ایک الگ دائرہ سے نمایاں ہو کہ یہ ہیئت اور مفاتیح صور محسوسات ظاہر وجود ساقی ہے اور اس حقیقت کو معانی
معقولات کی مدد سے مستوں پر واضح کیا جائے۔

خوب محمد نے دوستوں کی التماس کو بلسان محبوب قبول کر لیا اور استخارہ کے بعد صلوٰۃ مست بفحوائے رجوع
سوی اصل اور ساقی کی صلوٰۃ اپنے جزکی طرف ہے، وہ اس دائرے کے "انشاء" میں مشغول ہو گئے کہ کل یوم
ھو فی شان۔ اس دائرہ میں ایک ایسا دور آیا کہ اسے دُردکشوں کے سامنے صاف کر کے نہیں رکھا اور صاف پینے
والوں کو دُرد نہیں دیا اور شراب وجود تعینات کے لئے جام جہاں نما بن گیا۔ اسی لئے اس رسالہ کا نام جسے عام
لوگ پڑھتے ہیں جام جہاں نما رکھا اور حضرت بیچوں سے یہ آس لگائی کہ اس "مختصر کون" کو خطا و ذلل سے بچائے رکھے
وانہ علی ما یشاء قدیر و بالاجابۃ جدیر۔

جام جہاں نما کی دقتوں کا اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ بقول خوب محمد شیخ المشرق والمغرب بمعروف
مغربی ایک ایسا آفتاب مغربی ہے کہ چشم مشرق اس سے تیرہ اور چشم جنوب و شمال خیرہ ہے۔ چنانچہ حسب فرمائش انہوں نے
اس کی شرح لکھی اور یہ التزام کیا کہ جام حقیقی میں شراب مجازی بھر دی اور اس کو شراب جام سے خطاب کیا اور اس

کی مقبولیت کے لئے خدا سے دعا کی۔ مضمون کی رعایت سے شراب اور اس کے لوازمات کو اپنی دعا میں بڑے دلکش انداز میں استعمال کیا ہے اور یہ لطف سے خالی نہیں۔ ملاحظہ ہو:

"الٰہی بعطای ساقی و باحتیاج مستان دلسوز کباب و بجرعہ بیحاصل افتان و بگریہ صراحی بخندہ جام و بجوش خم و بشیشہ خون آشام این بوی کہ از شراب آوردہ ام این شراب جام را در بزم رندان چون صراحی سرفراز گردان و این صفحی راکہ از ساجد صراحی وش خوب محمد چشتی صادر شد حریفان مجلس را چون پیالہ شیشہ برسردار و ہریک مستان راکہ زیردست اند ازین جام شرابی نصیبی بخش و در دایرۂ بادہ کشان این شراب جام بصفت گلدستہ مقبول کن۔"

رسالہ شراب جام دو دائروں پر مشتمل ہے۔ ایک صاف کشوں کا ہے اور دوسرا دردچشوں کا۔ اور ان میں کا ہر دائرہ دو قوسوں اور ایک خط پر مشتمل ہے اور یہ خط خطِ مارت جو قوسین کے درمیان برزخ کا حکم رکھتا ہے۔

دائرہ اول احدیت و واحدیت و وحدت و اعتبار وجود و عالم و نور و شہود و تعین تجلی اول کو محیط ہے۔

دائرہ دوم ظاہر وجود (کہ وجوب اس کا وصف خاص ہے)، ظاہر علم (کہ امکان اس کے لوازم سے ہے)، برزخیت ثانی (کہ حقیقت انسانی ہے اور وجوب و امکان کے درمیان برزخ کا حکم رکھتی ہے) اور یقین تجلی ثانی کو محیط ہے اور یہ جام دُرد ہے۔

ان دونوں دائروں میں جو نقاط بلکہ نکات ہیں ان سے یہ امر قطعی واضح ہو جاتا ہے کہ اس رسالہ میں خوب محمد نے مسئلہ وحدت الوجود کو تمام ضروری تشریحات کے ساتھ بیان کیا ہے۔ ان کی توضیح کے لئے کئی دائرے بھی بنائے ہیں۔ یہ دائرے ذات لاتعین سے لے کر تمام کائنات اور مخلوق کے دریا کو اپنے کوزوں میں سموئے ہوئے ہیں، لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سب کچھ شرح کر دینے کے بعد بھی خوب محمد کو یہ احساس تھا کہ اس کے اسرار کی غایت و انتہا نہیں ہے مگر اختصار لازم ہے۔ اس لئے کہ وہ حیلۂ عبارت سے باہر ہیں:

اسرار آن غایت و نہایت ندارد بر ہمیں اختصار کنم۔ بیت

از بیان آن معانی چون عبارت قاصر است　　　میر سر مستان بیانش با خموشی میکند

اپنے "رکنے" یا خاموش ہونے کی ایک وجہ خوب محمد یہ بتاتے ہیں کہ انہیں وقت عزیز ہے اس لئے کہ اس سے زیادہ اہم کام انہیں انجام دینا ہے: "... وقت عزیز است و کاری مہم تر ازین در پیش است۔"

یہاں پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس سے زیادہ کونسا اہم کام در پیش تھا؟ اس کا ایک عام جواب تو یہ ہو سکتا ہے کہ "بادہ کا ذکر جس طرح سنا ہے اسی طرح اسے پینا چاہیے" (چنانچہ بادہ در میکدہ شنید جہان تو می باید چشید۔ شرح جام جہان نما) مگر میرے نزدیک یہ اہم کام خوب ترنگ کی تصنیف ہے۔ رسالہ شراب جام

اور خوب ترنگ کے درمیان خوب محمد نے اگر کچھ لکھا ہوتا تو دوسری تصانیف کی طرح ان کی تاریخ گوئی کی مدد سے ہم ان کا پتہ چلا لیتے یا پھر اپنی کسی کتاب میں وہ اس کا حوالہ ضرور دیتے جیسے رسالۂ عقیدۂ صوفیہ میں امواج خوبی اور حفظ مراتب کا ذکر کیا ہے۔ ملاحظہ ہو ــــ

اینجا حضرت خمس من پیش تو مختصر گفتہ ام۔ درکتاب امواج خوبی و درکتاب حفظ مراتب در آن ہردو کتاب یک بہ یک بتمثیلات واضح کردہ آوردہ ام۔

اسی طرح رسالۂ شراب جام کا ذکر حفظ مراتب کے آخر میں یوں کہا ہے کہ وہ شرح جام جہاں نما الموسوم بہ شراب جام کا مقدمہ ہے۔

یہاں بظاہر خوب ترنگ کا ذکر نہیں ملتا، مگر جو لوگ یہ جانتے ہیں کہ امواج خوبی خوب ترنگ کی شرح ہی انہیں اس کی کھوج نہیں ہوسکتی۔ اسی لیے کاری مہم تر ازین" کا اشارہ خوب ترنگ کی طرف ہوتا ہے۔

تاہم جب تک بھید بھاؤ اور چھند چھنداں کے ارقام کی تاریخیں نہ معلوم ہوں اس وقت تک یقین کے ساتھ کچھ نہیں کہا جاسکتا۔

شراب جام کے اختتام پر ایک فارسی غزل ملتی ہے جو غالباً خوب محمد کی ہے اور اس شرح سے بڑی پیوستگی رکھتی ہے۔ غزل یہ ہے:

غزل

ساقی اندر کل یوم از بادۂ شد درشان مست
درد نوشان کل شئٔ ہالک الآن مست

بایزید از جنبش این بادۂ مدہوش گفت
لیس فی الدارین غیری شد شہ عرفان مست

لم یکن معہ و ان الان چون بدہچنانست (کذا)
شد جنید از جام می این قوم را برہان مست

زد ندا منصور اناالحق از می خوبی چو جام
رقصد آن سردار جانباز و ہمان دوران مست

گفت ہٰذا ربی از جرعہ کواکب و جام ماہ
چون صراحی ساجد ابراہیم شد پیمان مست

من رآنی قدر الحق شنو از مصطفٰے
لی مع اللہ وقت چہ یعنی کہ بدہر آن مست

لیس فی جبۃ سوی اللہ شبلی از مستان گفت
خوب بدہر شیشۂ چشم از می انسان مست

صراط مستقیم

مشہور مستشرق ایتھے کی مرتب کردہ فہرست میں اس کا ذکر ملتا ہے[1]۔ اس میں صوفیانہ مسائل پر فلسفیانہ

[1] فہرست، انڈیا آفس لائبریری، کالم ۱۰۴۴ نمبر ۱۸۷۸

اور نفسیاتی گفتگو ملتی ہے۔ تاریخ تالیف ۹۸۱ھ/۷۴-۱۵۷۳ء ہے جو خود رسالہ کے نام سے مستخرج ہوتی ہے۔ اس کی ابتدا یوں ہوتی ہے :

آن حی لایموت کہ لا تاخذہٗ سنۃ ولا نوم و آن علیم بلاجہل کہ آن اللہ ... الخ تاریخ کتابت ۱۰۹۵ھ ہے۔[1]

امواج خوبی

میرے پاس امواج خوبی کا جو نسخہ ہے وہ مطبع نعمانی پیران پٹن کا چھپا ہوا ہے اور نام امواج خوبی نہیں بلکہ خوب ترنگ ہے جو ظاہر ہے غلط ہے اس لئے کہ دوسرے غیر مطبوعہ نسخوں سے یہ الگ نہیں ہے۔ انہیں کی طرح اس میں بھی خوب ترنگ کا متن شرح ونقشہ کے ساتھ درج ہے۔ یہ نسخہ ۱۳۲۷ھ کا چھپا ہوا ہے۔ شرح خوب ترنگ کو خود خوب محمد دو طرح یاد کرتے ہیں:[2]

(۱) ترجمہ شرح نما سے

" خوب کہیگا خوب ترنگ سنتیں کچھ نہ کیجو ننگ

خوبکہ بخطاب خوبی مصنف مثنوی متن بزبان گجراتی و مصنف ترجمہ شرح نما آن مثنوی بزبان فارسی خواہد گفت در شنیدن این متن و شرح ننگ و ناموس نکنید۔"

(۲) امواج خوبی

" خوب ترنگ اس دیا خطاب مدح رسول اللہ کے باب

و این مثنوی گجراتی را خطاب خوب ترنگ دادم و شرح آن مثنوی کہ این فارسی ست امواج خوبی نام نہادم کہ در باب نعت سید المرسلین ست۔"

تاہم یہ شرح امواج خوبی ہی کے نام سے مشہور ہے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب اردو نظم آٹھویں ہجری سے قبل گجرات میں رواج پا چکی تھی اور شاہ علی محمد جیو گام دھنی کا کلام مقبول تھا تو خوب محمد کو خوب ترنگ کی شرح لکھنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی ؟

جواب میں یہ عرض کروں گا کہ شرح کی ضرورت خوب ترنگ کی لسانی مشکلات یا پیچیدہ بیانی کے سبب نہیں ہے بلکہ مسئلۂ وحدۃ الوجود کے بیان کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اگرچہ اسلامی تصوف کی اساس مسئلۂ وحدۃ الوجود پر قائم ہے۔ لیکن اس کے افہام وتفہیم کے اختلاف نے دشواریاں اور غلط فہمیاں پیدا کردی تھیں اور ان کے امکانات ہر زمانے میں پائے جاتے ہیں۔ شیخ شہاب الدین سہروردی اور شیخ العربی (صاحب

---

[1] افسوس کہ کتاب کی نقل نہیں مل سکی۔

[2] امواج خوبی مطبوعہ مذکورہ ص ۱۰ و ص ۱۳، ۱۴۔

خصوص) کے عالم اجل اور صاحب باطن صوفی ہونے سے کون انکار کرسکتا ہے، لیکن یہ دونوں بزرگ بروایت گلزار ابرار مکہ کی مسجد میں ایک دوسرے سے دوچار ہوتے ہیں مگر گفتگو نہیں کرتے۔ میری یہ مجال نہیں کہ اس سلسلے میں میں ان دونوں بزرگوں پر محاکمہ کروں ع

رموز مملکت خویش خسروان دانند

غرض اپنے مطالب کی وضاحت اور غلط فہمیوں کے ازالہ کی خاطر خوب محمد نے امواج خوبی تحریر کی۔ ورنہ قدیم اردو سے مس رکھنے والوں کے لئے خوب ترنگ مشکل نہیں ہے۔ البتہ مولوی عبدالحق کی طرح بعض لوگوں نے اس کے خشک ہونے کی شکایت کی ہے[1] ورنہ واقعہ یہ ہے کہ خوب محمد کی زبان صاف اور انداز بیان واضح ہے۔ اور اگر کسی قسم کی گنجلک خوب ترنگ میں ہوتی تو خوب محمد اس کی شرح خوب ترنگ کے بعد ہی لکھ دیتے کہ وہ کوتاہ قلم نہیں ہیں۔ چودہ سال انتظار نہ کرتے۔ خوب ترنگ ۹۸۶ھ میں لکھی تھی ؎

خوب محمد گنے بچار   چودہ گھاٹ اوس برس ہزار

اور امواج خوبی ۱۰۰۰ھ میں مرتب کی :

"وتاریخ شرح مثنوی ہزار کامل در فکر خوب محمد آمد ؎

عدد شمار ز تاریخ شرح نعت مجد   ہزار سال مکمل ز فکر خوب محمد

شمارم سال شرح نعت امجد   دہم سال از دہم عشر از دہم صد"[2]

امواج خوبی کی ابتدا ایک نظم سے ہوتی ہے جسے یہاں مکمل صورت میں درج کیا جاتا ہے کہ ایک تو اس میں وحدت الوجود جیسے مشکل مسئلے کو مختصراً وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے۔ دوسرے یہ خود خوب محمد کی نظم ہے ؎

وجود مطلق از ہر قید بد پاک   انیت اندران چون خمر در تاک

شد اول قید علمی از انیت   نہ عینی و نہ علمی دارد اشراک

چوں من بی اعتبار آمد احد خوان   ولی واحد ثبوت اوصافش املاک

پس از وحدت الہیت شنو باز   انا للہ گوید او با زہر و تریاک

سواری عرصۂ ثانی در آید   قدیم و حادث آویزد دو فتراک

در این گلشن کل اسماءِ الٰہی   دگر مواسم کونی خار و خاشاک

---

[1] اردو کی ابتدائی نشوونما میں صوفیائے کرام کا حصہ

[2] ذاتی نسخہ امواج خوبی ص ۱۶

جدا شد یک دگر ممکن ز واجب
ولی علیت آن از بار و اشواک

دو این غیب و سہ دیگر از شہادت
شہود و غیب زلف من تجباک

معطر شد مشام از باغ ثالث
زد آنجا روح چو گل جیب جان چاک

مثال و قلب در قید چہارم
زبان حال من گویند بی باک

مجسم عرش و کرسی پنجمی[1] جاے
لطائف صنعتی تا بام افلاک

اینت را یکی قیدیست مختص
چنار و بار و آب و ذرۂ خاک

مراتب پنج جمع از بعد تفصیل
کہ ان انت قل انتم و ایاک

اینت مطلق اندر قید من بین
یقین میدان مشو ہرگز تو شکاک

من و او یافتن غیر است مطلق
منم مطلق بدان گو ماعرفناک

انا للہ پاک انا لعبدست حادث
حدوث و پاک یک باشند حاشاک

اینت ہست در عبد و در اللہ
رسالت زوست در ہذا و در ذاک

گہی بالطف و گہ بافتنہ دلبر
خرامان کجکلاہ و چست و چالاک

گہی با درد و گہ با جان فشانی
فتان خیزان چو عاشق مست غمناک

شہ من مصلحت را بندہ گشتہ
ندائی خود خدا آورد ز ادراک

عطا کن سوی خوبی آشنائی
بحق آنکہ حقش گفت لولاک

اس نظم کے بعد خوب ترنگ کا متن اور شرح شروع ہو جاتی ہے۔ اس شرح کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اسے خود خوب محمد نے لکھا ہے۔ اسی لئے شرح مطالب محکم اور تشریح اشعار مستند ہے۔

تصنیف را مصنف نیکو کند بیان

امواج خوبی کی دوسری خصوصیات حسب ذیل ہیں:

(۱) کہیں یہ محض ترجمہ ہے۔ مثلاً

(ا) سہ اوسی روح ارواح تمام اوسی جسے کے سب اجسام

---

[1] پنجمین چاہیئے۔

کہ ارواح و اجسام تفصیل روح و جسم اوست۔

(ب) ؎ عقل کل تا حد انسان ہوے مفصل سب اعیان

از عقل کل تا حد انسان ہمہ اعیان مفصل شود۔

(ج) ؎ یا نیچی یا اونچی ٹھار عالم منہ یا عالم بھار

یا زیر است یا بالا یا درون عالم است یا بیرون عالم۔ وغیرہ

(۲) کہیں کہیں شرح متن سے کم ہے۔ مثلاً ؎

کرے جو کو درپن تردار تس مکھ لانب جیوں پیزار

و اگر در شمشیر بیند دراز پیدا آید۔ وغیرہ

(۳) یہ شرح بعض اوقات بڑی طول طویل صورت اختیار کرلیتی ہے۔ تاہم مفہوم کے تمام گوشے بے نقاب ہو جاتے ہیں اور یہی ایک اچھی شرح کی خوبی ہے۔

(۱) ذات صفات اسما افعال جمع مفصّل چنہ اک حال

و ذات و صفات و اسماء و افعال جائیکہ جمع و تفصیل در یک حال اند مثالش تخم چون جمع بیخ و شاخ و برگ و شگوفہ و میوہ و تفصیل آن و شجر جمع بعد از تفصیل کہ در آن بیخ و شاخ و برگ و شگوفہ و میوہ اند و تخم اول ہم دروست۔ پس در شجر جمع و تفصیل در یک حال اند۔

(ب) کہیں کہیں ایک چھوٹے سے شعر کی شرح کئی کئی صفحوں کو گھیرے ہوئے ہے، لیکن یہ شرح مفصل ساتھ ہی ساتھ دوسرے رموز و نکات سے آگاہی بخشتی ہے اور قلب و دماغ ایک نئے سرور کی اور ایک نئے نور کی فضا محسوس کرنے لگتے ہیں۔ مثلاً ؎

اتناں ہٹھ ولے اسکوں دین اس تھیں روح لطیف سو کین

این کثافت ست و روح ازین لطیف تر بشنو بشنو کہ روح طبیعی عبارتست از قوتی کہ اجزاءِ جسم را اونگہدارد و ازان قوت اجزاءِ جسم نیز از یکدیگر متلاشی نہ شوند و پارہ پارہ و جدا نہ شوند، چنانکہ صورت کوزہ را تنہا خاک برندارد وقتیکہ آب و خاک یکجا باشند قوتی پیدا آید کہ آن صورت کوزہ را بردارد و آن روح طبیعت و روح نباتی عبارت از قوتی باشد کہ جسم را در طول و عرض و عمق بکشد و بزرگ گرداند و روح حیوانی قوتی است کہ جسم باختیار او حرکت کند و چیزہا را بہ حس یابد و روح انسانی عبارتست کہ یدبرالامر فرمود کہ مدبرت بر ہر اشیا کہ ہر یکی را یک طبیعت و این بتدبیر خویش بر طبع ہر یک غالب آید چنانکہ طبع آب آنست کہ ہر کہ برو آید آن را غرق کند و ہر کہ بر آتش آید آن را بسوزد و تیغ ببرد و این کشتی سازد و برونشیند و دراز کشیدہ

بلکجه رود که از تدبیر خویش بر آن طبع آب غالب آمد و باد کسی را فرمان بردار نشود و این بادبان بسته و باد را کار
فرمود که کشتی را بلکجه بر بشنو بشنو که ذات صورت وہمی قایم است بر ذات و ہم کننده و صفات وے بصفات
وہم کننده چنانچه ذات عکس بر ذات شخص قایم ست و صفات آن بر صفات شخص قایم ست پس قوت ذات
وہم کننده که ذات صورت وہمی را برداشته است آن را روح اقدس و امر حق خوانند، این قوت را بتعلق
قوت علم عقل کل نامید که اول ما خلق الله عقلی فرمود چنانچه ذات مطلق را بعلم حضوری وحدت خوانند و عقل کل
را سه معرفت کرامت گردانید۔ اوّل معرفت خود دوّم معرفت حق سبحانهٗ تعالیٰ۔ سوّم معرفت احتیاج او بحق
تعالیٰ و از ہر معنی و معرفتی چیزی در وجود آمد از معرفت حق تعالیٰ عقلی دیگر پیدا شد و آن معرفت خود نفسی پیدا شد
که نفس کل نامید و از معرفت احتیاج از حق تعالیٰ جسمی پیدا شد که جسم کل نامید و از ہر معنی و معرفتی چیزی در
وجود آمد ازین قوت طبیعت کل پیدا شد و قوت ماده را که صورت قبول میکند آن را ہیولیٰ میگویند و عقل دوم
را ہمین معرفت پیدا شد از آن معرفت او ہم بدین طریق عقلی دیگر و جسمی دیگر ہمین طور نه مرتبه باشد تا آنکه نه عقل
کل آن را عشر عقول نام نهاد نه نفس و نه جسم پیدا شد و آن نه جسم نه اجسام فلک اند و نه نفس نفوس فلکی اند
و نه عقل عقول فلکی۔ پس ہر فلک را عقلی و نفسی و جسمی باشد و قوت تفاوت مرتبی ہر فلک را شکل کل نامید۔ فلک
اوّل را عرش و فلک اطلس و فلک الافلاک و جسم کل خوانند و دوّم را کرسی و فلک البروج و فلک ثوابت۔ و سوّم را
فلک مشتری و مریخ و شمش و زہره و عطارد و قمر و عقل فلک قمر را فعال خوانند و نفس او را واہب الصور گویند
و نفس صورت انسان را نفس ناطقه خوانند که من عرف نفسه اشارت بدوست، پس عقل کل و نفس کل
مظہر ذات و مظہر اسماست و طبیعت کل و جوہر ہباکه ہیولاست و شکل کل این شش را حضرت ارواح و عالم
ملکوت گویند که روح انسانی کبیرست و عالم لطیف ست و عالم کثیف آن عالم اجسام از محیط عرش تا مرکز خاک
و آن عالم اجسام بر دو قسم ست لطیف و کثیف، جسم لطیف آن مرتبهٔ مثال اسماست و عرش مرتبه مثال
ارواح و کرسی مرتبهٔ مثال اشباح این را حضرت مثال مطلق گویند که دل انسان کبیرست و آن دایره ایست
از نقطه که مرکز آن قلب انسان کامل است۔ ؎

یکی نفس و یکی روح و یکی دل ولیکن ہست ہر یک حرف مشکل

و جسم کثیف از کرهٔ آتش تا بمرکز خاک و از تاثیرات کواکب و از امتزاج عناصر موالید پیدا شد که چون از امتزاج
آب و خاک و از تاثیر آفتاب که گرمیست صورت غلوله یا خشت جامد گشت چون معادن و نبات و حیوان که
جسم مرکب اند و بعد ازین مجموع انسان کامل پیدا شد که به لسان و مرتبه گوید ؎

ارواح قدس چیست نمودار عینم اشباح انس چیست نگهدار پیکرم

بشنو بشنو کہ برزخ اول وحدتست کہ میان احدیت و واحدیت آمد و برزخ دوم الہیت کہ میان ظاہر وجود و ظاہر علم آمد و برزخ سوم روح کہ عالم غیب و عالم شہادت آمد و برزخ چہارم عرش کہ جسم لطیف ست۔ میان عالم لطیف و جسم کثیف آمد و برزخ پنجم کرہ ہای عناصر کہ میان جسم لطیف کہ عالم علویت۔ میان جسم مرکب کہ عالم سفلیست آمد و برزخ ششم مرجان کہ میان جماد و نبات آمد و برزخ ہفتم درخت خرما کہ میان نبات و حیوان آمد و برزخ ہشتم میمون کہ میان حیوان و انسان آمد[1] و برزخ نہم دل انسان کہ میان روح و جسم آمد بشنو بشنو کہ روح مجرد را بتعلق جسم کامل کہ بصورت انسان ست نفس ناطقہ خوانند کہ من میگوید و آن را در جسم ناقص کہ حیوان ست نفس حیوانی گویند و در صورت نباتی نفس نباتی گویند و در صورت جمادی نفس طبعی گویند پس در قوت روح مجرد عالم ارواح است۔

(۴) مقصد و مقصود کے تعلق کی وضاحت کے لئے شرح کے دوران میں حکایتیں بھی بیان کی ہیں۔ مثلاً سے ۵

تو کچھ کہتیں آدے دھات بہت فائدیکی ہے بات

این راز دل پیش تو بیرون نہم کہ فائدہ تمام دارد و یافتن این مقصد و مقصود بالکلی ست۔ بشنو ہر یک دین خود را راست دانستہ بر مستقیم اند و در راہ و روش یکدیگر اختلافی تمام دارند۔ یکی طالب صادق بود او خواست کہ آن راہ راست را اختیار کنم کہ از او بمقصد خود رسم۔ تامل کرد کہ اگر کسی ہوس جنگ آوری دارد بسپاہی سخن مشورت بہ پرسد و اگر تجارت خواہد بہ تجار و اگر زراعت خواہد بمزارع و این طلب حق ست والبتہ طالبان حق را می باید بپرسید و در ظاہر طالب آنست کہ لباس اول خود را تغیر داد کہ سپاہی بود فقیر شد و زنار دار بود جوگی گشت و بقال بود راہب شد و طالب خواست کہ ہر کہ تارک مطلق باشد اول اورا باید پرسید بتعظیم تمام نزد جوگی آمدہ گفت کہ اگر یافتن مقصد با خاکستر موقوف است این جامہ نزد من قدری ندارد۔ زود بسوزانم و خاکستر بمالم یا زچیزی دیگر است۔ او جواب داد کہ موجب خاکستر آنست کہ بہرہ پوشیدن احتیاج نباشد و رزق علی اللہ ست۔ اما یافتن مقصد گفتہ اند کہ از سخن مرشد آن قوی آورد مضمونش حقیقت آدم کہ در دم خود صد غم ست آن را شناختہ با او مشغول باش۔ پس ازین سخن دل اطمینان نشد خواست کہ آنکہ بالیشان ضد دانستہ شد آنہا را پرسم زنار دار آن را ضد ایشان یافت کہ اینہا ہر روز خاکستری میمالند و آن ہا ہر روز غسل میکنند۔ ازان پرسید کہ یافتن مقصد ہمین غسل ست یا چیزی دیگر۔ ایشان جواب دادند کہ موجب غسل اینست کہ اگر شغل قرار نہ گیرد یکی علاج اینست کہ غسل کردہ، ہیچکس سخن نہ گوید و مشغول باشد۔ ازین علاج شغل قرار گیرد و

---

[1] ڈارون کا مسئلۂ ارتقائے انسان کی اہمیت اس بیان کی روشنی میں ظاہر ہے کچھ نہیں رہتی۔

خطرۂ غیر درمیان حائل نہ گردد۔ از آن جہت آن غسل اختیار کردیم۔ اما در کتابہای من خبرست کہ حق (و) عالم چنان نسبتی دارند کہ چون سخن در معنی عین معنی ست منی در سخن عین سخن ست۔ از قول ایشان نیز در دل طالب اطمینان نہ شد وبشنو کہ علاج دیگر آنست کہ سہ مرتبہ پی در پی دم محبوس کند و بعدہ بر عادت خود گذاشتہ شغل کند ہم خطرۂ غیر نگذرد و دیگر اگر قہوہ خوردہ سخن نگفتہ شغل کند خطرۂ غیر نگذرد و دیگر اگر چیزی مسکر خوردہ شغل کند بروز تمام می برد۔ از آن جہت نزد مسلم و کافر حرام شد و ہر کسی را کہ دل در قید ست کہ بغیر حق بجای دیگر نخواہد رفت۔ آنہا غیر معتقد مباش کہ بہر علاج می خورند۔ پس جوگی دم اختیار کرد و زنار دار غسل و اہل شرع دید کہ ہر روز غسل کردن طبع ہر یک تحمل نہ کند و ہر روز دم گرفتن نیز دماغ و بینائی چشم را زیان دارد۔ فرمود کہ وضو کردہ و سخن نگفتہ در دوگانہ تحیۃ الوضو ہر کہ مشغول باشد او را چندان ثوابست۔ آن طالب نزد اہل اسلام آمدہ پرسید کہ یافتن حق ہمین کلمہ و نماز و روزہ (و) حج و زکوٰۃ ست یا چیز دیگری است۔ ایشان جواب دادند کہ اگر احکام شرع واضح ادا نمایم قدرت مدرک تو مطلع نخواہد شد۔ چنانچہ باغبان تخمی در زمین پنہان ساخت و بر و آب انداختہ بینندہ یقین دانست کہ ہمہ شئے ازین عمل خراب کردد و باغبان درین فن عالم بود۔ اما او را چگونہ تفہیم کند کہ شاخ و برگ و شگوفہ این این طرز برآید اگرچہ خود یقینی دارد کہ فردا ازین تخم گل صد برگ ما را نہال خواہد کرد ولیکن او را یقین نشود مگر بہ تجربہ کہ در نو بہار قیادت ازین سجدۂ خاک گل ہای جزا بشگفد و اگر اکنون تفصیل احکام شرع میخواہی حضرت شیخ محی الدین ابن عربی در فتوحات مکی میان جلد فرائض واضح فرمودہ است مطالعہ کن۔ اما دریافتن حق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم چیزی دیگر فرمودہ است کہ من عرف نفسہ فقد عرف ربہ۔ این مقصد و مقصود است۔

(۵) امواج خوبی سیدھی سادی مگر پر زور نثر کا اچھا نمونہ ہے۔ شرح مطالب اور نوعیت مفہوم کے لحاظ سے جہاں تہاں نئی تشبیہوں اور پر لطف عبارت آرائی سے بھی کام لیا گیا ہے۔ مثلاً

(ا) نئی تشبیہ (پراگندگی سپاہ) ؎

یون بھرائے تری پہلائے کر برباد اڈا لے جائے

وقتیکہ لشکر غنیم شہریان را چون بغوغای صاعقہ ابر باران ہجوم ساختہ و فوجہا بہ طرف آراستہ در مصاف آیند و این وقتیکہ باد پیمائی مہمیز کردہ بر آن قلب سپاہ زند ہمہ را چنان برد کہ چون میغ از غلبۂ باد برباد میشود و بہ یک اینچنین پراگندہ گردد کہ ... ہیچکس بہ ہیچ یک نہ پیوندد چنانچہ شعر از شاعران ناموزون کہ جائی وزن رفت و جائی قافیہ رفت و جائی مضمون رفت و جائی عبارت رفت۔ وغیرہ

(ب) پر لطف عبارت آرائی ؎

کیتک بول مہر من آن ایسا ملاوین ہم اسمان

چند کسان از دلسوزی عاشق مستہام مہربانی تمام آوردہ خواستند کہ بنات النعش دار جدا گردگانرا بہر طور ثریا وش جمع سازند۔ وغیرہ

(۶) جابجا کلام پاک، احادیث، اقوال ائمہ و بزرگان دین مثلاً حضرت ابوبکر صدیق، حضرت علی کرم اللہ وجہہ و تصوف کی عظیم کتابوں مثلاً فصوص الحکم اور فتوحات مکیہ، سکندرنامہ، بیسرنامہ وغیرہ کے حوالے ملتے ہیں۔

(۷) مختلف شعرائے کرام کے اشعار سے بھی شرح میں مدد لی ہے۔ مثلاً

(ا) حافظ کے شعر سے

در پس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند — آنچہ استاد ازل گفت ہمان می گویم
کمال فہم سخن نیست در گدا طبعان — سخن درست تعلق بگوش سہ دارد
تاریک خاطران ہمہ در اوج دولتند — ای روشنیٔ طبع تو بر من بلا شدی وغیرہ

(ب) نظامی گنجوی سے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — ہست کلید در گنج حکیم وغیرہ

(ج) شاہ نعمت اللہ ولی سے

صورت و معنی و قبا و پوست — عالمی از میانہ خویش برخاست وغیرہ

(د) صائب سے

ہیچ کاری گرچہ صائب خوب نیست — بی تأمل آستین افشاندن از دنیا خوش است وغیرہ

(ھ) جلال الدین رومی سے

کیست مرد اسماء خلاق ودود — کان بود فاعل در اطوار وجود
چیست زن اعیان جملہ ممکنات — منفعل گشتہ ز اسماء و صفات وغیرہ

(و) خوب محمد نے خود اپنے کلام سے بھی مدد لی ہے سے

خلوت ہمہ در مجلس رونق باشم — یعنی یہ تقیدات مطلق باشم
در کسوت ما خوب محمد عین است — پس من رآنی نقد رای الحق باشم وغیرہ

(ز) جامی سے

کند ہم جنس با ہم جنس پرواز — کبوتر با کبوتر باز با باز وغیرہ

(۸) عربی شعر سے

(۱) انی و ان کنت ابن آدم صورتہ — فلی فیہ معنی شاھد بابوتی

(ب) واصبحنا ولم تعلم واسینا ولم ندری   اما خمار خاف اللہ قدت الناس بالکری

(ج) غالباً امام اعظم کا شعر ہے ؎

صرفت العمر فی لعب ولـهو   فآھا ثم آھا ثم آھا   وغیرہ

(۹) فارسی عبارت میں ہندی الفاظ کا استعمال:

(ا) جوگی

(اوپر نمبر ۳ میں) ... سپاہی بود فقیر شد و زنار دار بود جوگی گشت ...

(ب) سوا لاکھ پربت

باز بشنو کہ در کوہسار قاف کہ سوا لاکھ پربت اند آنجا ...   وغیرہ

(۱۰) قدیم گجری زبان کا لغت مرتب کرنے کے سلسلے میں امواج خوبی سے بڑی مدد مل سکتی ہے۔ خوب ترنگ کی فرہنگ مرتب کرتے ہوئے مجھے اس سے کافی استعانت ہوئی ہے۔

(۱۱) مسئلۂ وحدت الوجود کو دوران شرح میں بڑی خوبیوں کے ساتھ بیان کیا ہے — اور بڑی وضاحت کے ساتھ۔

(۱۲) خوب محمد چلہ کشی کے قائل ہیں: ؎

یہ سب کثرت کا ہے کام   کثرت تھیں سب ہوئے تمام

این ہمہ کار بکثرت است از ورزش نتیجہ دہد و اگر یک رکعت بلاناغہ چہل روز ادا کند البتہ مقصود حاصل گردد — ترتیب اینست ... در اربعین ولی شود۔[1]

(۱۳) بعض جگہ خوب محمد نہ صرف اپنے آپ سے خطاب کر اٹھتے ہیں بلکہ مثالاً اپنے آپ کو بھی پیش کر دیتے ہیں۔ مثلاً ؎ (مرتبہ جسم)

رایت ربی کہیا جانہ   دیکھ سو احسن صورت مانہ

وقال علیہ السلام ربی فی احسن صورت۔ ہاں اے خوب بیا آن جمیل علی الاطلاق در قید صورت احسن و در مرأت آئینہ چنین مطالع کن۔ ؎

در شکل بتان رہزن عشاق حق ست   لابلکہ عیان در ہمہ آفاق حق ست

اور بعد کے شعر کی شرح کرتے ہوئے اپنی مثال بھی دے دیتے ہیں۔ ؎

جو سا سو جیوں آرسی ہوے   اس کا حکم حکم ہے سوے

---

[1] ص ۲۸۷-۲۸۸

جسم چنانچہ آئینہ است کہ ہر حکم کہ آئینہ دارد جسم ہمان حکم دارد کہ در جسم خوب وجود بصورت احسن نماید و دور
جسم فرس و طاؤس وجود بصورت فرس و طاؤس در نظر آید۔ وغیرہ

رسالہ حفظ مراتب

یہ رسالہ فارسی نثر میں ہے اور رسالہ معارف کے سائز پر کوئی ڈیڑھ سو صفحوں پر پھیلا ہوا ہے۔ رسالہ کی حمد میں ارشاد ہوتا ہے:

حمد مطلق سزای ذاتی را کہ او بحفظ مراتب ایجاد عالم کرد در اژدحام کثرت اعتباری و وجودی ذات او فرد
(یعنی حمد مطلق اس ذات کو سزاوار ہے جس نے حفظ مراتب کے ساتھ عالم کو پیدا کیا اور جس کی ذات اژدحام کثرت اعتباری و وجودی میں فرد ہے۔)

لیکن خود یہ حفظ مراتب کیا ہے؟ اس کے جواب اور رسالہ کی افادیت کے پیش نظر خوب محمد نے تقریباً تین صفحے میں حفظ مراتب کو مجمل طور پر بیان کیا ہے۔ اس کی تفصیل خوب ترنگ اور امواج خوبی ہیں۔ علاوہ برین اس اجمال کی تفصیل خود اس رسالہ میں بہ تمام صراحت موجود ہے۔ رسالہ "کلام بزرگان" پر مشتمل ہے اور اس کی تحریر کا یہ سبب ہے کہ بعض طالبان حق نے مراتب وجود میں بعض محل اعتراض دکھائے اور یوں غلطی کی چنانچہ خود کہتے ہیں:

... اما بعد کلمہ چند تالیف از بزرگان در حفظ مراتب بدان تقریب از خوب محمد چشتی صادر شد کہ طالبان حق در مراتب وجود بہ بعض محل اعتراض نمودند۔ در جواب آن بیت ... (شعر صاف نہیں ہے) ... وشنیدہ ام مصراع کہ

گر حفظ مراتب نکنی زندیقی

پس این رسالہ را حفظ مراتب نام نہادم چراکہ مستمع را باید کہ بانصاف کوشد نہ آنکہ باعتقاد خود درخروشد از جہت آن طبع خود را منصف کردہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل گفتہ ...“

اور مقدمہ میں لکھتے ہیں:

” ... روح را جسم نباید گفت وجسم را مثال نباید گفت وہمچنان حقیقت محمدی کہ وحدت است آن را عقل کل نباید گفت وعبودیت را الوہیت نباید گفت چراکہ عقل کل وعبودیت مخلوق اند و وحدت الوہیت غیر مخلوق اند ...“

خوب محمد ایسا معلوم ہوتا ہے کہ " ہر امر کی وجہ اور شرح بیان کرنے کے قائل ہیں۔ چنانچہ " حمد مطلق سزای ذاتی" کی توجیہہ تندرست اور لاغر گھوڑے کی تصویر کی تمثیل کے ذریعے مقدمہ میں بیان کرتے ہیں:

” فہم کن مراد حمد مطلق سزای ذاتی را بہ تمثیلی شرح دہم چنانچہ مصور یک اسپی خنگ و پہن تنی تصویر کرد۔ اگر کسی

این اسپ را وصف کند عین صفت مصور است ۔ پس ہر کہ را صفت کنند آن صفت حق است و ہمان مصور بطرح دیگر یک اسپی لاغر بی نہایت تصویر کرد ۔ این را بد میگویند بہ نسبت آن تازی ۔ و لی وقتیکہ در لاغری بینند نادر گویند و اگر عجب و نادر گفتہ وصف کنند آن زمان عین صفت حق است ۔ پس حمد مطلق سزای ذاتی را شد کہ سوی او اشارتست لا احصی ثناء علیك وکیف کل ثناء یعود الیك کہ او بحفظ مراتب عالم ایجاد کرد ... "

خوب نے اسے ۱۰۰۹ھ میں ۷ محرم کو لکھا تھا :

بوقت ضحانی یوم الاربع در تاریخ ہفتم از شہر محرم الحرام سنہ ہزار و نہ (۱۰۰۹ھ) بیانش واضح نمودم۔

تاریخ

خوب محمد کہ چو تاریخ سال — می شمرد از تو عدد یاحفیظ
حفظ مراتب کہ ز وی صادر است — حفظ کنش باش مدد یاحفیظ

تاریخ کا کنایہ اور ایک جگہ پایا جاتا ہے :

" ... اگر کسی خواہد کہ در سنہ ہزار و نہ ماہ ذی الحجہ مورخہ یازدہم آفتاب در کدام برج است ..." عدم حفظ مراتب کی صورت اور اس سے متعلق چند مثالیں بقول خوب محمد یہ ہیں :

ایک قابلیت اور ایک نسبت کو اصل نہیں کہہ سکتے ۔ کیونکہ اصل جمیع قابلیات یعنی حقیقت محمدی و وحدت وتعین اول تجلی وحدت ہے جیسا کہ صاحب فصوص فرماتے ہیں :

ان قلت بالتنزیہ کنت محمدا — ان قلت با تشبیہ کنت معددا
ان قلت با لاحرین کنت مددا — وکنت اماما فی المعارف سیدا

اور صاحب جہان نما وحدت کو اصل جمیع قابلیات ٹھہراتے ہیں ۔ کہتے ہیں کہ " چہ احدیت و واحدیت کہ منتسبین اند ظاہر نمیشوند الا بہ نسبتی ."

چنانچہ منتسبین ہی کو اصل کہنا حفظ مراتب سے دوری ہے ۔ چنانچہ صاحب گلشن راز فرماتے ہیں :

ز یک چشمیست ادراکات تنزیہہ — ز نابینائی آمد راہ تشبیہ

کیونکہ اس کا انحصار تنزیہ پر نہیں ہے پھر تشبیہ پر کیوں کر کر سکتے ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ ملحد ناسمجھی کی بنا پر عالم کو خدا کہتا ہے یا ایک کامل سکر کی بنا پر شطحیات پر اتر آیا ۔

کہ انا الحق یا سبحانی ما اعظم شانی باھل فی الدارین غیری یا لیس فی جبتی سوی اللہ

یہ سب حفظ مراتب میں تغلیط کے برابر ہے ۔ اسی طرح کسی عالم کا درجہ اجتہاد پر پہنچ کر یہ کہنا کہ میں ان مراتب میں تقدیم و تاخیر محسوس کرتا ہوں کہ المجتہد یخطی ویصیب یا پھر نبیوں کا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرح (تارہ

چاند اور سورج کو) ھٰذا ربّی کہنا بھی روا نہیں ہے۔ حالانکہ انہیں صاحب ملت کہا گیا ہے۔

چنانچہ غالباً یہ دیکھتے ہوئے کہ انسان چاہے عامی ہو یا عالم، کافر ہو یا مسلمان، صوفی کامل ہو یا نبی حفظ مراتب کو بعض اوقات باقی نہیں رکھتا۔ خوب محمد نے اگلے صفحات میں سوال و جواب کی صورت میں تمثیلات اور شکلوں سے مدد لیتے ہوئے حفظ مراتب کو بڑی ہی شرح و بسط کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اس کی تصدیق رسالہ عقیدۂ صوفیہ میں اس طرح کی ہے:

" اینجا حضرات خمس را من پیش تو مختصر گفتہ ام۔ درکتاب امواج خوبی و درکتاب حفظ مراتب در آن ہر دو کتاب یک بہ یک بتمثیلات واضح کردہ ام۔"

شاید اسی توضیح کی بنا پر رسالہ حفظ مراتب کو کتاب حفظ مراتب کہا ہے۔ خود حفظ مراتب میں اس تفصیل کا ایک جگہ وعدہ بھی کرتے ہیں۔ " این حضرات خمس را من پیش تو مختصر گفتہ ام۔ بیشتر بہ تفصیل خواہم گفت و یک بہ یک را بہ تمثیلات مبین اظہار خواہم نمود۔"

سوالات میں اکثر و بیشتر اپنے آپ سے خطاب کرتے ہیں:

(۱) ای خوب اگر کسی سوال کند کہ واجب الوجود ...

(۲) ای خوب اگر کسی سوال کند کہ صفات تعالیٰ ...

(۳) ای خوب اگر کسی سوال کند کہ واجب الوجود در وجود خود ... وغیرہ

کہیں کہیں جوابات میں بھی اپنے آپ کو مخاطب ٹھہراتے ہیں:

(۱) ای خوب اسم سیوم الباطن استعداد خاص دارد ...

(۲) ای خوب اسم چہارم الآخر رب جوہر صباست کہ ...

(۳) ای خوب اسم ہفتم المحیط رب عرش عظیم و عرش جمیع عالم علوی و سفلی را محیط است ...

(۴) ای خوب اسم ہشتم الشکور رب کرسی است ... وغیرہ

اسم ہشتم تا ہفدہم کی توضیح اور صفات دکھاتے ہوئے علم الفلکیات کا مختصر سا ذکر کیا ہے۔ تمام ستاروں کے اثرات سے بحث کی ہے اور ان کے اثرات اور وقت کے لحاظ سے کام کے ہاتھ اس کا انجام بھی بتایا ہے۔ ان کے نزدیک دنیا کی کوئی بات ستاروں کے اثر سے خالی نہیں ہے۔ اس ضمن میں خوب محمد نے مسلمان یا عرب و ایران کے منجموں کے علاوہ "منجمان ہندی" کے خیالات بھی پیش کئے ہیں۔ مثلاً اسم دہم المقتدر رب فلک منازل کے بیان میں ان کی نو منزلیں نہ گنائی ہیں:

(۱) مگھرادا، سرون اترا، بھالگنی اترا، بھدرپت اترا، اکھادا، سبتھکھا، راہنی اور دھنشتا۔

(۲) جیشٹا، پراس، ہست، اسونی، مدکسر، دیوتی، اتراد ہا، سوانتھ اور چترا
(۳) مول، کرنکا مکھا ایساکھا بھرتے
سبیکھا بوریا بھا لگنے
بوریا اکھارا بوریا بھدرپت

یہ صورتیں مختلف امور کے سبب بیان ہوئی ہیں۔ مثلاً نمبر تین کے لئے کہتے ہیں:
این نہ منزل نظر فرود آرند۔ چاہ کندن و خزانہ در زمین نہادن و حوض کردن نیک است۔
دنوں کے اعتبار سے سات منزلیں حسب ذیل بیان کی ہیں:
"یکشنبہ۔ مگھا، دوشنبہ ایساکھا، سہ شنبہ ادرا، چہارشنبہ مول، پنجشنبہ کرنکا، جمعہ۔ اونہی اور شنبہ۔ہست۔ درین ہفت منازل جم کھت جوگ گویند۔" اور "ہیچ کاری نباید کرد۔"
دوران بیان میں "نجوم ہندی" کی گھڑی، پل، نکھتر، نہاری اور پنوتی وغیرہ اصطلاحیں استعمال کی ہیں۔ پنوتی (پَنَوْتی) کو علاقۂ بمبئی میں نحوست کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔
بائیسویں نام العزیز (رب جماد) کی شرح کرتے ہوئے خوب محمد نے مختلف جمادات کے نام بتائے، ان کی کیفیت اور خصوصیات بتاتے ہوئے فوائد کا بھی ذکر کیا ہے، مگر یہ فوائد مشروط ہیں۔ ساعتوں کے لحاظ سے ان جمادات کے استعمال میں زور دیا ہے۔ فصلوں کے اعتبار سے ضروری ادویہ، غذا اور پرہیز بھی بتایا ہے۔ایک مثال پر اکتفا کرتا ہوں:
"وقتیکہ نصف آخر ساون و تمام بھادوں و نیم اول آسو خواہد شد این ایام را سردہ میگویند۔ درین فصل تلخہ راجاست و پردھان باد۔ درین روزہا ہلیلہ با نبات مصری بخورد و خوردنی این فصل شیر گاؤ و نیشکر و برنج و ہینگ و کمود و آب حوض و در شعاع ماہتاب خواب کند تا چہار گھڑی و صندل مالد و گل پیل استعمال کند و جماع کند و روغن گاؤ بیش اندک نوشد و خرما تر و خشک خورد و نبات یا دال نخورد وانبہ پختہ خود و راکھ الاجی (الائچی؟) و ترش انار و ترنج و ادرک و نیمو۔ بشنو پرہیز این فصل از جغرات و کنجد و روغن کنجد را نہ خورد و نہ اندام مالد و جوز ہندی و کیری۔"
ممکن ہے "روغن کنجد را نہ خورد" پر بعض کے ہاں استعجابی کیفیت پیدا ہو جائے۔ مگر یہ واقعہ ہے کہ بمبئی علاقے میں تل کے تیل کا استعمال کھانا پکانے میں عام ہے جیسے شمالی ہندوستان میں سرسوں کا تیل۔ اسے مقامی اصطلاح میں میٹھا تیل کہتے ہیں۔
مختلف دھاتوں اور قیمتی پتھروں کے سلسلے میں کہتے ہیں کہ۔

چون بخار در زمین محبوس باشد و بر صفت اختلاط مختلف که کم و کیف است چون درازی و کوتاہی و سردی وگرمی ہنوز تمام نرسیدہ باشد ازان اجسام ارضیہ گویند اگر بخار غالب آید بر دخان ازان اجسام تولد شود لیثم و بلور و زیبق و رصاص و سرب و دیگر جواہر کہ شفاف اند و اگر دخان غالب باشد ازان تولد شود نمک کہ آن را کیس و پھٹکری گویند و کبریت و نوشادر و پس از اختلاط این اشیا بعض بہ بعضی تولد شود ۔ اجسام ارضیہ مثل زر و نقرہ و رصاص و سرب و حدید و نحاس و خاصیتی این اجساد سبعہ از زیبق و کبریت اند کہ این ہر دو ثابت شدہ اند ... "

اس کے بعد زیبق ، نوشادر ، گوگرو ، زرنیخ ، سرب ، قلعی ، آہن ، زر ، مس ، خارصینی اور نقرہ کی اجزائے ترکیبی اور خصائص منظوم (فارسی) طور پر بیان کئے ہیں ۔ یہ نظمیں خود خوب محمد کی ہیں ۔ ان نظموں کے بعد ارواح کانی عقارہائے مختلف اور تصعید کے علاج کے طریقے بھی فارسی نظم میں بتائے ہیں ۔ دوسری نظموں کی سرخیاں حسب ذیل ہیں:

صفت نوشادر ، صفت گوگرو و زرنیخ ، کیفیت کشیدن جوہر از گوگرو و زرنیخ ، معرفت زاک یعنی کیس و پھٹکری ، صفت املاح ، معرفت پدیدان آمدن اعجاز ، تکلیس اور تشمیع ۔

چنانچہ ہم یہ نتیجہ نکالے بغیر نہیں رہ سکتے کہ اکابر صوفیہ کی کتابوں کے علاوہ خوب محمد کو نجوم و طب اور عطاری پر بھی عبور تھا ۔

ان علوم پر بغیر استاد کے عمل کرنا بقول خوب محمد نادانی ہے ۔ تاہم شغل حق سب پر افضل ہے اور لطف یہ کہ صاحب دل ہو جانے سے تمام دقتیں خود بخود حل ہو جاتی ہیں:

مثنوی

دلی ہرگز مکن دانا جز استاد	زمن این یک سخن را یاد کن یاد
ترا آن لحظہ باشد کار نیکو	کہ کرد و شغل حق بیخود شوی تو
وگرنہ بیہدہ چندین مبر رنج	کہ زیر این طلسم آمد ہمہ گنج
اگر خواہی شوم زین طرح مقبول	ضمیر خود شناس و باش مشغول

مبادا از شنیدن کارسازی	بنادانی ہمہ کس خورد بازی
از ان دور سخن این قدر آیم	کہ براہ عکس کردن را نمایم

مزاج ہر یکی دانی درین راہ	زنیک و بد از یشان باشی آگاہ
ولیکن تا نہ بینی پیش استاد	ہمہ ترکیب کردن بست بر باد

مگر در ہر عمل چندین غلطہاست — بغیر از اولیا ہرگز نشد راست
درین نسخہ اگر چہ نقص آرد — ولی این علم ہم یک فضل دارد
بدین ہنجار ہر کس علم داند — اگر باشد ولی کردن تواند
چو صاحب دل شوی گردد ہمہ حل — درین فن ہست خوب این خبر اول

بعض الفاظ کی فرہنگ بھی خوب محمد نے دی ہے۔ قدامت کے ساتھ ہم معنی انگریزی الفاظ کے استعمال کے سبب اس فرہنگ کی اہمیت بے حد بڑھ جاتی ہے۔ چنانچہ اس فرہنگ کو میں انہیں کے الفاظ میں دہرا دینا بہت ضروری سمجھتا ہوں:

" فرہنگ این لفظہا ـــ سنگ دھنج کہ ازو سیلو میشود و سنگ مغنیسیا (MAGNESIA) یعنی ترتری کہ آنرا ہندوی کانہ میگویند و سنگ روص کہ از جبل برآید۔ آنرا در ہندی بت میگویند۔ و سخار یعنی ساجی و سنگ سارقشنیسیا (SARCACIA ?) یعنی سون مکھی ... و بورق یعنی چوکھار و طلق ابرکھ را گویند ... تسقیہ یعنی پت دادن و تکلس بھوکہ (برادہ) کردن مثل آرد ... و تذہب (؟) یعنی گداز از پھنکنا۔ الحدید یعنی کاٹھ فولاد و زاک یعنی کسیس و شب یمانی یعنی پھٹکری و سنگ گچ کہ ازو چونہ (چونا) سازند و مازون یعنی مائن پھل ... تقطیہ یعنی چکا بندی ... زاک قلقند مور تھوتھہ و ابلوط یعنی ابلوت و خارصینی یعنی سنگ بصری گویند کہ ازو کھابریہ سازند و ازو ...... گوگرو زرد صاف یعنی گندھک اصل سادا و ... بی سنگ یعنی منسل کر... خردل یعنی رائی و فل یعنی سرکہ ... سنج یعنی سندور ... رنگ فریسہ یعنی نیل کتھ (کتھا) لعل آب یعنی بوٹی (؟) زرنیخ و سیاہی را در لعل آب آمیزند سوسنی (سوسی ؟) شود و زرنیخ را در زعفران آمیزند نارنجی شود...

(خالی جگہوں میں ایک آدھ ہی ایسے لفظوں کی جگہ خالی ہے کہ جو پڑھے نہیں گئے ہیں۔ بقیہ خالی جگہیں ان فرہنگوں کی ہیں جن میں انگریزی یا ہندی کا کوئی لفظ نہیں تھا۔)

انسان کا تعلق "جامع" سے ہے یعنی جامع (۲۷ واں نام) رب انسان ہے۔

۲۸ واں نام رفیع الدرجات یعنی رب خلیفۃ اللہ ہے اور اسموں کا بیان اسی پر ختم ہے۔ اس کے بعد نبوت، خلافت وغیرہ کا بیان ہے۔

رسالہ کے آخر میں یہ جملے ملتے ہیں:

" تمام شد رسالۂ حفظ مراتب کہ مقدمۂ شرح جام جہان نماست و آن شرح مسماست بشراب جام از تصنیف خوب محمد چشتی ..."

اس اقتباس سے یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ شرح جام جہان نما یعنی رسالۂ شراب جام اس کے بعد لکھا گیا

ہوگا۔ مگر حقیقت حال برعکس ہے۔ شراب جام کی تاریخ ارقام ۹۷۴ھ ہے۔ غالباً مقدمہ لکھنے کا خیال بعد میں آیا ہوگا۔ ویسے بعد کے ناقلین نے پہلے حفظ مراتب اور اس کے بعد رسالہ شراب جام کو نقل کیا ہے۔

اس رسالہ کے دو نسخے پیر محمد شاہ لائبریری (احمد آباد) میں موجود ہیں اور ایک نسخے کے اختتام پر یہ عبارت درج ہے:

تمت الکتاب ھذا رسالہ فی وقت ظہر یوم الخمیس بتاریخ شانزدہم معظم الکرام ماہ رمضان ۱۰۱۴ھ بخط ملا مدد ولد شیر محمد در احمد آباد نوشتہ شد۔

بحضور

یہ تاریخ تحریر میرے نزدیک اہمیت رکھتی ہے۔ کیونکہ انہیں ملا مدد ولد شیر محمد کا لکھا ہوا امواج خوبی کا ایک نسخہ پیر محمد شاہ لائبریری میں موجود ہے اور اس پر سنہ محض اس طرح درج ہے ۱۴ سنہ ھ۔ ظاہر ہے کہ یہ ۱۰۱۴ سنہ ھ ہی ہو سکتا ہے کچھ اور نہیں۔

حفظ مراتب کے ماخذ

خوب محمد نے رسالہ کی ابتدا میں لکھا ہے کہ یہ رسالہ بزرگوں کے کلام پر مشتمل ہے۔ چنانچہ اس کے ماخذات کی فہرست درج ذیل ہے:

(۱) قرآن و احادیث و اقوال بزرگان دین مثل ابوبکرؓ وغیرہ

(۲) فصوص الحکم از شیخ محی الدین ابن عربی

(۳) گلشن راز از شبستری

(۴) جام جہاں نما از شیخ مغربی

(۵) نقد النصوص
(۶) شرح رباعیات
(۷) لوایح
(۸) شرح لمعات
} از جامی

(۹) نعمت اللہ (ولی) کا کلام۔ ان کی ایک طویل غزل دی ہے ؎

یاد گیر این گفتہ ہای نعمت اللہ یاد گیر تا ترا امروز پند و مونس فردا بود

(۱۰) اور تصوف و نجوم و طب پر دوسری کتابیں۔

نوٹ: نجوم اور طب وغیرہ کی باتیں کرتے ہوئے خوب محمد نے کسی کتاب کا حوالہ درج نہیں کیا ہے۔ اس

سے نتیجہ نکالنا کہ خوب محمد کو ان علوم پر بھی مہارت حاصل تھی کچھ غلط نہ ہوگا۔

رسالہ عقیدۂ صوفیہ

یہ رسالہ فارسی نثر میں ہے۔ بعد کے دونوں رسالے: رسالہ خلاصۂ موجودات اور رسالہ صلح کل سے نسبتاً بڑا ہے۔ خوب محمد چشتی کی دوسری تصانیف کے مقابلے میں اسے یہ خصوصیت حاصل ہے کہ ان میں تفحص کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ ان کا تصوف وحدت الوجود کا تصوف ہے اور اس رسالہ میں انہوں نے اس امر کی طرف شروع ہی سے اشارہ کیا ہے۔ ملاحظہ ہو:

"بعد از حمد و صلوٰۃ بیان عقیدۂ صوفیہ کہ قایل اند بوحدت وجود ..."

اس میں فصوص (الحکم)، گلشن راز اور جام جہان نما کے حوالے ملتے ہیں۔ رسالہ کے نام کی تصریح اور تاریخ تحریر خوب محمد سے سنئے:

شمار د سال از اعداد اگر کس　　　بگو خوبی ہزار و سیزدہ بس

(۱۰۱۳ھ)

اس کے بعد کہتے ہیں:

"این رسالہ کہ مسماست بعقیدۂ صوفیہ از خوب محمد چشتی در ایام نوروز سنہ ہزار و سیزدہ در ماہ ذی القعد روز چہار شنبہ مورخا (کذا) دوم بوقت ظہر تجلا شد ..."

آخر میں احکام کی تلقین اور اس تلقین کی اہمیت جتاتے ہوئے کہتے ہیں:

"و این کلام حق است کہ رسول وار بتومی رسانم بہ دلم وارد میشود کہ لیھا علی الوسول الا البلاغ بیت

در پس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند　　　آنچہ استاد ازل گفت بگو میگویم"

عام حالات و خیالات کے پیش نظر انہیں اس "دعوی رسالت" کی اہمیت اور بلندی کا خیال اور غالباً ... کج فہمی کا احساس ہوتا ہے کہ وہ "بڑی بات" کہہ رہے ہیں۔ چنانچہ کہتے ہیں:

"اگرچہ من ز مرتبۂ خود پا برون نہادہ ام مانند چشم کہ در بیغولہ اند ..."

اور آخر میں ایک سچے صوفی کی طرح یوں دعا کے طالب ہوتے ہیں:

"الہی چنانچہ این رسالہ را از قوۃ بفعل آوری ہمچنان قول و فعل من موافق گردان و چنانچہ علم دادہ توفیق عمل بخش۔ الہی اگر دل دادۂ ان را دلبر شو کہ درای تو سوی کس متوجہ نباشد و اگر دلبر شوی آنرا دلدار باش کہ دل بحضوریت تو قرار گیرد ..."

پھر قلب و نظر سے خطاب کرتے ہیں کہ اے دل مراقبۂ محبوب میں قرار حاصل کر اور اے زبان مست یدہ ...

میں دم نہ مار!

ترجمۂ رسالہ عقیدۂ صوفیہ

مقابلۂ رسالہ عقیدۂ صوفیہ کا ترجمہ ضروری ہے کہ اول تو اس کے سلسلے میں یہ کہا ہے کہ جو کچھ دل پر وارد ہوتا ہے اسے تم تک پہنچا دیتا ہوں۔ دوسرے صوفیہ کی طرح ان کا اپنا بھی عقیدہ وحدت وجود ہی کا ہے۔ ترجمہ پانچویں باب میں ملاحظہ ہو۔

رسالہ خلاصۂ موجودات

یہ رسالہ فارسی نثر میں ہے اور بہت ہی مختصر ہے۔ خوب محمد کے تمام رسالوں میں سب سے چھوٹا ہے۔ اگر فولس کیپ پر اوسط خط میں لکھا جائے تو ۲۸ سطریں فی صفحہ کے لحاظ سے تین صفحوں پر آجاتا ہے۔ اس کے مخطوطے پیر محمد شاہ لائبریری (احمد آباد) اور یونیورسٹی لائبریری، بمبئی میں موجود ہیں۔

رسالہ کی ابتدائی سطریں ہی رسالہ کا نام اور طریق تصوف (وحدۃ الوجود) کا پتہ دیتی ہیں:

"حمد موجودی راکہ خلاصۂ موجودات از قوۃ بفعل آورد و مولود او در مرتبہ ظہور فرمود وصلی اللہ علیٰ محمد کہ خلاصۂ موجودات است وعلیٰ آلہ واصحبہ وبارك وسلم۔ اما بعد ازین رسالہ کہ مسمّاست بخلاصۂ موجودات و بیانش وجودی کہ موجود است از جہت کنہ ذات حصول شی نیست کہ مجہول الکیفیت است۔ آن را لاتعین و وجود مطلق و ذات بحت وغیب ہویت میگویند کہ ضمیر ھُوَ اشارت بدوست۔"

اس رسالہ میں گلشن راز، نزہت الارواح اور شیخ سعدی کے حوالے علی الترتیب ملتے ہیں۔

خوب محمد نے اس رسالے کی تین تاریخیں کہی ہیں:

زخوب خوب برآمد سہ جای سال صریح ۔ رسالہ خوب نمودی تو خوب ہردو ملیح
ہزار و چاردہ اتمام صبح آن سنہ انست ۔ صباح دوازدہم در رجب خمیس صحیح

یعنی خوب نے اس رسالہ کو اپنی وفات (۱۰۲۳ھ) سے کوئی ۹ سال پہلے لکھا تھا۔

رسالہ خلاصۂ موجودات ایک لحاظ سے بڑی اہمیت کا مالک ہے۔ اس کے آخر میں خود خوب محمد کی کہی ہوئی اپنی تاریخ ولادت موجود ہے۔ اس تاریخ کا مادہ بڑا خوبصورت ہے اور اس کا استعمال بہت ہی نادر ہے جس کا اندازہ (مع مادۂ تاریخ کے) اس اقتباس سے بخوبی ہوسکتا ہے:

"پس ہر شئی کہ در موجودات بوجود می آید عین مولود خلاصۂ موجودات مالانہایت کہ عالم تفصیل او است و او اجمال عالم چنانچہ میوہ در تخم بود و تخم در میوہ نمود۔ درین مقتضا خواستہ ام کہ مولود خود گویم۔ ناگہان در باطن بلا واسطہ وارد شد کہ "خموشش" این ہم مولود خلاصۂ موجودات کہ آن را مولود خویش پنداشتہ۔ بیت

باخموشی در دلم آمد ندا از گوش ہوش — خوب با ہریک مگو تاریخ مولودت خموش
(۹۴۶ھ)

رسالہ صلح کل

یہ رسالہ فارسی نثر میں ہے اور مختصر ہے۔ کتب خانہ پیر محمد شاہ (احمد آباد) اور بمبئی یونیورسٹی لائبریری میں اس کے مخطوطے موجود ہیں۔ اس کی ضخامت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ فولس کیپ پر اوسط خط میں لکھا جائے تو ۲۸ سطر (فی صفحہ) کے لحاظ سے تقریباً ساڑھے پانچ صفحہ پر آسکتا ہے۔

اس رسالہ کے موضوع اور اس کی وجہ تسمیہ کے بارے میں خوب محمد رسالہ کی ابتدا ہی میں خود ہی کہتے ہیں :

حمد جامعی راکہ بجمیع محامد محمد است وصلوٰۃ بر انسان کامل کہ در مرتبہ جامع محمد است۔ چنانچہ صفت جلال و جمال و اسماء الٰہی وکیانی در مرتبۂ ذات صلح کل دارد۔ خوب محمد چشتی کہ مصنف این سطری چند است بدین بیان این رسالہ را بخطاب صلح کل مخاطب کرد۔

اس اقتباس کے ساتھ جب ہم پورے رسالہ کا مطالعہ کرتے ہیں تو اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ اس کا بھی موضوع مسئلۂ وحدت الوجود ہے اور اس کا بیان بھی دوسرے ہم مسلک صوفیائے کرام کے طرز پر ہے۔ وجود مطلق کو بحیثیت ذات پانچ مراتب کے ساتھ بیان کیا ہے۔ ذات مطلق یا وجود مطلق کو خوب محمد غیب ہویت اور ذات لاتعین و مجہول الکیفیت اور احدیت بھی کہتے ہیں۔ اس کے پانچ مراتب جو حضرات خمسہ بھی کہلاتے ہیں حسب ذیل ہیں :

(۱) وحدت (۲) واحدیت (۳) روح (۴) مثال (۵) جسم۔ وحدت کو حقیقت محمدی اور واحدیت کو اعیان ثابتہ سے تعبیر کیا ہے۔ وحدت اور واحدیت مراتب غیب یا غیر مخلوق ہیں۔ روح، مثال اور جسم مراتب کونیہ یا مخلوق ہیں۔ جسم ہی کے ساتھ انسان کا ذکر ملتا ہے جسے خوب محمد الگ درجہ کے طور پر نہیں پیش کرتے۔ حالانکہ دوسرے صوفیہ کے ہاں یہ ایک علیحدہ درجہ ہے۔ تاہم اس کے لئے جو اصطلاح : مرتبۂ جامع، رائج ہے وہ ان کے ہاں موجود ہے۔ مثلاً "صلوٰۃ بر انسان کامل کہ در مرتبہ جامع است۔"

چنانچہ رسالہ صلح کل شروع سے لے کر وحدت الوجود کے مسئلے کو تمام باریکیوں اور نکات کی مجمل تشریح کے ساتھ بیان کیا ہے۔ وضاحت کے لئے پانی، دریا، غربال، آئینہ میں پیشانی وغیرہ کا دیکھنا "نحط" کا مجتمع ہو کر سال کی صورت اختیار کرلینا وغیرہ کی مروجہ مثالوں سے مدد لی ہے۔ تصوف اور نعت کی رو سے نبی، ولی، عارف، محقق، محدث، مفسر، کلام اللہ وکلام رسول وغیرہ کے "اختلافات" بڑی عمدگی سے سمجھائے ہیں۔

حضرات خمس کا بیان آئینہ بینی کی مثال خوب محمد نے اس طرح واضح کیا ہے :

بشنو کہ درین دیدن آئینہ مانند مراتب حضرات خمس ظاہر میشوند۔ اول دانستن ذات شخص کہ بینندہ است

آن را وحدت گویند و دوم دیدن و دانستن آن شخص کہ ذات باجمیع صفات است آن را الوہیت خوانند۔ اس ہر دو مراتب غیب اند وغیر مخلوق و سہ مراتب کہ مخلوق اند از آن اول آنست کہ شخص دانندہ است کہ پیشانی دارم و دایم در آن پیشانی چشم بینا است اما گاہی پیشانی را ندیدہ و باعتبار آئینہ ہمان پیشانی دید کہ بچشم سر دیدن روا نیست اما بمعنی دیگر دران معنی کہ در نادیدن است بحال خود است کہ وھو الآن کما کان درین مرتبہ ذات نگویند روح نامند و مخلوق ازآن گویند کہ تکرار بازیافت اگر ہزار بار بازیابد در وحدت کثرت نباشد و معنی باز یافتن یکیست و آن روح ابوالارواح است و ہزار بار تفصیل اوکہ ارواح عالم و آدم است و ازان سہ مراتب دوم مرتبہ عکس کہ اعضای راست را چپ نماید و چپ را راست از جہت مقابل آن را قلب نامید دور انقلاب او اصل شخص است و حامل تجلی اوست بدین معنی قلب المؤمن عرش اللہ فرمود و اگر ہزار بار انعکاس شود اما مفہوم عکس یکیست و مکرر تفصیل او بدین تقدیر قلوب عالم و آدم تفصیل قلب محمدیست و ازان مراتب مرتبہ سیوم آئینہ کہ درروی آئینہ روی راست نماید و بر پشت آئینہ مانند سپر دور شمشیر دراز و درآب پای بپای چسپان و سرنگون در نظر آید پس اختلاف صورت از آئینہ است وہستی صورت از شخص ہمچنان وجود در صغر بخاک بازی کند و در جوانی عشقبازی وجنگ آوری و در پیری عاجزی و بیچارگی پس آئینہ آنست کہ باعتبار قابلیت خود ہستی بینندہ بنماید اگر ہزار بار بتفاوت قابلیت بنماید اما مفہوم نمودن یکیست و ہزار بار مکرر نمودن تفصیل او برین تقدیر آئینہ ہا و اجسام عالم و آدم تفصیل آئینہ جسم محمدیست[1]

اور یہ مقام محمدی چار "حکم" رکھتا ہے:

(۱) سوختگی بی انباز — مرتبۂ (لاتعین) (۲) عدل مراتب ساز — مرتبۂ (تعین وحدت)

(۳) جمعیت راز تمام — مرتبۂ (تجلیٔ الوہیت) اور (۴) شجاعت جان باز — مرتبۂ (انسان کامل)

یعنی نقطۂ آخر نقطۂ اول سے پیوست ہو کر دائرہ کو مکمل کر دیتا ہے۔ چنانچہ اس کی دوری اور نزدیکی یہی ہے۔ اس سے کم نہ اس سے زیادہ۔

خوب محمد کے نزدیک جو جماعت اپنے دل کو ان اوصاف سے موصوف کر لیتی ہے اور شریعت کے پیش نظر کلمۂ توحید و نماز و روزہ و حج و زکوٰۃ ادا کرتی ہے وہ گویا مذہب سنت وجماعت کی پیرو ہے، اور جو جماعت خلافہ شیخین و ذی النورین کی منکر اور "خلافت" امیر کرم اللہ وجہہ کی قائل ہے و مذہب شیعہ کی پیرو ہے۔ عالم ارواح و اجسام کو

---

[1] ترجمہ عمداً نہیں دیا ہے کہ یہی باتیں خوب ترنگ کے تصوف میں ملیں گی۔
مخطوطوں میں مصرع تاریخ اس پر ختم ہوتا ہے "زہجر محمد" مگر ڈاکٹر مدنی نے اپنے مقالہ میں "زہجری محمد" دیا ہے اور یہی صحیح معلوم ہوتا ہے۔

تفصیل حقیقت روح وجسم محمدی اور آں حضرت کو اجمال عالم مخلوق وغیر مخلوق (کہ یہی ایک انسان قابلیت حق رکھتا ہے اور باقی اس کی تفصیل ہے) اور انسان بے مثال وہمتا کا عقیدہ رکھتے ہوئے لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہنے والے کا اسلام مسلم ہے اور یہی مرتبۂ صلح کل ہے۔

اس رسالہ میں محض ایک مقام پر نزہتہ الارواح کا حوالہ ملتا ہے۔ اور یہ تمام نفی نفسانیت کا ہے چنانچہ کہتے ہیں:

"صاحب نزہتہ الارواح فرمود کہ قومی را اندیشہ بخور رسید۔ گمان بردند کہ رسیدند چنانچہ تا کی صاحب فنا را شعور فنا باشد صاحب فنا نیست چون شعور فنا مرتفع شود صاحب فناست پس فنا در فنا مندرج است نہ آنکہ نفی در نفی اثبات۔"

حسب معمول اس رسالہ کی بھی تاریخ کہی ہے جو رسالہ کے آخر میں درج ہے۔

آمد ہزار وشانزدہ زہجری محمد　　　　تاریخ صلح کل بقول خوب محمد

مفتاح التوحید[1]

کتب خانۂ کیمبرج یونیورسٹی کی فہرست (کتب فارسی) مرتبہ ای۔ جی۔ براؤن میں نمبر ۱۱۷۷ پر خوب محمد چشتی کے تین رسالوں کا ذکر ہے: صلح کل، خلاصۂ موجودات اور مفتاح التوحید۔

اس میں ایک دلچسپ بات یہ ہے کہ صلح کل کے مصنف کی حیثیت سے خوب محمد کا نام یوں دیا ہے:

خوب محمد حسینی ــ حالانکہ خوب محمد چشتی ہونا چاہیے جو مشہور و معروف ہے۔

اس فہرست میں مفتاح التوحید کا نام تحریر کرنے کے بعد مصنف کا نام خوب محمد چشتی لکھا ہوا ہے۔ ابتدا یوں ہوتی ہے:

تحایف حمد و لطایف ثنا سزاوار نثار ذاتی است کہ ... الخ

رسالہ بھاؤ بھید

اس رسالہ کا ایک نسخہ دریافت ہو سکا ہے[2] خوب محمد کی بعض کتابوں کی طرح اس کا بھی ایک نسخہ ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب کے کتب خانہ میں موجود ہے[3] رسالہ بھاؤ بھید کا موضوع صنائع بدائع ہے۔ چنانچہ بقول مولوی صاحب خوب محمد خود کہتے ہیں:

---

[1] فہرست: کتب خانۂ کیمبرج یونیورسٹی ــ افسوس کہ نقل نہیں مل سکی۔

[2] اردو کی ابتدائی نشوونما میں صوفیائے کرام کا کام ص ۶۰۔ مولوی صاحب نے اس کی تشریح نہیں کی۔ کذا

[3] میں نے اس رسالہ اور اس کی نقل حاصل کرنے کی کوشش کی مگر کامیاب نہ ہو سکا۔

گفتہ صنایع بدایع را بزبان گجرات از جہت یادداشت می گویم، امید بحضرت صنایع و بدایع چنانست

کہ مقبول گرداند۔ دوہرہ

حمد خدای خوب کر کہ صلوٰۃ رسول
پچھیں صنعت شعری کہے تو ہوئے قبول

امّا بعد این رسالہ بخطاب بھاؤ بھید مخاطب شدہ است در بیان تلونات کلام و انواع مفہومات منظوم۔ دوہرہ

بھاؤ بھید اس ناتو کو بات بکٹ سمجھائیں
بھاؤ بھید کے شعر کے خوب جو تجھ آپ آئن

صنعت متضاد، آنست کہ الفاظ چند ضد یکدیگر باشند، مثال

دھیان خدا کا پکڑ جو چھوڑے اسے کہیں جگ مانہ
بھلا برا ہو ثمر یا دیکھو سبل ھسل اس ٹھانہ
تین پائیں دی رج بسلائے بادھرا کے اک کلال
خوب ملیں صندلی رنگ نیلے پیلے کالے لال

عقدہ:

صنعت تفریق تنہا آنست کہ میان دو چیز جدائی افگند، مثال

میں خوب تفریق تنہا پچھان
جدائی دو ہوں مانہ اسس بھانت آن
کنول مکہ جمل بن جدائی ایک بات
کنول دیس بھول سے نیں یہ دیس رات

رسالہ چھند چھنداں[1]

چھند چھنداں کا ذکر پروفیسر شیرانی مرحوم نے اورینٹل کالج میگزین، فروری ۱۹۳۱ء میں کیا ہے اور اب نسخہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری [illegible] میں[2] یہ رسالہ ہندی پنگل، فارسی عروض اور تال ادھیا کے متعلق ہے۔ اس [illegible] ہے سہ

[illegible] ۱۹۳۱ء [1] مخطوطہ سخنوران گجرات و شیرانی کلکشن، کتب خانہ [illegible] مگر کتب خانہ والوں نے مجھے اس کی نقل نہیں بھیجی اور اس کے وجود ہی سے انکار کر دیا۔

بسم اللہ کر ناوں دھر چھند چھنداں پنگل اور عروض اور تال ادھیاتیہ آں

اور اس کا عروضی حصہ اس دوہرہ سے شروع ہوتا ہے۔ سہ

پنگل گن سب کہہ رہیا اب عروض گت آکہہ
مصرے خوب آئین گے جدی جدی بدبہا کہہ

ارکان عروض کے سلسلے میں کہتے ہیں۔ سہ

خوب اصل جز آٹھ ہیں ان کی بگت پچھان دوئی خماسی تن مہیں جھکوں سباعی جان

یعنی فعولن اور فاعلن خماسی ہیں اور مفاعیلن، فاعلاتن، مستفعلن، مفعولات، متفاعلن سباعی ہیں۔

ان رسالوں کے مطالعہ کے بعد مندرجۂ ذیل باتیں معلوم ہوتی ہیں:

(۱) خوب محمد وحدت الوجود کے ماننے والے ہیں۔

(۲) چونکہ ہر رسالہ میں اس کی توضیح و تشریح مدنظر ہوتی ہے اس لئے نہ صرف عبارتیں ایک سی ہیں بلکہ قطرہ و دریا اور چھلنی، پانی، ماہ و سال اور درخت و بیج وغیرہ کی مثالیں بھی مکرر آتی رہتی ہیں۔

(۳) اور جہاں عبارت بدلی ہوئی ملتی ہے وہاں کوئی نیا خیال یا نظریہ نہیں ملتا بلکہ یہ فرق محض توضیحی اور تشریحی اہمیت رکھتا ہے۔

(۴) خوب محمد کو تصوف کے دقیق سے دقیق مسئلہ کے بیان پر پوری قدرت حاصل ہے۔ [illegible] لطافت کے حامل کئی ایک جملے بھی ملتے ہیں۔

(۵) خوب محمد بالعموم رسالوں کی ابتدا میں رسالہ کا نام اور وجہ تسمیہ بیان کرتے ہیں اور آخر میں تاریخ ترقیم بھی کہتے ہیں۔ تاریخ گوئی پر خوب محمد کو بڑا عبور ہے۔

(۶) قرآن و احادیث کے علاوہ خوب محمد نے فصوص الحکم، گلشن راز، نزہۃ الارواح، [illegible] وغیرہ کا زبردست مطالعہ کیا تھا۔ جابجا اکابر شعراء تصوف کے اشعار نقل کرتے رہتے ہیں [illegible] بھی نقل کئے ہیں۔ [illegible] و عطاری پر بھی عبور تھا۔

(۷) خوب محمد پکے سنی مسلمان تھے۔ مگر غیر سنیوں کو برا کہنے کے قائل نہیں ہیں۔

خوب محمد کا [illegible] کرنے والی [illegible] اقتباس و تبصرہ

اردو کی ابتدائی نشوونما میں صوفیائے کرام کا حصہ

ذکر کے بعد شیخ فریدالدین شکر گنج سے لے کر کبیر تک بہت سے صوفیہ کا مختصر حال ان کے مقولے اور تصانیف کے حوالوں کے ساتھ ان کے کلام کے نمونے پیش کئے ہیں۔ چنانچہ صفحہ ۶۰ پر انہوں نے خوب محمد کا ذکر اس طرح کیا ہے:

"ایک اور بزرگ میاں خوب محمد چشتی ہیں۔ یہ بھی احمد آباد (گجرات) کے رہنے والے تھے اور ان کا شمار وہاں کے بڑے درویشوں اور اہل عرفان میں ہے۔ خصوصاً تصوف میں دست رسا رکھتے تھے۔ صاحب تصانیف اور صاحب سخن تھے۔ آپ کی ولادت سنہ ۹۴۶ھ/۱۵۳۹ء میں اور وفات سنہ ۱۰۲۳ھ/۱۶۱۴ء میں ہوئی۔ "خموش" سے تاریخ ولادت اور "خوب تھے" سے تاریخ وصال نکلتی ہے۔ تصوف میں ان کی کئی کتابیں ہیں۔ ان میں سے بعض میرے پاس ہیں۔"

اس کے بعد مولوی صاحب نے رسالہ بھاؤ بھید کا مختصر تعارف کرایا ہے جس کا ذکر آگے آچکا ہے۔ یہ تعارف بہت ہی اہم ہے۔ اس لئے کہ بھاؤ بھید کا تذکرہ اور اس سے مثالیں کہیں اور نہیں ملتیں۔

خوب ترنگ کے متعلق مولوی صاحب کی رائے اچھی نہیں ہے۔ فرماتے ہیں "خوب ترنگ ... ایک خشک کتاب ہے۔ جس میں صوفیانہ اصطلاحات میں تصوف کے مقامات کا بیان ہے۔" چنانچہ وہ میاں خوب محمد کو عالم اور سالک تو مانتے ہیں مگر شاعر نہیں سمجھتے ہیں۔ ان کے خیال میں خوب محمد تصوف کے نکات کے ماہر اور بہت اچھے ناظم ہیں۔" مولوی صاحب کی اس رائے پر تبصرہ خوب ترنگ کے باب میں ملے گا۔

صفحہ ۶۶ پر خوب کی زبان کو ریختہ کہا ہے۔

پنجاب میں اردو

پروفیسر محمود شیرانی مرحوم اپنی تحقیقات اور علم و فضل کے اعتبار سے بقول اے۔اے۔اے۔ فیضی صاحب ہندوستان کے عبدالوہاب قزوینی ہیں۔[۱] تنقید شعر العجم، فردوسی پر چار مقالے، پرتھی راج راسا، خالق باری وغیرہ ان کی تحقیق کے شان دار نمونے ہیں۔ "پنجاب میں اردو" بھی ان کی تحقیق کی معرکۃ الآرا تالیف ہے اور بڑی ہی خیال انگیز کتاب ہے۔ اس کتاب میں ہندوستان کے مختلف علاقوں کے کوائف بہ تعلق پیدائش و ترقی دکھاتے ہوئے مدلل انداز میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ اردو کی ابتدا پنجاب میں ہوئی ہے۔

ان کے اس نظریہ پر اگلے صفحوں میں تنقید کی گئی ہے۔

اس کتاب میں انہوں نے صفحات ۴۱ اور ۲۲۵ تا ۲۲۷[۲] میں خوب محمد اور ان کے پیر کمال محمد سیستانی کے علاوہ

---

[۱] فیضی صاحب کی یہ رائے مجھے استاد مرحوم پروفیسر محمد ابراہیم ڈار صاحب قبلہ سے معلوم ہوئی تھی۔

[۲] میرے پیش نظر اس کا تیسرا ایڈیشن ہے جسے مکتبہ معین الادب اردو بازار لاہور نے انشاء پریس لاہور میں چھپوا کر شائع کیا ہے۔

خوب محمد کی تصانیف میں خوب ترنگ کے ساتھ امواج خوبی کا تذکرہ کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے،

(۱) کہ اگرچہ خوب محمد اس زبان کو عربی و فارسی آمیز گجراتی کہتے ہیں لیکن درحقیقت یہ اردو ہے۔

(۲) فارسی و عربی الفاظ خوب محمد کے زمانے سے پیشتر مقامی لہجہ اختیار کر چکے تھے، اس لئے وہ ان کو مروجہ لہجہ میں لکھ جاتے ہیں۔

اردو شہ پارے، جلد اوّل

ڈاکٹر سید محی الدین قادری صاحب زور دکن کے ادباء و محققین کے سرفہرست ہیں۔ بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ اردو کے محققین میں ممتاز حیثیت کے مالک ہیں۔ ہندوستانی لسانیات، اردو شہ پارے جلد اوّل اور داستان ادب حیدرآباد وغیرہ ان کے زبردست تحقیقی کارنامے ہیں۔ ڈاکٹر مولوی عبدالحق کی طرح ڈاکٹر زور نے بھی اردو کی بہت بڑی خدمات انجام دی ہیں اور یہ سلسلہ اب بھی جاری ہے۔

اردو شہ پارے جلد اول میں ڈاکٹر صاحب نے بڑی تلاش اور کاوش کے ساتھ اردو ادب کے آغاز سے ولی کے زمانے تک کے شاعروں اور نثر نگاروں کے شہ کاروں سے اہم اور دلچسپ انتخابات پیش کئے ہیں۔ اس کے صفحہ ۱۵ پر ہمیں خوب محمد کا تذکرہ ملتا ہے:

"میاں شیخ خوب محمد چشتی حضرت شیخ کمال محمد سیستانی کے مرید اور احمد آباد کے باشندے تھے۔ یہ بڑے مرتاض بزرگ تھے۔ اپنے مرشد کے بہت سے اقوال و مباحث جو اکثر تصوف سے متعلق ہیں، اپنی اردو کتاب "خوش رنگ[۱]" میں جمع کئے ہیں۔ یہ کتاب ۱۵۷۸ء[۲] میں مرتب ہوئی۔ اس کی زبان ... سادہ و صاف نہیں ... ہے۔ اس کا موضوع اور مضمون بھی بہت خشک اور غیر ادبی ہے۔ خود مولف نے اس اردو کتاب کی ایک شرح فارسی میں لکھنے کی ضرورت محسوس کی۔ یہ شرح ۱۵۹۲ء[۲] میں تیار ہوئی اور اس کا نام "امواج خوبی" رکھا گیا۔ خوب محمد نے ۱۶۱۴ء میں انتقال کیا اور چوک احمد آباد میں مدفون ہوئے۔ ان کی اردو نظموں کے دو قدیم مخطوطے انڈیا آفس کے کتب خانے میں محفوظ ہیں (نشان فارسی ۱۰۵۵ و ۶۰۰[۳]) ضخیم تو بہت ہیں مگر اصلی شاعری سے خالی ہیں۔ مولف نے خود اپنی نظم میں اکثر جگہ اپنی زبان کو گجراتی کہا ہے۔ اپنا اور اپنے مرشد کا نام اور تاریخ تالیف بھی درج کی ہے۔ خوب محمد گو اعلیٰ پایہ کے شاعر نہیں تاہم ان کی طویل نظم اردو گجراتی صورت پر تحقیقات کرنے والوں کے لئے نہایت مفید ہے۔"

---

[۱] خوب ترنگ ہونا چاہیئے۔ اشاریہ میں بھی یہی غلطی پائی جاتی ہے۔ البتہ ص ۳۴۹ پر ضمیمہ نمبر۱ متعلق باب اول میں خوب ترنگ ہے۔

[۲] ۱۵۹۳ء چاہیئے۔

[۳] ضمیمہ نمبر۱ مذکورہ میں یہ نشان صرف ۶۰۰ درج ہے۔

سخنوران گجرات (اردو)
یہ دراصل ڈاکٹر سید ظہیرالدین مدنی صاحب کا وہ کامیاب مقالہ ہے جو ڈاکٹر صاحب موصوف نے پی ایچ۔ڈی۔ کی ڈگری کے لئے تیار کیا تھا۔[1] مدنی صاحب گجراتیات خصوصاً ولی گجراتی کے سلسلے میں بڑی شہرت کے مالک ہیں۔ سخنوران گجرات (اردو) تحقیق و تدقیق کا بہت ہی عمدہ نمونہ ہے۔ اس مقالہ میں پہلے پہل بے حد جامع اور مدلل طریقہ پر مدنی صاحب نے "اردو کی ابتدا گجرات میں" کے نظریہ کو پیش کیا ہے۔
اس مقالہ میں حسب ضرورت خوب محمد اور ان کے رسالوں کا مختصر ذکر اور خوب ترنگ کے اقتباسات ملتے ہیں۔

تاریخ ادب اردو مرتبہ ادارۂ ادبیات اردو، حیدرآباد (۱۹۴۰ء)
ادب اردو کی یہ پہلی کتاب ہے جس میں خوب محمد کا ذکر ملتا ہے۔[2] کتاب اگرچہ بہت ہی مختصر ہے مگر اپنے موضوع سے بہت ہی سائنٹفک انداز میں جامعیت کے ساتھ بحث کرتی ہے۔ اس میں خوب کا ترجمہ حسب ذیل ہے:
"شیخ خوب محمد احمد آبادی، حضرت شیخ کمال محمد کے مرید تھے۔ انہوں نے اپنے پیرو مرشد کی تعلیمات اپنی نظم خوب ترنگ (۱۵۷۸ء) میں بیان کی ہیں۔ یہ نظم لسانی نقطۂ نظر سے بہت اہم ہے۔ محکمۂ ہند کے کتب خانہ میں اس کا ایک قلمی نسخہ جو تاریخ تصنیف سے صرف (۲۹) سال بعد (یعنی تقریباً ۱۰۱۵ھ) کا لکھا ہوا ہے، محفوظ ہے۔"

اردو مثنوی کا ارتقا از پروفیسر عبدالقادر سروری (۱۹۴۰ء)
اردو مثنوی سے متعلق یکجائی معلومات شعرالہند، رسالۂ نگار اردو شاعری نمبر، تاریخ مثنویات اردو۔ (جلال الدین احمد جعفری) اور اردو مثنوی کا ارتقا میں ملتی ہیں۔ ان سب میں اردو مثنوی کا ارتقا بجہات بلند اور قابل قدر ہے۔ نفس مثنوی سے بحث کرنے کے بعد اردو کے تمام مرکزوں کی مثنویات کا تا حال جائزہ لیا ہے۔ چنانچہ گجرات کی مثنویات پر بھی تبصرہ کیا ہے۔ شاہ محمد جیو گام دھنی کے ذکر کے بعد تحریر ہے۔[3]
"گجرات کے دوسرے قابل ذکر بزرگ، میاں خوب محمد چشتی (۹۴۶ھ تا ۱۰۲۳ھ) ہیں۔ جن کی ایک مثنوی خوب ترنگ اردوے قدیم کا مشہور کارنامہ ہے۔ آپ احمد آباد کے رہنے والے تھے اور اپنے زمانے کے بڑے عارفوں میں شمار ہوتے تھے۔ اردو میں ان کے کئی منظوم رسالے موجود ہیں۔[4] جن میں سے ایک بھاؤ بھید صنائع بدائع پر ہے۔ لیکن ان کی مثنوی خوب ترنگ کو جو شہرت حاصل ہوئی وہ دوسرے کارناموں کو حاصل نہ ہوسکی۔
"خوب ترنگ ایک کافی طویل اور مکمل مثنوی ہے۔ اس سنہ تصنیف ۹۸۶ھ ہے۔ یہ 'مثنوی معنوی'

---

[1] تھیسس نمبر ۱۰۱۸، یونیورسٹی لائبریری، بمبئی [2] ص ۳۱ تا ۳۲ [3] ص ۲۶ تا ۳۰
[4] بحوالہ مضمون اردو کے ابتدائی نشوونما ... (مطبوعہ مجلۂ تحقیقات علمیہ جامعہ عثمانیہ ج ۱)۔

کی طرح کی اخلاقی اور تصوف کی نظم ہے۔ زبان کے بعض حصے ادق ہیں۔ "مثنوی معنوی" کی طرح اس میں بھی چھوٹے چھوٹے قصوں کے ذریعے مطلب کو واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ان قصوں میں سے بعض خاصے دلچسپ ہیں مثلاً چین کے مصوروں کا قصہ یا اپنی خودی کو فنا کرنے کی مثال کے طور پر جو قصہ لکھا گیا ہے۔ "خوب ترنگ" کی ادق زبان کی وجہ سے خود مصنف نے اس کی شرح فارسی میں لکھی تھی جو امواج خوبی کے نام سے موسوم ہے۔

"خوب ترنگ" کئی دفعہ چھپ چکی ہے ...[1]

فہرست کتب مخطوطات عربی، فارسی اور ہندوستانی ... شاہان اودھ کے کتب خانوں میں، جلد اول ... از اسپرنگر، ایم۔ ڈی۔ اس مشہور فہرست کے نمبر ۱۴ پر کلمات الشعراء از سرخوش کا تعارف درج ہے۔ کلمات الشعراء میں عاقل خان رازی کا جو ترجمہ ہے اس سے متعلق مندرجۂ ذیل معلومات ہمارے لئے مفید ہیں:

عاقل خان رازی ایک صوفیانہ مثنوی الموسوم بہ مرقع کا مصنف ہے جو جلال الدین رومی کے انداز میں لکھی گئی ہے۔ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ یہ امواج خوبی کی منظوم شکل ہے۔

خوب ترنگ یا امواج خوبی تصنیف خوب نمبر H 651 کے تحت جو معلومات ملتی ہیں وہ بہت حد تک غلط ہیں:

گجراتی بولی میں صوفیانہ مثنوی ہے جسے کمال الدین محمد شبستانی المتخلص بہ خوب نے ۹۸۶ھ میں تحریر کیا تھا۔ ۹۹۰ھ میں انہوں نے ترجمہ کے ساتھ فارسی میں اس کی شرح لکھی اور امواج خوبی نام رکھا۔

ابتداء مثنوی : وجود مطلق از ہر قید بد پاک ایست اندران چو خم در تاک

ابتداء شرح : بسم اللہ کہوں جیت ذات

موتی محل : اچھا پرانا نسخہ، صفحات ۳۹۰ ـ ۱۵ سطری

---

[1] مثال کے لئے مطبع نعمانی (ایڈیشن) کا نسخہ استعمال کیا ہے۔ راقم کے پاس بھی یہی نسخہ ہے۔ مجھے کسی دوسرے ایڈیشن کا حال معلوم نہیں۔ پتہ نہیں سروری کو یہ اطلاع کیونکر ملی۔

چوتھا باب

(۱) تصوف : (ا) فلسفۂ تصوف
(ب) تاریخ تصوف

(۲) سلسلۂ چشتیہ : تاریخ، خصوصیات اور نظام

تصوف [1] (فلسفہ)

مذاہب عالم پر چاہے جس نقطہ نظر سے غور کیا جائے، اس سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ انفرادی یا اجتماعی طور پر ان کا مقصد انسانی فلاح وبہبود رہا ہے۔ ظاہر کی شائستگی کے ساتھ ساتھ باطن کی شستگی بھی ان کے مد نظر رہی ہے، مگر یوں نہیں کہ ایک دوسرے سے جداگانہ نوعیت وحیثیت دے دی جائے۔ نہیں ان کا رشتہ تو روح وجسم کا رشتہ رہا ہے یعنی بہ یک وقت دونوں ہی میں توازن وتناسب اور حسن وخوبصورتی پیدا کرنے کی سعی کی گئی۔

دنیا کے طول وعرض میں پھیلے ہوئے مذہبوں میں اسلام کو جو نمایاں حیثیت حاصل ہے وہ عمرانیات اور سماجیات کے طالب علم سے پوشیدہ نہیں ہے۔ وجود انسانی کی اہمیت کا احساس اور انسان کے ذہنی شعور کی جولانیوں اور ترقیوں کے لئے جو وسعتیں اور امکانات اسلام نے مہیا کی ہیں وہ اس کی اپنی ہیں۔ اسلام دراصل دین فطرت ہے۔ چنانچہ انسانی ذہن اور شعور کے گوناگوں پھیلاؤ کو اسلام بڑی خوبصورتی اور جامعیت کے ساتھ اپنی آغوش میں سمیٹے ہوئے ہے۔ زندگی جو تہذیب، ذات اور تحسین معاشرہ کے سہارے آگے بڑھتی ہے اس سے متعلق اس کی متعین کردہ قدریں سخت ہونے کے باوجود اپنے اندر وہ لچک رکھتی ہیں کہ حیات کی کیفیت وکمیت میں ان سے اضافہ ہی ہوتا ہے۔ زندگی کی رفتار میں کمی واقع نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ تیرہ سو صدیاں گزرنے کے بعد اسلام کی دلکشی اب بھی باقی ہے۔ یہ انسان کے ذہنی وعقلی، اخلاقی ومعاشرتی، جسمانی وروحانی، انفرادی واجتماعی ضرورتوں کا کفیل ہی نہیں بلکہ ہر شعبۂ حیات میں ترقیوں کا ضامن بھی ہے۔ وہ خیالات کی حد تک پھیلی ہوئی کائنات سے فائدہ اٹھانے کے ذرائع اور مسائل ہی نہیں بتاتا بلکہ خلاق عالم کو جاننے اور اس تک پہنچنے کے راستے بتاتا اور پھر رہبری بھی کرتا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ 'حبل متین' کو تھامے رہنے والوں ہی کو فکر وکردار کی رفعتوں تک ہی نہیں پہنچاتا بلکہ ان کی بھی مدد واستعانت کرتا ہے جو دستگیری کے لئے اس کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہیں۔ واقعتہً اسلام ایک کامل اور جامع پیام رحمت ہے۔

اس پیام رحمت سے یوں تو شروع ہی سے فیض اٹھایا جاتا رہا ہے — ہاں ظرف کی قید ضرور تھی۔ چنانچہ یہ حقیقت ہے کہ ابتدائے اسلام ہی سے اس کے ماننے والوں میں ایسے لوگ ملتے ہیں جو دوسروں کے مقابلے میں دنیوی فوائد سے قطع نظر خداوند

---

[1] قرآن وتصوف، تصوف اسلام، تصوف کے آداب واشغال اور ان کا فلسفہ، اسٹڈیز ان اسلامک مسٹی سیزم، تاریخ تصوف اور اس کا فلسفہ

عالم کی یاد اور ذکر کو اپنا نصب العین بنائے ہوئے تھے اور صدق و صفا، سلوک اور احسان کے مختلف طریقوں پر عامل تھے۔ اس طرح کے لوگوں کو من حیث الجماعت مختلف ناموں سے یاد کیا جاتا تھا۔ یہی لوگ بعد میں "صوفیہ" کہلانے لگے اور ان کے مسلک کا نام "تصوف" پڑ گیا۔ تصوف اسلام سے جداگانہ کوئی چیز ہے اور نہ ہی اکابر صوفیہ نے کبھی اس قسم کا مہمل دعویٰ کیا، اور وہ یہ دعویٰ کرتے بھی کیونکر! اس لئے کہ وہ پہلے مسلمان تھے، صوفی بعد میں۔ قرآن، حدیث، سنن نبوی اور اتباع صحابہ و ائمہ پر ان کا عمل تھا۔ انہوں نے اسلام کو اپنے تصوف پر مقدم رکھا اور تصوف کو محض اس لئے عزیز رکھتے تھے کہ وہ اسلام کی پاکیزہ اور خالص تعبیر تھی۔ آئیے تاریخ کی روشنی میں اس تعبیر کی حقیقت کا ایک ہلکا جائزہ لے لیں اور اس کے مفہوم کو سمجھ لیں۔

معنی و مفہوم کے اعتبار سے علمائے کرام میں اگرچہ اتفاق پایا جاتا ہے، مگر حیرت ہے کہ لفظی تحقیق میں انہیں سخت اختلاف رہا ہے۔ اختلاف ظاہر ہی کا نہیں ہے بلکہ کبھی کبھی باطن کے اعتبار سے بھی تصوف کو ایک جداگانہ چیز سمجھا گیا ہے۔

حضرت شیخ علی ہجویری فرماتے ہیں:

"مردمان اندر تحقیق این اسم (صوفی) بسیار سخن گفته اند و کتب ساخته۔" (لوگوں نے اس نام (صوفی) کی تحقیق کے سلسلے میں بہت کچھ کہا اور کتابیں لکھی ہیں۔)

(۱) [۱] لفظ صوفی کو عام طور پر "صوف" (پشمینہ) سے مشتق سمجھا جاتا ہے۔ ابن خلدون کا بھی یہی قیاس ہے۔ اور مشہور مستشرق نولدیک (NÖLDEKE) کا بھی یہی خیال ہے، مگر یہ خیال و قیاس صحیح نہیں۔ "تصوف" کے معنی عربی لغت کی رو سے "اس نے لباس صوف پہنا" کے ہیں۔ اس لحاظ سے پشمینہ پوشی کے سبب صوفیہ کو صوفی کے نام سے یاد کیا گیا ہو غلط نہیں ہے، مگر نہ ہر صوف پوش صوفی ہو سکتا ہے اور نہ ہی یہ اہل معرفت کی پہچان قرار پا سکتی ہے۔ چنانچہ علامہ علی الہجویری کا قول ہے الصفاء من اللہ تعالیٰ انعام و اکرام و تصوف لباس الانعام (کشف المحجوب) یعنی صفائی (باطن بندہ پر) اللہ کا انعام و اکرام ہے اور صوف جانوروں کا لباس ہے۔

(۲) [۲] ابوالحسن قناد کی طرح بعض علماء صوفی کو "صفا" سے مشتق سمجھتے ہیں۔ گویا صوفی وہ ہے جس کا دل خدا نے پاک، صاف کر دیا ہے۔ معناً یہ درست ہے۔ لغوی اعتبار سے صحیح نہیں ہے کیونکہ لفظاً صوفی نہیں بلکہ 'صفوی' صفا سے مشتق ہوگا۔ شیخ ابو النصر سراج تصوف و صوفی کی وجہ تسمیہ بیان کرتے ہوئے (کتاب اللمع) میں ایک قول نقل کیا

---

[۱] قرآن و تصوف، انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ج ۴ ص ۶۸۱، مسٹکس آف اسلام ص ۳، تصوف اسلام ص ۳۲، انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ج ۴ اور نولدیک محض اسی اشتقاق کو صحیح سمجھتے ہیں۔

[۲] قرآن و تصوف، تصوف اسلام ص ۳۲، ۳۳۔ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ج ۴ ص ۶۸۱

ہے کہ صوفی دراصل صفوی تھا اور تلفظ کی ثقالت کے سبب کثرتِ استعمال سے صوفی بن گیا۔

(۳) کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ صوفی "صف" سے نکلا ہے۔ اس کا مطلب یہ بتایا جاتا ہے کہ صوفیہ خدا کے دربار میں اپنے دلوں کے ساتھ پہلی صف میں حاضر ہوتے ہیں۔ معنوی اعتبار سے یہ بھی صحیح ہے، مگر لغت اس اشتقاق کو بھی غلط ٹھہرائے گا۔ صف سے صفی بنے گا صوفی نہیں۔

(۴) بعض علما نے صوفی کو صُفّہ سے منسوب کیا ہے۔ بعض صحابہ نے (جن کی تعداد ستر ہزار بتائی جاتی ہے) ترک دنیا کر کے "فقر الی اللہ" اختیار کر لیا تھا اور محض ایک کپڑے میں زندگی بسر کرتے تھے۔ ان کو "اہل صفہ" کہتے ہیں کیونکہ انہوں نے صفۂ مسجد نبوی کو اپنی قیام گاہ بنا رکھا تھا۔ ان کے اوصاف کی روشنی میں صوفیہ کو بھی اہل صفہ کی طرف منسوب کرتے ہیں، مگر یہ درست نہیں کیونکہ صفہ سے صفی بنے گا صوفی نہیں۔

(۵) [1] کہنے والے صوفی کا تعلق صفوۃ القفا سے بھی بتلاتے ہیں۔ گدی پر جو بال ہوتے ہیں انہیں صفوۃ القفا کہتے ہیں۔ صوفیہ کی زلفوں سے غالباً یہ خیال پیدا ہوا ہوگا۔ مگر ہم جانتے ہیں کہ زلفیں خدارسی اور خداشناسی کا سبب یا علامت نہیں۔

(۶) صوفہ سے بھی صوفی کو مشتق سمجھا جاتا ہے۔ صوفہ دراصل ایک قدیم عربی قبیلہ کا نام ہے جو کعبہ کا خادم تھا۔ قواعد کے لحاظ سے یہ درست سہی، مگر اسلامی صوفیہ کا ان خدام کعبہ سے کوئی علاقہ نہیں۔ ویسے کعبہ کی خدمت ہر صوفی دل و جان سے کرے گا۔[2]

(۷) کچھ کا کہنا ہے کہ صوفی کا تعلق صوفانہ سے ہے۔ صوفانہ ایک قسم کا پودا ہے۔ مگر ظاہر ہے صوفانہ سے صوفانی بنے گا نہ کہ صوفی۔[3]

(۸) اب تک جن کی امور کی بنا پر صوفی کا تعلق مختلف لفظوں سے دکھایا گیا ہے وہ ظاہر ہے علاقہ رکھتے ہیں۔ ان سے الگ کتاب الہند میں البیرونی "صوفی" کو یونان کا مستعار بتاتا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ صوفی کے معنی فلسفی کے ہیں کیونکہ یونانی زبان میں لفظ صوف کے معنی فلسفہ کے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ یونانی میں فیلسوف کو فیلا سوفیہ یعنی فلسفہ کا دلدادہ کہتے ہیں۔ چونکہ اسلام میں ایک ایسی جماعت تھی جو ان کے مسلک کے قریب تھی اس بنا پر اس جماعت کا نام بھی صوفی پڑ گیا۔[4]

(۹) [5] اسی کے قریب کی بات علامہ لطفی جمعہ نے اپنی کتاب تاریخ فلاسفۃ الاسلام میں کہی ہے کہ صوفی "تیوصوفیہ" (Theosophia) سے مشتق ہے۔ یہ ایک یونانی کلمہ ہے اس کے معنی "حکمت الٰہی" کے ہیں۔ گویا صوفی وہ حکیم

---

[1] انسائیکلو پیڈیا ج ۴ ص ۶۸۱ [2]، [3] کشف المحجوب [4] کتاب الہند [5] قرآن و تصوف

ہے جو حکمت الٰہی کا طالب اور اس کے حصول کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ حقائق کو جانے۔ اپنی رائے کی تائید میں علامہ لطفی جمعہ فرماتے ہیں کہ صوفیہ تے اس علم کا اظہار یا خود کو اس سے متصف تک نہیں کیا جب تک کہ یونانی کتابیں عربی زبان میں ترجمہ نہیں ہوگئیں اور فلسفہ کا لفظ اس (عربی) زبان میں داخل نہیں ہوگیا۔ نکلسن[1] اور براؤن بھی اسلامی تصوف کو یونان کا رہین منت جانتے ہیں۔ انہیں غالباً اس امر سے تقویت حاصل ہوتی ہے کہ حسن بصریؒ کے عہد سے پہلے زمانہ رسالت تک لفظ صوفی کا استعمال نظر نہیں آتا۔ شیخ ابو نصر سراج اس کے رواج کو زمانہ حسن بصریؒ کے عہد میں بتاتے ہیں۔ علامہ قشیری کا ارشاد ہے کہ یہ لفظ ۲۰۰ ھ سے کچھ پہلے مستعمل ہوا۔ اس کی وجہ اور پوری کیفیت علامہ قشیری ایں بیان فرماتے ہیں:

"رسول[2] اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کے لئے مومن کے لئے کوئی لفظ صحابی سے بڑھ کر پر فخر اور افضل نہیں ہوسکتا تھا۔ چنانچہ اس وقت کے افاضل اسی لقب سے موسوم ہوئے۔ اس کے بعد جب دوسری نسل چلی تو ان صحابیوں کے صحابیوں کے لئے تابعین کی اصطلاح ہوئی، پھر ان کی بھی آنکھیں دیکھنے والے تبع تابعین کہلائے۔ اس کے بعد جب امت زیادہ پھیلی اور لوگ طرح طرح کے پیدا ہونے لگے تو جن لوگوں کو امور دین میں زیادہ انہماک ہوا انہیں زہاد و عباد کہا جانے لگا، لیکن جب بدعتوں کا ظہور ہوا اور فرقہ فرقہ الگ ہوگئے تو ہر فرقہ اس کا مدعی بن بیٹھا کہ زہاد و عباد اسی میں ہیں۔ اس وقت اہل سنت کے طبقۂ خاص نے جو ذکر الٰہی میں مشغول اور غفلتوں سے دور رہتا تھا اپنے لئے "اہل تصوف" کی اصطلاح قائم[3] کی اور ہجرت کو ابھی دو صدیاں پوری نہیں ہوئی تھیں کہ یہ لقب اس طبقۂ خواص کے اکابر کے لئے مخصوص ہوگیا۔"

مولانا جامی شیخ ابو ہاشم کوفی (المتوفی ۱۵۰ھ) کے متعلق کہتے ہیں کہ سب سے پہلے انہیں کو اس نام سے پکارا گیا تھا۔ چنانچہ نفحات الانس میں لکھتے ہیں:

"اول کسی کہ وی را صوفی خوانده اند وی بود، پیش از وی کسی را باین نام نخوانده بودند۔"

فرقہ بندی کی جس مسموم فضا کا ذکر ہمیں علامہ قشیری کے ہاں ملتا ہے اس کی تعلیم[4] انسائیکلوپیڈیا آف اسلام (جلد ۴) پیش کرتا ہے کہ جذبۂ تصوف بالکلیہ سماجی بے انصافیوں اور تقصیروں — دوسروں ہی کی نہیں بلکہ اپنی بھی — کے خلاف ایک اندرونی بغاوت ہے۔ تاہم تصفیہ باطن اور خدا کو یہ ہر قیمت پر پانے کی خواہش بھی اس سے منسلک ہے۔

---

[1] مسٹکس آف اسلام، لٹریری ہسٹری آف پرشیا از براؤن، تصوف اسلام [2] تصوف اسلام ص ۹۱-۹۰
[3] یہاں یہ امر ذہن میں رکھنے کے قابل ہے کہ خارجیوں اور شیعوں وغیرہ نے صوفیہ کی دائماً مخالفت کی (انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ج ۴
[4] ایضاً

نکلسن[1] سماجی بے انصافیوں اور تقصیروں کا تذکرہ نہیں کرتے، مگر تصوف کو جذبۂ خوف کا رہین منت بتاتے ہیں۔ یہ خوف اپنے گناہوں کی سزا اور یوم حشر کا ہے۔ اور یہ تصوف بقول ان کے عیسائیوں سے مستعار ہے۔ حالانکہ اسلامی تصوف خالص اسلامی چیز ہے۔ اس کا اقرار خود نکلسن کے ہاں مل جاتا ہے[2]۔ پروفیسر لوئی میسی نے تحقیق و کاوش سے ثابت کیا ہے کہ تصوف کا منبع و مخرج قرآن و احادیث ہی ہیں اور یہ تحریک خالص اسلامی تحریک ہے[3]۔ جہاں تک تشابہ کا تعلق ہے اس کے متعلق کہا جا سکتا ہے کہ جس طرح دنیا کے تمام مذاہب بنیادی طور پر یکساں نظر آتے ہیں، اسی طرح دھیان گیان والے بھی آپس میں بہت سی باتیں مشترک رکھتے ہیں مثلاً سنیاسی، مسٹک (Mystic) اور صوفی سبھی "روحانی ارتقا" کو روحانی سفر سے تعبیر کرتے ہیں۔ خدا کا جویا (سالک) منزلوں پر منزلیں (مقامات) طے کرتا ایک جادہ (طریقت) پر رواں اپنا سفر طے کرتا ہوا منزل منتہا (فنا فی الحق) کو پا لیتا ہے۔ یہ یا ایسی ہی ملتی جلتی اصطلاحیں عیسائی مذہب، بدھ مت، ہندومت اور اسلام میں بہت ہیں۔ چنانچہ پروفیسر محمد حبیب (علی گڑھ) چشت کے تعارف میں کہتے ہیں[4] تصوف اسلام سے کئی سو برس پہلے انسانی فکر میں آچکا تھا۔ دارا شکوہ کا خیال صحیح ہے کہ تصوف کی اولین مستند تشریح اپنشدوں میں ملتی ہے۔ غور کیا جائے تو یہ حقیقت بھی واضح ہو جائے گی کہ ترکوں اور منگولوں کا نظریہ "ال تنگری" چینیوں کا تصور "یتان" اور صوفیائے اسلام کا نظریہ "حق" اساسی طور پر ایک ہی چیز ہیں۔" اس حقیقت واضح سے ظاہر ہے کہ کسی سنجیدہ طالب علم کو مجال انکار نہیں، مگر ہم اس امر بدیہی کو بھی نظر انداز نہیں کر سکتے کہ یہ یا اسی قبیل کے دوسرے تصورات، زمان و مکان کی پابندیوں کے ساتھ، ذہن انسانی کی اپج اور اس کے مراحل ارتقا کی نشان دہی کرتے ہیں۔ اسلامی تصوف ان کے 'ساتھ' ضرور ہے مگر ان سے منفرد بھی ہے۔ قبل اسلام تصوف میں اس کا وہی درجہ ہے جو دوسرے مذاہب میں اسلام کا ہے۔ ؎

ہم موحد ہیں ہمارا کیش ہے ترک رسوم
ملتیں جب مٹ گئیں اجزائے ایماں ہو گئیں (غالب)

یہاں تقابلی مطالعے کی چونکہ گنجائش نہیں ہے اس لئے قرآن و حدیث اور بزرگان دین کے اقوال کی روشنی میں اب اسلامی تصوف کے مفہوم کو پیش کیا جائے گا۔ اس سے مستشرقین کے نظریات کا بطلان بھی ہو جائے گا۔ شیخ ابو علی رودباری فرماتے ہیں[5]:

---

[1] مسٹکس آف اسلام ص ۴
[2] قرآن و تصوف ص ۹، ۱۰
[3] تاریخ مشائخ چشت ص ۲۴
[4] تعارف: تاریخ مشائخ چشت ص ۲۹
[5] قرآن و تصوف ص ۹، ۱۰

الصوفی من لبس الصوف علی الصفا و اذاق الھویٰ طعم الجفا ولزم طریق المصطفیٰ وکانت الدنیا علی القفا

صوفی وہ ہے جو صفائے قلب کے ساتھ صوف پوشی اختیار کرتا ہے، ہوائے نفسانی کو سختی کا مزہ چکھاتا ہے، شرع مصطفوی کو لازم کرلیتا ہے اور دنیا کو پس پشت ڈال دیتا ہے۔

حضرت جنید بغدادی کے اقوال بھی اہم ہیں[1]:

(۱) "ہم نے تصوف کو قیل وقال کے ذریعے سے حاصل نہیں کیا ہے، بلکہ گرسنگی، ترک دنیا اور ترک مرغوبات و مالوفات سے حاصل کیا ہے۔"

(۲) "خلق پر تمام راستے بند کردئے گئے ہیں، بجز اس کے کہ سنت نبوی کے نقش قدم پر چلا جائے۔"

(۳) "جو شخص کلام الٰہی کا حافظ اور احادیث رسول کا عالم نہیں اس کی تقلید طریقت کے باب میں درست نہیں، اس لئے کہ ہمارے علوم (سلوک) کا ماخذ قرآن و حدیث ہیں۔"

واقعہ یہ ہے کہ تصوف اسلامی کی بنیاد شریعت محمدی پر قائم ہے۔ علامہ قشیری فرماتے ہیں:

"تصوف کی ساری بنیاد اسی پر ہے کہ آداب شریعت کی پابندی رہے، حرام اور مشتبہ چیزوں سے دست کشی کی جائے، ناجائز اوہام و خیالات سے حواس کو آلودہ نہ کیا جائے اور غفلتوں سے بچ کر اللہ تعالیٰ کی یاد میں وقت گزاری کی جائے۔"

یہی وجہ ہے کہ شیخ عبدالواحد بن زیدؒ نے صاف صاف کہہ دیا کہ: "جو لوگ سنت رسول پر اپنی عقل کو صرف کرتے ہیں اور اپنے قلب سے متوجہ رہتے ہیں اور اپنے نفس کی خباثت سے اپنے سرور و سردار کے دامن میں پناہ لیتے ہیں، وہی صوفیہ ہیں۔"

شیخ ابوالحسن علی الہجویری المعروف بہ داتا گنج روحانی ترقی کے لئے اتباع شریعت کو لازمی قرار دیتے ہیں اور مزے کی چیز یہ ہے کہ ان کی تعریف اتباع شریعت میں اجماع امت کا اتباع بھی شامل ہے۔ فرماتے ہیں[2]:

رکن اول از شریعت کتاب است چنانکہ گفت عزّ قال فِیہِ اٰیَاتٌ مُّحْکَمَاتٌ ھُنَّ اُمُّ الْکِتَابِ و دیگر سنت است چنانکہ گفت: وَمَا اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا۔ وسوم اجماع امت چنان رسول گفت علیہ السلام لَا تَجْتَمِعُ اُمَّتِیْ عَلَی الضَّلَالَۃِ

شریعت کا پہلا رکن کتاب (کتاب اللہ) ہے جیسا کہ خدائے عزّ وجل فرماتا ہے: قرآن مجید میں آیات محکمات ہیں کہ وہ اصل کتاب ہیں۔ دوسرا رکن سنت ہے جیسا کہ فرماتا ہے: جو کچھ (میرے) رسول نے فرمایا ہے اس پر عمل کرو اور جس کو منع فرمایا ہے اس سے بچو۔ اور تیسرا رکن اجماع امت

---

[1] تصوف اسلام ص ۹۳
[2] کشف المحجوب

اسلام قرار دینا غلط ہے۔

اب ذرا ان تعریفوں پر ایک نظر ڈال لیں جو "تعمیر باطن" پر زور دیتی ہیں تاکہ صوفیہ کے تعمیر باطن کا مفہوم بھی واضح ہو جائے۔ حضرت جنید فرماتے ہیں[1]:

هوان یمیتك الحق عنك ویحییك به یعنی صوفی زخویش و باقی بحق ہوتا ہے۔ یعنی جہاں تک اس کی ذات کا تعلق ہے وہ ختم ہو جاتا ہے اور ذات باری کے سبب بقا حاصل کر لیتا ہے۔

شیخ ابوالنصر سراج کہتے ہیں[2]: "صوفیہ کی اولین خصوصیت یہ ہے کہ وہ اللہ ہی پر نظر رکھتے ہیں۔ ان کا مطلوب و مقصود تمام تر اللہ ہی ہوتا ہے، ماسوا اور لایعنی مشغلوں سے انہیں کوئی واسطہ نہیں۔"

حسین بن منصور کا کہنا ہے[3]:

وحدانی الذات لایقبله احد ولا یقبل احداً۔

یعنی صوفی وحدانی الذات ہوتا ہے۔ نہ اس کو کوئی قبول کرتا ہے اور نہ وہ کسی کو قبول کرتا ہے۔ ظاہر و باطن دونوں حیثیتوں سے اللہ اس کے بصر و بصیرت میں رچ جاتا ہے۔

معروف کرخیؒ تصوف کی تعریف اس طرح کرتے ہیں[4]: التصوف الاخذ بالحقائق والناس مما فی ایدی الخلائق۔ یعنی تصوف حقائق کی گرفت اور خلق سے مایوسی ہے۔ گویا اس پر یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ نفع و نقصان جو کچھ بھی ہے وہ خدا ہی کی طرف سے ہے۔ پھر وہ غیر حق کی طرف سے آنکھیں بند کر لیتا ہے۔ ہر لحاظ سے اور ہر امر میں وہ خدا ہی کو فاعل جانتا ہے۔

شیخ علی بندارؒ چنانچہ تصوف کے سلسلے میں کہتے ہیں[5]: التصوف اسقاط الرویة للحق ظاهراً و باطناً۔
یعنی تصوف یہ ہے کہ بجز حق ہی حق کے ظاہر اور باطن میں اور کچھ نہ نظر آئے۔

حضرت شبلیؒ صوفی کی خصوصیت یہ بتاتے ہیں: الصوفی منقطع عن الخلق ومتصل بالحق کقوله تعالیٰ: واصطنعتك لنفسی، قطعه عن کل غیر ثم قال لن ترانی یعنی صوفی خلق سے منقطع اور حق سے متصل ہوتا ہے۔ جیسا کہ خدا نے حضرت موسیٰؑ سے کہا تھا "میں نے تجھے اپنے لئے اختیار کر لیا ہے۔ غیر سے قطعاً منقطع کر دیا ہے۔ پھر آگے چل کر فرمایا تو مجھ کو ہرگز نہیں دیکھ سکتا۔"

اسی مفہوم کا ذوالنون مصریؒ کا قول ہے[6]: هم اثر والله عزوجل علی کل شیئ۔ یعنی صوفیہ وہ قوم ہے

---

[1] قرآن و تصوف ص ۱۴
[2] تصوف اسلام ص ۲۷
[3] قرآن و تصوف ص ۱۴
[4] قرآن و تصوف ص ۱۵
[5] تصوف اسلام ص ۶۶
[6] قرآن و تصوف ص ۱۵

جس نے تمام چیزوں پر اللہ عزّ وجلّ کو ترجیح دی اور اس کو پسند کر لیا تو خدائے عزّ وجلّ نے بھی تمام چیزوں پر ان کو ترجیح دی اور پسند کر لیا۔

شیخ علی بن عثمان ہجویری (لاہوری) المعروف بہ داتا گنج بخش کے نزدیک صوفی وہ ہے جس کا دل "صفا" (صفائی) سے لبریز اور "کدر" (گندگی) سے پاک ہو اور اس درجہ بلند پر ایک کامل ولایت ہی فائز ہو سکتا ہے۔ فرماتے ہیں:[1]

(۱) "صفا ضد کدر بود و کدر صفت بشر بود، وجہ حقیقت صوفی بود آنکہ اورا کدر گزر بود۔"

(۲) "صوفی نامی ست کہ مرکلان ولایت را محققان بدین نام خوانده اند۔"

شیخ نے اہل تصوف کو تین طبقوں میں تقسیم کیا ہے:[1] (صوفی، متصوف، مستصوف) صوفی آن بود کہ از خود فانی بود و بحق باقی و از قبضۂ طبائع رستہ و بہ حقیقت پیوستہ، و متصوف آنکہ بمجاہدہ این درجہ را ہمی طلبید و اندر طلب خود را بر معاملت ایشان درست ہمی کند، و مستصوف آنکہ از برای مال و منال و جاہ و حفظ دنیا خود را مانند ایشان کردہ و ازین ہر دو چیز، ہیچ خبر ندارد تا حدی کہ گفتہ اند المستصوف عند الصوفیہ کالذباب وعند غیرھم کالذیاب۔

یعنی صوفی وہ ہے جو اپنے نفس سے فانی ہو کر حق میں زندہ و باقی ہوتا ہے اور طبائع کے جبر سے باہر آ کر حق کے ساتھ پیوست ہو گیا ہو، اور متصوف وہ ہے جو مجاہدہ کے ساتھ اس درجہ کو پانے کی کوشش کر رہا ہو، اور مستصوف وہ ہے جو جاہ و مال اور منفعت دنیا کے لئے اپنے آپ کو ان لوگوں جیسا بنائے ہوئے ہو جا ہے ان کی کسی بات کی اسے خبر تک نہ ہو۔ کسی نے کہا ہے، مستصوف صوفی کی نظر میں مکھی کی طرح حقیر ہوتا ہے اور دوسروں کی نظر میں بھیڑئے کی مانند جس کی غذا ہی گوشت اور خون ہے۔

مختصر یہ کہ صوفی کا مقصد اللہ، اس کا جینا، اس کا مرنا، اس کی فکر، اس کا عمل، اس کی عبادت صرف اللہ کے لئے ہے۔ ماسوی اللہ سے وہ یکسر بیگانہ ہوتا ہے یعنی بغیر حق سے اس کے قلب کی تخلیص ہو جاتی ہے۔ گویا بغیر حق سے وہ منقطع اور حق سے متصل ہوتا ہے۔ یہاں چنانچہ اس امر کو پیش نظر رکھنا ہو گا کہ تصوف کی تعلیم محض تزکیۂ نفس و تصفیۂ اخلاق ہی تک محدود نہیں ہے بلکہ یہ "علم قرب" بھی عطا کرتا ہے۔ ہے یوں کہ تصوف "علم قرب" دینے کے ساتھ ساتھ اس کی تکمیل بھی کروا دیتا ہے۔ صوفی ذات خلق سے گزر کر ذات حق کے قرب و اقربیت، احاطت و معیت، اولیت و آخریت، ظاہریت و باطنیت کے تعلق اور ان کی نسبت کے راز کو جان لیتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ اس کو اللہ کا ادراک فی الانفس بھی حاصل ہو جاتا ہے اور اب اس کا نفس فانی ہو جاتا ہے اور وہ حق میں زندہ ہوتا ہے۔ اسی

---

[1] کشف المحجوب

اس کی توضیح یہ ہے کہ صوفی سب سے پہلے "سالک" کو "ہوی" کے پنجے سے نجات حاصل کرنے کی تعلیم دیتا ہے یعنی ذاتی، نفسی علم سے نکل کر وہ اللہ کے علم میں داخل ہونا سکھاتا ہے۔ یہ تعلیم مرتبہ دین کی تعلیم ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ اللہ ہی ہمارا مقصود، معبود، رب اور مدد کرنے والا ہے۔ ہم اسی کی عبادت کرتے ہیں اور اسی سے مدد چاہتے ہیں (ایاك نعبد وایاك نستعین) اور جب یا جیسے جیسے یہ امر ذہن نشین ہوتا جاتا ہے ہم ماسوی اللہ سے کٹ کر فقر و ذات کا رشتہ اللہ سے جوڑ لیتے ہیں۔ معبودیت اور ربوبیت کا یہ یقین انسان کو تمام صفات رذیلہ (کدر۔ کشف المحجوب) سے پاک اور تمام اوصاف حمیدہ (صفا۔ کشف المحجوب) سے آراستہ کر دیتا ہے۔ اس کا دل کفر و شرک، نفاق و بدعت اور فسق و فجور سے پاک اور ایمان و توحید و صدق سے زینت پاتا ہے۔ تصوف اسی تطہیر قلب کا نام ہے اور اسی تطہیر کو صوفیہ نے "حسن خلق" و دخول فی کل خلق لستی والخروج من کل خلق دنی اور "اخلاق کریمہ" کے الفاظ سے تعبیر کیا ہے۔

مقربین کے علوم یا "علم قرب" کا تعلق "سریعت" سے ہے۔ قرآن و سنت کی روشنی میں ذوات خلق ذات حق کے غیر ہیں۔ دونوں میں کلی غیریت اور بدیہی ضدیت ہے۔ لیکن اس "غیریت" کے باوجود ہم جانتے ہیں کہ ذوات خلق سے ذات حق کی معیت، اقربیت، احاطیت، اولیت و آخریت، ظاہریت و باطنیت یا صوفیہ کی اصطلاح میں "عینیت" بھی کتاب و سنت سے ثابت ہے۔ بہ ظاہر یہ عجیب معلوم ہوتا ہے۔ مگر اس کا یہ عجیب پن خود کتاب و سنت کی روشنی میں ختم ہو جاتا ہے۔ علم قرب یا تصوف اس تضاد و تناقض کو دور کر دیتا ہے۔ کلام اللہ اور حدیث نبوی اور تفسیر سے معلوم ہوتا ہے کہ ہماری ذات "معلوم" حق ہے اور غیر ذات حق ہے۔ ہمارے لیے صورت شکل، حد و مقدار اور تعین و تحیزی قیدیں ہیں اور خداوند عالم ان تمام قیود اور عبارات سے پاک اور منزہ ہے۔ ہماری ذات میں عدم اور اس کی ذات میں وجود ہے یعنی ہم میں صفات عدمیہ ہیں اور اس میں صفات وجودیہ ہیں۔ ہم میں قابلیات امکانیہ مخلوقیہ ہیں اور اس میں فعل اور تخلیق فعل ہے۔ لیکن اس کے باوجود خداوند عالم کی تمام صفتیں ہم میں ثابت ہیں۔ مثلاً وجود، علم، صفات افعال، حکومت وغیرہ۔ مگر ایک فرق ہے اور وہ یہ کہ جو اعتبارات ہم میں پائے جاتے ہیں وہ خدا کے لئے کامل و مطلق و قدیم ہیں اور ہمارے لئے ناقص و مقید و حادث۔ خالق و مخلوق کے یہی روابط تصوف کے موضوع ہیں۔

صوفی کتاب و سنت کے ذریعے اپنے 'فقر' سے واقف ہو جاتا ہے۔ وہ سمجھ جاتا ہے کہ ملک و حکومت، جاہ و جلال، افعال و صفات اور وجود سب کے سب خدا ہی کے لیے ہیں اور وہ ان اعتبارات کے لحاظ سے "فقیر" ہے۔
یاایھا الناس انتم الفقرآء الی اللہ واللہ الغنی الحمید (پ ۲۲ ع ۳۰۶) اور اسے یقین ہو جاتا ہے کہ خدا ہی حی ہے ظاہراً و باطناً (ھو الحیّ القیّوم) وہی علیم و قدیر ہے ظاہراً و باطناً (ھو العلیم القدیر) وہی سمیع و بصیر ہے ظاہراً و باطناً (ھو السمیع البصیر) اس احساس و یقین کے سبب وہ وجود و دانش، صفات و

افعال، مالکیت و حاکمیت کو اپنے آپ میں من حیث الامانت جانتا ہے۔ گویا وہ خدا کے وجود سے موجود، خدا کی حیات سے زندہ، خدا کے علم سے عالم، خدا کی قدرت سے قادر، خدا کی سماعت سے سمیع، خدا کی بصارت سے بصیر اور اس کے نطق سے ناطق ہے۔

یہ ہے مفہوم اسلامی تصوف کا۔ اسلامی تصوف اپنی اسی نہج پر قائم تھا کہ یونانی کتابیں عربی و فارسی میں ترجمہ ہوئیں۔ ان کتابوں کے زیر اثر فلسفہ و منطق کی روشنی میں شریعت اور اصول شریعت کا جائزہ لیا گیا اور پھر انہیں عقل نظری کی کسوٹی پر کسا گیا اور بعضوں کو بجنسہ قبول بھی کر لیا گیا اور بعضوں کی تاویلیں پیش ہونے لگیں۔ اشاعرہ اور معتزلہ کے ہاتھوں عقائد دینیہ اور تصوف میں خاصی تبدیلی پیدا ہو گئی۔ متقدمین اشاعرہ نے تو اپنی عقل کو علم الٰہی کے تحت رکھا اور ان کے عہد میں علم عقائد یا کلام میں صرف وہی عقائد دینیہ مذکور ہوتے تھے جو کتاب و سنت سے ثابت تھے۔ ان میں منطق و فلسفہ کو دخل نہ تھا۔ مگر معتزلہ نے اپنے عقائد کو بالکلیہ عقل نظری کے حوالہ کر دیا۔ اس طرح عقائد میں تغیر ہونا لازمی تھا۔ اس کے اختراعات کا شروع ہونا ناگزیر تھا۔

معتزلہ نے معیت خالق بہ مخلوق سے انکار کر دیا کیونکہ عقل نظری کے سبب ذات خلق تجزیہ، تبعیض و تقسیم سے ذات خالق کا بھی تجزیہ، تبعیض و تقسیم لازم آتا تھا۔ نیز حلول و اتحاد بھی جو صریحاً خالق کی تنزیہ سے انکار ہے۔ اس لئے انہوں نے ان تمام قرآنی آیات کی جن میں معیت و اقربیت و احاطت ذاتیہ کا ذکر ہے تاویل کر دی کہ یہ معیت وغیرہ محض علمی ہے ذاتی نہیں۔ متاخرین اشاعرہ نے تنزیہ حق کو برقرار رکھنے کی خاطر اس توجیہ کو تسلیم کر لیا، مگر حقیقت یہ ہے کہ قرآن کریم میں آیات تنزیہ و آیات تشبیہ دونوں کثرت سے ملتے ہیں۔ چنانچہ ایک کو ماننا اور دوسرے کی تاویل کرنا درست نہیں ہے۔ اشراقیت کے سبب تصوف میں شئی کی غیریت ذاتیہ سے انکار کر دیا گیا۔ قرآن مجید میں غیریت خلق بالصراحت ملتی ہے مگر افلاطون کی تعلیمات کے زیر اثر شئی کو غیر ذات حق نہیں بلکہ عین ذات حق قرار دیا گیا یعنی کائنات میں جو کچھ ہے وہ خود حق ہے۔ غیر حق ذاتاً و وجوداً معدوم ہے۔ چنانچہ باعتبار شئی ہمہ اوست کا عقیدہ صحیح مان لیا گیا۔

ذات شئی اور غیریت شئی کی نفی کا لازمی نتیجہ اباحت و زندقہ تھا۔ اتباع سنت غیر ضروری سمجھا گیا۔ یہیں سے شریعت و طریقت کی راہیں جدا جدا قرار پائیں۔ شریعت ناقصین کا شعار ٹھہرا۔ شریعت کی عدم پابندی گناہ نہیں سمجھا جاتا تھا۔ بلکہ کاملین کے لئے اس کا اتباع غیر ضروری سا بتایا گیا۔ اللہ کے سوا ما سوی اللہ کا تصور ناممکن ہو گیا، خدا آمر ہو گیا۔ مامور نہیں رہا۔ شریعت کا علم، علم سفینہ بن گیا اور طریقت کا علم "علم سینہ" بن کر سینہ بہ سینہ منتقل ہونے لگا۔ یہ راز نہاں اور سر مکتوم تھا۔ زاہد و شیخ ہمہ تصنع اور "اہل طریقت" حقیقت سے متصف بلکہ عین حقیقت تھے۔

اشراقیت کا دوسرا نتیجہ یہ نکلا کہ شئ غیر مقصود کو مقصود قرار دے دیا گیا اور مقصود یکلخت نظر انداز کر دیا گیا۔ اب کمالات کو جو محض 'توابع' ہیں اور حصول مقصد کے بعد پیدا ہوتے ہیں، اصل مقصود سمجھا جانے لگا۔ لذت واحوال، کشف کونی، تصرفات وکرامات، وجد و حال، رویائے صادقہ وغیرہ سالک کی غایت ٹھہرے۔ انہیں کو بزرگی اور تقویٰ کی علامتیں خیال کیا گیا۔ ان کمالات کی تحصیل کے لئے غیر مسنون ریاضتوں اور اشغال کی ابتدا ہوئی۔ جوگیوں اور سنیاسیوں سے بھی اشغال وغیرہ کے سیکھنے میں دریغ نہیں کیا گیا[۱] اس طرح یونانی تخیلات کے علاوہ ہندی مراسم ونظریات تصوف میں داخل ہو گئے اور انہیں کو بحیثیت مجموعی اسلامی تصوف سمجھا اور بتلایا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ مستشرقین کو اسلامی تصوف کے سلسلے میں مغالطہ ہوا اور انہوں نے اسلامی تصوف کا ماخذ عام طور پر غیر اسلامی قرار دیا۔

اس زمانے کے تصوف کے بارے میں مولانا عبدالماجد دریا بادی رقم طراز ہیں:

"تصوف کی مسخ شدہ شکل یونانی اوہام، ایرانی تخیلات، ہندی مراسم اور دیگر غیر اسلامی عناصر کا ایک معجون مرکب ہے۔ جس کے بعض اجزاء اسلامی کہے جا سکتے ہیں، اور وہ بھی بڑی تلاش و دیدہ ریزی کے بعد نظر آتے ہیں۔ حاشا ثم حاشا یہ اسلامی تصوف نہیں۔ اسلامی تصوف وہ تھا جو خود حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا، جو ابوبکر صدیق رض و علی مرتضیٰ کا تھا، جو سلیمان و ابوذر کا تھا۔ جس کی تعلیم جنید بغدادی اور رابعہ بصری نے دی ہے۔ جس کی ہدایت شیخ جیلانی رح و شیخ سہروردی و خواجہ اجمیری و محبوب دہلوی رح خواجہ نقشبندی رح و مجدد سرہندی کرتے رہے اور جس کی دعوت اس دور آخر میں شاہ ولی اللہ دہلوی کی زبان قلم دیتی ہے۔"[۲]

اسلام دین فطرت ہے اور فطرت خود فکر و عمل کے گہوارے کا نام ہے۔ چنانچہ اسلامی تصوف بھی فکر و عمل ہی کے مجموعے کا نام ہے۔ وہ فکر جو ذہن انسانی کو جلا دیتی ہے، وہ عمل جو رشتۂ حیات کو اور مضبوط کر دیتا ہے۔ تاریخ اسلام کا مطالعہ بتاتا ہے کہ اسلام ایک نہیں بلکہ کئی بار غیر مسلموں اور خود مسلمانوں کے ہاتھوں دور ابتلاء سے گزرا ہے مگر صوفیہ نے ہر بار اسے صاف بچا لیا۔ اس تاریخی حقیقت کو پروفیسر گب سے سنئے:

"تاریخ اسلام میں بارہا ایسے مواقع آئے ہیں کہ اسلام کے کلچر کا شدت سے مقابلہ کیا گیا ہے لیکن بایں ہمہ وہ مغلوب نہ ہو سکا۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ تصوف یا صوفیہ کا انداز فکر فوراً اس کی مدد کو آ جاتا تھا اور اس کو اتنی قوت اور توانائی بخش دیتا تھا کہ کوئی طاقت اس کا مقابلہ نہ کر سکتی تھی۔"[۳]

---

[۱] تصوف اسلام، مسٹکس آف اسلام، قرآن و تصوف، انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ج ۴ [۲] تصوف اسلام ص۱
[۳] اسلامک کلچر (۱۹۴۲ء) ص ۲۶۵

قرآن اور حدیث سے الگ صوفیہ غیر اسلامی قوتوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے تھے۔ چنانچہ تصوف کا دروازہ بھی انہیں لوگوں پر کھولا جاتا تھا جو شریعت کے ہر طرح پابند اور اس کے رموز و احکام کے عالم ہوتے تھے۔

تصوف کی عہد بہ عہد تاریخی کیفیت

تصوف آٹھویں و نویں صدی عیسوی میں

حجۃ الوداع کے موقع پر آنحضرتؐ نے جو خطبہ[1] ارشاد فرمایا تھا وہ اخوت، مساوات اور عدل کا بہترین پیغام تھا۔ یہی بنیادیں ہیں جو کسی سماج کو پائداری اور استحکام بخشتی ہیں۔ اور یہی وہ اصول تھے جن پر اسلامی سماج اور سیاست مبنی تھی۔ چنانچہ آنحضرت کے بعد خلفائے راشدین نے ان اصولوں کی پوری پابندی اور پاسداری کی۔ قرآن کے ساتھ ساتھ احادیث و سنن نبوی پر عمل پیرا رہے۔ مگر ان کے بعد کے سیاسی نظام کی نوعیت بدل گئی۔ بنی امیہ کے زمانے میں خلافت نے ملوکیت کا لبادہ اوڑھ لیا اور "شاہی" اسلام کا نام لے کر مختلف سمتوں میں بڑھنے اور پھیلنے لگی۔ مذہب اور سیاست کے رخ بدل گئے۔ اسلامی زندگی کی وحدت ختم ہوگئی۔ دین داروں اور حکومت پیشہ لوگوں کی زندگیوں میں ایک خلیج پیدا ہوگئی جو زمانے کے ساتھ وسیع ہوتی چلی گئی۔ حالانکہ آنحضرت اور خلفائے راشدین کے زمانے میں مذہب و سیاست ایک ہی تصویر کے دو رُخ تھے، ایسے رُخ کہ بغیر ایک کے دوسرے کا تصور بھی محال تھا۔ چنانچہ سچے مسلمانوں — صوفیہ — نے سلطنت سے علیحدگی کو ضروری سمجھا اور بالعموم ہر دور میں الگ ہی رہے۔ بنی امیہ کے مظالم نے اس علیحدگی کو بڑی تقویت پہنچائی۔ صوفیہ کا پہلا طبقہ انہیں حالات میں نمودار ہوا۔ بصرہ و کوفہ میں امویوں نے بے حد مظالم ڈھائے تھے اور یہی شہر تصوف کے سب سے پہلے مرکز بنے اور پھر یہیں سے یہ اسلامی تحریک دنیا کے مختلف حصوں میں پھیل گئی۔ اس طبقہ میں اویس قرنی، حسن بصری، مالک دینار، حبیب عجمی، فضیل بن عیاض اور ابراہیم ادہم، سفیان ثوری وغیرہ شامل ہیں۔ ان بزرگوں کی خصوصیات حکومت اور اس کے متعلقین سے دوری، خشیت خداوندی، باطنی اصلاح و تربیت، تزکیۂ نفس، عبادات وغیرہ تھیں۔ ان کا زمانہ ۶۰۱ء سے لے کر ۸۵۰ء تک ہے۔

تصوف — نویں صدی عیسوی میں

پہلے دور کے مقابلے میں دوسرا دور سخت آزمائش کا دور تھا، اس لئے کہ اسی دور میں یونانی کتابوں کا عربی و فارسی میں ترجمہ ہوا اور ان کے سبب بہت سے مسلمانوں کے دلوں میں "عقلیت کا طوفان اٹھا"[2] اور عوام کے عقائد میں

---

[1] خطبہ کے لئے ملاحظہ ہو تاریخ مشائخ چشت (نظامی) ص ۶۵-۶۴

[2] اس سے قبل اشارہ ہو چکا ہے۔

تذبذب، ایمان میں شک اور ذہن میں خلش پیدا ہو گئی علاوہ بریں مامون جیسے خلیفہ نے قرآنی اور اسلامی عقائد کے خلاف نئے رجحانات اور خیالات بہ جبر توسیع کرنے کی بھی سعی کی[1] نتیجہ یہ ہوا کہ مسلمانوں کی زندگی میں اس سے لامرکزیت پیدا ہو گئی۔ اعتقاد کی ساری بنیادیں ہل گئیں اور ملت کی ذہنی زندگی میں انتشار پیدا ہو گیا۔ اس کے معنی یہ نہیں ہیں کہ اسلام تحقیق و تلاش اور فلسفہ و حکمت کا مخالف ہے۔ اسلام نے تو ہر شخص کو تحصیل علم کی ترغیب دلائی ہے اور زمین و آسمان اور ان کے درمیان کی مختلف اشیاء کو آیات بینات کہہ کر ان کے رموز کو جاننے اور پرکھنے پر مائل کیا ہے۔ ہاں اس کی تنبیہ ضرور کی ہے کہ طالب علم اپنے دینی وجدان پر مہر نہ لگائے۔ اس عقلیت کے ساتھ ساتھ وضعیت کا پھلنا پھولنا لازمی تھا۔ وضعیت فطرت مابعد ہے، مذہب نہیں صناعی ہے۔ چنانچہ اس دور میں ذات و صفات خداوندی، خلق، قرآن، دوزخ، جنت، معجزات، معراج غرض ہر مسئلہ عقل کی کسوٹی پر کسا گیا۔ آیاتِ قرآنی کی عجیب و غریب تاویلیں کی گئیں۔

اس دور میں بایزید بسطامی، ذوالنون مصری، جنید بغدادی، معروف کرخی، سری سقطی وغیرہ مشہور مشائخ تھے۔ انہوں نے اپنے دور کی "عقلیت" کے خلاف "عشق" پر زور دیا ہے۔

تصوف ۔ دسویں صدی میں

اسلام کی بڑھتی ہوئی فتوحات کے سبب اجتہاد اور استنباط کی ضرورت پڑی۔ اس لئے کہ اس وقت بعض مسائل ایسے درپیش ہوگئے جن کا ذکر قرآن و حدیث میں نہیں تھا۔ چنانچہ ضرورت ہوئی کہ انہیں (قرآن و حدیث و سنن نبوی) کی روشنی میں ان مسائل کا حل ڈھونڈ نکالا جائے۔ امام ابو حنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل نے اپنی پوری دینی بصیرت سے کام لے کر مختلف مسائل پر اجتہادی رائے کا اظہار کر کے چار 'مذہب' کی بنیاد ڈالی۔ عباسیوں کے زمانے میں امام مالک ہی کے فیصلوں پر عمل کرنے پر زور دیا جاتا تھا،[2] جو ظاہر ہے غلط ہے۔ کسی سماج کو مستقل طور پر ایک ایسے قاعدے کا پابند بنا دینا جو بہر طور انسانی اجتہاد کا نتیجہ ہو کبھی بھی درست نہیں ہو سکتا۔ اس کا نتیجہ اس کے سوا اور کچھ نہیں ہو سکتا کہ لوگ جواز کی پناہیں ڈھونڈنے لگیں۔ اس زمانے میں بھی یہی ہوا۔ چنانچہ فقہی کتابوں میں باب الحیل ایک مستقل باب بن گیا۔ ان حیلہ جوئیوں کے سبب تزکیۂ نفس اور اصلاح باطن کی ترکیبیں گویا بے معنی ہو گئی تھیں، حالانکہ مذہب کی اساس انہیں پر قائم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس دور کے صوفیہ نے مذہبی روح کی بیداری، اصلاح باطن اور درستگیٔ اخلاق پر بالخصوص زور دیا۔

اس صدی کے صوفیہ میں شیخ ابوسعید ابن العربی، شیخ ابومحمد الخلدی، شیخ ابونصر سراج، شیخ ابو طالب

---

[1] تاریخ مشائخ چشت (نظامی)

[2] تاریخ مشائخ چشت

مکی، شیخ ابو بکر اور ابو عبدالرحمٰن اسلمی خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔ ان حضرات نے اپنی تبلیغ کو حقیقی اور واقعی رنگ دینے کے لئے مشائخ متقدمین کے حالات ہی کو سامنے نہیں رکھا بلکہ تصوف کو شریعت اسلام کے مطابق ثابت کیا۔ تصوف کی ایک بہت ہی اہم کتاب: کتاب اللمع (جو شیخ ابو نصر سراج کے رشحات فکر کا نتیجہ ہے) اسی دور میں لکھی گئی۔

تاریخ تصوف میں اس دور کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ صوفیہ کے حلقے اور گروہ بننا شروع ہو گئے۔ شیخ علی الہجویری نے کشف المحجوب میں بارہ گروہوں کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ ان میں دو گروہ مردود اور دس مقبول ہیں۔ یہ مختلف گروہ درج ذیل ہیں:

(۱) دونوں مردود گروہ حلولی اور حلاجی تھے۔ حلاجی تناسخ کے قائل تھے۔

(۲) طیفوریہ۔ اس کی نسبت بایزید بسطامی سے ہے۔ اس گروہ پر شوق و مستی کا بڑا غلبہ رہتا تھا۔ اس کے پیرو "سکر" کو "صحو" پر ترجیح دیا کرتے تھے۔

(۳) قصاریہ۔ اس کی نسبت شیخ حمدون قصار سے ہے۔ قصاریہ صوفیوں نے بعد میں ملامتیہ کی صورت اختیار کر لی تھی۔

(۴) نوریہ۔ اس کی نسبت شیخ ابوالحسن نوری سے ہے۔ اس کے تصوف کا مقصد "فقر" سے اونچا تھا اور "صحبت" کو "عزلت" سے بہتر جانتے تھے۔

(۵) محاسبیہ۔ اس کی نسبت شیخ حارث بن اسد محاسبی سے ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ "رضا" مقام نہیں بلکہ "حال" ہے۔ خراسان سے ان کی تائید کی اور عراق نے مخالفت کی۔

(۶) تستریہ۔ اس کی نسبت شیخ سہل بن عبداللہ تستری سے ہے۔ انہوں نے تزکیہ نفس کے اصول ترتیب دئے تھے اور یہ سزائے نفس کے قائل تھے۔

(۷) حکیمیہ۔ اس کی نسبت ابی عبداللہ بن علی الحکیم الترمذی سے ہے۔ ولایت کا تصور اسی گروہ سے شروع ہوا۔ حکیم ترمذی کا ارشاد تھا کہ ساری دنیا ولیوں میں تقسیم ہے اور ہر علاقہ ایک ولی کے تحت ہے۔

(۸) خرازیہ۔ اس کی نسبت شیخ ابوسعید خرازی سے ہے۔ فنا کا تصور اس گروہ نے پیش کیا۔

(۹) حفیفیہ۔ اس کی نسبت شیخ ابو عبداللہ بن حفیف سے ہے۔ انہوں نے حضور اور غیبت کا تصور پیش کیا۔

(۱۰) سیاریہ۔ اس کی نسبت شیخ ابوالعباس سیاری کی جانب ہے۔ انہوں نے جمع و تفریق کا نظریہ پیش کیا۔

یہ گروہ اگرچہ دسویں صدی عیسوی میں بنے تھے مگر ان کی نسبت مشائخ متقدمین کی جانب ہی رکھی گئی تھی۔ اس زمانے میں تصوف نے ایک باقاعدہ تحریک کی صورت اختیار کرلی تھی۔ مستند کتابوں کا خاصا ذخیرہ فراہم ہوگیا تھا۔ مگر تصوف باقاعدہ فلسفہ کی حیثیت سے ابھی مرتب و مجتمع نہیں ہوا تھا۔

تصوف ــ گیارہویں صدی عیسوی میں

اس صدی کے ممتاز مشائخ درج ذیل ہیں:

شیخ ابونعیم اجہانی (و ۱۰۳۸ء)، شیخ ابوالقاسم قشیری (و ۱۰۷۲ء)، شیخ علی ہجویری (و ۱۰۷۲ء/ ۱۰۷۹ء کے درمیان)، شیخ عبداللہ انصاری (و ۱۰۸۸ء)، اور شیخ ابوسعید ابی الخیر (و ۱۰۴۹ء)

اس صدی میں تصوف کے خیالات بڑی تیزی سے پھیل رہے تھے۔ تقریباً ہر مذہب کے مشاہیر صوفیہ اور علما نے تصوف کی حمایت میں قدم اٹھایا۔ تصوف اور شریعت اسلامیہ کا تطابق زیادہ جامع اور مانع صورت میں پیش کیا گیا۔ چنانچہ بہت سے علمائے وقت نے تصوف کو "قبول" کرلیا۔ شیخ ابوسعید ابوالخیر نے اپنی رباعیات، شیخ عبداللہ ہروی نے اپنی مناجات، شیخ علی ہجویری نے کشف المحجوب کے ذریعہ تصوف کے خیالات کو عوام تک پہنچاکر تصوف میں ایک عوامی تحریک بننے کی صلاحیتیں سمودیں۔

تصوف ــ بارہویں صدی عیسوی میں

اسلامی تصوف کے لئے بارہویں صدی بڑی اہمیت رکھتی ہے کہ اسی صدی میں تصوف کا فلسفہ پورے طور پر مرتب ہوا اور اسے ایک فن کی مستقل حیثیت حاصل ہوگئی۔ بعض اہم روحانی سلسلے اسی صدی میں شروع ہوئے اگرچہ ان کو عروج ۱۳ ویں صدی میں حاصل ہوا۔ سیاسی و سماجی زندگی کی زبوں حالی کے سبب ایک انتشار تھا جو مسلمانوں خصوصاً ایرانی مسلمانوں میں پھیلا ہوا تھا۔ صوفیہ کرام اپنی تعلیمات اور اعمال کے ذریعے ان میں یکسوئی اور اطمینان کی کیفیت پیدا کردی۔

امام غزالی، شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی، شیخ نجیب الدین عبدالقاہر سہروردی، شیخ محی الدین ابن عربی اور شیخ شہاب الدین سہروردی اس دور کے علمائے صوفیہ میں بڑے ہی بلند مقام کے حامل ہیں۔ شعراء میں حکیم ثنائی، نظامی گنجوی اور خواجہ فریدالدین عطار اسی دور کی یادگار ہیں۔ امام غزالی، شیخ اکبر، شیخ شہاب الدین سہروردی نے اس کا فلسفہ، اصطلاحات، بنیادی مسائل وغیرہ سب کی وضاحت کردی۔ حکیم سنائیؒ اور خواجہ عطار نے عشق الٰہی کی آگ کی لپٹیں کونے کونے میں پہنچادیں۔ سنائیؒ و عطار کے کلام و مرتبہ کا اندازہ مولانا روم کے اس شعر سے لگایا جاسکتا ہے۔ ؎

عطار روح بود و سنائیؒ دو چشم او   ما از پی سنائیؒ و عطار آمدیم[۱]

---

[۱] غزلیات شمس تبریز

تصوف ۔ تیرہویں صدی عیسوی میں

بارہویں صدی کی مصیبتیں تاتاریوں کے سبب اپنی انتہا کو پہنچ گئیں ۔ ہر طرف لوٹ مار ، تباہی اور بربادی کا منظر تھا ۔ انسانی فلاح و بہبود کا تصور عنقا تھا ۔ اخلاق یک لخت ختم ہو چکا تھا ۔ سلطنتیں ملیامیٹ ہوگئیں ۔ مدرسے اور خانقاہیں بے نور و بے چراغ ہوگئیں ۔ کتب خانے راکھ کا ڈھیر ہو گئے ۔ بقول خلیق احمد نظامی " ان روح فرسا مناظر کو دیکھ کر طبیعتیں خود بخود تصوف کی مائل ہوگئیں ۔ انابت ، خضوع ، تضرع ، توکل جو تصوف کے خاص مقامات ہیں خود بخود دل پر طاری ہو گئے " [1]

صوفیۂ کرام نے اس دفعہ بھی مسلمانوں کی دستگیری کی ۔ مختلف سلسلوں کی تنظیم کی اور جا بجا خانقاہیں بنائیں تاکہ عام مسلمانوں کے ذہن اور مزاج کی از سر نو تہذیب کر سکیں ، ان میں ایک بار پھر خود اعتمادی اور بھروسہ پیدا کر سکیں ۔۔۔ اور وہ اپنے اس جلیل القدر عزم میں کامیاب ہوگئے ۔ مسلمانوں میں مرکزیت پیدا ہوگئی ، اخلاق اور سماجی قدریں پھر زندہ ہوگئیں اور مذہب و خدا پر بھروسہ کیا جانے لگا ۔ صوفیہ کی یہ کوششیں اس درجہ دور رس اور پر کشش ثابت ہوئیں کہ اسلام دشمن تاتار نہ صرف مشرف بہ اسلام ہوئے بلکہ خود اس کے محافظ بن گئے ۔ [2]

ہے عیاں یورشِ تاتار کے افسانے سے پاسباں مل گئے کعبے کو صنم خانے سے (اقبال)

اس عہد کے تصوف مشرب شعرا جو ساری فضا پر چھا گئے ان میں مولانا روم ، شیخ سعدی ، اوحدی اور عراقی ان میں بہت مشہور ہیں ۔

اس عہد کے سلسلے میں مندرجۂ ذیل سلسلے ذکر خصوصی چاہتے ہیں :

(۱) سلسلۂ خواجگان ۔۔ یہ سلسلہ ترکستان میں قائم ہوا ۔ اس کے سب سے زیادہ مشہور بزرگ خواجہ محمد اتالیسوی ، خواجہ عبدالخالق عجدوانی ، خواجہ بہاؤالدین نقش بند ہیں ۔ خواجہ بہاؤالدین نقش بند کے بعد یہ سلسلہ نقش بندیہ کے نام سے مشہور ہوا ۔ خواجہ نقش بند نے اتباع سنت پر بہت زور دیا ہے ۔ [3] اکبر کے زمانے میں یہ سلسلہ خواجہ باقی باللہ (و ۱۶۰۳ء) کے ذریعے پہنچا ۔ خواجہ باقی باللہ کے عزیز مرید اور خلیفہ شیخ احمد المعروف بہ مجدد الف ثانی (۱۶۲۴ء) نے اس سلسلے کو ہندوستان میں ترقی دی ۔ ان کے بعد یہ سلسلہ ، سلسلۂ مجددیہ نقشبندیہ کہلانے لگا ۔

(۲) سلسلۂ قادریہ ۔۔ یہ سلسلہ شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی سے شروع ہوا ۔ آپ کا نظام تربیت و اصلاح آپ نے اپنے خلفاء اور مریدوں کو اسلامی ممالک کے مختلف حصوں میں بھیج دیا تھا ۔

---

[1] تاریخ مشائخ چشت ص ۱۲۶ [2] بانگ درا [3] نفحات الانس

(۳) سلسلۂ چشتیہ — اس سلسلے کی داغ بیل یوں تو شیخ ابو اسحاق شامی (۹۴۰ء) نے ڈالی تھی، لیکن یہ خواجہ معین الدین سنجری (و ۱۲۳۵ء) کے ہاتھوں پروان چڑھا۔ یہ سلسلہ ہندوستان میں معین الدین چشتی ہی کے مبارک ہاتھوں سے پہلے شروع ہوا۔ یہ پاک پٹن سے لے کر لکھنوتی، دہلی سے لے کر دیوگیر تک پھیلا ہوا تھا۔

(۴) سلسلۂ سہروردیہ — یہ سلسلہ شیخ شہاب الدین سہروردی کی یادگار ہے۔ (وفات ۱۲۳۴ء) آپ نے اس سلسلے کے نظام کی تفصیل عوارف المعارف[۱] میں دی ہے۔ آپ کے مرید و خلفا ہندوستان بھی آئے تھے۔ شیخ نور الدین مبارک غزنوی، مجد الدین حاجی، شیخ ضیاء الدین رومی، قاضی حمید الدین ناگوری ان کے مشہور خلفا تھے مگر ہندوستان میں یہ سلسلہ شیخ بہاؤ الدین زکریا ملتانی کے ذریعے پھیلا۔ اس سلسلے کی خانقاہیں ملتان اور سندھ میں تھیں۔ ان سلسلوں کے علاوہ ابو الفضل نے ہندوستان میں جاری رہنے والے (اپنے زمانے تک) سلسلوں کی یہ فہرست دی ہے:[۲]

(۱) صبیبان	(۲) طیغوریان	(۳) کرخیان	(۴) سقطیان
(۵) جنیدیان	(۶) کازرونیان	(۷) طوسیان	(۸) فردوسیان
(۹) زیدیان	(۱۰) عباسیان	(۱۱) ادہمیان	اور (۱۲) ہبیریان

سلسلۂ فردوسیان بہار تک محدود رہا۔ ہندوستان میں اس کے لانے والے شیخ بدر الدین سمرقندی تھے۔[۳] شیخ شرف الدین یحییٰ منیری نے اسے فروغ دیا۔

پندرہویں صدی کے وسط میں قادریہ اور شطاریہ سلسلے ہندوستان میں قائم ہوئے۔ قادریہ سلسلہ شاہ نعمت اللہ قادری کے ذریعے ہندوستان آیا۔ سید محمد غوث گیلانی، مخدوم شیخ عبد القادر ثانی، سید موسیٰ اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے دور مغلیہ میں اس کی توسیع کی۔

شطاریہ سلسلہ شاہ عبد اللہ شطاری (و ۱۴۵۸ء) نے قائم کیا۔ سید محمد غوث گوالیاری اور علامہ وجیہ الدین علوی احمد آبادی نے اس کو ہندوستان میں ترقی دی۔

عہد خوب میں گجرات کے مشہور سلسلے:[۴]

(۱) چشتیہ — شیخ حسام الدین عثمان بن داؤد ملتانی (وفات ۷۳۶ھ) اور علامہ کمال الدین دہلوی (و ۷۵۶ھ)، شیخ یعقوب بن مولانا خواجگی (و ۷۹۸ھ)، سید کمال الدین قزوینی (و ۸۸۱ھ) اور شیخ کبیر الدین ناگوری

---

[۱] تاریخ مشائخ چشت [۲] آئین اکبری [۳] تاریخ مشائخ چشت ص ۱۳۴ - ۱۳۳

[۴] مرآت احمدی

وغیرہم کے ذریعے یہ سلسلہ گجرات میں پھیلا۔[1]

(۲) سہروردیہ ۔ گجرات میں یہ سلسلہ سب سے پہلے سید شرف الدین مشہدی کے ہاتھوں بھڑوچ میں پھیلا۔ یہ حضرت مخدوم جہانیاں سید جلال الدین حسین بخاری کے داماد و خلیفہ تھے۔ سید یحییٰ بن علی ترمذی، قاضی علم الدین شاطبی، سید برہان الدین عبداللہ بن محمود البخاری، شیخ محمد بن عبداللہ البخاری، سید محمد زاہد، سید جلال، شیخ عثمان، شیخ علی خطیب وغیرہم (سادات قطبیہ، شاہیہ و بخاریہ اور ان کے خلفا) اس سلسلے کے نامور بزرگ تھے۔ یہ سلسلہ تمام گجرات میں پھیلا ہوا تھا۔[2]

(۳) مغربیہ ۔ سلسلۂ مغربیہ کے پیرو شیخ احمد کھٹو ہیں جو شیخ اسحاق مغربی کے مرید اور خلیفہ تھے۔ سید محمود ایزمی اور شیخ صلاح الدین انہیں کے تربیت یافتہ تھے۔

(۴) عیدروسیہ ۔ اس سلسلے کی نشو و نما حضرموت میں ہوئی۔ وہاں سے سید شیخ بن عبداللہ حضرمی کے ذریعے سورت (گجرات) آیا اور گجرات و دکن میں محدود رہا۔ سید محمد بن عبداللہ، سید عبدالقادر اور شیخ نورالدین محمد بن علی راندیری اسی سلسلے کے بزرگ ہیں۔

(۵) قادریہ ۔ سب سے پہلے غالباً شیخ شمس الدین ناگوری کے ذریعے یہ سلسلہ گجرات میں پھیلا۔ بعد میں شیخ جمال بن الحسین البغدادی بہادر شاہ کے زمانے میں گجرات آئے۔ شیخ یتیم اللہ، شیخ عبدالفتاح عسکری شارح مثنوی معنوی وغیرہ اس سلسلے کے بزرگ ہیں۔ شیخ عبدالفتاح کا فیض تو دیلور اور فرنگی محل تک پہنچا ہے۔[3]

(۶) رفاعیہ ۔ یہ سید احمد کبیر رفاعی سے منسوب ہے۔ یہ سلسلہ ہندوستان میں کم مروج ہے۔ اس کا تعلق گجرات و دکن ہی سے رہا ہے۔ شیخ شرف الدین اساولی، سید علی بن ابراہیم اور سید عبدالرحیم (و ۱۱۳۲ھ) کے ذریعے گجرات میں پھیلا۔ شاہ علی جی گام دھنی اسی سلسلے کے بزرگ ہیں۔

(۷) نقشبندیہ ۔ یہ سلسلہ گجرات میں شیخ نورالدین ابوالفتوح شیرازی کے ذریعے پہنچا ہے۔ یہ میر سید شریف کے مرید تھے۔ بعد میں خواجہ جمال الدین خوارزمی (و ۱۰۱۶ھ)، خواجہ محمد دہداری (و ۱۰۱۶ھ)، شیخ نوراللہ و شیخ نصراللہ پیشاوری کے ذریعے یہ سلسلہ اشاعت پذیر ہوا۔

(۸) شطاریہ ۔ یہ سلسلہ شیخ محمد غوث گوالیاری کے ذریعے گجرات آیا۔ علامہ شیخ وجیہ الدین علوی، شیخ صدرالدین ذاکر، شیخ شکر محمد عارف، شیخ علی شیر وغیرہ اس سلسلے کے مشہور بزرگ ہیں۔ شیخ صبغۃ اللہ بھڑوچی اسے مدینہ لے گئے اور وہاں بہت سے مشائخ کبار نے یہ دولت ان سے حاصل کی۔

---

[1] یاد ایام، سید عبدالحی ص ۴۴ تا ۴۵ [2] یاد ایام ص ۴۶-۴۵ [3] یاد ایام ص ۴۸

ان مشہور و معروف سلسلوں کے علاوہ دوسرے غیر معروف سلسلے مثلاً عیاضیہ، شاذلیہ وغیرہ بھی گجرات میں مل جاتے ہیں۔ ان کثیر سلسلوں کی اصل وجہ یہ تھی کہ سرزمین گجرات مختلف سلسلوں کے مشائخ کے لئے باعث کشش تھی اور گاہ گاہ وہ گجرات آکر عوام کے دلوں کو منور کرتے رہتے تھے۔ ان سلسلوں کو فروغ دینے کے لئے گجرات نے جید عالم اور بلند مرتبہ صوفی پیدا کئے اور ان کی تبلیغ و اشاعت کے ساتھ عوام نے ان کا یوں ساتھ دیا کہ وہ بیک وقت ایک سے زیادہ سلسلوں میں مرید ہوا کرتے تھے۔ تاہم سلسلۂ سہروردیہ، سلسلۂ چشتیہ، سلسلۂ قادریہ، سلسلۂ رفاعیہ اور سلسلۂ عیدروسیہ بہت زیادہ مقبول تھے۔ ان کی مقبولیت اب بھی باقی ہے۔ خوب محمد چشتی کے زمانے میں علوم ظاہری و باطنی کی تحصیل و توسیع اور اشاعت ایسی جلیل القدر ہستیوں کے ہاتھوں انجام ہوئی کہ نہ صرف گجرات بلکہ پورا ہندوستان ہر لحاظ سے ان کا رہین منت ہے۔ ان بزرگوں میں علامہ وجیہ الدین علوی، سادات قطبیہ وشاہیہ، شاہ علی جی گام دھنی، شاہ صبغۃ اللہ بھڑوچی، عبدالقادر العیدروس وغیرہم اور خود خوب محمد چشتی بہت ہی بلند مقام کے حامل ہیں۔ گجرات کی ظاہری و باطنی زندگی میں حسن انہیں بزرگوں کی ذات سے پیدا تھا۔ خوب محمد کا زمانہ علم وفن اور تصوف کی سرگرمیوں کے سبب گجرات کا سنہری زمانہ کہا جا سکتا ہے۔

سلسلۂ چشتیہ

چشت خراسان کا ایک بہت ہی مشہور شہر ہے۔ یہاں کچھ بزرگان دین نے روحانی اصلاح و تربیت کا ایک نظام قائم کیا تھا جسے بڑی شہرت ہوئی۔ چشت کی رعایت سے اس روحانی نظام کا نام چشتیہ اور اس کے ماننے والوں کو چشتی کہا جانے لگا۔

سب سے پہلے بزرگ جن کے نام کے ساتھ چشتی کا لاحقہ نظر آتا ہے وہ خواجہ ابو اسحاق شامی ہیں (۹۴۰ء / ۳۲۹ھ)۔ تذکرے بتاتے ہیں کہ سلسلۂ چشتیہ کے بانی خواجہ ابو اسحاق شامی ہی ہیں۔ مگر افسوس کہ اس صاحب دماغ اور صاحب دل کے حالات کہیں مفصل نہیں ملتے۔ ہاں کرامتوں اور سماع کے چند واقعات کا پتہ ضرور چلتا ہے۔ خواجہ ابو اسحاق شام باشندے تھے۔ وہاں سے پیدل بغداد آئے اور جب خواجہ ممشاد علی دینوری کی خانقاہ میں حاضر ہوئے تو انہوں نے نام پوچھا۔ جواب دیا "ابو اسحاق شامی"! اس پر حضرت دینوری نے ارشاد فرمایا[1]:

" از امروز ترا ابو اسحاق چشتی خوانند کہ خلائق چشت و دیار آن از تو ہدایت یابند و ہر کہ سلسلۂ ارادت تو آید آنہارا نیز تا قیام قیامت چشتی خوانند۔"	آج سے لوگ تم کو ابو اسحاق چشتی کہہ کر پکاریں گے چشت اور اس کے نواح کے لوگ تم سے ہدایت پائیں گے اور جو شخص تمہارے ارادت میں داخل ہوگا اس کو لوگ قیامت

---

[1] خزینۃ الاصفیا (جلد اول) ص ۲۴۰

تک چشتی کہہ کر پکارا کریں گے۔

اس کے بعد حضرت دینوری نے آپ کو رشد و ہدایت کے لئے چشت بھیج دیا۔ وہاں پہنچ کر آپ نے اپنی پرخلوص محنت و ریاضت کے سبب ایک عظیم الشان سلسلے کی بنیاد رکھی۔ چنانچہ چشت بہت جلد ایک عظیم روحانی مرکز بن گیا اور آپ کا سلسلہ، سلسلۂ چشتیہ کے نام سے موسوم ہوگیا۔ آپ فقرو فاقہ کی زندگی بسر کرتے تھے، اور اس پر آپ کو فخر تھا۔

اس سلسلے کے چند مشہور بزرگ (سلسلہ وار یہ ہیں): چند دوسرے روحانی سلسلوں کی طرح یہ سلسلہ بھی حضرت علیؑ کرم سے شروع ہوتا ہے۔ آپ کے بعد دوسرے بزرگوں کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

(۱) خواجہ حسن بصری (۲) خواجہ عبدالواحد ابن زید (۳) فضیل ابن عیاض (۴) ابراہیم ادہم بلخی (۵) خواجہ سدید الدین حذیفۃ المرعشی (۶) خواجہ امین الدین ابی ہبیرۃ البصری (۷) خواجہ ممشاد علی دینوری (۸) ابواسحاق شامی (۹) ابواحمد ابن فرسناختہ الچشتی (۱۰) ابومحمد ابن احمد چشتی (۱۱) ابویوسف چشتی (۱۲) خواجہ مودود چشتی (۱۳) خواجہ حاجی شریف زندانی (۱۴) خواجہ عثمان ہروی (۱۵) خواجہ معین الدین حسن سنجری (آپ کو سنجری (سَنْ جَرِی) کہنا غلط ہے کیوں کہ آپ کے وطن سجستان کے لحاظ سے لفظ سجزی (سِجْ زِی) بنے گا، سنجری نہیں۔ مگر عرف عام میں لوگ آپ کو سجزی کی جگہ سنجری ہی کہتے ہیں)۔

سلسلۂ چشتیہ ہندوستان میں

یہ صحیح ہے کہ بقول مولانا جامی (نفحات الانس) خواجہ ابومحمد بن ابی احمد چشتی محمود غزنوی کے عہد میں ہندوستان آئے تھے۔ مگر یہ بھی واقعہ ہے کہ ہندوستان میں سلسلۂ چشتیہ کا اجراء و توسیع خواجہ معین الدین حسن چشتی ہی کے مبارک ہاتھوں سے ہوئے۔ میر خورد نے آپ کو "نائب رسول اللہ فی الہند (سید الاولیاء) لکھا ہے۔

ابوالفضل آئین اکبری میں کہتا ہے: "عزلت گزین بہ اجمیر شد و فراوان چراغ برافروخت و از دم برای او گروہا گروہا مردم بہرہ گرفتند۔"

اجمیر کو اس وقت زبردست سیاسی اور مذہبی حیثیت حاصل تھی۔ اخبار الاخیار میں اس وقت کی ہی اہمیت کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ تاہم اس زمانے کی عام حالت یہ تھی:

ہر طرف افراتفری کا عالم تھا۔ فکر و عمل کا اتحاد عنقا تھا۔ چھوت چھات نے زندگی سے رونق چھین لی تھی خلقت "بہت ہی امیر" اور "بہت ہی غریب" کی مکروہ تقسیم کا شکار تھی۔ پستی و بلندی کے انہیں مناظر کو دیکھ کر بیرونی نے کہا تھا — "ہندوؤں میں بہت سی ذاتیں ہیں۔ ہم مسلمانوں کا ملک عام مساوات اور ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم کے مطابق ان سے بالکل جداگانہ ہے۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان یہی سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔"

یہ تھا وہ ماحول جس میں خواجہ معین الدین چشتی نے اسلام کے نظریۂ توحید و مساوات کی تبلیغ کی۔ اپنے عمل

سے اس کا ثبوت بہم پہنچایا۔ اور اس طرح گویا آپ نے ہندوستان میں ایک زبردست روحانی اور سماجی انقلاب پیدا کر دیا۔ گروہ در گروہ لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے اور آپ سے استفادہ کر کے دلوں میں اجالا اور حرارت پیدا کرتے۔ لاکھوں دلوں پر حکومت کرنے والا "غریب نواز" و "ہندالولی" (یہ ترکیب لغوی اعتبار سے غلط سہی مگر لاکھوں عوام آپ کو اس نام سے یاد کرتے ہیں۔) بڑی ہی سادہ زندگی بسر کرتا تھا۔

آپ کے خلفاء میں خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اور شیخ حمید الدین ناگوری قابل ذکر ہیں۔

سلسلۂ چشتیہ گجرات میں

سلسلۂ چشتیہ کے مرکزی نظام سے گجرات کا تعلق خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے زمانے سے ہوا۔ آپ کے دو خلیفہ شیخ محمود اور شیخ حامد الدین (تاریخ مشائخ چشت ص ۱۵۴) کا تعلق نہروالہ (پٹن) سے تھا۔ پٹن ان کا وطن تھا۔ مگر چشتیہ سلسلے سے گجرات کو پورے طور پر متعارف کرنے کا کام نظام الدین اولیا کے مندرجۂ ذیل خلفاء نے کیا:

(۱) شیخ سید حسن (۲) شیخ حسام الدین ملتانی (۳) شاہ بارک اللہ اور باقاعدہ تنظیم اور نشر و اشاعت کا کام علامہ کمال الدین، شیخ یعقوب، شیخ کبیر الدین ناگوری اور سید کمال الدین قزوینی نے انجام دیا۔

علامہ کمال الدین زبردست عالم اور صوفی تھے (و ۷۵۶ھ) حضرت نصیر الدین چراغ دہلوی کے خلیفہ اور بھانجے تھے۔ آپ کے بعد علی الترتیب (آپ کی اولاد میں) شیخ سراج الدین، شیخ علم الحق، شیخ محمود معروف بہ شیخ راجن ——— اور پھر شیخ جمال الدین جمن، شیخ حسن محمد اور شیخ یحییٰ مدنی سجادۂ شیخت پر رونق افروز ہوئے۔ شیخ یحییٰ مدنی کے مرید اور خلیفہ شاہ کلیم اللہ نے سلسلۂ چشت کو دوبارہ مستحکم انداز میں دلی میں جاری کیا۔ پچھلی عظمت سلسلۂ چشتیہ دلی میں گویا ایک بار پھر تازہ ہوگئی۔

شیخ یعقوب (و ۷۹۸ھ) مولانا خواجگی کے فرزند رشید اور زین الدین دولت آبادی کے خلیفہ تھے۔ شیخ ابن عربی کی تصانیف پر بڑا عبور تھا۔ فصوص الحکم کا درس بڑی خوبی سے دیا کرتے تھے۔ آپ کی خانقاہ پٹن (گجرات) رشد و ہدایت کا سرچشمہ تھی۔

شیخ کبیر الدین ناگوری (و ۸۵۸ھ) شیخ حمید الدین معالی کے پوتے تھے۔ نامساعد حالات کی بنا پر ناگور سے احمد آباد چلے آئے۔ ایک زبردست عالم بھی تھے۔ مصباح النحو کی شرح لکھی تھی۔ سلسلۂ چشتیہ کی تعلیم آپ کے ذریعے عوام و خواص دونوں تک پہنچی تھی۔

سید کمال الدین قزوینی (و ۸۸۱ھ) کا تعلق گیسو دراز کے سلسلے سے ہے۔ خانقاہ بھڑوچ میں تھی۔ ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے استفادہ کیا۔

خاص چشت کے سلسلے کی ایک شاخ رکن الدین مودود[لہ] کے ذریعے بھی گجرات پہنچی تھی۔ آپ بابا فرید کی اولاد

لہ یاد ایام

میں اور شیخ محمد زاہد کے مرید تھے۔ ان کے ایک چہیتے مرید اور خلیفہ شیخ عزیز اللہ المتوکل علی اللہ تھے۔ ان کے بیٹے شیخ رحمت اللہ سے سلطان محمود بیگڑہ بیعت تھا۔

مندرجۂ بالا بزرگوں نے اس سلسلے کو گجرات میں بے حد مقبول بنایا۔ کیا خواص اور کیا عوام سبھی میں یہ سلسلہ مروج اور دل پسند تھا۔ اور آج تک بھی گجرات کی آبادی کا معتد بہ حصہ اس سلسلے سے منسلک ہے۔ شیخ علی المتقی، شیخ حسن محمد اور خوب محمد خوبؔ وخوبی اس سلسلۂ متبرکہ سے وابستہ تھے۔ ان کے علم و فضل کا چرچا حدود ہندوستان کو پار کر کے مکہ اور مدینہ تک پہنچا ہوا ہے: کیوں نہ ہو کہ بقول خلیق احمد نظامی:

"چشتیہ سلسلہ کا مرکزی نظام تباہ ہو جانے کے بعد صوبوں میں جو خانقاہیں قائم ہوئیں ان میں گجرات کی خانقاہوں کو ایک امتیازی شان حاصل ہے۔ وہاں کے خانقاہی نظام میں مرکز کی کچھ خوبیاں باقی رہیں۔"[1]

سلسلۂ چشتیہ کی خصوصیات

ہر وہ تحریک جو انسانی فلاح و بہبود کو اپنا پہلا اور آخری مقصد قرار دیتی ہے، اپنے اندر ایک عالمگیر کشش رکھتی ہے۔ زمان و مکان کی حد بندیوں سے اسے کوئی علاقہ نہیں ہوتا۔ مختلف مذاہب عالم اور مختلف سلاسل تصوف کا یہی حال ہے۔ بدھ مت، ہندو مذہب و عیسائیت اور اسلام کی قبولیت اور صلاحیت نہ صرف یہ کہ اب تک باقی ہے بلکہ اس وقت تک باقی رہے گی جب تک دنیا اور اس کی آبادی کا ذہن و شعور باقی ہے۔ موجودہ زمانے کی رواداری اور مطالعہ ہمیں بتاتا ہے کہ تصوف کے طریقے اور مذاہب کے اصول بنیادی طور پر اپنے اندر بہت سی مشترک باتیں رکھتے ہیں۔ اب یہ اور بات ہے کہ جب تک کسی تحریک پر ایک زمانہ گزر لیتا ہے تو بعد کے پیرو کبھی نجی اور کبھی سماجی ضرورت کے سبب خود کو مجبور پاتے ہوئے اس تحریک میں بعض اوقات اضافے اور ترمیمیں کر دیتے ہیں۔ تاہم اس کے پیرووں کی مرکزی تنظیم سے وہ تحریک باقی رہتی ہے اور جب یہ تنظیم رخصت ہو جاتی ہے تو فروعی مسائل اہمیت اختیار کر لیتے ہیں اور پھر وہ تحریک دوسری مماثل مگر مختلف ٹکڑیوں میں بٹ جاتی ہے۔ اسلام کے مختلف فرقے اور تصوف کے مختلف سلسلے اس کی تین مثالیں ہیں کہ بنیادی مسائل میں آپسی اتفاق ان میں ضرور ہے مگر بعض امور میں اختلاف بھی پایا جاتا ہے۔ اور یہ اختلاف بھی اکثر اوقات نظری ثابت ہوتا ہے۔

وہ تصوف جس کی بنیاد قرآن اور احادیث پر رکھی گئی تھی اسے تاریخی و جغرافیائی اور سماجی ضرورتوں نے کبھی کبھی اتنا بدلا کہ دیکھنے والوں کو مختلف صورتیں نظر آنے لگیں، مگر یہ اختلاف بھی محض "ظاہر" کا ہے باطن کا نہیں۔ ان کے باہمی اتفاق و اختلاف کی صورت وہی ہے جو حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی مسلمانوں کی ہے یا شیعوں میں مختلف مجتہدوں

---

[1] اذکار الابرار

کی تقلید کی صورت ہے یعنی بعض امور دینی کے سلسلے میں "نظر" نہیں بلکہ "مقام نظر" کا فرق ہے۔

یہاں اس امر کی تو گنجائش نہیں کہ تصوف کے دوسرے سلسلوں اور چشتیہ سلسلہ کا تقابل کیا جائے۔ اسں لئے مناسب یہی معلوم ہوتا ہے کہ اس سلسلے کی چند اہم خصوصیات بیان کر دی جائیں۔

بیعت

بیعت کے معنی ہیں: دست بر دست یک دیگر نہادن و عہد بستن[1] یعنی کسی کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر عہد کرنا۔ یہ فعل بظاہر بڑا سیدھا سادا اور معمولی ہے مگر اہل شعور و دانش جانتے ہیں کہ جب تمام احساس اور بھرپور اعتماد کے ساتھ کوئی کسی کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر عہد کرتا ہے تو اس کے رونگٹے رونگٹے میں ایک خود آگاہ دل اور بیش بین دماغ کی کیفیتیں موجود ہوتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نفسیاتی اعتبار سے بیعت کی بڑی اہمیت ہے۔

مشائخ چشتیہ کا مقصد بیعت اور اس کا طریقہ شیخ نظام الدین اولیا کے اس بیان سے واضح ہوتا ہے:

"چون کسی بخدمت شیخ شیوخ العالم فرید الحق والدین قَدَّسَ اللّٰہُ سِرَّہُ العَزِیز بیامدی بہ نیت ارادت، اول فرمودی فاتحہ و اخلاص بخوانید، بعدہٗ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بخواندی، بعدہٗ شَهِدَ اللّٰهُ تا اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ خواندی، بعدہٗ فرمودی کہ بیعت کردی برین ضعیف و خواجہ این ضعیف و خواجہ خواجگان ما و بر پیغمبر صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم و با حضرت عزت عہد کردی کہ دست و پای و چشم نگاہ داری و بر نہج شرع باشی۔"[2]

واقعہ یہ ہے کہ انسان کو اخلاقی بیماریوں سے نجات دلا کر اسے شریعت کا راستہ دکھانا مشائخ چشت کا شیوہ تھا۔ حضرت محبوب الٰہی نے شمس الدین یحییٰ کو جو خلافت نامہ عنایت فرمایا تھا وہ اس کا کھلا ہوا ثبوت ہے (ملاحظہ ہو سیر الاولیاء) اور یہیں پر یہ امر واضح ہو جاتا ہے کہ جس کے ہاتھ پر بیعت کی جائے اسے خود سچا مسلمان ہونا چاہئے قرآن و حدیث کا پابند، سنن نبوی پر عامل ہونا چاہئے۔ ورنہ وہ اسلام کے پیغام کو بہ حسن و خوبی اپنے مریدوں اور دوسروں تک کیونکر پہنچا سکے گا۔

ع او خویشتن گم است کرا رہبری کند

اس سلسلے میں سیر الاولیاء کی یہ عبارت بہت اہم ہے:

سلطان المشائخ فرمود، بنگر یدکمال نبوت پیغمبر علیہ السلام والصلوۃ کاری بغیر خواست فرمود اول خود کرد تا دیگران کنند و درآن انقیاد نمایند، از دیگری این معنی چگونہ تصور توان کرد کہ خود نکند و بغیری فرماید

---

[1] سبع سنابل از امیر عبدالواحد بلگرامی ص ۳۶ بحوالہ تاریخ مشائخ چشت ص ۲۳۸

[2] سیر الاولیاء ص ۲۲۳

دآن معمول شود، امیر خسرو خوش گوید ؎

آن گفت مذکر نکند خلق که اورا — گفتار بسی یابی و کردار نیابی

مشائخ چشت نے اپنے افکار و اعمال میں چنانچہ آن حضرت کے سنن ہی سے اجالا پایا تھا اور اسی کی روشنی میں لوگوں کی رہنمائی کیا کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا سلسلہ روز بروز پھیلتا ہی رہتا تھا۔

مشاہدہ و مطالعہ

یہاں پر ایک بات یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ ہر ملک اور ہر قوم کی سماجی حالت زمانے کے ساتھ بدلتی رہتی ہے۔ نئے نئے خیالات اور مسائل پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ اگر راہبر ان مسائل کے بنیادی وجوہ اور ان کے حل سے واقف نہ ہوگا تو وہ لازماً اپنے مقلدین کی قرار واقعی رہنمائی نہیں کرسکے گا۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ صوفیاے کرام نے حدیث، تفسیر، فقہ اور دوسرے علوم پر نہ صرف خود عبور حاصل کیا بلکہ مریدوں کو ان کی تحصیل کے لئے ترغیب بھی دیتے تھے۔ ہاں اس کا خیال ضرور رہا اور دلایا کہ غرۂ علم احساس نفس پر حادی نہ ہو۔ "من" یا "انا" کا احساس تیز نہ ہو کہ وہ بھلا دیا جائے جو تمام علوم اور ساری کائنات کا منبع و مخرج ہی نہیں بلکہ مجموعہ ہے۔ اب یہ علوم بھی جامد و ساکت نہیں۔ یہ بھی زمانے کے ساتھ ترمیم و اضافہ کے ساتھ پھیلتے اور بڑھتے رہے ہیں۔ ان کے پھیلنے اور بڑھنے کا اصل سبب انسانی ادراک اور احساسات کے گوناگوں تجربے ہیں۔ چنانچہ بقول خلیق احمد نظامی "غالباً اسی مصلحت کے پیش نظر مشائخ چشت اپنے خلفاء کو خلق میں رہ کر لوگوں کی جفا و قفا برداشت کرنے کی ہدایت فرمایا کرتے تھے۔ ان کا یقین تھا کہ جو نفسیاتی بصیرت تجربے کی راہ سے آئے گی وہ زیادہ صحیح اور مؤثر ہوگی۔"[1]

ذکر و مراقبہ

اس بصیرت کے پیدا کرنے میں مشائخ کے اعمال و اشغال بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ اس اہمیت کا اندازہ سلسلۂ چشتیہ کے اشغال سے بہ آسانی لگایا جاسکتا ہے۔ ذکر خفی وجلی کا جو طریقہ چشتیہ سلسلے میں رائج ہے، اس سے ایک رگ جس کا نام کیماس ہے وہ خاص طور پر متاثر ہوتی ہے۔ اس سے دل میں ایسی گرمی پیدا ہوتی ہے کہ ذہن میں پیدا ہونے والے سارے وسوسے اور خطرے خود بخود ختم ہو جاتے ہیں۔ ذکر کا یہ فائدہ شاہ عبد الرحیم نے اپنے بیٹے شاہ ولی اللہ دہلوی سے بیان کیا تھا[2] ذکر و اشغال کے لئے مراقبہ ضروری ہے اور خود اس کی ضرورت قلب و دماغ کی صفائی پر مبنی ہے جس پر مشائخ چشت ہمیشہ مصر رہے۔ اور یہیں پر توبہ کی اہمیت مرکزی حیثیت اختیار کرلیتی ہے کہ خلوص کے ساتھ حتمی توبہ کرلی جائے۔ توبہ کے بعد نفسیاتی اعتبار سے انسان ایک نیا جنم لیتا ہے۔

---

[1] تاریخ مشائخ چشت ص ۲۴۹ — [2] قول الجمیل ۴۸ - ۴۷

مشائخ چشت نے توبہ کی تین قسمیں بیان کی ہیں :

(۱) توبہ حال ـــ کہ اپنے کئے ہوئے گناہوں پر پشیمان ہو

(۲) توبہ ماضی ـــ کہ اپنے ماضی کے قصوروں اور کمیوں کو پورا کرے

(۳) توبہ مستقبل ـــ کہ گناہوں کے آیندہ کے ارتکاب سے بچنے کا مستحکم وعدہ کرے۔[۱]

خانقاہ

شیخ نصیر الدین چراغ دہلوی کے خیال میں خانقاہ کا لفظ 'خان' اور قاہ سے مرکب ہے۔ 'خان' خانہ (گھر) کا مخفف ہے اور 'قاہ' کے معنی عبادت یا دعا کے ہیں۔ یعنی خانقاہ کا مفہوم عبادت کا گھر ہے۔[۲]

خانقاہوں سے مندرجۂ ذیل فائدے تھے :

(۱) لوگوں کی تربیت و اصلاح کے لئے اپنے اصولوں کے پیش نظر شیخ طریقت کو ایک علیحدہ اور مخصوص مقام مل جاتا تھا۔

(۲) خانقاہیں ملت اسلامیہ کی تہذیب و تمدن کا مرکز تھیں۔

(۳) بے گھر دینداروں کو ایک گھر اور دینی جدوجہد کے لئے ایک عمل گاہ مل جاتی تھی۔

(۴) ایک مسلک کے پیرو مگر مختلف مزاجوں کے لوگ ایک مقام پر جمع ہو کر تبادلۂ خیالات کے ذریعے ایک دوسرے کے لئے استفادہ کا موقع فراہم کرتے تھے۔ ان میں عالم بھی ہوتے تھے اور جاہل بھی۔ پاک باطن بھی اور فسق و فجور کے عادی بھی جو وہاں کی فضا اور تعلیم کے بعد دین و مذہب اور زندگی کے سچے راستوں پر گام زن ہو جاتے۔ چشتیہ خانقاہوں کے بارے میں خلیق احمد نظامی لکھتے ہیں :

" مشائخ چشتیہ کی خانقاہیں صرف تزکیۂ باطن اور تہذیب نفس کے لئے مخصوص نہ تھیں، بلکہ وہاں دینی تعلیم کا بندوبست بھی تھا۔"[۳]

دینی تربیت

مشائخ چشت کے ملفوظات اور ان کے سوانحی حالات کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ شریعت کی پابندی پر بے انتہا زور دیا کرتے تھے۔ کیوں کہ ان کا خیال تھا کہ اس کے بغیر کسی روحانی ترقی کی تحصیل ممکن ہی نہیں ہے۔ نماز روزہ، زکوٰۃ، حج وغیرہ پر مشائخ چشت خود بھی بڑی سختی سے عامل تھے اور اپنے مریدین کو بھی ان کی پابندی کی تلقین کیا کرتے تھے۔

---

[۱] فوائد الفواد [۲] خیر المجالس ۱۸۵، بحوالہ تاریخ مشائخ چشت ص ۲۶۵ [۳] تاریخ مشائخ چشت ص ۲۶۶

اخلاقی تعلیم

حضرت شیخ نظام الدین اولیاء نے اخلاقی حسن کا کمال حضرت علی کی بیان کی ہوئی ان تین چیزوں میں پایا تھا۔[1] (۱) لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک (۲) کسب حلال (۳) بندگان خدا کی خدمت

تاہم مشائخ چشت نے جن امور پر زور دیا ہے وہ فوائد الفواد، سیر الاولیاء وغیرہ کی روشنی میں حسب ذیل ہیں:
(۱) نیت صالح (۲) استقامت طبع (۳) توکل (۴) عفو (۵) ایثار (۶) دیانتداری (۷) عیب جوئی سے پرہیز (۸) تحمل وغیرہ

کیا کہنا اس جماعت کا جس کے افراد میں متذکرہ خوبیاں پیدا ہو جائیں۔ یہی خوبیاں تو تھیں جنہوں نے مسلمانوں کو قابل رشک حالت تک بلند کر دیا تھا۔

اصلاح و تربیت

اصلاح و تربیت کے سلسلے میں یہ بات ہمیشہ ذہن میں رہنی چاہیئے کہ جس طرح ایک ہی معلم، ایک ہی کتاب کے باوجود تحصیل علم میں طالب علموں کی ذاتی اپج کو زیادہ دخل ہوتا ہے اور اس کے پیش نظر معلم یا استاد نسبتاً زیادہ توجہ کا سلوک بعض طالب علموں کے ساتھ روا رکھتا ہے بعینہٖ شیخ طریقت اپنے مریدوں کے مزاج، رجحانات اور تحصیل معرفت کی سرگرمی پر نظر رکھتا ہے اور اسی لحاظ سے اپنی توجہ اس پر صرف کرتا ہے۔ مریدوں کو تین حصوں میں بانٹ سکتے ہیں: (۱) خلفاء (۲) مخصوص مرید اور (۳) عام مرید

اور ان تین کے علاوہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو دینی یا دنیوی مقاصد کے لحاظ سے شیخ سے ملتے رہتے ہیں۔
آئیے اب دیکھیں کہ مشائخ چشت ان کی تربیت کیوں کر کرتے رہے ہیں۔

چشتیہ نظام

خلفاء

چونکہ ان مریدوں کو آگے چل کر بہ نفس نفیس دوسروں کی رہنمائی کرنی پڑتی تھی اور اپنے مسلک کو فروغ دینا تھا، اس لئے ان کی تربیت پر مشائخ بے حد توجہ سے کام لیتے تھے۔ ان کی ظاہری اور باطنی زندگی ہر عنوان سے مثالی پاک و پاکیزہ بنایا جاتا تھا اور جب تک شیخ طریقت مطمئن نہ ہو جاتا وہ خلعت خلافت نہیں دیتا تھا۔ مشائخ خلافت کے لئے جن امور کو ضروری سمجھتے تھے، اس کا اندازہ اس سے لگائیے:

"اوصاف این کار بسیار است۔ فاما در آن ایام کہ خواجۂ من مرا بدولت خلافت خود رسانید، روزی مرا گفت باری تعالیٰ ترا علم و عقل و عشق دادہ است و ہر کہ بدین سہ صفت موصوف باشد از و خلافت مشائخ نیکو آید۔"[1]

---

[1] سیر الاولیا ص ۳۴۵

علم وعقل وعشق وہ عظیم بنیادیں ہیں جن پر خلیفہ کی دینی و دنیوی زندگی کی عمارت تعمیر ہوتی تھی ، ان کی شخصیت سنورتی تھی - یہ علم بھی ایسا کہ قرآن و حدیث ، علماء و صوفیاے کرام کی تصنیفات کے علاوہ دوسرے علوم میں بھی مہارت حاصل کی جاتی تھی - عقل بھی وہ عقل کہ ذہن انسان کے تمام گوشے اس کے آگے بے نقاب رہتے تھے - اور عشق ، خدا کا عشق تھا ، ما و تو سے بلند ، این و آن سے بے نیاز ، کبھی اپنے آپ سے اور کبھی ہر شے اور ہر جذبے سے بے فکر ــــ احساس تھا تو خدا کا ، خود عشق کا اور بس !

چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ مسائخ چشت نے خلفاء کے لئے کمال علم کے ساتھ مال دنیا سے بے نیازی پر زور دیا ہے - مریدین خاص پر یہ پابندی نہیں تھی - امیر خسرو ، حسن سجزی ، ضیاء الدین برنی وغیرہ نظام الدین اولیا کے مخصوص مرید تھے لیکن انہیں دنیا سے بے تعلقی کی تعلیم نہیں دی گئی ــ اور خلفاء کو ہدایت تھی :

" می باید کہ تارک دنیا باشی - بسوی دنیا و ارباب دنیا مائل نہ شوی و دیہہ قبول نکنی و صلۂ بادشاہان نگیری ."[1]

عام مریدین کو شرع وسنن نبوی کا پابند بنانا ، اچھے انسان ہونے کی تلقین کرنا اور کسب کمال کی طرف رغبت دلانا تھا - ان میں جو ذہنی تبدیلی ہوتی تھی اس کا اندازہ ضیاء الدین برنی کے اس بیان سے لگائیے کہ ہر طرح کے لوگ نظام الدین اولیاء سے بیعت ہوتے اور اسی لحاظ سے گناہوں سے بچے رہتے - اگر کسی مرید سے کوئی لغزش ہوجاتی تو آپ اسے از سرِ نو بیعت کرتے اور توبہ کا خرقہ عنایت فرماتے - شیخ کی مریدی کی شرم تمام لوگوں کو بہت سی ظاہری اور باطنی برائیوں سے روک دیتی تھی -

مشائخ سے خصوصاً چشتیہ مشائخ سے استفادہ کرنے والے محض مسلمان ہی نہیں ہوتے تھے بلکہ غیر مسلم خصوصاً ہندو بھی ہوتے تھے - شاہ کلیم اللہ دہلوی اپنے ایک مکتوب میں فرماتے ہیں :

"صلح با ہندو و مسلمان سازند و ہر کہ ازین دو فرقہ کہ اعتقاد بشما داشتہ باشند ، ذکر و فکر ، مراقبہ و تعلیم او بگویند کہ ذکر بخاصیت او را بربقۂ اسلام خواہد کشید ."[2]

اس سے ان کے تبلیغ اسلام کا طریقہ معلوم ہوجاتا ہے اور نظام الدین اولیا کے اس قول کی تصدیق و توثیق ہوجاتی ہے کہ " ہر چہ علماے زمان دعوت کنند ، مشائخ بعمل دعوت کنند ."[3] اور کیوں نہ ہو کہ وہ اس کے قائل تھے - ع ہر قوم راست راہی ، دینی و قبلہ گاہی[4]

---

[1] سیر الاولیا ص ۲۹۵ [2] مکتوبات کلیمی ص ۷۴ بحوالۂ تاریخ مشائخ چشت ص ۳۰۱
[3] سیر الاولیا ص ۳۲۱ [4] تزک جہانگیری

آخر میں مشائخ چشتیہ کی ایک اہم رسم کا ذکر ضروری ہے۔ مسئلۂ سماع شروع ہی سے مابہ النزاع چلا آتا ہے۔ تذکرے اور سیر کی کتابیں ایسے واقعات سے بھری پڑی ہیں جن میں سماع کے سلسلے میں بحث مباحثے ہوئے ہیں۔ علمائے کرام بالخصوص اس کے مخالف رہے ہیں۔ تاہم کچھ ایسے بھی تھے جو "نہ انکار می کنم نہ این کار می کنم" کہہ کر سکوت اختیار کر لیا کرتے تھے۔ وہ صوفیائے کرام جو سماع کے قائل تھے ان کی توجیہ قطعی معقول معلوم ہوتی ہے، مگر ساتھ ہی اس کا بھی اقرار کرنا ہوگا کہ کچھ ایسے بھی تھے جنہوں نے سماع کو نرے گانے کی حیثیت دے دی تھی اور اسی لئے مباحث کا دروازہ کھل گیا تھا۔

مشائخ چشت سماع کو روحانی غذا سے تعبیر کرتے تھے اور اس کے آداب خاص پر بڑی سختی سے عمل کرتے اور کراتے تھے۔ نظام الدین اولیاء کے نزدیک سماع کی چار قسمیں ہیں:

حلال، حرام، مکروہ اور مباح

ان کا تعلق صاحب وجد کی دلی کیفیتوں سے متعلق ہے۔ چنانچہ ان کی شرح یہ ہوگی کہ،

(۱) اگر صاحب وجد کا زیادہ میلان حق کی طرف ہے تو سماع مباح ہے۔

(۲) اگر صاحب وجد کا زیادہ میلان مجاز کی طرف ہے تو سماع مکروہ ہے۔

(۳) اگر صاحب وجد کا زیادہ میلان صرف مجاز کی طرف ہے تو سماع حرام ہے۔

(۴) اگر صاحب وجد کا زیادہ میلان صرف حق کی طرف ہے تو سماع حلال ہے۔[۱]

(۱) مسمع (۲) مستمع (۳) مسموع (۴) آلۂ سماع، اور اس کی تفصیل یہ ہے:

(۱) مسمع یعنی گانے والا مرد کامل ہو۔ لڑکا یا عورت نہ ہو۔

(۲) مستمع یعنی سننے والا یادِ حق سے خالی نہ ہو۔

(۳) مسموع یعنی جو شے سنی جائے وہ فحش نہ ہو۔

(۴) آلۂ سماع یعنی مزامیر موجود نہ ہوں۔[۲]

مگر ان شرائط کی ہمیشہ پابندی نہیں کی گئی۔ اسی لئے اس کا اثر بھی ختم ہوگیا۔

---

[۱] سیر الاولیاء ص ۴۹۱

[۲] سیر الاولیاء ص ۹۲-۴۹۱

پانچواں باب

خوب ترنگ کا جائزہ و تبصرہ

ا - مثنوی
ب - اردو مثنوی خوبؔ محمد سے پہلے
ج - اردو مثنوی خوبؔ محمد کے زمانے میں
د - خوب ترنگ کا تصوف مع ترجمۂ رسالۂ عقیدۂ صوفیہ
مع شعری و ادبی خصوصیات
ﮨ - فنی و ادبی خصوصیات
و - خوب ترنگ کی لسانی خصوصیات

(۱) مثنوی

اردو اور فارسی شاعری میں غزل کے بعد سب سے زیادہ مقبول صنف شعر مثنوی ہے۔ مثنوی کو ابیات کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا رہا ہے جیسا کہ مندرجۂ ذیل قطعہ سے ظاہر ہوتا ہے:

در شعر سہ تن پیمبرانند | ہر چند کہ لانبی بعدی
ابیات و قصیدہ و غزل را | فردوسی و انوری و سعدی[۱]

تیسرے اور چوتھے مصرعے میں صنعت لف و نشر مرتب ہے اور اس کی رو سے فردوسی فارسی شاعری میں ابیات کا پیمبر ٹھہرتا ہے۔ اس کا کارنامہ — شاہنامہ ہے، جو ایک بسیط و طویل مثنوی ہے۔ چنانچہ ابیات و مثنوی ایک ہی صنف کے دو نام ہیں۔

ابیات جمع ہے بیت کی۔ اور بیت کے معنی جہاں محض شعر کے ہیں وہاں اس کا ایک مفہوم یہ بھی ہے کہ اس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ و ردیف ہوں۔ یہی کچھ حال مثنوی کا ہے جو اثنا (دو دو) سے مشتق ہے۔ ہیئت کے اعتبار سے ابیات اور مثنوی کی اصطلاح رائج ہوئی مثل دوبیتی اور رباعی کے۔ بعد میں ابیات کی اصطلاح کی مقبولیت کم ہوتی گئی۔ آج کل مقبول مثنوی ہی کی اصطلاح ہے۔

مثنوی سے مراد وہ مسلسل نظم ہے جس کے ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ و ردیف ہوں اور ساتھ ہی ہر شعر دوسرے سے الگ مگر مفہوم کے لحاظ سے ایک دوسرے سے یکسر پیوست ہو۔ یعنی مثنوی کے کسی شعر کے دونوں مصرعوں یا شعروں کی ترتیب اتنی سنجیدہ ہو کہ ہر شعر کا ایک مصرع دوسرے مصرعے سے اور ایک شعر دوسرے شعر سے چسپاں ہو اور دونوں کے درمیان کوئی ایسا خلا نہ ہو کہ جب تک کچھ الفاظ یا جملے محذوف نہ تسلیم کر لئے جائیں، کلام میں ربط و انتظام نہ ہو۔ اس کے علاوہ وضاحت (لیکن غیر ضروری طوالت سے اجتناب)، اختصار بیان و مفہوم (مگر خبط مطلب اور دور از کار تشبیہوں اور بعید از قیاس استعاروں سے گریز)، حقائق نگاری، شعری نزاکتوں اور ادبی لطافتوں کا مناسب و موزوں استعمال، زمان و مکان کے اعتبار سے حسب موقع بیان اور نفسی کیفیات کی تصریح اور حسن مقصد کسی مثنوی کی کامیابی کی ضامن ہیں۔

---

[۱] تذکرۂ دولت شاہ و شعر العجم

غزل، قصیدہ، رباعی اور دوسرے اصناف شعر کے مقابلے میں یہ کم ہی پابندیوں کی قائل ہے۔ مستزاد یہ کہ تعداد اشعار بھی مقرر نہیں اور نہ ہی اس کے اجزا کی کوئی تعداد ہے۔ قصیدہ وغزل اور رباعی وغیرہ میں دوسرے ضروری فنی امور کے ساتھ قافیہ پیمائی کا وہ احساس وخیال جو مفہوم وبیان کا دامن تھام تھام لیتا ہے، مثنوی میں مفقود ہے۔ اس کے برعکس مثنوی میٹھے پانی کا وہ بہتا ہوا دریا ہے جو نرم وسخت زمینوں سے ہوتا، کسی سے آغوش بھرتا کسی سے دامن بچاتا۔ کبھی دھیمے اور کبھی اونچے سروں میں گاتا، کہیں سیلاب لاتا اور کہیں پھوہار برساتا، اپنی دھن میں آگے بڑھتا ہوا بحیرۂ مقصد سے جاملتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مثنوی میں شاہی طمطراق بھی ہے اور فقیروں کا استغنا بھی، رزم کی گھن گرج بھی ہے اور بزم کی موسیقی بھی، مذہب بھی ہے اور کفر بھی، ہمہ گیر تصوف بھی ہے اور فرقوں کی حد بندیاں بھی۔ بیان حقیقت بھی ہے اور مجاز بھی۔ حسن کرشمہ ساز کا افسوں بھی ہے اور عشق خرد سوز کا جنوں بھی، غرض اس میں وہ سب ہے جو اس زمین اور آسمان میں یا ان کے درمیان ہے اور جنہیں انسان دیکھتا، سنتا، سمجھتا اور بہ ہر جہت آگے بڑھتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں قلب انسان کی گہرائی اور دماغ انسانی کی وسعت ہے۔ اس کے موضوعات بے انتہا ہیں۔ بہتوں پر مثنویاں لکھی گئیں اور بہت سے ابھی "تشنۂ مثنوی" ہیں۔ چونکہ مدح وذم، حسن وعشق، اخلاق وتصوف وغیرہ بیانی مثنوی کا عمومی موضوع ہے اس لئے یہ اپنے اندر قصیدہ کی جزالت، غزل کا چٹیلا پن، مسدس کی وضاحت اور رباعی کا اختصار رکھتی ہے۔ حالانکہ انفرادی طور پر وہ ان سب اصناف شعر سے الگ ہے۔

اور جب تاریخ، قصہ یا کوئی واقعہ مثنوی کا موضوع ٹھہرتا ہے تو اُن کے امور کے ساتھ وہ باتیں بھی اس کے لئے لازمی قرار پاتی ہیں جو تاریخ، قصہ یا واقعہ کے بیان کے لئے بلحاظ فن ضروری ہوتی ہیں۔ حالی کے مقدمہ شعر و شاعری، شبلی کی شعر العجم اور پروفیسر عبد القادر سروری کی "اردو مثنوی کا ارتقا" میں یہ امور بالتفصیل ملاحظہ کئے جا سکتے ہیں۔

دوسرے اصناف شعر کے مقابلے میں مقصدی شاعری کے لئے اس سے بہتر صنف شعر کا تصور محال ہے کہ ایک ربط وتسلسل کے باوصف جس وضاحت وصراحت کے ساتھ کسی مقصد کو مثنوی کے ذریعے پیش کیا جا سکتا ہے وہ دوسرے اصناف کے ذریعے ممکن نہیں ہے۔ چنانچہ حالی کہتے ہیں:[۱]

"جتنی صنفیں فارسی اور اردو شاعری میں متداول ہیں ان میں کوئی صنف مسلسل مضامین بیان کرنے کے قابل مثنوی سے بہتر نہیں ہے۔ یہی وہ صنف ہے جس کی وجہ سے فارسی شاعری کو عرب کی شاعری پر ترجیح

---

[۱] مقدمہ شعر و شاعری مرتبہ عبد الوحید قریشی ص ۲۷۶

دی جاسکتی ہے۔ عرب کی شاعری میں مثنوی کا رواج نہ ہونے یا نہ ہوسکنے کے سبب تاریخ یا قصہ یا اخلاق یا تصوف میں ظاہراً ایک کتاب بھی ایسی نہ لکھی جاسکی جیسی فارسی میں سیکڑوں بلکہ ہزاروں لکھی گئی ہیں۔ اسی لئے عرب، "شاہنامہ" کو قرآن العجم کہتے ہیں اور اسی لئے "مثنوی معنوی" کی نسبت "ہست قرآن در زبان پہلوی" کہا گیا ہے۔"

(ب) اردو مثنوی خوب محمد سے پہلے

اس میں شک نہیں کہ اردو شاعری کی ابتدا ریختہ سے شروع ہوتی معلوم ہوتی ہے۔ مگر اس کے بعد جو نظمیں ہمیں ملتی ہیں وہ مختصر مثنویاں ہی ہیں جن کے موضوع مذہب اور تصوف ہیں۔ اس تخصیص یا تحدید کی وجہ یہ ہے کہ ایک تو مسلمانوں کو دوسری قوم (غیر مسلم) تک اپنے عقاید و خیالات مؤثر انداز میں پہنچانا تھا، دوسرے ان مسلمانوں کی بھی فکر دامن گیر تھی جو ہندوؤں میں رچ بس کر اپنی عربی و فارسی بھول کر ایک دیسی زبان اختیار کر رہے تھے۔ چنانچہ پروفیسر عبدالقادر سروری رقم طراز ہیں[1]:

"عام مسلمان جو ہندوؤں کے ساتھ رہنے بسنے پر مجبور تھے، فارسی سے نابلد ہوتے جا رہے تھے۔ اس طرح اس نئی قوم کے لئے، اس کی نئی زبان میں مذہبی عقاید کے منتقل کرنے کی سخت ضرورت محسوس ہوئی۔ فطرۃً مذہبی مسائل اردو کے اولیں ارباب قلم کے موضوع بن گئے۔"

ان ابتدائی مثنویوں کی زبان کہیں برج سے مشابہ، کہیں ٹھیٹھ دکنی اور گوجری ہے لیکن فارسی اور عربی الفاظ اور ان سے بنی ہوئی ترکیبیں بھی ان کی زینت ہیں۔ اور یہ سامان زینت بدلتے ہوئے مزاج کے ساتھ اور بڑھتا ہی گیا۔ ابتدا کے ہندی اوزان کی جگہ فارسی بحریں آگئیں۔ ان میں ادبی چاشنی تو نہیں، ہاں خلوص مقصد اور اظہار مافی الضمیر کا احساس شدت کے ساتھ ملتا ہے۔

محققین اردو کی تحقیقات کی روشنی میں اردو مثنوی کے قدیم ترین نمونے حضرت بابا شیخ فرید شکر گنج (متوفی ۶۶۴ھ) کے ہاں ملتے ہیں۔ ان کی ایک مختصر مثنوی ملاحظہ ہو ؎

تن دھونے سے دل جو ہوتا پوک — پیش رو اصفیا کے ہوتے غوک
ریش سبلت سے گر بڑے ہوتے — بوکڑوں سے نہ کوئی بڑے ہوتے
خاک لالہ سے گر خدا پائیں — گائیں بیلاں بھی واصلاں ہو جائیں
گوشہ گری میں گر خدا ملتا — گوچویاں (کذا) کوئی نہ واصل تھا

---

[1] اردو مثنوی کا ارتقا ص ۱۳۔

عشق کا رموز نیارا ہے — جز مرد پیر کے نہ چارا ہے[1]

باباصاحب کے زمانے کے پیش نظر زبان کی صفائی اور فارسی بحر کا استعمال اس مثنوی کو مشکوک قرار دیتا ہے۔ اس کا احساس پروفیسر سردری کو بھی ہے:

"شاید بعد کی لکھی ہوئی ہو اور سہواً کاتب نے حضرت بابا کے نام سے منسوب کردی ہو۔"[2]

ان کے بعد نظریں امیر خسرو پر پڑتی ہیں۔ ان کا زمانہ ۶۳۴ تا ۷۲۰ھ ہے۔ ان کے ہاں ہمیں اردو مثنوی تو نہیں ملتی البتہ جو پہیلیاں۔ ان مل اور کہہ مکرنیاں ملتی ہیں یا جو ان سے منسوب کی جاتی ہیں ان میں مثنوی کے قافیہ کی ترکیب ضرور ملتی ہے ؎

وہ گئے بالم، وہ گئے ندیو کنار — آپے پار اُتر گئے ہم تو رہے اردار
بھائی رے ملاحو ہم کو پار اتار — ہاتھ کا دیو نگی مندرا، گل کا دیوں ہار[3]

تازی چھوٹا دیس میں قصبے پڑی پکار — دروازے سے دیتے رہ گئے نکس گئے اسوار
گوری سوئے پلنگ پر مکھ پر دارے کیس — چل خسرو گھر آپنے سانجھ پڑی جو دیس[4]

گجرات کے مشہور صوفی شاعر بہاء الدین باجن[5] (۷۹۰ تا ۹۱۲ھ) کے رسالہ "خزینۂ رحمت" میں ایسا کلام بھی مل جاتا ہے جسے ہم مثنوی کہہ سکتے ہیں۔ بقول باجن ان کی زبان دہلوی یا ہندوی ہے۔ مگر اس کی زبان گجرات کے شعرا کی زبان کے مماثل ہے یعنی گوجری ہے۔ بحر البتہ ہندی ہے ؎

ترے پنتھ کوئی چل نہ سکے — جو چلے سو چل چل تھکے
پڑھ پنڈت پوتھی دھویاں — سبب جان سدھ بدھ کھویاں
سب جوگیوں جوگ بسارے — سبہ تپئی تپ بسکارے
ایک درستی درسن بھولے — سرناگے پانوہ کھلے
ایک سبوری ہوئے سبو کرنہ — ہوئی تپئی کیا دکہ دھرنہ
ایک دردیش ہوئیکر آئے — ہوئے قلندر روپ بھرائے
ایک ابدال ہوئے اب دھوئے — ایک ہاندہ ھاھا ہوئے

---

[1] اردو کی ابتدائی نشوونما میں صوفیائے کرام کا کام [2] اردو مثنوی کا ارتقا
[3]، [4] پنجاب میں اردو [5] اورینٹل میگزین، نومبر ۱۹۳۰ء

ایک کھلے ہوئے دواتے | ایک بادل ہمد راتے
ایک رائے ماتے ہوئے ارراونہ | (بن) پی سبے سدھ ہوہو جاونہ
ایک چنگم جٹا دھاری | ہور ہندو تس اندھیاری
ایک کاپڑی ہوئی کر کنپہ | ہندسیو تجھے چنپہ
ایک اپاسی راتنہ جاگنہ | ہوئے بھکاری تجھے مانگنہ
یوں ٹولی ٹولی ہوئے کرے | سب رل رل کہل کہل کھوئے کرے

دے مکت سئے ایوے دیکھے
آرے باجن توں کس لیکھے [1]

حضرت سید محمد حسینی المعروف بہ خواجہ بندہ نواز گیسو دراز (وفات ۸۲۵ھ) کی مثنوی کا نمونہ [2] تبرکاً درج کیا جاتا ہے ؎

سن تو سیانے میری بات | بولوں دارو میں کسی دہات
جس کے منھ میں آوے باس | اس کی دارو سن مجھ پاس
جس کے منھ میں دکھتے دانت | ہلتے جلتے کیڑے کیڑے پات
وزن برابر سب کو تول | دارو ہوئے یوں انمول
داتوں کارن مستی کر | خوبی کن تو دل میں دھر
زیرہ مرچیاں ستوا سونٹھ | کہتا اجلا لے کر گھونٹ
نیلا تھوتھا دھنیا بھون | اس میں ملا تو سیندا لون
پان پلاس کے کانہٹیاں آن | ماپھل لوچن اور لوبان
جوں جوں لگاوے پاوے سکھ | تجھ دانتوں کا جاوے دکھ

خواجہ بندہ نواز کے فرزند اور خلیفہ سید محمد اکبر حسینی (وفات ۸۲۳ھ) کی مثنوی کا انداز یہ ہے ؎

بے پیر جو موا تو نہیں ہے درست اس کا | پڑنا نماز جنازہ تو ہوئے گناہ اکبر
بالغ ہوا نہیں لگ نیں حکم اس پو جانو | بالغ ہو کے بعد از ہو امر ہے سو مانو
بیٹے کوں باپ بولے بیٹا کہے پدر تئیں | ہونا مرید جلدی لے کر بجا امر تئیں

---

[1] اورینٹل کالج میگزین نومبر سنہ ۱۹۳۰ء [2] دکن میں اردو۔ طبع چہارم ص ۲۷ و ۲۸

بیٹے نے ماں سو کہیا اے مہربان مادر ہونا مرید شتابی یک لحظہ نا درنگ کر[1]

اس کی زبان کی صفائی حیرت انگیز ہے۔ اس کا جواز نصیر الدین ہاشمی اس طرح پیش کرتے ہیں: "معلوم ہوتا ہے کہ زمانہ مابعد میں اس کے الفاظ شاید تبدیل ہو گئے ہوں۔"[2]

قاضی محمود دریائی (۸۱۲ تا ۹۴۱ھ) علوم ظاہری و باطنی میں اکمل تھے۔ موسیقی میں مہارت تامہ رکھتے تھے۔ چنانچہ مختلف راگوں میں متصوفانہ خیالات کو بطریق احسن نظم کیا ہے۔ مثنوی کی سی کیفیت آپ کے بھی کلام میں ملتی ہے۔ زبان قدیم گوجری اور بحر ہندی ہے۔ نمونہ ملاحظہ ہو ؎

دردھنا سری

جا پوچھ پیو کس ٹھاناں میں پیو منہ پیو مجھ ماہناں
دود ما نہ گہی جو آنہاں پیو پیو جیو من ماہناں
جی کو تن اپنا لے تاوے اس پرگٹ پیو دکھلاوے
کچھ پیو ہنیں الگا ناہیں مجھ لیکھن یوں من ماہیں
جے کو مرم سودھایاوے سب الجھن اس کی جاوے
قاضی محمود اتنا مانے میٹھی پیو کوں الگا نجانے
بہت بات اک آکھی وے جھوٹ نہیں جگ ساجی[3] وغیرہ

سلطان احمد شاہ ثالث بہمنی (۸۶۵ تا ۸۶۷ھ) کے زمانے کے ایک شاعر نظامی کی مثنوی کا انداز "کدم راؤ پدم" کے ایک اقتباس[4] سے ملاحظہ فرمائیے ؎

پدم راؤ تہیا مہا کر دین کندل پیراؤ بہا ہور ہر دین
کھرا تیر ہو جیوں رہیا تہا او مل کمان ہو پریا نکپہ کی پائے تل
اجا سیس باہر کیسی بکہ نبات نہ یوں کوئی نبوی نہ ناکہ جات[5]
کہ توں ساچ میرا گسائیں کدم پدم راؤ تجہ پاؤ کیرا پدم
جہاں توں دھرے پاؤں ہوں سر دہرو اپس سادگی لک ترای کردن

اس کے بارے میں نصیر الدین ہاشمی لکھتے ہیں:

---

[1]، [2] دکن میں اردو طبع چہارم ص ۲۳
[3] مقالہ ڈاکٹر ظہیر الدین مدنی ص ۶۲
[4] دکن میں اردو طبع چہارم ص ۳۷
[5] ایضاً ص ۳۷ : 'جاٹ' ہے۔

"حسب رواج قدیم اس میں عربی اور فارسی کے بجائے ہندی الفاظ زیادہ ہیں۔ اس کی زبان اس قدر مشکل ہے کہ اس کا سمجھنا دقت طلب ہے بدین ہم اس مثنوی کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ نظامی اپنے عہد کا باکمال شاعر تھا اور اپنے فن میں استادانہ مہارت رکھتا تھا"[1]

صدر الدین (وفات ۷۸۶ھ) دکن کے قدیم صوفی اور شاعر ہیں اور کئی تصانیف کے مالک بھی۔ "کسب محویت" سے آپ کی مثنوی کا نمونہ پیش کیا جاتا ہے

ناؤں لے اللہ محمدؐ کا اول — کسب کاسب کو کہوں در ہر عمل
گوش جاں سے اب سنو صاحب یقیں — کیا کہتا ہے نظم میں شہ صدر الدیں
اولاً بانفس و دل قطب مثال — خواہش دانائی کا تو بوج حال
کامیاب کوں یہاں ہے راہ وصل — راہ الاتصال ذوالفضل[2]

حضرت شاہ میراں جی شمس العشاق (وفات ۹۰۲ھ) کا تعلق گجرات اور دکن دونوں سے ہے۔ آپ کا کلام مثنویات پر بھی مشتمل ہے۔ ان کا رنگ اقتباسات سے ظاہر ہے

حمد[3]

بسم اللہ الرحمٰن — الرحیم تو سبحان
یہ سب عالم تیرا — رازق سبھوں کیرا
تجھ بن اور نہ کوئے — نا خالق دوجا ہوئے
جسے تیرا ہوئے کرم — تو ٹوٹے سبھی بھرم
تجہ نرتالو مرجانے — اور پوری صفت بکھانے
ہے تیرا انت نہ پار — کس موکھوں کروں اچار
جو تیرا مرجانے — اس نہی کو نہ مانے

اقتباس از خوش نامہ[4]

کبھی نہ رنگی میدہوں رنگوں، پھولوں باس نہ آیا
رنگ نہ رنگیا دنتو اس کے بھینی نہ ہلدوں کا یا

---

[1] دکن میں اردو طبع چہارم ص ۳۵ و ۳۶ [2] تذکرہ اردو مخطوطات (ادارۂ ادبیات اردو) مرتبہ ڈاکٹر زور نمبر ۱۴ [3] و [4] اردو مثنوی کا ارتقا ص ۳۲ و ۳۳

کہے منجہ سیر سہاگ اللہ کا چھوڑ رہیا سہاوا
اب کیوں سر سہاوے دوجا تم کو، ناہیں ٹھاوا
اسی کے رنگوں رنگی ساری دوجا رنگ نہ بالی (کذا)
اسی کی باسا ہم کو باسا پھول بھوکٹ کی آنی
ایسی باتیں کرے گونتی مورکھ بوجھیں سدہ
یہی من میں آوے اپنے چھند سوہی سکھاویں بودھ

باباکبیرداس کی بھی ایک نظم ملاحظہ ہو جو بعینہٖ مثنوی کے قافیہ میں ہے ؎

گئی بیسی اب آیو بڑھاپا — بنا پیو کہو یوتر نایا
سبھی بیسی میں کھیل گنوائی — پیہ کے نیہا نیک نہیں پائی
ساٹھ برس میں جات نہ جانی — گور کی بچین نیک نہیں مانی
چھن چھن دیہہ بھی ات جھنیاں — پیر کو سمرن کچھ نہ کنیاں
سب جوبن اکارت کھویو — برھی نام کبیرا رویو
چیلا سید مراد سیانا — جن گور بچن ساتھ گور مانا
موسوں کبھی موہ یہ آسا — کہدیو موکوں بارہ ماسہ
مانس مانس میں جے دکھ پائے — تے جگ کوں ان آئے سنائے

برہی سمت ہے بھوگیارہ سے اور تیس
بارہ ماسہ میں کہوں پنڈت دیو اسیس

حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہی (۸۶۰ تا ۹۴۵ھ) کے ملفوظات میں مختصر مثنوی پارے ملتے ہیں۔ فارسی و عربی الفاظ کے باوصف ان کی زبان اور بحر ہندی ہے۔ ان کے موضوع متصوفانہ خیالات ہیں۔ آپ کا تخلص "الکھ داس" ہے۔ آپ کی مذکورہ قسم کی مثنویوں کا ایک نمونہ یہ ہے ؎

جان اجان سب کھیلنہ لوئی — بن پی کھیلے نہ کھیلا ہوئی
جان اجان جگ کھیلے رہے — ہوہو ہوہو، ہولی رہے
سب کھیلنہ سکھی مہ جان — سرب ترنتر پی پروان
جان اجان جگ کھیلے پھاک — کنت بلیاں لیوں ہردے لاک
الکھ داس آکھے سن تانہاں — ہم تم کھیلنہ دی گلی بانہاں [1]

---

[1] پنجاب میں اردو

نویں صدی ہجری کے اواخر اور دسویں صدی ہجری کے شروع میں قطبن نے ملک محمد جائسی کی طرز پر ایک منظوم قصہ "مرگاوتی" کے نام سے لکھا تھا۔ اس مثنوی کا انداز کچھ یوں ہے ؎

شاہ حسین آہے بڑا راجا	چھتر سنگاسن ان کو چھاجا
پنڈت او بدہ ونت سیانا	پڑھے پرون ارتھ سب جانا
دھرم ددوسٹل ان کو چھاجا	ہم سر چھپاہ جیو جگ راجا
دان دسۓ او گنت نہ آوے	بلی او کرن نہ سر بر پاوے
رائے جہاں لوں گندے رہ ہیں	سیوا کر ہیں یا سب چھ ہیں[۱]

یہ بھی اردو مثنوی کی وہ فضا جو خوب محمد چشتی سے قبل ملتی ہے۔ بعض نظموں میں محض مثنوی کا قافیہ ملتا ہے اور بعض میں "مثنوی پن" کی کیفیت۔ لیکن اس حقیقت کا بھی اقرار کرنا پڑتا ہے کہ گجرات اور دکن کے شعرا نے مثنوی بھی لکھی ہے — اب یہ اور بات ہے کہ زبان اور بیان کے اعتبار سے وہ صاف نہیں ہیں۔ برج بھاشا کے علاوہ مقامی لب و لہجہ صاف پہچانا جاتا ہے۔ موضوع بھی مذہب اور تصوف کے ساتھ ساتھ بزمیہ زندگی کے دوسرے گوشوں کو اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہے۔ رفتہ رفتہ زبان پر فارسی کا رنگ اور گہرا ہوتا جاتا ہے۔ فارسی و عربی کے الفاظ اور تراکیب کا استعمال بڑھتا جاتا ہے۔ مگر اسی کے ساتھ مقامی زبان اور نکھرتی اور لہجہ کچھ اور شستہ ہوتا جاتا ہے۔ ہندی اوزان کے ساتھ فارسی بحریں بھی گونجتی جاتی ہیں۔ بلکہ نغمۂ ہندی کی لے مدھم اور فارسی بحروں کی گونج اونچی اور واضح ہوتی جاتی ہے۔ حتیٰ کہ تنہا اسی کی صدائیں آنے لگتی ہیں — اور پیہم بھی! سچ تو یہ ہے کہ ادبی تشکیل کے اس دور میں ہی گجرات اور دکن کے شعراء نے فارسی زبان و ادب اور بحروں سے استفادہ کرتے اور اپنے خونِ جگر سے نوازتے ہوئے اردو مثنوی کو فارسی مثنوی کے مقابل لا کھڑا کرنے کی بڑی کامیاب کوشش کی۔ جب اردو کا مرکز نقل جنوب سے شمال پہنچا تو شعرا نے فارسی کو بری طرح اپنانے کی کوشش کی اور بقول سروری صاحب "رفتہ رفتہ تلمیحات، استعارے اور تشبیہیں بھی فارسی ہی استعمال ہونے لگیں۔"[۲]

واقعہ یہ ہے کہ مذکورۂ بالا شاعروں نے اپنے کلام کے ذریعے اردو مثنوی کی اساس اس درجہ محکم رکھی کہ اس پر آیندہ کی طویل مثنویوں کی شاندار عمارت بہ تمام استواری، بہ تمام جلوہ سامانی اور بہ تمام شان و شکوہ قائم ہوئی اور اس طرح قائم ہوئی کہ رہتی دنیا تک ان کی آب و تاب میں فرق نہ آسکے گا۔

---

[۱] پنجاب میں اردو

[۲] اردو مثنوی کا ارتقا ص ۲۲

(ج) اردو مثنوی خوب محمد کے زمانے میں

خوب محمد کا زمانہ دراصل طویل مثنویوں کا زمانہ ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ماقبل کے دور میں اردو زبان تشکیل کے بہت سے مراحل طے کر کے اس قابل ہو گئی تھی کہ مذہب، اخلاق، تصوف اور بزم و رزم کے سے مقاصد کی توضیح اور مصوری کے لئے بطیب خاطر استعمال ہو سکے۔ یہ امر اپنی جگہ اس صداقت کا حامل ہے کہ مقامی زبان میں عربی و فارسی کے الفاظ و تراکیب جزو زبان کے طور پر دخیل تھے اور مسلمانوں کا لایا ہوا تمدن مقامی تمدن پر اتنا اثر انداز ہو چکا تھا کہ ماقبل دور کے تمدن کے مقابلے میں وہ ایک نمایاں رنگ اور روپ کا حامل نظر آتا تھا۔ یہ نیا تمدن اردو کلچر کے سوا کچھ اور نہیں تھا اور اس تمدن کی زبان اردو زبان کے علاوہ کوئی اور زبان نہیں تھی۔ فرق اتنا ضرور تھا کہ اسے ابھی اردو کلچر اور اردو زبان کا نام نہیں ملا تھا۔ یہ تمدن ابھی دکنی و گجراتی اور زبان دکنی و گوجری وغیرہ کے ناموں سے موسوم تھی۔

خوب محمد کے عہد کی اردو مثنوی نگاری کا ایک سرسری جائزہ بھی ہمیں یہ محسوس کرائے بغیر نہیں رہتا کہ گجرات میں وہ اپنے عہد کا معلوم شدہ تنہا مثنوی نگار — اور طویل مثنوی نگار رہے۔ دکن میں البتہ کئی عظیم مثنوی گو شاعر ملتے ہیں۔ تاہم وہ ادبی فضا جس میں انہوں نے مثنویاں لکھی ہیں اس کی تعمیر میں مقامی اثرات کے علاوہ گجرات کا بھی معتدبہ حصہ ہے۔ اس کے متعلق ڈاکٹر زور کا اقتباس اس سے قبل نظر نواز ہو چکا ہے[۵۱]۔ یہاں پروفیسر عبدالقادر سروری کا بیان بھی ملاحظہ کریجئے:

"گجرات کی خود مختاری کے زمانے ہی میں، دکن کی بہمنی سلطنت کے انقراض سے پانچ خود مختار سلطنتیں قائم ہو چکی تھیں۔ ان میں بیجاپور اور گولکنڈہ کی سلطنتیں اردو زبان اور ادب کی سرپرستی کے باعث لازوال شہرت حاصل کر چکی ہیں۔ ان سلطنتوں کے حکمران علم و فضل اور شعر و ادب کے بڑے قدردان تھے۔ چنانچہ گجرات کے عروج کے زمانے ہی سے یہاں کے علماء اور فضلاء بیجاپور آنے لگے تھے لیکن سنہ ۱۵۷۲ء میں جب اکبر نے گجرات کی خود مختاری کا خاتمہ کر دیا، تو ہجرت کرنے والے علماء کی تعداد زیادہ ہو گئی۔ ادھر بیجاپور کے سلاطین اپنی علم پروری کے سبب محسود زمانہ بن رہے تھے۔ نہ صرف گجرات بلکہ ہند، ایران اور عرب کے علماء بھی یہاں آکر بسنے لگے تھے اور یہاں اردو زبان سیکھ کر اس میں تصنیف و تالیف کرنے لگے تھے۔ انہیں میں شاہ میراں جی شمس العشاق (وفات ۹۰۲ھ) بھی ہیں جو اپنے تقدس اور علمی وقار کے سبب بیجاپور میں رشد و ہدایت کا بڑا مرکز بن گئے تھے[۵۲]۔

بہر حال اس دور میں سب سے زیادہ مثنویاں ہمیں دکن ہی میں ملتی ہیں۔ ان عصری مثنویوں کی جستہ جستہ

---

۵۱ ملاحظہ ہو باب

۵۲ اردو مثنوی کا ارتقا ص ۳۰

کیفیت ملاحظہ فرمائیے ۔ یہاں پر یہ صراحت کردوں کہ قطب شاہی و عادل شاہی سلطنتوں کے زیر سایہ جو عصری مثنویاں ملتی ہیں انہیں میں "گولکنڈہ کی مثنویاں" اور "بیجاپور کی مثنویاں" کی سرخیوں کے تحت علی الترتیب درج کیا ہے ۔

گولکنڈہ کی مثنویاں

محمد قلی قطب شاہ کے کلیات کو ڈاکٹر زور نے مرتب کرکے شائع کردیا ہے ۔ اس میں دوسرے اوصاف شعر کے علاوہ مثنویاں بھی کئی ایک ملتی ہیں ۔ تاہم نصیرالدین ہاشمی کے اس قول کے مطابق کہ "جو کلیات شائع ہوا ہے اس میں بہت سا کلام نہیں ہے ۔"[1] گمان ہوتا ہے کہ اس کے ہاں اور مثنویاں بھی ہوں گی ۔ محمد قطب شاہ نے "مثنویاں متعدد عنوانوں پر لکھی ہیں ، کسی میں پھولوں کا ذکر ہے تو کسی میں سبز ترکاریوں کا بیان ، کسی میں شکاری پرندوں کا ذکر ہے تو کسی میں رسم و رواج تیوہاروں اور محلوں کا بیان ہے ۔"[2]

ظل اللہ کا کلیات دستیاب نہیں ہوتا ۔ تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ اس میں مثنویاں بھی تھیں ۔ اس کی فکر شعر و انداز مثنوی کا ایک نمونہ وہ منظوم مقدمہ ہے جو اس نے اپنے خسر سلطان محمد قلی قطب شاہ کے کلیات پر لکھا تھا ۔ اس کا حوالہ باب ۲ میں گذر چکا ہے ۔ اس لئے یہاں اس کی تکرار نہیں کی جاتی ۔

فیروز دکنی کی مثنوی[3] ، توصیف نامۂ حضرت عبدالقادر جیلانی رح کے حالات سے متعلق ہے ۔ وجہی اور ابن نشاطی کے ممدوح شاعر فیروز کی اس مثنوی کی زبان اور اس کے انداز بیان کی کیفیت کا اندازہ مندرجۂ ذیل اقتباس سے لگایا جاسکتا ہے ؎

تو سلطاں سلاطیں رعیت سبھی — تو حاکم کہ جگ پر حکومت تجی
ولی جا دکر پاؤں آپ سر لئے — قدم راکھے تجہ کہاں دے
مگر شیخ صنعا ہوا یار کھا — رکھیا دین کھویا کافر سار کا
بھولیا دیک ترسا کہ یک پوستنی — لگی لنگ پوجن لکھا جیوننی
شراب پیو قرآن لے جالیا — چرا خون کہ دوزخ ایس کھایا
فرشتے تجہ آزمائے اپنے جب — پران جل پرید ہتی سزا پائے تب
تمیں عبدالقادر سو قادر دیسے — کہ قادر کو قدرت میں قادر دیسے

---

[1] دکن میں اردو طبع چہارم ص ۴۹ — [2] دکن میں اردو طبع چہارم ص ۵۰

[3] فہرست مخطوطات اردو، ادارۂ ادبیات د دکن میں اردو طبع چہارم

نظر توں کرے تو موا جیو اٹھے
وضو بن جو تج ناؤں لے سرتوں پئی

رب اپنے سو عاشق ولی سب سیدا
تو معشوق عاشق تو سوں رب سیدا

بزرگی تجے سب دلیاں ہیں سوہے
ولی جس سو ہی وہی تج سوہے

دکن کے مشہور شاعر اور نثار ملا وجہی کی "قطب مشتری" ایک زبردست ادبی کارنامہ ہے۔ زبان کی صفائی و پاکیزگی، بیان کی دلکش روانی لائق ستائش ہے۔ یہ مثنوی ایک منظوم قصہ ہے جس کا ہیرو محمد قلی ہے۔ نمونہ ملاحظہ ہو

شہنشہ مجالس کئے ایک رات
وزیراں کے فرزند تھے سب سنگات

ہریک خوبصورت ہر اک خوش لقا
سو ہر ایک دلکش ہر اک دل رُبا

مہابت کے کاماں میں جم جم ہے جیو
شجاعت کے کاماں میں رستم ہے جیو

ندیم ہوا مطرب سگھڑ فہم دار
اتھے شاہ سوں مل کر یو سب ایک ٹھار

صراحی پیالے لے ہاتاں سنے
ندیماں تے مشغول باتاں سنے

لگے مطرباں گانے یوں ساز سوں
کہ دھرتی ہلی مست آواز سوں

جو مطرب دو صحرا میں اس دھات گائے
تو پھر ان کو اس شوق تے حال آئے[1] وغیرہ

غواصی ایک عظیم شاعر ہے۔ اب تک اس کی دو ہی مثنویوں: سیف الملوک اور بدیع الجمال اور طوطی نامہ کا پتہ چلا تھا۔ جدید تحقیقات کی رو سے اس نے ایک مثنوی چندا اور لورک[2] بھی لکھی تھی جو ۱۰۲۵ھ[3] سے قبل کی ہے۔ اول الذکر اور ثانی الذکر مثنویاں ۱۰۳۵ھ اور ۱۰۴۹ھ کی ہیں اور فارسی سے ترجمہ ہیں۔ ان سب میں قصے پلٹے جاتے ہیں۔ غواصی کی زبان سادہ اور تصنع سے پاک ہے۔ بیان میں جاذبیت اور قادر الکلامی پائی جاتی ہے۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو

(۱) از سیف الملوک و بدیع الجمال ــ

ہوئے جمع جنگی ہزبراں تمام
قوی اور خونخوار امیراں تمام

یک یک جان یک کوہ یا برج جیوں
لے ہاتاں میں فتنے بھرے گرز جیوں

غضبناک ہو جیوں انگے دل ہوئے
کلیجے پہاڑاں کے پھوٹ جل ہوئے

صلح پوش پولاد کے کوٹ جیوں
پر آشوب سمدور کی لوٹ جیوں

---

[1] یورپ میں دکھنی مخطوطات اور دکن میں اردو طبع چہارم
[2] و [3] دکن میں اردو طبع چہارم ص ۷۸

اوتاے ہو آفت بھرے عزم سوں　　کھڑے آکے میدان میں رزم سوں
بھیا باؤ جیوں قہر کا شور سات　　شطت کی اگن سلک اٹھی زور سات
کئے قصد لڑنے کو دو دھیر تھے　　زمانہ ہوا تل اپر سیر تھے
اوٹھیا غل جدھر کا ادھر مار مار　　قیامت زمیں پر ہوا آشکار
جھلک ایک بجلیاں سی تروار کی　　اوڑی فاختے سخت سنسار کی
سٹے دھرت پر یوں منڈیاں کاٹ کاٹ　　سو کس کو سمجھتا نہ تھا باٹ گھاٹ
جو دریا لہو کا ابلنے لگیا　　گلن اس پو کشتی ہو چلنے لگیا[1]

(۲) از طوطی نامہ ـــ

سنیا تھا جو سوداگر اک بے نظیر　　اتھاں اس کنے ایک داداں گئیر
ونی دار خوش فام شیریں کلام　　ہنر غیب کی تھا سبج میں تمام
نرے گھر کی سب دیدبانی وہی　　دیوے نیک و بد کی نشانی وہی
جیوں اک دن او سوداگر نام دار　　چلیا کرنے سوداگری ایک ٹھار
لکی دیس لی بیک پایا نہ آن　　تھی جان اس کی عورت لگی تملاں
جوان اس کی باڑی میں تھا ایک خوب　　لگائی چھپیا عشق اسے دیک خوب[2]

بقول ابن[3] نشاطی استاد سخن احمد دکنی کی لیلیٰ مجنون کا نمونہ ملاحظہ ہو ـــ

(۱) مجنوں کا باپ جنگل میں جا کر مجنوں کو سمجھاتا ہے :

کیا پوت تا سکے دکھن آس مو　　رہیا پوت کر دکھ سوں نراس د
تری آگ تے جیو میرا جلے　　تری آہ تے دم ہو تن جبے
کیت توں جلے ہو جالے منجے　　نیا کیا تکے ہو کالے منجے
جو نوں ہے پیار تمن منج کوں　　ہنسوں کیوں جو روتے دیکھوں [illegible]
مرا جیو ہے تو مرے لاڈلے　　جلے جیو [illegible]
کتیا آس جو توں بسائے محل　　نجانیا کہ تو یوں جلائے جنگل
جو گھر چھوڑ جنگل بسانے لگیا　　سو تج تے جنگل ہور جنگل بھی جلیا[4]

---

[1] سیف الملوک و بدیع الجمال　[2] طوطی نامہ　[3] دکن میں اردو ۔ طبع چہارم ص ۱۱
[4] پنجاب میں اردو

(۲) مثنوی مصیبت اہل بیت سے

سنو قصہ مصطفٰے کا جو ہے سرور انبیا
جن کے واسطے پیدا ہوا دونوں عالم دین و دنیا

حق کا نانوں ہے عرش اوپر رحمۃ اللعالمیں
اول ان کو پیدا کر کر بعد از کیا دنیا و دیں

دیکھو یاران معصوماں پر وقت کیا آپریا
پردیس جانے طفلاں اوپر کیا مشکل اگریا

دونوں فرزند مسلم کے اتھے چھپ کر قاضی پاس
دو کر قاضی کا پریا گرموں پکڑ اپنے جیو کی پاس

کوٹوالیا نے لائے پکڑ کر عبداللہ کوں دے خبر
بھیجیا ان کو بندیخانے کہیا راکھو قید کر[1]

مقابلتاً احمد کی زبان کچھ زیادہ صاف نہیں معلوم ہوتی۔

بیجاپور کی مثنویاں

علم و فن کے زبردست سرپرست اور شعر و موسیقی کے رسیا ابراہیم عادل شاہ کی جداگانہ مثنوی تو نہیں دستیاب ہوئی تاہم اس کی مثنوی نگاری کا اندازہ "نورس" کے اس اقتباس سے لگائیے سے

سید محمد بہتی پیرا
جیو رتن میں اتم ہیرا

محل محل صدر سنوارے
اسی نمونے بہشت اپارے

انند ہوتا ہے سدا بہارے
ارتی لیائی انبر بھر تارے

کدم کستوری جوا چندن لائے
بادل کاں ہے ہر رنگ میں برسائے

شمالی عنبر بتیاں پھرائے
شربت گھول امرت پلائے

بادل دمامے بجلیاں بجاوے
باجی خالو آشتابی تے پاوے

سہلا نورس کلیاں بدھاوے
ابراہیم گرگنی گاوے[2]

وغیرہ

حضرت شاہ میراں جی شمس العشاق کے فرزند اور خلیفہ شاہ برہان الدین جانم (وفات ۹۹۰ھ[3]) نے کئی منظوم رسالے لکھے ہیں اور یہ سب مثنویاں ہیں۔ آپ کے بعض رسالوں کو ڈاکٹر زور نے مرتب کر کے ان کا موضوع تصوف و سلوک ہے۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو[4]:

(۱) وصیت الہادی

سکتا قادر قدرت سوں سمجھے تجھ کوں کوئی کیا
جس کوں لورے دیوے راہ کہیا یہدی من یشاء

---

[1] یورپ میں دکھنی مخطوطات [2] نورس [3] اردو مثنوی کا ارتقاء (ص ۳۳) میں سن وفات ۹۹۹ھ درج ہے جو غلط ہے۔ [4] رسالۂ اردو، جولائی ۱۹۲۷ء

یہ روپ پرگٹ آپ چھپایا کوئی نہ پایا انت
پایا موہ میں سب جگ باندھیا کوں کر موجھے پنت
امر خدا کا لیاؤ بجا توں نہی تہی منکر ہونا
مقام شیطانی جس کو کہنا دل تھی سارا دھونا
چلنے کا تو نیم نہ ہوئے یہ تو شا پہوکٹ کھایا
اس دھات عمر خرچ کیتا آخر پھر پچھتایا

---

(۲) منفعت الایمان ۔

اللہ واحد سرجنہار
دو جگ رچنا رچیا ابار
سگل عالم کیا ظہور
اپنے باطن کیرے ظہور
کوئی کہیں سب عشق تمام
عشق کی آنکھیں کیا ہے فہام
عشق لیا ہے سب پھر پاس
عشق تھی سکلا بھوگ بلاس
بعض اکھیں اپنی بوجھہ
معلوم نہیں کچھ اس کی سوجھہ
ایک جمع سب پکڑیا بار
جو نکے بیچ تھی نکلیا جھاڑ
کانٹا چھانٹا پھل اور پھول
شاخ برگ سب دیکہ اصول[1]

عبدل کی مثنوی "ابراہیم نامہ" جو ابراہیم عادل شاہ کی منظوم سوانح عمری کا حکم رکھتی ہے ادبی اور لسانی اہمیت کے ساتھ تاریخی لحاظ سے بھی قابل قدر ہے۔ نمونہ ملاحظہ ہو ۔

شہر بیجاپور کی تعریف ۔

سنوں اب صفت شہ رہن تخت تھاؤں
بدیا پورن کر ہی ابھی اس کا ٹھاؤں
کہ دھن اس زمیں ٹھاؤ تھے بخت بھر
بسیا سیس جس کی بدیا پور نگر
ولیکن جتا کچھ زمیں کا مدد ہاں
سو اس شہر کا چوک اک درمیان
کریا اس شہر کا چھبی ایک جاں
دست روپ ست کھن گگن ہور نشاں
سورج تاس زرین تانکیا سو ہائے
کردوں دورلا باندہ دستانوں ماٹے
کونداں کھلا جیوں رکھیا تہر بھر
کھری چاند پورن سو روپی کی دھر
ستاروں کنت زو شومن کھوں کی ہار
رکھیا مرکی لاتی کوشن سو تھار
کیا اوس شہر دور خندق نشاں
رہیا پل پلا تیر بر آسمان[2]

---

[1] رسالۂ اردو جولائی ۱۹۲۷ء
[2] دکن میں اردو، طبع چہارم ص ۱۵۲-۱۵۱

حسن شوقی کی "فتح نامۂ نظام شاہ" خوب محمد کی عصری مثنویوں میں تنہا رزمیہ مثنوی معلوم ہوتی ہے۔ شوقی کو زبان اور بیان پر جو عبور ہے اس کا اندازہ مندرجۂ ذیل اقتباسات سے ہو سکتا ہے ۔

(۱) فتح نامۂ نظام شاہ —

ڈوبے قاب زریں سو غرقاب میں — گئی حور زنگی کرے خواب میں
حبش نے پھواں چیر سر پر لیا — ترک دیکھ پر نار سر تل کیا
حبش تے جو پرگت ہوا چندروپ — حبش نے جتنے ترک چینی سروپ
بیٹھا ناگ کالا اوڑیا راج ہنس — اوٹھی سیام سندر سو تاراج اونس
پڑیا پھول پر جب بھنور پنکھ پسار — چھپا ترک زنگی کھرا آشکار[۱]

(۲) معاشرتی مثنوی "میزبانی نامہ" سے —

سدا دار پر تجھ منگل گزگزیں — منگل گزگزیں جیوں بدل گزگزیں
ہستی مست پر پیلیاں مست ہے — زبردست پو کیا زبردست ہے
سدا دار پر تجھ طبل باجتے — طبل باجتے ہور مندا کاجتے
بہت دس تے شہ کی گھر کاج ہے — شہر گشت کی راج سو آج ہے
شہر گشت کا سازو ساماں ہوا — نفیریاں ترائے دماماں ہوا[۲]

(د) خوب ترنگ کا تصوف

خوب ترنگ کے بنیادی موضوع وحدت الوجود کی توضیح و تشریح کے لئے لکھی گئی ہے۔ مسئلۂ وحدت الوجود ایک مہاتی مسئلہ بنا رہا ہے۔ چنانچہ اس موقع پر اس کی بابت ایک مختصر گفتگو بے محل نہ ہوگی۔

نفس تصوف، اس کے مطالب و مفاہیم اور انسانی زندگی میں اس کی نوعیت و اہمیت کا ذکر اس سے قبل آچکا ہے۔[۳] اس وقت وحدت الوجود اور وحدت الشہود کی طرف ہلکا سا اشارہ بھی کیا گیا تھا اور ہم نے دیکھا کہ ان میں تنافر د تناقص یا تضاد نہیں ہے بلکہ ان میں وجود و تصویر وجود کا تعلق ہے، زاویۂ نظر اور اظہار بیان کا فرق ہے۔ دونوں ایک ہی حقیقت کے دو افسانے ہیں۔

تصوف اسلامی یا مسئلۂ وحدت الوجود کی مذہبی اساس قرآن کی یہ آیت ہے: هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ[۴]

---

۱ و ۲ رسالۂ اردو، جولائی ۱۹۲۹ء — ۳ ملاحظہ ہو باب — ۴ قرآن مجید

چنانچہ وحدت الوجود کا نظریہ کسی قوم، فرقہ، گروہ یا جماعت کا نظریہ نہیں ہے۔ یہ پوری انسانیت کا نظریۂ حیات ہے۔ یہ اس حیات کا نظریہ ہے جو انسانی زندگی کے ظاہری اور باطنی دونوں ہی پہلوؤں کی یکجائی، تعمیر اور حسن سے مرتب ہوتی ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہماری زندگی کا کوئی گوشہ نہیں ہے جو وحدت الوجود کے حیات افروز نظریہ سے وابستہ یا اثر پذیر نہ ہو۔ یہی وجہ ہے کہ جب تک جماعت انسانی اس نظریہ کی روشنی میں شعوری یا غیر شعوری طور پر چلتی رہی وہ آگے اور آگے بڑھتی رہتی اور جب اس نے اس کی انقلابی نوعیت سے خوف کھانا شروع کر دیا تب وہ ایک امر واقعہ کے طور پر تنزل اور پستی سے دوچار ہوئی۔ جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ انسانیت آئے دن بری طرح مجروح ہوتی گئی اور یہ سلسلہ اب تک قائم ہے۔

اسلامی عقیدے کے لحاظ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ اس نظریہ کا چلن انسان اول حضرت آدم علیہ السلام کے زمانے سے ہوا، اور رفتہ رفتہ ابھرتا، مختلف مذاہب کا روپ اختیار کرتا ہوا اسلام کی شکل و صورت میں مکمل ترین نظریۂ حیات بن کر رونما ہوا۔ تاہم اس کی ابتدا اور تدریجی کیفیت کے بارے میں مشہور پروفیسر محمد حبیب (مسلم یونیورسٹی) یوں اظہار خیال کرتے ہیں:

"وحدت الوجود کی تعلیم سب سے پہلے اُپنشدوں نے دی۔ مشرقی فلسفہ وافکار میں اس کی ایک امتیازی حیثیت ہے۔ قرون وسطیٰ کے صوفیہ اس کی نشر و اشاعت میں اس لئے پس وپیش کرتے تھے کیونکہ (کذا) حکمراں طبقہ سے متعلق ہو جانے کے بعد (سولہویں صدی تک پہنچتے پہنچتے) انہیں اس کی انقلابی نوعیت سے خوف محسوس ہونے لگا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وحدت الوجود ایک ایسا مانوس لفظ ہو گیا جو ہر شخص کی زبان پر رہنے لگا اور اس کے اظہار کی ہر شخص کو اجازت ہو گئی کیونکہ اب یہ فکر، عمل کے کسی بلند جذبہ کو متحرک نہیں کر سکتا تھا۔"[1]

مندرجۂ بالا اقتباس سے دوسری باتوں کے علاوہ یہ امر بھی مستنبط ہوتا ہے کہ ایک زمانے میں وحدت الوجود کا ذکر ہر شخص کی زبان پر نہیں تھا۔ یہ واقعہ بھی ہے جس کی وجہ جاننے سے پہلے یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ہم اس نظریہ سے مسلمانوں کے تعلق کا اندازہ لگالیں۔

اس میں شک نہیں کہ مسلمانوں نے ابتدا ہی سے اس پر عمل کرنا شروع کر دیا تھا مگر اس کی وضاحت سب سے پہلے شیخ محی الدین المعروف بہ ابن عربی نے دوسری تصانیف کے علاوہ "فصوص الحکم" "فتوحات مکیہ" میں شرح و بسط کے ساتھ بیان کی۔ اس لئے کہ ان کا فلسفہ مرکزی نقطہ وحدت الوجود ہی ہے۔ جس کا لب لباب خلیق احمد نظامی کے الفاظ میں یہ ہے:

---

[1] مقدمۂ تاریخ مشائخ چشت ص ۳۱

"مختصراً اس کے معنی یہ ہیں کہ خدا کے سوا کائنات میں کوئی چیز موجود نہیں۔ یا یہ کہ جو کچھ موجود ہے سب خدا ہی ہے۔ اہل ظاہر کے نزدیک خدا سلسلۂ کائنات سے بالکل الگ ایک جداگانہ ذات ہے۔ صوفیہ کے نزدیک خدا سلسلۂ کائنات سے الگ نہیں ہے

با وحدت حق ز کثرت خلق چہ باک
صد جائے اگر گرہ زنی رشتۂ یکیست

دھاگے میں جو گرہیں لگا دی جاتی ہیں ان کا وجود اگرچہ دھاگے سے ممتاز نظر آتا ہے لیکن فی الواقع دھاگے کے سوا کوئی زاید چیز نہیں ہے۔ صرف صورت بدل گئی ہے۔"[۱]

شیخ اکبر کے اس نظریۂ وحدت الوجود سے مسلمانوں کے بہترین دماغ متاثر ہوئے اور یہ نظریہ تصوف کی روح بن گیا۔ تاہم اس کی گفتگو خواص ہی تک محدود تھی۔ عوام کے سامنے اس کی تشریح و تفسیر کو صوفیائے کبار ممنوع گردانتے تھے کہ اس کی تفہیم سے عاری ہیں پھر بھی اس کی روشنی میں وہ عوام و خواص کی رہنمائی کرتے رہے اور ایک عظیم جماعت انسانی اس سے فیض یاب ہوئی اور دن دونی رات چوگنی ترقی کرتی رہی۔

شعرا میں حکیم سنائی، نظامی گنجوی اور خواجہ فریدالدین عطار نے اول اول اسی نظریہ کو اپنی شاعری کا موضوع قرار دیا۔ چنانچہ ان کے ذریعے تیرہویں صدی عیسوی تک تصوف اور خود نظریۂ وحدت الوجود ایک عوامی تحریک کی صورت اختیار کر گیا اور اس نے اپنے سب سے بڑے اور مایۂ ناز شاعر جلال الدین رومی کو پالیا جو مثنوی معنوی اور غزلیات شمس تبریز کے ذریعے نہ صرف اپنے مابعد زمانہ میں مسلمانوں کے خیالات و افکار پر اثر انداز ہوا بلکہ موجودہ دور میں اقبال اور دوسرے شعرا و مفکرین کو بھی متاثر کر رہا ہے۔ اس کی وجہ مولانا شبلی کے الفاظ میں یوں بیان کی جاسکتی ہے:

..." فارسی زبان میں جس قدر کتابیں نظم و نثر میں لکھی گئی ہیں، کسی میں ایسے دقیق، نازک اور عظیم الشان مسائل اور اسرار نہیں مل سکتے جو مثنوی میں کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ فارسی پر موقوف نہیں، اس قسم کے نکات اور دقائق کا عربی تصانیف میں مشکل سے پتہ لگتا ہے۔ اس لحاظ سے اگر علماء اور ارباب فن نے مثنوی کی طرف تمام اور کتابوں کی نسبت زیادہ توجہ کی، اور یہاں تک مبالغہ کیا کہ مصرع 'ہست قرآں در زبان پہلوی' تو کچھ تعجب کی بات نہیں۔"[۲]

چنانچہ بعد کے شعرا نے سنائی و عطار کے ساتھ مولانائے روم کی رہنمائی میں اس کی لے کو اگر اور تیز نہیں کیا تو اسے مدھم بھی نہیں ہونے دیا۔ ان میں اوحدی، عراقی، مغربی، امیر خسرو اور جامی وغیرہ خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔

---

[۱] تاریخ مشائخ چشت ص ۱۱۲
[۲] سوانح مولانائے روم ص ۵۱

اردو کے صوفی شعرا کے ہاں بھی ہمیں اس نظریہ سے دلچسپی اور شغف ملتا ہے۔ ابتدائے اردو شاعری مختصر مثنوی پاروں سے مالامال ہے، اور جب طویل مثنویوں کا زمانہ آیا تو اس سے مملو طویل مثنویاں بھی لکھی گئیں۔ ان میں خوب محمد چشتی کی خوب ترنگ نمایاں ہے اور اس وقت ہمیں اسی سے بحث ہے۔ خوب محمد چشتی نے اپنے ایک رسالے "عقیدۂ صوفیہ" میں اپنے اعتقاد کو بڑی وضاحت سے بیان کیا ہے۔ ان کا عقیدہ وحدت الوجود کے علاوہ کچھ اور نہیں ہے۔ ان کے تمام رسالوں اور رسالوں سے یہی ظاہر ہوتا ہے۔ تاہم سہولت اور توثیق کے خیال سے ان کے رسالے "عقیدۂ صوفیہ" کا یہاں ترجمہ درج کیا جاتا ہے:

ترجمۂ رسالۂ عقیدۂ صوفیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد و صلوٰۃ کے بعد ان صوفیہ کے عقیدے کا بیان ہے جو وحدت وجود کے قائل ہیں۔ وجود کے معنی "ہونا" کے نہیں بلکہ موجود کے ہیں اور وہ عین ذات ہے۔ اس حیثیت سے نہ صرف سلب اعتبارات بلکہ ثبوت اعتبارات بھی اس سے سلب ہیں۔ وہ 'حصول شئ' نہیں کہ کنہ ذات ہے، کیونکہ ذات بنفسہٖ قائم ہے اور صفات قائم بذات۔ پس مرتبۂ ذات میں صفات نہیں اور یہ تقدیم و تاخیر مرتبۂ ذات کی رو سے ہے کچھ انفکاک صفات سے نہیں ہے کہ نظر اسے قدیم و حادث نہ کردے۔ اس وجود مطلق کو ذات مطلق، وجود محبت، غیب ہویت اور لاتعین کہتے ہیں اور وہ ذات بے تغیر اپنے ہر مرتبہ میں جداگانہ نام اور نیا اعتبار رکھتی ہے۔ اس میں تغلیط نہیں کرنی چاہیے۔

بیت
غیرت غیر از قدرش دو سیر
پاک ز امکان تغیر چو غیر

کہ ممتنع الوجود است۔ شعر

تجلا حسن معشوقی لاحباب و عشاق بتنزیہ و تشبیہ و تقیید و اطلاق
تبد اوجہہ حسناً تجلی حسنہ وجہا باسماء و و اوصاف و احکام و اخلاق

جان لو کہ مرتبہ اول میں علم حضوری اور حصولی شئ ہے۔ چنانچہ نفس ناطقہ خود کو "میں" سمجھتی ہے۔ مگر بغیر تقدم استتار و غیبت۔ اس مرتبہ کو دائرۂ ذات، حقیقت محمدی، وحدت اور تعین اول کہتے ہیں کیونکہ خالی از حکم نظر قابل محض پر ہوتی ہے۔ پس دو اعتبار ذاتی ہوئے۔ ایک خالی از حکم اور اسی سبب سے باطن وجود ہے کہ اصل تصور ہے۔ وجود واجب اور وجود ممکن دونوں ہی تمیز علمی نہیں رکھتے۔ اس کی رو سے احدیت اس سے منسوب ہوئی کہ وحدت عین احدیت ہے۔ اور دوسرے قابل محض اور اس وجہ سے باطن علم ہے کہ اصل تصدیق ہے کیونکہ اسماء

الٰہی بلحاظ اعتبارات اصلی اور اسمای کیانی بلحاظ شیونات ذاتیہ بھی تمیز علمی نہیں رکھتے۔ اسی لئے واحدیت اس سے منسوب ہوئی کہ وحدت عین احدیت ہے۔ پس یہ قابل محض بھی دو حکم رکھتا ہے۔ اس مرتبہ میں قابل سلب اعتبارات بھی ہے کہ تنزیہ ہے اور قابل ثبوت اعتبارات بھی ہے کہ تشبیہہ ہے۔ مگر نظر حصول شئی پر ہوتی ہے۔ چنانچہ صاحب فصوص فرماتے ہیں ؎

ان قلت بالتنزیہ کنت محدداً ان قلت بالتشبیہ کنت معدداً
ان قلت بالامرین کنت مسدداً وکنت اماما فی المعارف سیداً

اور صاحب گلشن راز بیان کرتے ہیں۔ بیت

کہ یک چشمیست ادراکات تنزیہ زنابینائی آمد راہ تشبیہہ

اور صاحب جام جہاں نما وحدت کو اصل جمع قابلیات ٹھہراتے اور کہتے ہیں کہ احدیت و واحدیت کیا ہیں ؟ منتسبین ہیں۔ ظاہر نہیں ہوتیں الانسبت کے ساتھ۔ سنو شئی وجود مطلق ہے اور مجہول الکیفیت ہے اور علم کہ حصول صورت سے عبارت ہے۔ شئی مطلق لابشرط شئی کہ نظر حکم سلبی کے ساتھ ہے حکم ثبوتی کے ساتھ نہیں نظر حصول صورت شئی پر مطلق ہے اسی لئے تعین کہتے ہیں۔ وحدت عبارت ہے ذات کے "پانے" سے۔ مطلق اپنی خودی کے ساتھ حضوری ہے مگر یہ تعلق علم ومعلوم کا نہیں۔ یہ حصول صورت شئی دو قسم کا ہے۔ پہلی کو تصور کہتے ہیں اور یہ حکم سے خالی ہے۔ دوسری کو تصدیق کہتے ہیں اور یہ حکم کے ساتھ ہے۔ اب چاہے یہ حکم سلب ہو یا ایجاب۔ سنو اول کو تصدیق سلبی کہتے ہیں کہ حصول صورت شئی حکم سلبی ہے۔ چنانچہ زید کاتب نہیں ہے۔ پس یہ بشرط لاشئی ہے۔ واحدیت اسی سے عبارت ہے کہ سلب اعتبارات ہے۔ اس حصول صورت شئی کی غرض ذات وحدت کا پانا ہوا اور اس حکم سلبی کی غرض احدیت ہوئی۔ حکم سلبی حصول صورت شئی پر ہرگز متقدم نہیں ہوتا کیونکہ اعراض میں سے ایک ہے۔ پھر احدیت و وحدت پر کیوں کر مقدم ہو سکتی ہے۔ دوم کو تصدیق ایجابی کہتے ہیں کہ حصول صورت شئی با حکم ثبوتی ہے۔ چنانچہ زید کاتب ہے۔ پس یہ بشرط شئی ہوا اور واحدیت اسی سے عبارت ہے کہ ثبوت اعتبارات ہے۔ اس حصول صورت شئی کی غرض ذات وحدت کا پانا ہوا اور اس حکم ثبوتی کی غرض واحدیت ہوئی۔ حکم ثبوتی حصول صورت شئی پر ہرگز مقدم نہیں ہوتا کیوں کہ یہ اعراض میں سے ایک ہے۔ پھر واحدیت وحدت پر کیوں کر مقدم ہو سکتی ہے۔ سنو یہ اعتبار احدیت و واحدیت نظر حکم پر رہنی ہی چاہیئے، وہ حکم سلبی ہو یا حکم ثبوتی و بہ اعتبار وحدت نظر مطلق ذات پر ہوئی کہ حصول صورت شئی ہے۔ بایں اعتبار تعین اول کہتے ہیں کہ قابل محض ہے اور قابلیت کہیں کہ سلب عبارات ہے اس نسبت سے احدیت کہتے ہیں۔ اور حکم سلبی کی جہت سے باطن وجود ہے منسوب ہے کہ عین ذات ہے اور کیسی قابلیت کہ ثبوت اعتبارات ہے۔ اسی نسبت سے واحدیت کہتے ہیں اور اس کے چار اعتبار ہیں

اور چاروں میں ہر ایک عین ذات ہے اور باطن علم سے منسوب ہے۔ پس وحدت میں سلب و ثبوت دونوں میں ہر ایک ذات ہے۔ سنو باعتبار وجود ذات ہے اور یہ اعتبار علم صفات ہیں، بہ اعتبار نور اسما ہیں کہ در علم حضوری ذات روشن ہو جاتی ہے جیسے "میں"۔ اور بہ اعتبار شہود افعال ہیں مثل لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ سے شھد اللّٰہ کی نفی دیگر ہو جاتی ہے۔ بشنو اول تصور محکوم علیہ چنانچہ ذات زید و دوم تصور محکوم بہ چنانچہ تصور قیام زید کہ بذات صفت حکم ہوا۔ سوم تصور نسبت حکمی کہ تعین کا نام ہے۔ چنانچہ تصور نسبت درمیان زید و قیام زید ہے۔ چہارم تصور ایقاع : وہ نسبت کہ جس کی تصدیق فعل سے ہوتی ہے۔ اور یہ بوجہ سلب یا ایجاب حاصل ہوتی ہے۔ پس تصدیق تصور پر موقوف ہے۔ چنانچہ احدیت و واحدیت، وحدت پر موقوف ہیں، یہ نہیں کہ وحدت پر مقدم ہیں۔ یہ ثبوت اعتبارات منشاء الٰہی ہے اور یہ ذات، صفات اسما اور افعال ہیں اور یہ عین ذات ہیں۔ اور عالم اس سے عبارت ہے۔ اس مرتبہ میں حقائق الٰہی کو اعتبارات اصلی کہتے ہیں اور حقائق موجودات کو شیونات ذاتیہ کہ باطن علم ہے اور مرتبہ دوم میں اس ذات کو جو شامل شیون کل اور اعتبارات اصل ہے اسے دائرہ اسما حقیقت انسانی والوہیت و تعین کہتے ہیں جیسا کہ نسبت احدیت اور نسبت واحدیت کے سلسلے میں کہا جاچکا ہے۔ اسی طرح واحدیت چاروں اعتباروں کے ساتھ عین انیت ذات ہے، اسے درمیان تصور کرو۔ اس کی جو دو نسبتیں ہیں دیکھو۔ جب انیت باعتبار علم یہ جانتی ہے کہ "میں" علم ہوں تو چونکہ صفت عین ذات ہے اس مفہوم کے سبب ایک نسبت عین عالم ہے اور علم کی دوسری نسبت عین معلوم۔ پس عالم ہونے کی نسبت سے رب اور اسم الٰہی ہے کیوں کہ صفت غیر ذات ہے اور معلوم ہونے کی نسبت سے ربوب اور اسمائے ممکنات و مخلوقات ہے۔ یہ تقید ذات ہے۔ بہ آن اعتبار ممکن و مخلوق اور جب معلوم مطلق ہو تو عالم و معلوم حق ہے۔ جیسا کہ علم کے ضمن میں کہا گیا ہے یہی کیفیت نور کی ہے جس کا نام روشنائی ہے اس نور سے عالم روشن ہوتا ہے۔ اس وقت بجای روشنائی کے روشن کرنے والا نام کہتے ہیں۔ نور یوں منور ہوتا ہے کہ علم عین عالم ہے۔ چنانچہ اللّٰہ نور السمٰوٰت والارض کی جگہ منور السمٰوٰت والارض ہو جاتا ہے۔ اور چنانچہ عالم کو روشن کرتا ہے۔ اسی طرح وہ خود کو بھی منور کرتا ہے کیونکہ نور خود بخود موجود ہے اور کسی چراغ کا محتاج نہیں ہے کہ جب چراغ لائیں تب ہی یہ نور دیکھا جا سکتا ہے۔ پس باین نقدیم نور آپ اپنے نور سے روشن ہوا۔ روشن کرنے والے کی نسبت سے رب و اسم بھی ہے اور روشن شدہ کی نسبت سے مربوب بھی ہے۔ اور باعتبار تقید ذات ممکن و مخلوق اس کا نام ہے۔ جس طرح علم و نور کا ذکر ہوا ہے اسی طرح شہود میں کہ "میں ہوں دوسرا کوئی نہیں ہے" وہ خود ہی شاہد اور مشہود ہے جیسے کہ اللہ الا ھو سے شھد اللہ۔ شاہد اسم الٰہی ہے اور مشہود باعتبار تقید ذات ممکن و مخلوق۔ اب جیسا کہ علم و نور و شہود میں کہا گیا ہے بعینہٖ وجود ہے جس کا لازمہ صفات ہے۔ جب کسی کو وجود بخشتا اور نمودار کرتا ہے تو وہ موجود ہوتا ہے۔ جیسے الف کو قیام میں موجود کیا، لام کو رکوع میں اور ہ کو سجود

میں۔ اب یہ دیکھو کہ ہر حرف کو پیدا کرنے والے تم ہی ہو۔ جب بھی تم انہیں پیدا کرنا (لکھنا) چاہتے ہو یہ ظاہر ہو جاتے ہیں۔ پس عین وجود ہر حرف بن گیا کہ بغیر وجود کے کوئی شئے موجود نہیں ہو سکتی۔ اور وہ وجود تمہارا ہے کہ وہ ہر حرف کا موجود کرنے والا ہے۔ اب چاہے اسے وجود کہیں یا موجد لگر ہے۔ چنانچہ ہزار آئینے رکھتے ہیں اور بیچ میں ایک شخص بیٹھ جاتا ہے۔ بہ اعتبار ہر آئینہ صورت جداگانہ دکھائی دیتی ہے اور ذات شخص بغیر تغیر کے ہر عکس کو پورے طور پر نمایاں کرتی ہے اور ایک عکس دوسرے عکس پر اثر انداز نہیں ہوتا۔ چنانچہ ہر ذرہ تک وجود پہنچا ہوا ہے اور یہ قابل تجزیہ نہیں ہے۔ پس اسماءِ الٰہی ــــ سب کے سب فاعل اور رب ہیں اور اسمائے ممکنات و مخلوقات بمعنی مفعول و مربوب ہیں اس معلوم و مفعول کے۔ تقید ذات بآن اعتبار ممکن و مخلوق ہے۔ اور جب معلوم و مفعول مطلق ہوتا ہے تو اس وقت عالم و فاعل و معلوم و مفعول حق ہوتا ہے۔ وجود و علم و نور و شہود کہ ذات و صفات و اسماء و افعال ــــ چاروں کے چاروں فی التحقیق والحصول میں ہیں۔ چنانچہ نور کو کہ بذات خود ہست ہے روشنائی کہتے ہیں کیونکہ عین ہے۔ اور اس خیال سے کہ (اپنی حالت) روشنائی میں اس نے اپنے آپ کو روشن کرنے والا کہتے ہیں کیونکہ فی التفہیم والعقول غیر ہے۔ پس اس مرتبہ کو جب ان چاروں میں تا ہر ایک عین ذات ہے وحدت کہتے ہیں اور اس مرتبہ کو کہ جب یہ غیر ذات ہیں الوہیت کہتے ہیں۔ بہ این تفصیل کہ بہ اعتبار ذات کہ وجود ہے واجب الوجود اور ممکن الوجود کہتے ہیں اور بہ اعتبار علم کہ صفت ہے حیات و علم و ارادت و قدرت و سمع و بصر و کلام سب صفات حق اور صفات عبد ہیں اور بہ اعتبار نور کہ اسم ہے۔ اسمائے الٰہی و کیانی ہر ایک ۲۸ - ۲۸ ہیں بدیع و باعث سے لے کر رفیع الدرجات تک اور عقل کل و نفس کل سے لے کر خلیفۃ اللہ کہتے ہیں اور بہ اعتبار شہود کہ فعل ہے رب و مربوب ہونے کے لحاظ سے افعال خالقیت اور مخلوقیت اور رازقیت و مرزوقیت کہتے ہیں۔ یہ دائرہ اسما کہ الوہیت تحت ثبوت اعتبارات دو نسبت رکھتا ہے ان میں کی ایک باطن وجود ہے اور تحت ثبوت اعتبار ہونے کے سبب اسے ظاہر وجود کہتے ہیں کہ یہ عین ذات اور یگانگی ذات ہے۔ اور وجوب اس کا وصف خاص ہے۔ اسی طرح اسماءِ الٰہی ہیں اور نسبت حیات کے سبب حی کہتے ہیں اور نسبت علم کی وجہ سے علیم۔ اسی حیثیت سے قوس ذات کو واجب الوجود کہتے ہیں کہ وجوب اسی کے لیے لذاتہ ہے۔ یہاں ذات معلوم مطلق ہے کہ وحدتِ حقیقی ہے اور جمیع اسماء الحسنیٰ کی حیثیت سے ذات شریف کو اللہ کہتے ہیں۔ اور اسم جامع کہ بہ اللہ موسوم ہے رب الارباب ہے کیونکہ باقتضائے ذات تمام اسما کی خود ہی پرورش کرتا ہے اور ہر اسم کا مرجع یہی اسم ہے کہ ماصدقہ ہے۔ اقتضائے مختلف کو اسما کہتے ہیں اور مقتضاعنہ کو اثر و فعل جانتے ہیں۔ اقتضا قدیم ہے اور مقتضاعنہ حادث۔ مقتضی رب ہے اور مقتضا مربوب۔ اسما و صفات اگرچہ بہ اعتبار مفہوم ایک دوسرے سے الگ ہیں مگر ان کا "ماصدقہ" واحد ہے اور کثرت نسبتی کنایہ اسی سبب سے ہے۔ اس قوس میں احدیت ظاہر ہے اور واحدیت باطن۔ اس کی

دوسری نسبت باطن علم، تحت ثبوت اعتبار ہے اسے ظاہر علم کہتے ہیں کہ شیونات ذاتیہ نے اعیان ثابتہ کو نمود دی اور امکان اسی کے لوازم سے ہے۔ اس طرف اسما کونی ہیں۔ یہ حقائق موجودات ہیں اور بہ اعتبار رب مربوب کہلاتے ہیں اور بہ اعتبار علم معلوم۔ اس حیثیت سے اس قوس ذات کو ممکن الوجود کہتے ہیں۔ یہاں ذات معلوم مقید ہے کیونکہ کثرت حقیقی ہے۔ جمیع اسما کیانی کے لحاظ سے وحدت نسبتی کو حضرت ارتسام کہتے ہیں کیونکہ ذات شریف حق ثبوت علمی میں اعیان ثابتہ منقوش ہیں۔ اس قوس میں احدیت ظاہر ہے اور واحدیت باطن و لغیرہ اس کے لزوم سے ہیں۔ لازم شئ ممتنع ہے اور وجود شئ اس کے لئے لبس ہے۔ پس وجوب لغیرہ کے لئے وجوب لذاتہ لازم ہے کیونکہ ماہیت مساوی الطرفین ہے یعنی وجود و عدم دونوں برابر ہیں بلا مرجح۔ ترجیح عدم سے وجود میں نہیں آتی اور وہ مرجح واجب الوجود ہے۔ حالت ترجیح میں ممکن الوجود کو وجوب لغیر کہتے ہیں کہ بہ ارادت موجب واجب ہے۔ پس ممکن میں وجوب بھی ہے اور بہ اعتبار وجود اضافی وجود بھی۔ اس "تقدیر" کے سبب ہر انسان کے باطن میں الوہیت کا دعویٰ ہوتا ہے اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ میں نے آسمان کو پیدا کیا ہے اور لطف یہ کہ وہ کہنے سے باز نہیں آتا۔ اسی لئے کلمۂ توحید فرض قرار دیا گیا کہ لا الٰہ الا اللہ کیونکہ ہر وہ شخص جو وجوب لغیرہ اور وجود اضافی رکھتا ہے وہ شایان الوہیت نہیں ہے مگر اللہ کہ اسے وجوب لذاتہ ہے اور اس کا وجود عین اس کی ذات ہے۔

جان لو کہ ظاہریت حق و احدیت سے عبارت ہے اور بجمیع مظاہر وہ خود ظاہر ہوتا ہے پہلے بہ مرتبہ مفردات عقل کل سے لے کر مرتبہ خاک تک اور دوسرے بمرتبہ مرکبات مرتبہ معادن سے لے کر مرتبۂ حیوان تک۔ عقل کل تا جسم کل مرتبہ عالم معانی ہے اور عرش تا فلک قمر بسیط علوی ہے اور کرۂ آتش تا مرتبہ خاک بسیط سفلی ہے۔ بسیط علوی کو آبا کہتے ہیں اور بسیط سفلی کو امہات۔ مرتبہ مرکبات کو موالید سہ گانہ کہتے ہیں اور مرتبہ انسان کہ علوی و سفلی کے درمیان برزخ جامع ہے، و بہ اعتبار روح اضافی کہ وجود اضافی ہے کل عالم ہے اور بہ اعتبار جمعیت اسم مظہر کا جامع ہے اور بہ اعتبار جسم جزو عالم ہے۔ یہ انسان مقابل الٰہیت ہے: فص حکمت الٰہیہ فی کلمہ ادمتہ۔ اور ایک قوس الٰہیت بہ اعتبار صفات کاملہ، واجب الوجود اسم اللہ سے موسوم ہوا۔ قوس دوم بہ اعتبار صفات تشبیہ ممکن الوجود بہ اسم عالم مسمیٰ ہوا۔ وجود کی رو سے وہ ذات دونوں طرفوں کے لیے برزخ جامع ہے اور اس کا نام رسول ہے۔ ان دونوں قوسوں میں سے عقل کل کو لے کر اللہ ہے اور اسی طرح جسم کو روح کہنا لغو و زندقہ ہے کیونکہ اس سے حفظ مراتب باقی نہیں رہتا۔ کیونکہ اللہ واجب الوجود ہے بصفات کاملہ اور غیر مخلوق ہے۔ عقل کل ممکن الوجود ہے بصفت مقید اور مخلوق ہے۔ سنو سنو جب وجود کو واحد بیان کرتے ہیں اس وقت بھی کفر و زندقہ ہوتا ہے مگر کب جب حفظ مراتب نہیں ہوتا یا لوگ وجود واحد کے قائل نہیں ہوتے۔ سنو یہ ایسا ہے کہ ایک شخص کا ہاتھ پکڑ لے اور کہے کہ یہ تمام شخص ہے حالانکہ آنکھ اور کان ہاتھ میں نہیں ہیں کہ یہ دوسرے اجزائے شخص ہیں اور کل کی طرف اشارہ

کرتے ہیں اگر کل ہاتھ آجائے تو تمام جزو ہاتھ آجاتے ہیں۔ چنانچہ روی گل، زلف سنبل، زبان سوسن اور بوے نسترن ... سب مجموعے گلشن ہیں۔ ان میں کا ہر ایک ذات خود چمن نہیں ہے مگر اس گفتگو سے دہریوں کی طرح یہ نہ سوچ لینا کہ حق عبارت ہے مجموعے عالم سے کہ کل ہے۔ نہیں نہیں عقیدۂ صوفیہ میں دور و تسلسل و حلول و اتحاد و کلی و جزدی و جز روا نہیں ہے۔ سنو، دور یہ ہے کہ دو اینٹوں کو کھڑا کرکے ایک دوسرے کا تکیہ بنا دیتے ہیں۔ اور اس سے قوت پاکر وہ کھڑی رہتی ہیں۔ یا پھر جیسے کہتے ہیں کوزہ گِل ہے اور گِل کوزہ۔ سنو کوزہ کو گِل کہنا غلط ہے کیونکہ گِل قابل محض ہے اور آبدار خانہ کی (اشیاء کی) تمام اشکال کی قابلیت رکھتی ہے۔ اور کوزہ اس کی محض ایک قابلیت ہے۔ سمجھو کہ نام شکل کوزہ ہے۔ کوزہ گِل و مٹی نہیں ہے۔ نام تنزیہ زمین، نہ الہٰ و نام وجود گِل شکل سے منزہ ہے۔ گِل کوزہ نہیں ہے پس دور برطرف ہوگیا۔ اور کوزہ ورائے وجود گِل موجود نہیں ہے اس نسبت سے گِل کوزہ ہے۔ چنانچہ صاحب نزہت الارواح فرماتے ہیں۔ ع ہر چہ گویم آن و نہ آن خود تو ہیں۔ یہ نہیں کہ گِل کوزہ ہوگئی۔ چنانچہ نہ گِل آگ ہوئی نہ ہوا، نہ زمین ہوئی نہ کوزہ۔ گِل بحال خود موجود ہے کہ **وهو الآن كما كان**۔ گِل نے کوزہ کو نمود بخشا یعنی مخلوق کیا اور بہ شکل کوزہ تجلا ہوئی کہ فلما تجلی، بہ للجبل بہ صورت مربوط و مشروط ہے کیونکہ ظہور گِل بہ صورت کوزہ مربوط ہے اور وجود کوزہ بوجود گِل مشروط ہے۔ شعر ؎

الکون فال قد بدا من خطرہ ونقل تجلا خدہ من خالہ

چنانچہ صفت مہتابی (چاندنی) ماہ (چاند) سے مشروط ہے اور چاند کا ظہور چاندنی سے مربوط ہے۔ شعر ؎

اعداد کون و کثرت صورت نمایش است فی کل واحد یتجلی بکل شان

یہ تمام تجلائے گل ہے جو بصورت کوزہ و مشروبہ ظہور فرما ہوئی۔ یہ نہیں کہ زمین بہ صورت کوزہ و منزہ بہ متجلی ہوئی۔ کہ اس سے اللہ تعالیٰ کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ ایک قوس کی نسبت چنانچہ غلط عام ہے کہ لفظ وجود ادا کرتے اور اس کا مفہوم جسم لیتے ہیں۔ اسی طرح ملحد لفظ اللہ کہتا اور اس کے معنی اس وجود کے لیتا ہے جو قابل محض ہے۔ وہ یہ تمیز نہیں کرتا کہ اللہ اور عبد دو قوس وجود ہیں۔ سنو سنو کہ "میں بادشاہ ہوں اور اس وقت لباس فقر میں مقید ہوں"۔ جب ایک شخص لباس شاہی اتار کر پلاس فقر پہن لیتا ہے۔ اس وقت بھی اس کا یہ احساس زائل نہیں ہوتا۔ یاد رکھنا چاہیے کہ ہم اصل اللہ ہیں۔ اور اس وقت عبد بن گئے ہیں اور یہ علم کیوں کر فراموش ہو سکتا ہے۔ دوسرے لباس میں "شخص کا یہ علم جاتا نہیں رہتا۔ میرا اللہ ہونا بطرق اولیٰ یاد رہے گا۔ نہیں نہیں سمجھو کہ اللہ نے لباس عالم نہیں کیا ہے۔ بہ این تقدیر تم عالم کو کہتے ہو کہ وہ اللہ ہے۔ پس یہ کفر و زندقہ و گناہ کبیرہ ہے۔ سنو کہ یہ تمام لباس انیت ذات مطلق ہے۔ کوئی بھی انیت کو فراموش نہیں کر سکتا۔ سبھی "میں" کہتے ہیں۔ چنانچہ صاحب گلشن راز فرماتے ہیں۔ بیت ؎

چو ہستی مطلق آمد و اشارت　　　　بلفظ من کنند ازوی عبارت

چنانچہ " میں " یقین صورت میں ہوں۔ مجھے دیکھا اور شناخت کر لیا۔ جب میں یقین خط میں ہوتا ہوں تو مجھے نام سے پکارا اور شناخت کیا۔ اور جب یقین کلام میں ہوں تو میرا نام سنا اور پہچان لیا۔ جب میں یقین علم میں ہوتا ہوں تو میری یاد آئی اور شناخت کر لیا۔ سمجھ لو کہ میری ذات یقین متعین میں بلا تفسیر کے ہے یہ نہیں کہ بس ایک تعین خاص کے ساتھ معین ہے۔ سنو تسلسل یہ ہے کہ اشیاء عالم صورت اعیان ثابتہ صورت اسماء و صفات ہیں اور اسماء و صفات صورت وحدت ہے۔ اب وحدت یقین اول ہے غیب حلویت ذات مطلق کی کہ غیب الغیب ہے۔ بلکہ کہیں زیادہ ورای الورا ہے۔ اسے تسلسل کہتے ہیں۔ یہ روا نہیں ہے مگر یہ سب نام ذات مطلق کہلاتا ہے۔ جو غیب حلویت ہے۔ حاشیہ، دور و تسلسل چہرۂ ممکن الوجود پر بصورت زلف و خط مکتوب ہے۔ کہ تجلاء ذات، لانہایت ہے تکرار ہے۔ بیت ؎

بر حاشیہ ملاحہ چہرۂ دوست　　　　دور و تسلسل ولی فیہ نظر

سنو حال یہ ہے کہ پانی درخت میں یا سبو پانی میں یا پانی سبو میں ہو جیسے عالم میں حق یا حق عالم میں ہے۔ نہیں نہیں صوفیوں کی بات کو سمجھو اس نظم (شعر) میں یہ کیونکر جاری ہے۔ بیت ؎

ای درون جان برون جان تو ئی　　　　ہر چہ گویم آن نہ ای آن خود توئی

مبادا اس گفتگو سے کہیں تم کو یہ گمان نہ ہو کہ حقیقت عالم حق ہے اور ذات حق عالم ہے۔ نہیں نہیں۔ ذات نے بہ اعتبار اسماء و صفت سبھی عالم کو ظاہر کیا۔ سنو حقایق ذات کو بمرتبہ وحدت شیونات ذاتیہ کہتے ہیں کہ قابلیت محض ہے اس مرتبہ میں یہ ذات حق یا ایک دوسرے سے ممتاز نہیں ہیں۔ اصلاً لاعلماً ولاعیناً ہیں۔ ان کی کیفیت دیکھنے سے پہلے منعکسات محض کی سی ہے۔ دوسرے مرتبہ میں کہ الوہیت ہے حقایق موجودات تمیز علمی کے سبب ممتاز ہیں۔ چنانچہ شخص اپنے دل میں خیال کرتا ہے کہ اگر آئینہ کی پشت کو دیکھتا ہوں تو سپر نظر آتا ہوں۔ شمشیر (کے آئینہ) میں دیکھتا ہوں تو دراز معلوم ہوتا ہوں۔ اس خیال کو اعیان ثابتہ کہتے ہیں۔ اور جب آئینہ دیکھا تو تمیز عینی ہوئی کہ وجود عکس وجود شخص سے نمودار ہوا۔ یہاں آئینہ کے اعتبار سے تفاوت شکل کو حکم وجود نہیں بلکہ حکم عدم ہے (یعنی تفاوت نہیں ہے) کیونکہ روح و مثال و جسم کو نمودار کیا ہے۔ پس حقایق عالم شیونات ذاتیہ اور اعیان ثابتہ ہیں کہ قابلیت ذات و صورت علمی ہے۔ اب شخص صورت نہیں ہوا۔ بلکہ صورت کو ظاہر کیا۔ جیسے کسی کاغذ میں سے صورت اسپ کاٹ لی جائے۔ اسے اعیان ثابتہ کہتے ہیں۔ یہ وجود سے خالی ہے۔ اسے کاغذ پر رکھتے ہیں کہ مانند وجود ہے۔ اور اس وجود کو وجود اسپ کہتے ہیں۔ سوچو کہ وہ کاغذ رنگین گھوڑا بن گیا یا اس نے گھوڑے کو ظاہر کیا۔ اس اعتبار سے خلق مخلوق حق ہے۔ سنو اتحاد یہ ہے کہ دو چیزیں قرب میں ایک جا ہو جاتی ہیں۔ خدا تعالیٰ کے متعلق اس طرح کی بات کہنا

روا نہیں ہے۔ سنو کہ اللہ وجود ہے اور عبد موجود ہے۔ اور ہر دو امر متنایر ہیں کیونکہ عبد اللہ نہیں ہو سکتا اور اللہ عبد نہیں بن سکتا۔ تاہم کوئی ایک بغیر وجود کے موجود نہیں ہے۔ پس انیت وجود ہستی کہ الہیت میں "انی انا اللہ لا الہ انا فا عبدونی" کہتی ہے اور عبودیت میں انا عبدہ کہتی ہے۔ اس انیت میں ہر دو جمع ہیں۔ یہ حقیقت رسول ہے اور یہ تم میں ہے۔ پس خود کو پہچانو کہ من عرف نفسہ فقد عرف ربہ اس کی طرف اشارہ ہے۔ اگر یہ انیت وجود قید کے ساتھ مقید ہو از روی اضافت یا از روی صفت کہ میری روح و میرا جسم یا میں عالم یا میں جاہل تو اسے نفسانیت کہتے ہیں۔ اس کی نفی آئی ہے۔ جب یہ اضافت و صفت نفی ہو جاتی ہے تو انیت مطلق باقی رہتی ہے۔ کہ ورائے انیت کچھ بھی ملحوظ نہیں ہے۔ بے خودی اس سے عبارت ہے۔ اس میں استغراق ہوتا ہے۔ اور ایک لحظہ کے لئے بیخود ہو جاتا ہے۔ اسے ولی کہتے ہیں۔ اور اس انیت مطلق کو نفس ناطقہ کہتے ہیں۔ عرفان یہیں (ضروری قرار دیا گیا) ہے۔ اور "رسیدن" عبارت ہے اس مرتبہ پر قرار پانے سے۔ جو قرار پاتا ہے اسے واصل نام دیتے اور صاحب دل پکارتے ہیں۔ اضافات و اسقاط کے ساتھ ایک لحظہ سے لے کر تمام شب روز جو جتنا (مستغرق) ہوتا ہے اس نسبت سے اس کا الگ نام ہوتا ہے۔ اگر ایک لحظہ (مستغرق) ہوا تو اسے ولی کہیں گے۔ مراتب میانہ میں کبھی ابدال کہتے ہیں (کہ وہ صورت تبدیل کر لیتے ہیں) کبھی اوتاد کہتے ہیں (کہ عالم نے اس سے قرار حاصل کیا ہے۔ جیسے زمین سماء کوہ کے سبب ٹھہری ہوئی ہے) اور کبھی غوث کہتے ہیں (کہ وہ ظالم کی فریاد رسی کرتا ہے) اگر کوئی شب و روز "کھویا ہوا" رہے تو اسے قطب عالم کہتے ہیں (کہ مدار زمانہ اسی پر قائم ہے)

سنو کلی و جزئی وہی ہے۔ جان لو کہ حیوانیت و انسانیت امور کلی ہیں۔ اور ہر حیوان و انسان اس کے افراد ہیں۔ یہ احکام بر امر کلی منصبع ہوتا ہے تو اس کلی کو فرد پاتے ہیں۔ اب اسے جزئی کہتے ہیں۔ کیا کہا سمجھے۔ چنانچہ ہر فرد میں انانیت پاتے ہوئے ہر ایک کو انسان کہتے ہیں۔ اب اگر حیوانیت پاتے ہیں تو اسے حیوان کہتے ہیں۔ کیونکہ اگر وجود منضم ہو جائے تو پھر سارے احکام اس پر صادق آتے ہیں۔ اور اگر ایسا نہ ہو تو پھر وہ نرا مفہوم ہی رہے گا۔ پس کلی کہ انسانیت ہے اس کی عین جزئی ہے انسان۔ کہ وہ کلی اس جزئی میں بہ اتمام مل گئی۔ تجلاءِ حق کی بات یہ نہیں ہے۔ سنو کل و جز کا حکم ایک دوسری نوعیت رکھتا ہے مثلاً کل جز میں نہیں پایا جاتا۔ اس لئے کہ کل ایک گروہ کے مانند ہے اور جز اس کے مختلف افراد کی طرح ہے۔ اب ہر فرد کو گروہ تو نہیں کہہ سکتے۔ ویسے جز کی حیثیت سے ہر فرد موجود ہے۔ ان افراد کی جمع کا نام (البتہ) کل ہے۔ اور یہ عقلی ہے۔ حق کو کل و جز یا کلی و جزئی نہیں کہہ سکتے۔ اس لئے کہ یہ عقلی ہیں۔ حق سبحانہ و تعالیٰ کو عقلی کیونکر کہہ سکتے ہیں۔ اس لئے کہ ہستی ذات موجود ہے اور چونکہ اس ذات کو کل و کلی مطلق نہیں کہتے، پھر جز و جزوی مقید کیسے کہہ سکتے ہیں۔ اور اگر یہ کہیں کہ جز حقیقی ہے اور وہ جز مشرق و مغرب سب مل کر ہیں۔ بلکہ جہاں بھی انگلی رکھ دو تو "وہ" ہے۔ تو یہ بھی روا نہیں ہے۔ کیونکہ ہر

وہ حصہ جو مشرق میں جعفر کے تحت ہے وہ مغرب میں زید کے تحت نہیں ہے۔ حالانکہ وہ جز متصل ہے۔ (اگر یہ اتصال ایسا ہے کہ) وہ جز قابل تجزیہ ہے اور یہ روا نہیں ہے۔ اس لئے کہ وجود تو ہر ہر ذرہ تک "پہنچا" ہوا ہے۔ اور ہر ایک میں معیت وجودی ہے۔ جیسے آئینوں کو اکٹھا کیا جائے اور ایک شخص بیچ میں بیٹھ جائے۔ اور وہ شخص آئینوں کے اعتبار سے ہزار شکلیں دکھائے، ان مختلف شکلوں سے اس شخص میں کوئی کمی بیشی واقع نہیں ہوتی۔ حالانکہ ہر ایک عکس میں پورا پورا وجود سر سے لے کر پیر تک پہنچا ہوا ہے۔ ایک عکس کے حصے میں دوسرا عکس خلل انداز نہیں ہوتا۔ اور ہر ایک میں معیت وجودی بے علمی نہیں۔ اور وہ شخص ہر ایک عکس سے جدا ہے۔ اگر ایک عکس لے کر کہیں کہ یہ وہ شخص ہے تو یہ کفر و زندقہ ہوگا۔ کیونکہ وہ شخص مختلف صورتیں دکھاتا ہے۔ اور ہر عکس ایک صورت ہے ان تمام صورتوں میں سے جیسے روح و مثال و جسم۔ سو جب ایک شخص آئینہ دیکھتا ہے تو حضرات خمس کی طرح پانچ مرتبے ملحوظ ہوتے ہیں۔ حضرت اول کہ ذات شخص کے دیکھنے والے کی ہے۔ اسے ہستی مطلق فرض کرو۔ اس کا حصول ویسا ہی ہے جیسا کہ تم وحدت میں سمجھ چکے ہو۔ حضرت دوم اس شخص کی صفات ہیں مثلاً آئینہ دیکھنا اور سمجھنا جیسے الوہیت میں بیان ہوا۔ حضرت سوم اس کی روح ہے چنانچہ وہ شخص جانتا ہے کہ میرے ایک پیشانی ہے اور وہ یہ دیکھے ہوئے ہے کہ اس پیشانی میں چشم بینا رکھتا ہے۔ مگر اپنی پیشانی کو اس نے اس طرح نہیں دیکھا جس طرح کہ آئینہ کے واسطے سے دیکھتا ہے یعنی وہ ذات پیشانی کہ جسے بچشم سر دیکھنا مشکل تھا۔ اسے اس حکمت سے معلوم کر لیا۔ یہ پیشانی عین وہ ذات ہے۔ انہیں معنوں میں کہ بحال طرز نادیدنی ہے۔ **وھو الآن کما کان**۔ اس مرتبہ میں ذات نہیں کہتے۔ روح کہتے ہیں اور مخلوق اسے اس لئے کہتے ہیں کہ وہ بہ تکرار ملی ہے۔ اس کی تکرار ہزار اعتبار سے بھی ہو۔ تو بھی وحدت میں کسی قسم کی کثرت نہیں پیدا ہوتی۔ چنانچہ بالتکرار پانے کا مفہوم بھی ایک ہی ہے۔ یہ روح انسان کامل ہے۔ اور ہزار بار بازیافت ہونا اس کی تفصیل ہے جو ارواح عالم ہے۔ حضرت چہارم مثال ہے بہ مرتبہ قلب و وہم و حواس و خیال کا ہے۔ یہ چنانچہ آئینہ کا عکس ہے۔ اسے "تمیز" ہی کے ساتھ سمجھنا چاہیئے۔ صورت آئینہ اور پیشانی کے دوبارہ "پائے جانے" میں فرق کرنا چاہیئے۔ پیشانی عین ذات ہے۔ اور اپنے آپ کو اس نے دوبارہ "پایا"۔ اور وہ صورت جو آئینہ میں ہے وہ اس پیشانی کی مثال ہے۔ اس کے دیکھنے والے اعضا ہیں تو اس کے بھی ہیں۔ مگر اس طرح کہ بائیں کو دایاں اور دائیں کو بایاں کر کے دکھاتی ہے۔ مقابل ہونے کی حیثیت سے چونکہ عکس برعکس نظر آیا۔ اس لئے اسے قلب نام دیا گیا۔ انقلاب میں یہ وہی شخص ہے۔ اب چاہے ہزار بار اس کا انعکاس کیوں نہ ہو۔ مفہوم عکس ایک ہی ہے۔ یعنی قلب انسان کامل۔ ہزار بار تکرار تفصیل بھی اسی کی تفصیل ہے جسے قلوب عالم کہتے ہیں۔ حضرت پنجم جسم ہے۔ اسے عالم حس اور عالم شہادت کہتے ہیں۔ جسم مثل آئینہ ہے۔ ہر وہ حکم جو آئینہ رکھتا ہے جسم وہی حکم رکھتا ہے۔ جسم خوب میں وجود بھی احسن ہی ہوگا، گھوڑے اور مور میں وجود گھوڑے اور مور ہی کی صورت

میں نظر آئے گا۔ اس لئے کہ آئینہ مقابل صورت کو "ٹھیک" ہی طرح دکھاتا ہے۔ البتہ پانی پر چلنے سے پا بہ پا اور سرنگوں نظر آئے گا۔ یہاں حکم وجود نہیں ہے۔ کیونکہ آئینہ کے لحاظ سے صورت مختلف نظر آتی ہے۔ اگر کوئی اپنے ناخن کو جلا دے تو اس سے احکام آئینہ میں فرق نہیں پڑتا۔ چنانچہ وجود اعیان ثابتہ کی صورت میں ظہور کرتا ہے۔ اور آئینہ کا کام یہ ہے کہ وہ اپنی ہستی کے مطابق دیکھنے والے کی شکل کو ظاہر کرے۔ تاہم اس "اظہار" کا مفہوم ایک ہی ہے۔ اور وہ جسم انسان کامل ہے۔ ہزار بار کی تکرار اس کی تفصیل ہے۔ اور یہ جسم عالم ہے۔ مگر ان حضرات خمس کو کلی و جزئی کے مانند نہ سمجھنا جیسا کہ حیوانیت و انسانیت کا مفہوم نکلتا ہے۔ نہیں نہیں۔ یہاں ایک ذات موجود حقیقی ہے جس کے متعلق حدیث قدسی ہے کہ کنت اسمعاً و بصراً در جلاً و کل جولاتاً آئینہ ہے اس ذات کا جیسے تمثیل جسم میں بیان ہو چکا ہے۔ حقیقت جسم محمدی ہے۔ جو بالائے عرش ہے۔ اسی لئے وہ جسم بے سایہ ہے۔ اور دل سے زیادہ لطیف ہونے کے سبب بالائے عرش معراج ہوئی۔ کیونکہ وہ جسم کل تھے۔ اور تمام اجسام ان کی تفصیل ہے: جسم لطیف عرش سے لے کر جسم مرکبات تک، ورنہ ایسا نہ ہوتا۔ مکی کا کہنا ہے کہ جسم کثیف کو جسم لطیف پر معراج ہونا امر محال ہے۔ مگر جسم کل داخل عالم ارواح ہے۔ اور وجود جوہر ہے اور عالم اجسام اس کی تفصیل ہے۔ چنانچہ اس قول: اول ما خلق اللہ عقلی کے کہنے والے سے جمیع عقول اور نفس کل سے جمیع نفوس کہ "من عرف نفسہ ای نفس المحمدیہ" اور ایک آئینہ کے اعتبار سے ایک عکس نمایاں کیا۔ جو قلب محمدی ہے۔ عکس کے ایک ہونے کے اعتبار سے خود کو بھی ایک ہی بار دوبارہ پایا۔ یہ روح ابو الارواح ہے۔ سنو سنو! یہ تمام مراتب حضرات خمس مل کر انسان کامل ہیں۔ اسے جان کے ساتھ سمجھو اور قرار دل کے ساتھ سنو۔ اس لئے کہ اب میں انسان کامل کو بیان کرتا ہوں۔ اس کے مفہوم کو جان (سمجھ لو) اس مرتبہ پر دیکھنے والا عکس کی پتلی میں چھپا ہوا دیکھتا ہے، اس موقع پر حضرات خمس جمع ہیں۔ کیونکہ ذات وحدالوہیت کی صفت کے ساتھ ہے۔ عکس کی پتلی میں اس کے سوا دیکھنے والا اور کون ہے جو بالتکرار اپنے آپ کو پاتا ہے، کہیں یہ نہ سوچنا کہ یہ تو بہت معمولی بات ہوئی۔ مگر یاد رہے کہ یہ بیش قیمت۔ ؎

سخن درست تعلق بہ گوش شہ دارد
کمال فہم سخن نیست در کدا طبعان

یہاں پر میں نے حضرات خمس کو مختصر طور پر بیان کیا ہے۔ کتاب امواج خوبی اور کتاب حفظ مراتب دونوں ہی میں ایک ایک کو تمثیلات کے ساتھ واضح کر کے بیان کیا ہے۔ جان لو کہ قابلیت حق میں ایک انسان کامل موجود ہے اور باقی تمام عالم اس کی تفصیل ہے۔ جس طرح کوئی درخت بیج میں عین بیج ہوتا ہے اور سوائے بیج کے اور کچھ موجود نہیں ہوتا۔ اور اس وقت وہ بیج تنے، شاخ، پتیوں اور پھولوں کی شکل میں کہ اس کی تفصیل میں نمایاں ہے۔ یہ تمام تفصیل پیڑ میں ملتی ہے بلکہ اس میں پہلا بیج بھی پایا جاتا ہے۔ اور اس طرح تفصیل ہاتھ آئی۔ شجر مبارک

انسان کامل کہ جمع بعد از تفصیل ہے اور بیج وحدت ذات کہ حقیقت محمدی ہے اس میں پایا جاتا ہے۔ وہ ذات مطلق ہر مرتبہ میں ایک نئے نام سے ظاہر ہوئی۔ مرتبہ اول میں کہ وحدت ہے حقیقت محمدی کے نام سے ظاہر ہوئی۔ اس دائرہ ذات دو قوسوں کے ساتھ مقوس ہے۔ ایک قوس سلب اعتبارات کے ساتھ احدیت سے موسوم ہے۔ اور دوسرا قوس ثبوت اعتبارات کے ساتھ واحدیت کہلاتا ہے۔ اور مرتبہ دوم مین کہ الوہیت ہے حقیقت انسانی کے نام سے ظاہر ہوئی اور یہ دائرہ ذات مع الاسماء والصفات بھی دو قوسوں کے ساتھ مقوس ہے۔ ان میں کا ایک قوس اسماءِ الٰہی کے ساتھ ظاہر وجود کے نام سے موسوم ہے اور دوسرا قوس اسماءِ کیانی کے ساتھ ظاہر علم کہلاتا ہے۔ سنو سنو قوس ظاہر وجود میں وحدت کے دونوں قوس موجود ہیں۔ اس لئے کہ احدیت ظاہر ہے اور واحدیت باطن۔ کیونکہ ذات ایک ہے او. اس کے نام کئی ایک ہیں۔ یہ مقام وحدت حقیقی اور کثرت نسبی کا ہے۔ قوس ظاہر علم میں (اسی طرح) وحدت کے دونوں قوس ہیں کہ واحدیت ظاہر ہے اور احدیت باطن کہ اعیان ثابتہ متکثر اور حضرت ارتسام ایک ہی ہے۔ علم میں قدیم معلومات معلوم قدیم منقوش ہے۔ سنو سنو یہ دونوں قوس ظاہر وجود و ظاہر علم الوہیت میں جمع ہیں۔ چنانچہ ذات وصفات و اسماءِ الٰہی قدیم ہیں۔ اسی طرح علم قدیم معلومات میں معلوم قدیم ہے۔ اور اسماءِ کونی سے موسوم ہے۔ اور یہ دونوں قوس ظاہر وجود و ظاہر علم (خود) انسان میں جمع ہیں۔ اسماءِ کونی کہ خاک و آب و باد و آتش ہیں او اسماءِ الٰہی کہ حی علیم مرید قدیر سمیع بصیر وکلیم ہیں۔ دونوں حادث میں جمع ہیں۔ کہ اس کا نام آدم علیہ السلام ہے۔ ۲۸ اسم کلی رب ہیں اور ۲۸ اسم کلی کونی مربوب ہیں۔ ان کی تفصیل یہ ہے: بدیع عقل کل باعث نفس کل باطن طبیعت کل آخر جوہر ظاہر شکل کل حکیم جسم کل محیط عرش شکور کرسی غنی الدہر فلک البروج مقتدر فلک منازل رب فلک زحل علیم فلک مشتری قاہر فلک مریخ نور فلک شمس مصور فلک زہرہ محصی فلک عطارد متین فلک قمر قابض کرۂ آتش حی کرۂ ہوا محیی کرۂ آب ممیت کرۂ خاک عزیز جماد رزاق نبات مذل حیوان قوی مرتبہ ملک لطیف مرتبہ جن جامع مرتبہ انسان رفیع الدرجات مرتبہ خلیفۃ اللہ۔ جان لو کہ ہر مربوب اپنے رب سے تعلق رکھتا ہے۔ ان دونوں قوسوں کے تمام اسماء الوہیت میں قدیم ہیں اور آدم علیہ السلام میں حادث۔ پس اس طرح ہر ایک رب و مربوب ایک دوسرے کے مقابل ہیں۔ جمعیت ربوبیت کا الوہیت نام اور جمعیت مربوبیت کا آدم خطاب رکھا۔ بعینہٖ جمعیت الٰہی ہے۔ اور اس کے مقابل جمعیت آدم ہے۔ اسی لئے فرمایا ہے فص حکمۃ فی کلمۃ آدمیۃ۔ چونکہ آدم علیہ السلام کی معراج الٰہیت میں ہے۔ ہر خلیفۃ اللہ کہ انسان کامل ہے حضرتِ آدم سے بالتفصیل ظاہر ہوا۔ اور ہر ایک کی معراج ہر نام میں قرار پائی۔ اس کی نسبت انبیاء کے نام سے ہے اور اس تفصیل کے ساتھ فص حکمۃ نفسیۃ فی کلمۃ شیثیۃ فص حکمۃ سبوحیۃ فی کلمۃ نوحیۃ فص حکمۃ قدوسیۃ فی کلمۃ ادریسیۃ فص حکمۃ مہیمنیۃ فی کلمۃ ابراہیمیۃ فص حکمۃ حقیقۃ فی کلمۃ اسحاقیۃ فص حکمۃ علیہ فی کلمۃ اسماعیلیۃ فص حکمۃ روحیۃ فی کلمۃ یعقوبیۃ

فص حکمۃ نوریۃ فی کلمۃ یوسفیۃ فص حکمۃ احدیۃ فی کلمۃ ہودیۃ فص حکمۃ فاتحیۃ فی کلمۃ صالحیۃ فص کلمۃ قلبیۃ فی کلمۃ شعیبیۃ فص حکمۃ ملکیۃ فی کلمۃ لوطیۃ فص حکمۃ قدریۃ فی کلمۃ عزیزیۃ فص حکمۃ نبویۃ فی کلمۃ عیسویۃ فص حکمۃ رحمانیۃ فی کلمۃ سلیمانیۃ فص حکمۃ وجودیۃ فی کلمۃ داؤدیۃ فص حکمۃ نفسیۃ فی کلمۃ یونسیۃ فص حکمۃ غیبیۃ فی کلمۃ ایوبیۃ فص حکمۃ جلالیۃ فی کلمۃ یحیویۃ فص حکمۃ مالکیۃ فی کلمۃ ذکریاویۃ فص حکمۃ ایناسیۃ فی کلمۃ الیاسیۃ فص حکمۃ احسانیۃ فی کلمۃ لقمانیۃ فص حکمۃ امامیہ فی کلمۃ ہارونیۃ فص حکمۃ علویۃ فی کلمۃ موسویۃ فص حکمۃ صمدیۃ فی کلمۃ خالدیۃ پس تمام اسماءِ انسان کامل کہ قوس انبیاء میں ہیں اور اسماء کہ معراج مناسبت انبیاء ہیں۔ اپنے دونوں ہی قوسوں کے ساتھ وجود مطلق کی فردیت میں جمع ہیں اور یہ دونوں قوس مظہر محمدی میں بھی موجود ہیں۔ بس فردیت و محمدیت دونوں بالمقابل ہیں۔ اسی لئے فرمایا فص حکمۃ فردیۃ فی کلمۃ محمدیۃ۔

تاریخ سال شمار و سال از اعداد اگر کس بگو خوبی ہزار و سیزدہ بس

یہ رسالہ کہ جس کا نام عقیدۂ صوفیہ ہے، اسے خوب محمد چشتی نے ماہ ذالقعدہ سنہ ایک ہزار و تیرہ کے ایام نوروز میں بروز چہار شنبہ بتاریخ دوم بوقت ظہر متجلی ہوا و باجمیع مراتب انسان کامل ظہور پذیر ہوا۔ اس عقیدہ کے ساتھ جس موحد نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ بہ اعتقاد کہا۔ اس پر مسلمانی علم ہوئی۔ ورنہ وہ مقلد ٹھہرے گا۔ کہ کمالیت حق اس پر ظاہر نہیں ہوئی۔ من عرف نفسہ ای نفس المحمدیۃ فقد عرف ربہ کا اشارہ اسی کی طرف ہے اور وہ مسلم محب خدا ہے اور قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ، اسی کے لئے وارد ہوا ہے۔ متابعت رسول علیہ السلام یہ ہے کہ ’اذکروا قیاماً و قعوداً و علی جنوبہم‘ ہر وقت ادا کرو کہ یہی احکام نماز ہیں۔ اور تخلقوا باخلاق اللہ ہو جاؤ کہ وہ کھانے پینے اور جفت سے طاق ہے۔ ان احکام کو روزہ میں پیش نظر رکھنا چاہئے۔ جو کچھ دل پر وارد ہوتا ہے اسے رسول وار تم تک پہنچا رہا ہوں کہ، علی الرسول الا البلاغ۔ بیت

در پس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند آنچہ استاد ازل گفت بگو میگویم

اگرچہ میں نے اپنا قدم اپنے مرتبہ کے باہر رکھا ہے مانند اس آنکھ کے جو بیغولہ میں ہوتی ہے اور حضرات خمس کا بیان یوں کر رہا ہوں جیسے نظر آسمان کی خبریں بتاتی ہے کہ زحل قوس میں اس طرح ہو جیسے بادل میں سیاہ آنکھ ہو اور سورج برج حمل میں اس طرح آتا ہے جیسے ایک روشن چہرہ شرف و بزرگی لئے ہوئے ہو۔ بیت

ماتشنہ لب و چشمۂ حیوان نفس ماست درویش جہانیم و ہما در قفس ماست

الٰہی جس طرح اس رسالہ کو قوۃ سے فعل میں لے آیا اسی طرح میرے قول کو فعل کے موافق کر اور جس طرح (تونے) علم بخشا ہے اسی طرح عمل کی توفیق بھی عنایت کر۔ الٰہی دل دیا ہے تو اس دل کے لئے تو دلبر بن کر سوائے تیرے وہ کسی اور کی طرف متوجہ نہ ہو اور اگر دلبر بنے تو پھر اس کا دلدار بھی ہو کہ دل تیرے ہی حضور قرار پائے۔ اے دل مراقبۂ محبوب

میں قرار حاصل کر اور اے زبان مشاہدۂ معشوق کے بارے میں کچھ مت کہہ۔ بیت

نگہ بصورت ہستی کن و زبان مکشای　　　　که در مشاہدۂ دوست دم زدن غلطست

تمت تمام شد عقیدۂ صوفیہ

اب آئیے ہم خود خوب ترنگ سے رجوع کریں تاکہ اس کی ادبی، لسانی اور متصوفانہ خصوصیت کا اندازہ ہو جائے۔

(۵) فنی و ادبی خصوصیات

فارسی اور اردو کی مثنویوں کا عام انداز یہ ہے کہ شاعر حمد و نعت، منقبت خلفائے راشدہ و ائمہ کے بعد بادشاہ وقت کی مدح سرائی کرتا ہے۔ پھر سبب تصنیف بتاتے ہوئے اصل مثنوی یا قصہ کا آغاز کرتا ہے۔ تاہم یہ حقیقت ہے کہ متصوفانہ مثنویوں میں، چاہے وہ فارسی کی ہوں یا اردو کی، یہ خصوصیت نہیں پائی جاتی۔ الا ماشاء اللہ مثال کے لیے 'مثنوی معنوی' یا اسی قبیل کی دوسری مثنویاں پیش کی جاسکتی ہیں۔ خوب ترنگ خود عام روش سے ہٹی ہوئی ہے اس میں اولاً مجمل طور پر مثنوی کا سارا مواد پیش کر دیا گیا ہے ؎

بسم اللہ کہوں چھت ذات　　　　جس رحمٰن رحیم صفات

ذات صفات اسما افعال　　　　جمع مفصل جنہ اک حال

نانوں محمد تس کو دیت　　　　اوس تفصیل سو عالم کیت

اسی روح ارواح تمام　　　　اسی جو سے کے سب اجسام

سارے نسخے منہ یہ بات　　　　سینس کہوں کا بگت سنگھات

بگت سو اس تھیں سمجھی جائے　　　　جیسے حضرات سو خمس کلھائے

اول حضرت وحدت نانوں　　　　الہیت دوجے اس ٹھاؤں

تیجے حضرت روح پچھان　　　　چوتھا نانوں مثال سو جان

جو سا پانچویں ٹھانہ بیان　　　　پانچوں مل کامل انسان

پانچ مراتب ماتھیں آن　　　　جدے جدے کر کہوں بکھان

ہے تیسا کنہ کہا جائے　　　　منجہ مقدار صفت کچھ آئے

جیوں کھلھلیا سمند چھپائے　　　　جانے سب دریا لے جائے

نوک تھنس دریا بن پار　　　　بھرے تو نو کچ کی مقدار

جنہ خالق مخلوق تمام کہیں صلوات علیہ السلام

پھر مختلف تمثیلوں کے ذریعے اس اجمال کی تفصیل پیش کرتے ہیں اور بڑے دلچسپ انداز کے ساتھ اور واقعہ یہ ہے کہ مسئلۂ وحدت الوجود کو خوب محمد نے نہایت عمدگی اور صفائی سے بیان کیا ہے جو نہ صرف اس وقت کی اردو کے وسیع سرمایۂ الفاظ اور بیان کی لچک پر دلالت کرتا ہے بلکہ خوب محمد کے کمال فن کا ایک زبردست ثبوت ہے کہ وہ وحدت الوجود کے سے دقت پسند مسئلے کو اور اس کے رموز و نکات کو نہایت ہی شاعرانہ انداز میں بہ تمام پختگی پیش کر دیتے ہیں۔ اس کا احساس خود خوب محمد کو بھی ہے ؎

خوب کہے گا خوب ترنگ ستیں کچھو نہ کیجو ننگ

یوں انکا نہ کیجو دیکھ جایو ناں تج یوں من لیکھ

کی یہ تو کہتا ہے خوب دیکھو کی کہتا ہے خوب

تاہم خوب محمد نے غیر ضروری تفصیل سے اجتناب کیا ہے۔ اس مثنوی میں اتنا ہی کچھ بیان کیا ہے جتنا ایک "طالب" کے لئے کفایت کر سکتا ہے ؎

جتنا طالب کوں بس ہوئے میں اس مانہ کہیا ہے سوئے

لیکن یہ کچھ بیان کرنے سے قبل مواد کے بارے میں مجمل گفتگو کرتے ہوئے حضرت یوسف علیہ السلام اور ان کو خریدنے والی بڑھیا کا قصہ بیان کیا ہے جو ایک آنٹی سوت لے کر یوسف کو خریدنا چاہتی تھی۔ اس پر لوگوں نے اسے سٹھیانے کا طعنہ دیا ؎

سبھوں کہیا کنہ تیری باچ ساٹھی نیں بدھ ناٹھی ساچ

اس پر بڑھیا نے جواب دیا کہ میرے سر کے بال سفید ہو گئے ہیں چنانچہ اتنی سمجھ میں بھی ہے کہ ان کا خریدنا میری بساط سے باہر تاہم میرا مقصد اس کے سوا کچھ اور نہیں کہ ان کو خریدنے والی کے طور پر رجسٹر میں میرا نام لکھ لو ؎

تب ڈوسی پھر کہیا یوں منجہ سر گالا ہوا سو جیوں

اتنیں سان تو ہے منجہ مانہ کہاں سو یوسف نے ہوں کانہ

یہی بچن لکھ میرے بھاگ یوسف کی ہوں ہوئں گرہاگ

اور اس حکایت سے چنانچہ حسب معمول خود خوب محمد یوں فائدہ اٹھاتے ہیں ؎

خوب محمد بھی تیوں جان ہوس دھرے یوں من منہ آن

نعت مہیں دو بول ملاؤں بارے تس مداح کہلاؤں

لیکن اسی کے ساتھ ہمیں یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ خوب ترنگ ملفوظات کا درجہ رکھتی ہے اور یہ ملفوظات خوب محمد کے مرشد شیخ کمال محمد جیلانی بسطامی کے ہیں ؂

میں مرشد تھیں سنیاں بیاں — وے مرشد صاحب عرفاں
جنہوں منجے سکھلایا دیں — جس تھیں منجہ دل ہوا یقیں
جیلانی بسطامی شاہ — بغدادی جس چتر کلاہ
ہر ماضی پر جحت لیکھ — ہوں معتقد ہوا اُن دیکھ
وارث محمدی ہر ٹھاؤں — شیخ کمال محمد ناؤں

حضرت شیخ کمال محمد خوب ترنگ کی تصنیف سے قبل واصل بحق ہو چکے تھے۔ اس کا ذکر کرتے ہوئے خوب محمد نے ان کی تاریخ وفات کہی ہے۔ مادۂ تاریخ "ذاکر محبوب" ہے۔ ؂

کیا عروج مقام اقدم — اللّٰھم اغفر و ارحم
کہہ تاریخ تنھوں کی خوب — جن عددوں "ذاکر محبوب"

شیخ کمال کو "حقیقت محمدی" یا نفسِ تصوف پر بڑا عبور تھا۔ خوب دن رات ان کے ارشادات سے فیضیاب ہوتے تھے۔ انہیں ارشادات کو ترنگ میں آکر نظم کیا اِن کے مجموعے کو خوب ترنگ نام دیا ؂

انکوں تھا یہ علم کمال — خذ العلم افواہ رجال
ان تھیں میں سنیا دن رات — اس منہ یاد رہی کچھ بات
وہ جیوں منجہ کوں آئی ترنگ — جمع کیے لے تس تس ڈھنگ
خوب ترنگ اس دیا خطاب — (مدح رسول اللہ کے باب)

گویا خوب ترنگ نہ صرف منظوم یادداشتوں کا شیرازہ ہے بلکہ ایک مثنوی ہے، جس میں رسول اللہ کی مدح ہے لیکن اس سے یہ قیاس نہ کرنا کہ اس کا موضوع وحدت الوجود نہیں بلکہ مدح رسول اللہ غلط ہے۔ اس سے لئے سنائیؒ، عطار، رومی اور دوسرے صوفی مشرب بزرگوں اور شاعروں کی طرح خوب محمد بھی مسئلۂ وحدت الوجود کے قائل ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ اس کے تمام اوصاف و احوال ایک حال میں جمع ہیں۔ اور ان کی تفصیل سارا عالم مگر خود تفصیل ذات محمدی کی محتاج ہے۔ آں حضرتؐ خالق و مخلوق کے درمیان حد فاصل ہیں۔ آپ میں عبد و اللہ دونوں ہی کی خصوصیات مجتمع ہیں۔ چنانچہ جہاں "حقیقت محمدی" کی تفصیل سارا عالم ہے، وہیں یہ عالم یا اس کا کوئی فرد اگر ذات واحد (خدا) تک پہنچنا چاہتا ہے تو اس کے لئے اس حقیقت کا جاننا، پہچاننا اور پانا لازمی ہے۔ بغیر اس کے وسیلے کے باری تعالیٰ کی بارگاہ میں باریاب ہونا ناممکن ہے۔ یہی وجہ ہے کہ،

خوب آں حضرت کا دامن تھامے رہتے ہیں اور دوسروں کو ایسا کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔ عشق مصطفےٰ خوب کا محبوب موضوع ہے۔ اور اس کی کیفیت پوری خوب ترنگ میں جلوہ گر ہے۔ چنانچہ "حقیقت محمدی" کے سبب وہ خود ذات الوہیت کا عرفان کرتے ہیں۔ مدح رسول اللہ کا یہ بھی ایک بڑا سبب ہے۔ بہرحال خوب ترنگ کو مدح رسول اللہ قرار دیتے ہوئے خوب محمد دعا کرتے ہیں ؎

یا اللہ اے مدح رسول ... اوسی دوستی کر قبول

شاید "حفظ مراتب" کا غالباً خیال آجاتا ہے اور وہ ہر مقام اور ہر باب میں خدا کی حفاظت کے طالب نظر آتے ہیں ؎

خدا حافظ ہے ہر ٹھانہ ... کرے نگھبانی اس مانہ

تاہم انہیں اپنے موضوع کی وسعت اور اہمیت کا پورا پورا احساس ہے۔ اسی لئے جہاں وہ لوگوں کو "قصد شعر" سے منع کرتے ہیں، وہیں یہ کہتے ہوئے کہ میں کل مراتب کو جز میں لاکر ایک نسخہ تصنیف کر دکھاؤں گا۔ وہ اپنے آپ کو ایک کچھ نہ جاننے والے شخص سے تعبیر کرتے ہیں، خدا سے نعت کے بخیر و خوبی انجام پانے کی دعا کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ لوگ ان کی "خطاؤں" کو درست ہی نہ کریں بلکہ کسی لفظ کو نہ سمجھ پانے پر بدلیں نہیں ؎

عذر خواہی

اینہاں شعر کا قصد نہ لیکھ ... اینہاں مراتب کہوں سو دیکھ
ارض سما منہ جے نہ سمائے ... وزن شعر منہ وے کیوں آئے
دوڑیا ہوں نظروں کی شان ... دیکھ مراتب منہ اسان
کل مراتب جز منہ لیاؤں ... کر نسخا تصنیف دکھاؤں
نعت مہیں کرتا ہوں سیر ... یا اللہ تمم بالخیر
غلط نہ پکڑیں اہوں اجان ... درس کہوں وے تومن آن
جو کچھ خطا اس منہ توں پائے ... اوسے صحی کر برائے خدائے
پر اتنا کہوں گود بچھائے ... مت آن سمجھے بول پھرائے

اس عذر خواہی کے بعد خوب محمد نے اپنے تاریخ گوئی کے فن کا کمال دکھایا ہے۔ خوب ترنگ کی تاریخ کہتے ہوئے بارہ شعر لکھے ہیں۔ اور لطف یہ کہ ہر مصرع سے باعداد ابجد اس کی تاریخ نکل آتی ہے ؎

تاریخ خوب ترنگ در ہر دو مصرع باعداد ابجد

نسخے کی تاریخ اس ٹھانہ ... پاے عدد ہر مصرعے مانہ
خوب محمد گنے بچار ... چودہ گھاٹ اوس برس ہزار

دوجا چاند سو تھا شعبان | دیس دوشنبہ کیا بیان
برس ہزاروں دکھ قبول | جو کہیں جانیاں جاے رسول
خدا سو جانیاں کہیئے کب | پوچھیا جاے محمد جب
عرف نفسۂ ذات سو کس | نانوں محمد کہیئے جس
ہے عرفان اس پر موقوف | عرف ربہ، جیوں معروف
پانچ مراتب خوبیں جان | تو سمجھے گا یقین سو آن
انھوں مراتب کر عرفان | آن یقیں درس ایمان
بوجھے جبھیں رسول تمام | تب ہوئے پورا اسلام
مقدمے کہوں مطلق ذات | پچھیں اس کی تنزلات
تب لگ من منہ راکھیں یاد | جب لگ اپنیں پایں مراد

مختصر یہ کہ دوشنبہ کے دن دوسری شعبان کو ۹۸۶ھ میں خوب محمد نے خوب ترنگ کو تصنیف کیا۔

۱۔ تاریخ گوئی کے کمال فن کے اس مظاہرہ کے بعد اس سرخی کے بعد خوب محمد اپنی مثنوی کا آغاز کر دیتے ہیں:
" آغاز کتاب خوب ترنگ بعضی منقولات شیخ کمال محمد رحمۃ اللہ در معارف محمدیہ علیہ السلام" تاہم اس سے قبل کہا جا چکا ہے کہ تصنیف خوب ترنگ کے سلسلے میں اگرچہ خوب محمد " مدح رسول اللہ" کا ذکر کرتے ہیں جیساکہ مندرجۂ بالا اقتباس سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔ مگر واقعتاً ان کا موضوع مسئلہ وحدت الوجود ہے جس کی تفصیل وتشریح مدح رسول اللہ کا روپ اختیار کئے ہوئے ہے۔ اس حقیقت کا احساس ان عنوانات سے لگایا جاسکتا ہے۔ جو خوب محمد نے مختلف رموز کو بیان کرتے ہوئے قائم کئے ہیں:

(۱) مرتبہ لاتعین کہ غیب ہویت ذات مطلق است نمودن درخود۔ اور اس کے تحت یہ ذیلی سرخیاں ہیں:
حضرت وحدت، قوس احدیت، قوس واحدیت، حضرت الہیت، قوس ظاہر، جود، قوس ظ ہر علم، تمثیل مراتب۔

(۲) حقایق موجودات کہ در ہر مرتبہ نامی دگر دارند۔ اور اس کی ذیل میں یہ عنوانات ہیں:
مرتبۂ وحدت، مرتبۂ الہیت، مرتبۂ روح، مرتبۂ قلب، مثال، مرتبۂ جسم۔

(۳) خلق پیش از ظہور عین حق بود وحق بعد از ظہور عین عالم

(۴) یافتن ذات مطلق از اسقاط اضافات (۵) وجودی کہ قایم بوجودی بود درحقیقت او را وجود نہ بود۔

(۶) حکایت آمدن از ظرف وجود بروش و مالک شدن بر ہر مقام (۷) مراتب وجود

(۸) اول نور وجود محسوس می شود اما از لطافت مدرک نمی گردد و آن عین حجابست و منکشف حجاب
(۹) تفصیل الہیت (۱۰) فرق مراتب (۱۱) رابطۂ صفات حق و عبد (۱۲) احاطت افعال در عالم
(۱۳) حق فاعل بصفات است نہ بذات (۱۴) ہر صفات کہ ہست بجز ہستی در نمی گیرد
(۱۵) اللہ و عبد از روی ہستی ہر یک بہ احدیت خود قایم اند (۱۶) مقدمۂ فاعل مختار
(۱۷) مرتبۂ محمدیت علیہ السلام (۱۸) مرتبۂ اعیان ثابتہ کہ آنرا حکما ماہیت می خوانند (۱۹) حضرت روح
(۲۰) دائرۂ عشق در تمثیل روح (۲۱) مرتبۂ عبودیت (۲۲) حکایت مرتبۂ خلافت
(۲۳) حضرت قلب و مثال (۲۴) حکایت تمثیلات وہم (۲۵) حکایت صفای دل
(۲۶) حکایت در مرتبۂ طلب (۲۷) حکایت در مرتبۂ سلوک (۲۸) حکایت سند مراقبہ
(۲۹) حکایت مرتبۂ جمعیت و تفرقہ (۳۰) حکایت سوال و جواب در نفی و اثبات (۳۱) مراقبہ در شغل علم
(۳۲) مراقبہ در شغل سمع (۳۳) مراقبہ در شغل بصر (۳۴) شرط ذکر (۳۵) مرتبۂ عزت (۳۶) مراتب عشق
(۳۷) حکایت مرتبۂ حیرت (۳۸) مقامات معراج
(۳۹) حکایت مرتبۂ شفاعت ولایت کہ آنجا گناہ عین عبادتست
(۴۰) حکایت تمثیل کردن در خواب — اور اس کے تحت یہ سرخیاں ہیں :
قسم اول از خواب ، قسم دوم از خواب ، تعبیر خواب
(۴۱) مرتبۂ نبوت (۴۲) مرتبۂ رسالت (۴۳) حکایت المجاز قنطرۃ الحقیقۃ (۴۴) حضرت جسم
(۴۵) حجاب صورت (۴۶) حجاب رنگ (۴۷) حجاب ابعاد ثلاثہ (۴۸) حجاب لذت
(۴۹) حجاب محسوس لمس (۵۰) حجاب بوی (۵۱) حجاب آواز (۵۲) حجاب ثقل اور اس کے تحت
حکایت تمثیل (۵۳) عناصر اربعہ (۵۴) مولدات ثلاثہ (۵۵) حکایت دانستن مقصد
(۵۶) حکایت غفلت از خود اور (۵۷) مرتبۂ انسان کامل

مرتبۂ انسان کامل کے بارے میں خوب محمد کا جو نظریہ ہے وہ وہی ہے جو سنائی ، عطار ، ابن عربی ، رومی اور الجیلی وغیرہ کا ہے۔ چنانچہ اس کا ذکر کرتے ہوئے لازمی طور پر مسئلۂ وحدت الوجود کے بیان کا ایک بار پھر اعادہ کرتے ہیں۔ اس کا احساس انہیں بھی ہے ؎

سن جے خمس کہیں حضرات — اول حضرت وحدت ذات
وہ جیوں درپن دیکھن ہار — جیوں ہر بار سنیا تکرار
دوجے حضرت الہیت — اسم صفات سو اس حضرت

یہ جیوں دیکھناں ہوئے تفہیم — اے دو حضرت غیب قدیم
تیجے حضرت روح کلھائے — شخص آرسی منہ پھر پائے
چوتھے حضرت قلب مثال — درپن منہ سے عکس خیال
جوسا پانچویں حضرت لیکھ — ہاتھ آرسی ذات سو دیکھ
جب تگ اپناں مانجے کوئے — تب درپن بھی غیر نہ ہوئے
یہی شہادت حضرت تین — اے مرتبے سو حادث کین
غیب شہادت ہریک شان — پانچوں مل کامل انسان

اور یہ انسان کامل آں حضرتؐ کے سوا کوئی اور نہیں ہے۔ اور نہ ہو سکتا ہے۔ آپ ہی کی مقدس ذات کے ذریعے حق تعالیٰ اپنے آپ کو ظاہر کرتا ہے اور اس کا اظہار نمود کائنات ہے ؎

فی انفسکم آیۃ پائے — جے صورت حق کی دکھلائے
واقع چھت ماں ایک سو ذات — دے جب ذات ہوئے مرآت
ایک آرسی ہوئے جانہ — ہوئے عکس بھی ایک اوس مانہ
ایک عکس منہ دیکھے جب — ایک بار پھر پاوے تب
جوسا آرسی وحدت جان — جسم محمد اوسے پچھان
ایک عکس اوس مانہ جو ہوئے — قلب محمد کا ہے سوئے
ایک عکس پھر ایک جو پائے — یہی ابوالارواح کلھائے
روح مثال جو سا موجود — ایک سو واقع اور نمود
لیس کمثلہ اینہاں پچھان — نفی مثل کی مثل سو جان
مثل محمد ہوئے نہ کوئے — سب اوس کی تفصیل سو ہوئے
ذات جو ذاتوں مانہ تمام — جسم محمد عین اجسام
اسی قلب کے حاکم قلوب — اسی روح روحاں محبوب
وحدت عین محمد آج — کثرت جگ کھلناں اس کاج
یہ وحدت کثرت طرفین — جیوں ہوں خوب محمد عین
انا من نور اللہ سو جیوں — خلق سو من نوری ہے تیوں
ہوئے حقیقت جس کی جانہ — وے پائے معراج سو تانہ

اول وحدت حضرت کی — یہی حقیقت محمدی
وحدت ذات جو کثرت آج — او نھاں محمد کی معراج
دوجے حضرت کی سن بات — الہیت جنہ ذات صفات
حقیقت انسانی اوس ناؤں — ہریک کی معراج اس ٹھاؤں
سیر سو وحدت لگ جس آئے — سوئے محمد منہ ہو پائے

چنانچہ ذات محمدی کا احساس دلاتے ہوئے خوب نے ایک عالم باعمل اور صوفی باصفا کی طرح شرع و قرآن اور احادیث پر عمل پیرا ہونے کی تلقین اور ہدایت کی ہے۔ کہ اس کے بعد ہی انسان ایک عارف کامل بن سکتا ہے، حقیقتِ عالم سے ہمکنار ہو کر من و تو کے فرق کو مٹا سکتا ہے ؎

ذات چھپے عالم منہ جیوں — یہ مخفی عالم منہ تیوں

اور یوں وہ بے نشان ہو جائے گا ؎

بے نشان اس کا نیشان — یہ عارف ہے کل لسان

اس طرح گویا وہ منتہائے مقصد کو پہنچ جاتا ہے۔ اسی لئے غالباً خوب نے اپنی مثنوی اس شعر پر ختم کردی ہے۔

۲۔ فارسی شاعری میں جو اہمیت مثنویِ معنوی کو حاصل ہے اس سے کسی کو انکار نہیں۔ اس کی شعری خوبیاں بھی اظہر من الشمس ہیں۔ یہی کچھ خوب محمد کے سلسلے میں بھی محسوس ہوتا ہے۔ اردو کے آغازی زمانے کی یہ مثنوی ادبی و شعری خوبیوں کے لحاظ سے بھی بہت اہم ہے، اس کی لسانی خصوصیات الگ رہیں۔ ایسے شعروں کی کمی نہیں ہے جن کی صفائی، برجستگی اور دلآویزی میں کلام نہیں۔ چند مثالیں درج کی جاتی ہیں:

آغاز کتاب خوب ترنگ بعضی منقولات شیخ کمال محمدؒ در معارف محمد علیہ السلام

فرض کرو اک شخص سو کیوں — ہے موجود و موجودج جیوں
دے ہب علم بصارت ماٹ — دیکھ پچھانے ہر ہر گھاٹ
یہ موجود سو ذہنی کیوں — موم مہیں نرمائی جیوں
نرمائی کوں ہاتھ جو لائے — موم جو عین وجود سو پائے
موم ہبیں نرمائی ماٹ — دکھلاوے گھوڑوں کی گھاٹ
یہ موجود اضافی کیت — مومیں چھت گھوڑے کوں دیت

پن چھت ماں موجود سو موم | دیکھو تب گھوڑا معلوم

(مقدمۂ فاعل مختار)

توں تو ہے فاعل مختار | تو تجھ کہتا ہوں ہر بار
کر اختیار سنے جو بات | بات کہوں تو تجھ سنگھات
سن جس کوں پاوے ہر ٹھانوں | امور کلی تس کا نانوں
وہ جب ایک فرد کن پاے | امر جزی اوس نانوں دھرائے
مطلق سبی صفات پچھان | امور کلی ان کوں جان

حرف الف بے کلی جان | جزی عبارت منہ جب آن
الف سو پھر بے ہوئے نہ جائے | الف الف بے بیچ پڑھائے
تو مختلف عبارت ہوئے | جو ہر حرف پھرے نھیں کوئے
حرف الف ب ج اور دال | اون کوں کدھیں نہ ہوئے زوال
قدح مدح منہ وہی سو دال | ممکن قید جزی اس حال
حرف قدیم سو ابجد مانہ | قدح قدح حادث اس ٹھانہ

مرتبۂ محمدیت علیہ السلام

سن سن توں دھر دل کے کان | خوبیں دل سمجھا اس شان
ذات اکیلی وحدت جس | واحدیت اک صفت سو تس
اک واحد اوس اسم سو جان | اوس تھیں شئے بھی ایک پچھان
جمع مفصل احمد اس ٹھانوں | وحدت اصل محمد نانوں
ایسا دوجا کدھیں نہ ہوئے | اس تفصیل ہوے سب کوئے
اس کی اصل سو وحدت ٹھانہ | کیف مد الظل عالم ٹھانہ
وحدت جیو پرگٹیا سور | جنسوں چھپانہ بڈھاوے نور
گھڑی دو پہری سر پر آئے | اصل فرع استوا دکھائے

ایسا وقت نہ ہووے دوبار
ایکج بار ہووے اظہار
جب پرگٹ ہووے اس ٹھانہ
مطلق اوس کوں ہووے نہ چھانہ
اوس کی چھانہ سو عالم ہوے
یہ معجزا کہے سب کوے
انا من نور اللہ اس جان
ظل اللہ بن چھانہ پچھان

دائرۂ عشق در تمثیل روح

عشق ہوا آ غالب جب
قیس کیاے مجنوں تب
یاد سو لیلیٰ بن نہیں کوے
لیلیٰ مانہ گیا تب کھوے
بول دیوے کو لیلیٰ جانہ
مجنوں پھر دیکھے تس ٹھانہ
سب لیلیٰ کے غزے ناز
مجنوں مانہ ہوے دم ساز
کہیں مجنوں لیلیٰ اس ٹھور
کہے کہ ہوں لیلیٰ نہیں اور
مجنوں بھی یوں ہوا مشہور
کہے انا الحق جیوں منصور

مجنوں ہوا سو لیلیٰ جیوں
لیلیٰ مجنوں ہوئی سو تیوں
یہ بھی عشق سو مجنوں کاج
جے لیلیٰ منہ بھیدیا آج
جب عاشق آپس کوں کھوے
تب معشوق سو عاشق ہوے
لیلیٰ مجنوں ہوئی سو راس۔
مجنوں لیلیٰ کاج لباس
ہن لباس تکمؔ سو جیوں
تمہیں لباس لہنؔ تیوں
جیوں مجنوں تھا پہلی شان
وے مجنوں مت کرے گمان
اب مجنوں جے مجنوں پائے
وے لیلیٰ کی شان کلھائے
کیوں کی لیلیٰ آپس ٹھانہ
بوجھیا ہوں مجنوں من مانہ
لیلیٰ کے یہ معنی آن
مجنوں مجنوں ہو سو جان
کہ مجنوں جب دیویں بول
مجنوں دیکھے انکھیاں کھول
تیوں مجنوں بھی لیلیٰ ہوے
کرتا ناز سو غمزے سوے

مجنوں کی یہ بات سو جب ‏ پھر لیلیٰ منہ آئی سب
جب لیلیٰ کہہ کوی بلاے ‏ تب لیلیٰ اٹھ دوڑ سو جاے
یہ لیلیٰ کا پہلا چال ‏ خوبیں سمجھیں نہیں اتال
اب صورت منہ لیلیٰ جاے
پن معنوں منہ مجنوں آے

حضرت قلب ومثال

وحدت ذات سو دیکھن ہار ‏ الہیت دیکھن کی ٹھار
روح سو پھر پایا ہے جیوں ‏ بات سو اب سمجھے ہے تیوں
جوسا آرسی کی ہے شان ‏ اس کوں آگیں کروں بیان
صورت درپن منہ کی دیکھ ‏ ہب تھیں اُس کا کریں یہ بیکھ
یہ دل عالم وہم خیال ‏ روح جو سے بچ نانوں مثال
دیکھن ہار انہیں اس ٹھانہ ‏ ایک رتی کا پھیرا نانہ

عجب نیہ کی الٹی ریت ‏ جانے وہ جس ہوے پریت

مشک کا چاند ہوا گل سوئے ‏ ہوئے کہیں کو کہیں نہ ہوئے

۳۔ خوب ترنگ تنہا تصوف و سلوک ہی کی کتاب نہیں ہے بلکہ اس میں عقائد اور علم کلام کے موضوعات پر بھی سیر حاصل اور دلچسپ گفتگو ملتی ہے۔ طریقۂ استدلال دل میں گھر کرجاتا ہے۔ اگرچہ شک وشبہات کی گنجائش باقی رہ جاتی ہے مگر طالب حق کو اطمینان قلب کی وہ اکسیر بھی مل جاتی ہے کہ ذہن وفکر کا سارا اضمحلال دور ہو جاتا ہے۔ ذات باری، صفات باری، نبوت، اس کی حقیقت، وحی کی نوعیت، معجزہ، کرامات، معاد اور جبر و قدر کے سلسلے میں اہم اور بھرپور بیان ملتا ہے، جو انسانی ایقان کی سرحدوں کو چھولیتا ہے۔

۴۔ خوب ترنگ کی ایک نہایت اہم خصوصیت اس کا طرز استدلال اور طریقۂ افہام ہے۔ خوب

کا استدلال عموماً قیاس تمثیلی کی صورت میں ہوتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہ دماغ کے ساتھ دل کو بھی مخاطب کر لیتے ہیں۔ اور ان کی منطق، حاصل بحث اور حسی کیفیات کا ادراک آسان اور پھر ان سے انکار مشکل ہو جاتا ہے۔ ساری گفتگو دل میں تواتر کے ساتھ بیٹھتی جاتی ہے جو اس بات کی شاہد ہے کہ خوب محمد کو نہ صرف نفس امر پر عبور ہے بلکہ ان کو دل نشین بنانے پر بھی قدرت حاصل ہے۔ وہ انسانی نفسیات کے رموز و نکات، ان کی گہرائی اور گیرائی کا پورا شعور رکھتے ہیں۔ چنانچہ دقیق سے دقیق مسئلے کو سمجھا دینے پر انہیں ید طولیٰ حاصل ہے۔ غالباً یہی احساس ہے جس کی وجہ سے انہوں نے خوب ترنگ میں نہایت کثرت سے تمثیل اور تشبیہ سے کام لیا ہے۔ ورنہ تصوف و سلوک اور الٰہیات کے مسائل جو عام لوگوں کی فہم سے بالاتر ہیں۔ ان کا ادراک و احساس بہت ہی مشکل ہوتا اور خوب ترنگ کی تصنیف اپنے مقصد میں ناکام رہتی۔ نفس تصوف کے علاوہ اس کی زبان و بیان کی دلآویزی اور تمثیلوں کی دل نشینی نے خوب ترنگ کو گجرات میں ایک اہم درسی کتاب کا درجہ دے دیا تھا۔ عربی و فارسی کے علاوہ خوب ترنگ کا مطالعہ ضروری اور لازمی سمجھا جاتا تھا۔

۵۔ یوں تو خوب محمد کی تمثیلات کے بھرپور احساس کے لئے ڈاکٹر نذر صاحب کی "قصص خوب ترنگ" کا مطالعہ ضروری ہے، تاہم ان کا ادراک و احساس اور نفسی کیفیت کا اندازہ کرنے کے لئے ذیل کی چند مثالیں کافی ہیں:

صفائے دل کی تمثیل کے طور پر ایک حکایت بیان کی ہے۔ نفس موضوع کے پیش نظر چین کے مصوروں کا انتخاب کیا ہے کہ انہیں فن مصوری میں مہارت تامہ حاصل تھی۔ قصہ یہ ہے کہ ملک چین میں باکمال مصوروں کا ایک ایسا گروہ تھا جو اڑتے ہوئے مور کی بھی تصویر کھینچنے پر قادر تھا۔ باہر سے اتفاقاً ایک اور گروہ آیا اور اپنے کامل فن ہونے کا دعویٰ کیا۔ اس پر دونوں میں گفتگو ہوئی کہ وہ بادشاہ ملک کے پاس جائیں اور اسے حکم قرار دے کر تصفیہ کے طالب ہوں۔ بادشاہ نے حکم دیا کہ دونوں گروہ آمنے سامنے کی دو دیواروں پر الگ الگ اپنے کمال فن کا مظاہرہ کریں۔ مگر اس طرح کہ درمیان میں پردہ باندھ دیا جائے۔ چینی مصوروں نے بھی رنگ ختم کر دئے اور ایسی تصویر بنائی کہ وہم بھی اس کے تصور سے قاصر تھا۔ جب پردیسیوں نے دیکھا کہ سارے رنگ ختم ہو چکے ہیں تو ان سب نے طے کیا کہ شبانہ روز کی محنت سے وہ دیوار کو اس طرح صاف کر دیں کہ وہ آئینہ کی طرح صاف اور روشن بن جائے۔

وعدے کے دن بادشاہ نے دربار کیا۔ مصوروں کو بلایا۔ پردے دور کر دئے گئے۔ پردوں کا ہٹنا تھا کہ دیکھنے والوں نے کمال فن کا ایک زبردست نمونہ دیکھا کہ دونوں نے آمنے سامنے ایک ہی قسم کی تصویر بنا رکھی تھی۔ ملاحظہ ہو سے

حکایت صفائے دل

چین مہیں چتیارے جان
چتریں مور سو اڈتے آن

تتہ کیتک چتیاروں اور
دعوا کیا سو آتس ٹھور

کہیا بادشہ کن چل جایں
لکھ پانیں پر نقش دکھاین

گئے سلطان کنیں سب چل
آ سلطانیں دیا محل

دو نہ ٹولوں چل کیا سلام
ہور یہ کیتا عرض تمام

حکم بادشاہ کا جو پایں
چترسال کچھ کر دکھلایں

ہوا بادشہ کا فرمان
دیتا دو نہ ٹولوں کوں مان

کہیا کہ جاکر کرو اتال
آمھیں سامھیں دوے دوال

دو نہ ٹولے چتریں دو نہ ٹھانہ
دو نہ پردے باندھیں بچ مانہ

جب لگ کام ادھورا ہوے
تب لگ ان کن جاے نہ کوے

حکم سو یہ کیتا سلطان
سبھوں چڈھایا سر فرمان

جیوں فرمایا تس اصول
پردے باندھ ہوے مشغول

سہدیسی چتیاروں آے
چین مہیں یوں رنگ ملاے

رنگ آمیز کیا اس بھیکھ
رنگ پھراگئے سیپ سو دیکھ

گلگن پھرے دہریہ من کھانت
ہررت رنگ سیکھے اور بھانت

سبی زماناں سیکھیا رنگ
نوے نوے دکھلائے ڈھنگ

ایسی بھانتیں رنگ ملاے
پری رنگوں میں چتر دکھاے

چتری بیچ جھبکتی چین
ہوے اجالا جس تھیں عین

بہت صفا کے رنگوں مانہ
جیو کی صورت چتری تانہ

چترے کوں سو یوں بن چین
صفا عکس درپن سنہ کیں

سب ٹھاہوں رنگ ایسے دیت
باو بند چتراون کیت

صورت اس اس بھانت لکھایں
جہاں دہم کے پاؤ بندھایں

تنہ جے پردیسی تھے آئے
رنگ تنھوں کوں کچھو نہ پائے

اوں ساروں کیا مل بچار
کہو اپن کیا کریں اونھار

یہ ساروں مل پر تھی بات
اپن کریں یوں دن ہور رات

گھوٹ جھلکتی کریں دوال
جیوں آرسی ہوے اوجال

جیوں پرتھیا تیوں کیتا ان
باج صفا کچھ کیا نہ تن

دیس واعدے کا تھا جب
محل دیا سلطانیں تب

بلا چتیارے آنیں تانہ
دور کئے پردے اک ٹھانہ

سب حیرت منہ ہوئے سو دیکھ
دونہ پاسوں چتریا اک بھیکھ

جے ایدھر سو اودھر پایں
ایک یہ بیکھ سو من منہ لیایں

سب درگاہ کیا انصاف
چتریا پردیسیوں ات صاف

اور پھر اس کے بعد خوب محمد یہ نتیجہ نکالتے ہیں ؎

دل کی بھی یونہی ہے ریت
جیسے صفا وہ جاوے جیت

اسی طرح لیلیٰ مجنوں (دائرۂ عشق در تمثیل روح) و شرط ذکر، حکیم لقمان (مرتبہ سلوک)، سکندر (جمعیت و تفرقہ) اور شیخ چھلی (چلی)۔ (غفلت از خود) کی حکایتیں بیان کی ہیں۔ ان کے علاوہ دو تین عشقیہ کہانیاں اور کئی ایک افسانچے بھی ہیں تاہم ایک پہلوان کا قصہ اور سن لیجئے اور دیکھئے کہ خوب محمد نے تصریح مفہوم کے لئے اسے کیونکر استعمال کیا ہے۔ درمیان قصہ میں اس امر کا بھی اشارہ ملتا ہے کہ یہ کہانی خوب محمد کے زمانہ میں کافی مشہور تھی۔

قصہ یہ ہے کہ ایک بلونت گھوڑے پر سوار کسی شہزادے کے پاس آیا اور کہا کہ اگر آپ میرے زور کی آزمائش کریں تو میں ایک تماشا دکھلاؤں۔ چنانچہ ایک بڑا غالیچہ منگوا کر بلونت اس پر چت لیٹ گیا۔ ہاتھ پاؤں لمبے کر دئے اور پیٹھ کو بھی طاقت کے ساتھ دبالیا۔ اس کے بعد اس نے کہا کہ سارے لوگ غالیچہ پکڑ کر مجھے اٹھائیں۔ دربار کے پہلوانوں نے مل کر غالیچہ کو جو اٹھایا تو اٹھا تو لیا غالیچہ کو مگر اس بلونت کے برابر غالیچہ پھٹ کر زمین ہی پر رہ گیا، جیسے کسی نے پتلے کا ایک نقش بنا رکھا ہو۔ اس کی طاقت کا قصہ اب بھی زور و شور سے سنائی دیتا ہے۔ تاہم یہ بات بھی سننے کے قابل ہے کہ جب وہ بلونت بوڑھا ہو گیا تو اس کا سارا گوشت پوست گل گیا۔ اور وہ پھول یا کسی تصویر کی مانند ہلکا ہو گیا۔

نتیجہ: چھت (ہستی) زور کی طرح ہے اگر کوئی اسے عدم کرنا چاہے تو یہ ممکن نہیں ہے۔ ہستی کو ہستی ختم نہیں کر سکتی۔ اس کا زور یا وزن کم نہیں ہو سکتا کہ وہ ہستی مطلق ہے۔ چنانچہ اس کے مقابلے میں عدم محض ہلکا ہے۔ چنانچہ غلبہ ہستی کے وقت اس کا پلڑا ہلکا نہیں ہو سکتا۔ ملاحظہ ہو ؎

حکایت تمثیل (حجاب ثقل)

ایک بلونت سو ہوا اسوار | آیا راج کنور کے بار
کہیا کہ میرا زور آزماؤں | آج تماشا اک دکھلاؤں
بڈا زلیچا اک بچھوائے | سوتا چت تس اوپر جائے
دوہوں ہاتھ پگ لانبے ناکھ | زور بیٹھ کے رہیا سو راکھ
کہیا ایتھاں تھیں منجے اچاؤ | لاکھوں مل اک تسو ہلاؤ
سب بلونت ملے اک ٹھور | کہیا زلیچا پھرتے دور
ایسا بل اکٹھے مل کیت | جیوں زلیچا اوچا سو نیت
جنہ بلونت سوتا تھا تانہ | اوتنا ٹوٹ رہیا تس ٹھانہ
ٹوٹا یوں زلیچا سوئے | جیوں پوتلا چتریا ہوئے
ایتا بھار سو تھا اک زور | جس کا اب لگ آیا شور
بھار تو اتناں تھا سب مل | جیوں لے جائے ٹٹو منزل
پن سب قدرت زور سو بھار | بھی سن اس کا کہوں بچار
بوڑھا ہوا سو وے بلونت | تب اوس کی ہوئی کیسی بھنت
ہلکا ہوئے گیا جیوں پھول | گل رہوے جنہ چھاج دھول
زور بھار پن ہوا سو آج | جیوں رنگ بھار چھتاج نہ تھاج
جیوں صورت رنگ دیکھ بچار | واقع چھت بن تیوں ہی بھار
بھی سن ہیں اک معنی اور | چھت ہے عین بھار کی ٹھور
چھت کوں عدم کرے ے کوئے | تب چھت عدم کیہ نہیں نہیں ہوئے
چھت چھت تیں کاڈھی نہیں جائے | یہ قوت نہ کبھی کلھ ئے
چھت مطلق وے عین سو بھار | عدم سو ہلکا دیکھ بچار
چھت جس پل منہ بھاری ہوئے | نہیں سو پلڑا ہلکا ہوئے

کہانیوں کے علاوہ پانی، آئینہ اور بیج وغیرہ کی تمثیلات بھی تفہیم مطالب کے لئے استعمال کی ہیں۔

۶۔ مذکورہ بالا حکایتوں کے ساتھ خوب ترنگ میں جہاں مذکورہ حکایتیں ملتی ہیں، وہیں ہم کو دو دلچسپ کہانیاں بھی نظر آتی ہیں۔ ان دونوں کا تعلق گجرات کے مشہور بادشاہ بہادر شاہ سے ہے۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ

کرنا کہ خوب محمد اپنے تمثیلی انداز کے سلسلے میں نہ صرف تمثیل سے مدد لے کر فرضی قصے بیان کرتے ہیں بلکہ اس پر بھی قادر ہیں کہ تاریخی حقائق سے بھی وہی کچھ حاصل کریں۔ اور اسی طرح انہیں سبق آموز دکھائیں، قطعی درست ہوگا۔ اور یہ ان کی عظمت کی دلیل ہے۔ اور کیوں نہ ہو کہ وہ وحدت الوجود کے قائل ہیں اور اس کی حقیقت کی جلوہ سامانی اور درس آموزی ہر واقعے، ہر احساس بلکہ ہر شئے میں موجود ہے۔

پہلی تاریخی کہانی فتح مانڈو سے وابستہ ہے کہ مانڈو فتح کرنے کے بعد بہادر شاہ نے وہاں کی سیرگاہ سے ایک بحری اڑائی جو اڑتے اڑتے آسمان سے جا لگی۔ بلند ہونے پر اس نے چاروں طرف نگاہ دوڑائی تو اسے چانپانیر کی اپنی دائمی سیرگاہ نظر آئی جہاں میر شکار تمام پرندوں کو اکٹھا کر کے طعمے کھلا رہا تھا کیونکہ وہ وقت طعمے کھانے کا تھا۔ چنانچہ جہاں بیٹھ کر بحری طعمہ کھایا کرتی تھی، وہیں پر وہ اتر پڑی حالانکہ دونوں مقاموں میں خاصہ فاصلہ تھا۔ اس سے خوب محمد نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ بلند ہو جانے پر سبھی جگہیں برابر کی نظر آتی ہیں۔ بعینہ جو کوئی درجہ بدرجہ بلند ہو کر ذات مطلق تک آتا ہے، اسے اینت مطلق کے سوا اور کسی چیز کا خیال نہیں رہتا اور اتنا اونچا ہو کر وہ جہاں چاہتا ہے، پہنچ جاتا ہے۔ اسے اس دنیا سیر طیر نصیب ہو جاتی ہے۔ اور وہ سبھی مقاموں کا مالک ہو جاتا ہے۔ کہانی ملاحظہ ہو:

حکایت آمدن از طرف وجود بروش انبیا و مالک شدن بر ہر مقام

فتح ہوئی مانڈو کی جب	حاکم شاہ بہادر تب
سیرگاہ مانڈو کی مانہ	بحری ایک اواڑی تانہ
چڑہ چاکے جا لگی اکاس	اونچی چڑہ دیکھیا چنہ پاس
چانپانیر ماہیں جس ٹھانہ	سیرگاہ تھی دایم جانہ
مانگ جنادر سب تس ٹھار	بے آ بیٹھا میر شکار
تامے کی بیلا تھی تب	تاماں کھاتے تھے تب سب
سدا سو تاماں کھاتے جانہ	آکر بحری اوتری تانہ
اونچے چڑہ دیکھے جے کوے	سب ٹھنہ اوسے برابر ہوے
بحری تھوڑی بیلاں مانہ	مانڈو تھیں آئی تس ٹھانہ
نفی کرے سب حق دہر جاے	یوں چڑہ تیں مدت منہ پاے
چڑہ تیں مشکل ہوے ڈھال	اونچے تھیں اوترے فی الحال
اوڈتا چڑھے جنادر جانہ	باد بھرا جاوے بھل تانہ

اونچے چڑھ کر جنہ بیداے	باندھ بازواں تنہ جھنپلاے
تیوں جے چڑھ کر چھت پر آئے	مطلق ہوں اور بن نیائے
تنہ چڑھ کر جب کرے نزول	ترت ہوے ہر ٹھانہ وصول

سیر طیر دنیا منہ ہوے
سبھوں مقاموں مالک سوے

دوسری کہانی نیند میں سیر کرنے کے ضمن میں بیان ہوئی ہے۔ اس میں بہادر شاہ کے رعب داب اور جاہ و حشمت کے تذکرے کے ساتھ یہ بتایا ہے کہ وہ ملک پر ملک فتح کرتا رہتا تھا۔ آج دکھن پر قبضہ کیا تو کل مانڈو کو زیرنگین کیا۔ وہ دن بھر تو دربار کرتا اور رات میں بھیس بدل کر لاؤ لشکر کا حال احوال معلوم کرنے نکلتا۔ جب اسے نیند زیادہ ستاتی تو پالکی منگواکر اس میں نکلتا اور کہاروں سے کہہ دیتا کہ جب فلاں جگہ آجائے تو مجھے جگا دینا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ جو سالک نیند میں چلتا ہے وہ شطار ہوتا ہے۔
خوب محمد کے الفاظ میں یہ حکایت تمثیل اس طرح ہے ؎

حکایت تمثیل سیر کردن در خواب

اک راجا گجہ دہر ٹھانہ	نانوں بہادر تھا کل مانہ
تاس کھڑک کی تاب بیچ	وصول رہے دل بت جیوں بیج
جنہ دل پر دل کئے ہیں کوے	دل با دل جیوں اکھٹے ہوے
باندہ گھٹا ج فوجاں جوڑ	کر جو ہر آویں چڑھ کوڑ
پون پھرا دے تری بہاے	کر برباد اوڑا لے جاے
اس کا تھا نس دن یہ چال	آج دکھن لے مانڈو کال
یوں کرتا دنیا کا کام	اوٹھے سو تب جب ہوئے تمام
کاربار کرتا سب دیس	رات پھرا لیت اور بھیس
ہو جا سوس پہوں دس جائے	سب لشکر کی سدہ لے آئے
رات دیس رہتا اس بھانت	ملک کہے کے دھرتا کھانت
جب بھر نیند جنپا نا سوئے	بن سوتیں بسرام نہ ہوئے
تے تی بیراں مانگ شتاب	کرت پالکی ماتھیں خواب
بھویوں کوں کہتا بلوائے	جبیں فلانیں جاگہ آئے

مجھے جگایو تم تس ٹھار — کرتا کوچ سو سوتی بار
سوتیں جس کوں چلتیں آئے — وے سالک شطار کلھائے

۷۔ تمثیلوں اور فرضی حکایتوں کے ضمن میں اخلاقی مسائل کی تعلیم ایک ماہر نفسیات کے انداز میں پیش کی گئی ہے۔ اچھے اور برے مستقبل کا انسان خود ضامن ہے۔ نیکی و بدی یا جنت اور دوزخ دونوں اس کے اختیار میں ہیں۔ جسے چاہے لے اور جسے نہ چاہے چھوڑ دے۔ اس کی مثال پانی کی طرح ہے کہ جہاں پانی نالیوں سے ہوتا ہوا تختۂ گلاب میں پہنچ سکتا ہے، وہیں یہ بھی ممکن ہے کہ پھیر کھاتا ہوا نابدان کے ذریعے حمام یا کسی گندی جگہ پہنچ جائے ؎

پانیں جس جس نیک بھرائے — اوس منہ اوس کی شان چلائے
بانھیں نیک سو جاوے جانہ — بھریاں گلالاں ہیں تس ٹھانہ
کہیا ہدایت کی یہ باٹ — پاوے بہشت یوں آئیں ماٹ
ایک چکاپو پھیری کھاے — وہ پانیں حمامیں جاے
باٹ ضلالت کی اس نانوں — یوں جاتیں دوزخ منہ ٹھانوں

(تمثیل۔ مقدمۂ فاعل مختار)

جمعیت و تفرقہ کی نوعیت سمجھانے کے لئے سکندر کی حکایت بیان کی ہے کہ سکندر سے اس کے ایک دوست نے پوچھا کہ آخر کس حکمت سے تم نے دنیا کو فتح کیا کہ مشرق سے لے کر مغرب تک تمہاری ہی حکومت نظر آتی ہے۔ اس پر سکندر نے جواب دیا کہ میرے پاس ایک عمل شتاب ہے۔ جب دل کسی ملک کو فتح کرنے کے لئے کہتا تو میں بغیر تاخیر کے اس پر عمل کرتا۔ یاد رہے کہ جب تک دشمن نے تجھ کو مار نہیں ڈالا ہے تب تک توقع ہے کہ تو اس پر وار کرے اور اسے ختم کر دے۔ اس کو ہوشیار سپاہی کہتے ہیں۔ اس سے خوب محمد کئی نتیجے نکالتے ہیں۔ (۱) ایسا ہی شخص حق کو پاتا ہے۔ (۲) جلد بازی اگرچہ اچھی چیز نہیں سمجھی جاتی مگر اس موقع پر۔ (۳) جس طرح سکندر کو فتح ملک کا خیال رہتا تھا، اسی طرح ہر وقت حق کا خیال رکھنا چاہیئے، یہ جمعیت ہے۔ (۴) جس وقت حق کے خیال کو ٹال دیا، برا ہوا، گناہ ہوا، دل مردود ہوا۔۔ یہ تفرقہ ہے۔ (۵) اور پھر گویا سنہری موقع معیت حق کا کھو گیا کہ ایک تو گیا ہوا وقت نہیں آتا، دوسرے کون جانے آنے والا وقت کیسا آئے اور کیسا نہ آئے۔ ملاحظہ ہو ؎

حکایت مرتبۂ جمعیت و تفرقہ

ایک سکندر کا تھا یار — پوچھیا اونھیں سو ایکس بار

تم سب مشرق مغرب لیت
کس حکمت جگ فتح سو کیت

سکندر یں تب دیا جواب
منجہ کن تھا اک عمل شتاب

یہ یوں ملک کیے جب دل
تب تاخیر نکیتی تل

جنہ تو نہیں ماریا ہشیار
تب لگ توں دشمن کوں مار

یہ ترکش بند تیز کلھائے
یہیچ طالب حق کوں پائے

کہیں شتابی نہیں جمیل
پن اس ٹھا نہ کریں نہ ڈھیل

دل منہ آدے جیتی بار
رہیں خدا ستوں تیتی بار

یہ جمعیت اسے سنبھال
ہر ٹھنہ رہ حق سوں ہر حال

جے کھوے یہ کروں سو کام
پچھیں خدا کا ہوئں تمام

جان تفرقا اس کا ناؤں
حق بسرے کی ہے یہ ٹھانوں

یہ طالب کوں گنہ سو جان
یہ دل کا مردود پچھان

کا ہے کہ گذریا وقت نہ پائے
آتا وقت سو کیسا آئے

تجھ کن وقت سو ہے فی الحال
حق سوں رہیں شتاب اتال

حق سوں رہیں شتاب سو اب
مراقبے کر سستی سب

وغیرہ

۸ ۔ بعض اوقات مفہوم کی صراحت اور دل نشینی کے لئے خوب صنعت سوال وجواب سے کام لیتے ہیں. مگران کا سوال عموماً کسی شعر کا کوئی مصرع نہیں ہوتا بلکہ دو سے لے کر چھ چھ شعروں پر مشتمل ہوتا ہے ۔ جوابات نسبتاً زیادہ طویل ہوتے ہیں مثلاً انہیں یہ بتانا ہے کہ صفتوں کا القا ہستی کے بغیر نہیں ہو سکتا ۔ اسے طرح شرح سے وہ یوں سمجھاتے ہیں ؎

ہر صفات کہ ہست بجز ہستی در نمی گیرد

جان قاعدا سبی صفات
بلگے گے دے چھتے سنگھات

چھت ہووے تو بصر سو جوے
جانے علم چھتا جو ہوے

عدم سو دیکھے منہ کیوں آئے
نہیں سو کیا کر جانیا جائے

سوال

ہیں نتھے موجود سو جب
تھے حق کوں معلوم سو تب
درس قاعدا کیوں ہے یوں
بن چھت علم نہ بلگے کیوں

جواب

حق کی چھت پر نظر سو آن
عالم چھت کیا شاناں جان
وے چھت علم مہیں جب آے
علم سو سب شانوں منہ پاے
علم جاناں کہئے کیوں
جے جیسا اوس جانے تیوں
جیوں ماٹی دیکھے کونبھار
پاوے اس منہ تیتی بار
دیکھے قابلیت ہے تانہ
آبدار خاناں ہے تس مانہ

سوال

کہی ہوتیت منہ یہ بات
علم نہ امڑے جنہ چھت ذات
جو چھت ذات علم منہ آے
تو یہ ٹل تعریف سو جاے
علم سو جان پنیں کا ناؤں
چھت کو بلگے گا ہر ٹھاؤں
علم نہ امڑے چھت کوں جب
یہ بتعریف سو جاوے تب
ایا حقیقت علم سو جائے
ایا حقیقت ذات پھرائے
ذات علم دو نہ اپنیں حال
کوئی پھرے یہ بات محال

اس لمبے "سوال" کا جواب بھی طویل ہے

جواب

صفت ذات پر قائم ہوے .
اس مرتبے نہ امڑے کوے
جہاں صفت ہے عین سو ذات
تنہ سب امڑے عین صفات
یہ اجمال سنیں دھر کان
اب تفصیل کہوں اور شان
آنکھوں تھیں پیشانی دور
کدھیں نہ امڑے جگ کا نور
جب درپن دھر دیکھے کوے
دیکھے وہی پیشانی سوے
جیسے دیکھناں اہے محال
وے دیکھی جاوے فی الحال
دیکھے اینہاں سو دیکھن ماٹ
جے دیکھن دیکھے سب گھاٹ
عین ذات دیکھناں نہ ہوے
اینہاں ذات دیکھن منہ سوے

بن جے غیب ہویت مانہ
وؤں پیشانی دیکھے نانہ
عین وہی پیشانی جان
دیکھے اس مرتبے سو آن
بن مرتبے نہیں موجود
پاسے جائیگے عین وجود
جیوں آپس کی صورت جوے
تب دیکھے نہیں درپن سوے
جیوں درپن پر نظر جو لیاسے
تب صورت نہیں دیکھی جاے
ہب درپن مرتبا کلھاے
سو وحدت جس ماں چھت پاے
جیوں پانیں نہیں پاے کب
دھار بوند منہ پاسے تب
دھار بوند منہ آوے نیر
پانیں پاسے اس تدبیر
چھت پانیں کی پاسے نانہ
بن ہاں بھی مرتبے سو مانہ
پاسے چھت بن جاگہ اور
چھت نہیں پاسے چھت کی ٹھور
دھار بوند نہیں جانیں جاسے
وسے موجود نہیں کیوں پاسے
نہیں مرتبا سو کو موجود
پاسے تس ٹھنہ عین وجود
پاوے علم تمیز سنگھات
یوں امرٹے گے سبی صفات

(۹) شعری وعصری خصوصیات

تصوف کا موضوع کسی بھی دقت پسند موضوع سے کم دلچسپ یا کم مشکل نہیں ہے۔ اسی لیے لائق ستائش ہیں وہ شاعر جنہوں نے اس خیال انگیز مسئلہ کو اپنی شاعری کا عنوان قرار دیا اور کامیاب رہے۔ دنیا کی کسی اور زبان کی طرح اردو نے بھی ایسے کئی شاعر پیدا کئے ہیں جن میں باجن، خوب محمد چشتی، شاہ علی جیو کام دھنی، سراج اورنگ آبادی اور درد بڑے پائے کے شاعر ہیں۔ تاہم خوب محمد کے سلسلے میں یہ عرض کروں گا کہ خوب ترنگ کے پورے مطالعہ کے علاوہ مندرجۂ ذیل چند شواہد ان کی اعلیٰ شاعرانہ صلاحیتوں کا یقین دلانے کے لئے بہت کافی ہیں:

(۱) مشاہدہ کی باریکی

(۱) اونچے چڑہ دیکھے جے کوے
سب ٹھنہ اسے برابر ہوے
(۲) پہلوں ترت سو آوے باس
پچھیں کرتیں بیل قیاس

(۳) جیوں پنھاری گھڑے چڑھاے
ھنسی ٹکول کرے سب ساتھ
باج وہم ٹل سکے نہ راکھ
دھیان باندہ بھرائے جاے
گھڑا پکڑ وہم کے ہاتھ
چھوٹے دھیان دیوے تب ناکھ

(۴) رنگ کا پھیر سنیں دھرکان
جے رنگ دن کوں زرد دکھاے
اور جے ہووے لال سو دیس
دیکھیں وقت بتی اور شان
رات سو نارنجی دکھلاے
وے کالا ہے نس کے بھیس

(ب) تشبیہیں

تشبیہیں زور بیان اور حسن خیال کا نمونہ ہوتی ہیں۔ ان کی ندرت اور جدت شاعر کے فکر و ذہن کی ندرت و جدت کا پتہ دیتی ہے۔ چنانچہ خوب محمد کی تشبیہوں کو دیکھتے ہوئے ہمیں ان کی شاعرانہ عظمت کے آگے سر جھکانا ہی پڑتا ہے۔ خوب محمد کو اعلیٰ درجہ کے ناظم کہنے والے دراصل ان کی شاعرانہ صلاحیتوں کے منکر ہیں۔ اور میرے نزدیک یہ ان کا ادبی کفران نعمت ہے۔ تشبیہیں ملاحظہ ہوں ؎

یہ حیرت منہ جاوے کھوے	۱	سب ٹھنہ اسے برابر ہووے
یہ جیوں بلبل کرے بیان	۲	وے جیوں پھول رہیا دھرکان
چھانہ شخص سر کھے ہیں دوے	۳	جیوں دیوے تھیں دیوا ہووے
میرے دل کی سن تمثیل	۴	جیوں ہے رنگ بھریا قندیل
رنگوں مانہ جلے دل کیوں	۵	ہے فانوس سنواریا جیوں
(ایہاں جو پکارھیا جاے	۶	ولی سو تس کا ناوں دھرلے)
اس کے دل منہ عالم دیکھ	.	جیوں جنگل منہ رائی دیکھ
غلطاں موتی تھالی مانہ	۷	تیوں دل چنچل رہے نہ ٹھانہ
دور دور ہوئی بات مشہور	۸	جیوں سورج کا سب جگ نور
جیوں جو سے مانھیں جگ ہوے	۹	تیوں جگ منہ سلطاں سو سوے
چھپی رہے وے دن ہور رات	۱۰	جیوں عاقل کے دل منہ بات
راج کنور بھی بیٹھا تانہ	۱۱	جیوں شیشا تس مجلس مانہ
چل آیا تس ماڑے تل	۱۲	دیکھیا چھجا سو جیوں بادل
ہوں تھی تس باندی کے روپ	۱۳	چھانہ ہیں تھی چھپی سو دھوپ

ثمک کا چاند ہوا گل سوے   ۱۴   ہوے کہیں کو کہیں نہ ہوے

وغیرہ

(پ) مرکب تشبیہیں

جیوں جھاڈ تھیں ٹوٹے پانت   ۱   باد پھراوے اوس جس بھانت

تیتی بھانت سو پھرتا جاے   ... ...

جیوں وے تولتا دن رات   ۲   تیوں اس کی بھی وہی سو بات

جیوں دو شمع سو جلتیاں دور   پن بن بگٹ دوہوں کا نور

(ت) مبالغہ

مبالغہ کا کمال یہ ہے کہ وہ مبالغہ محسوس نہ ہو۔ ذرا خوب محمد کے یہ چند مبالغے دیکھئے:

چین مہیں چتیارے جان   ۱   چتریں مور سو اڈتے آن

کہیا بادشہ کن چل جائیں   لکھ پانیں پر نقش دکھائیں

سب ٹھاہوں رنگ ایسے دیت   باد بند چتراون کیت

صورت اس اس بھانت لکھایں   ۲   جہاں وہم کے پاو بندھایں

زور بھار بن ہوا سو آج   ۳   جیوں رنگ بھار چھتاج نہ تھاج

پیئے جو تھے پیالے مکھ لاے   ۴   ڈھلے سو وہ آنکھوں منہ آے

میں یہاں اسی پر اکتفا کرتا ہوں۔ صنعتوں کی مثالیں عمداً نہیں دے رہا ہوں کہ ان کا استعمال دراصل شاعر سے کہیں زیادہ کسی ناظم کی صلاحیتوں کا پتہ دیتا ہے۔ بہرحال خوب محمد نے عورت کا جو سراپا بیان کیا ہے اسے پیش کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔

(ٹ) عورت کا سراپا (تریاراج)

اسم الہٰی مرد پچھان   ناتوں ذات کا عورت جان

ذات سو ہر ٹھا ہر سلطان   تریاراج ہوا اس شان

کنیہ چال ڈھلکتی ڈھال   ترنگ چنچل چکر جنجھال

دل پت جیت چلے سینار   باندہ چڈھیا تنہ جوبن بھار

دیکھت ماں جے جیو بہلاے   دے چھب ایک انی دکھلاے

حسن جو سوہے سو ہے تانہ   دوجا لاس ورن رنگ مانہ

فوج سوڑاوے جتنے دوے
طرفوں فوج حسن رنگ ہوے
سور دھیر تنہ غمزے ناز
مار مار ہور ہی آواز
اک پر ایک بھلے اوڈھ چال
سکے نہ دل ہتھیار سنبھال
بھنوں دھنک دھر ماریں تیر
من بیدھیا تنہ کیا تدبیر
دیوے لس تربھوں اسیس
لیس کمثلہ چھتر سو سیس
روپ اکل کس کلت نہ آے
فوج سو اوس برق بچھنائے
صبر نہ رہوے دیکھت بار
بھاگ چلے سنتو کھ قرار
وہ دسں جایں بکھر کریوں
تکی کرل پریشاں جیوں

اور اس کا یہ روپ بھی ملاحظہ کریجئے :

ہیب اس کی کیا کہوں بکھان
جگ جیوک ہے وہی سو جان
سیت سیام رتنالی نین
مست اونوے جیوں چڈھ کین
پان دھڑی کھل بیٹھی یوں
نانیں دھنک گگن منہ جیوں
دسن سو چھلکیں بیچ اونھار
جوبن گرج رہیا دھر بار
کرل گھٹا گھن گھور دکھاے
چاتک سور سورت کنٹھ لاے
پون سو بھا و تتی کے بھاؤ
برکھا امرت بچن بتاؤ

(ث) ایسے اشعار جن میں ضرب المثل ہونے کی صلاحیت ہے ؎

کا ہے کہ گذریا وقت نہ پاے
آتا وقت سو کیسا آئے
سانپ سو ہے جنہ ہووے گنج
شربت تنہ مکھیوں کا رنج

وغیرہ

(ج) انتظار عاشق میں معشوق کی بے چینی اور اس کی آمد کا اہتمام ؎

مانجہ سرہی آتا ہے تنگ
آو تو مست ہوے تم سنگ
گل بندھن کر بیٹھی پھول
ہار جیت تم آیں قبول
تن صندل اینہاں گھسولے
آو تو ٹک تلوے سہلاے
آو تو تم سکھ دیکھت بار
پاو پڑے ان مانیں ہار

(چ) عاشق و معشوق کے راز و نیاز ؎ (اس وقت کے رہن سہن کا طریقہ بھی دیکھتے چلئے)

عاشق اور معشوق اک ٹھانہ / بیٹھے تھے جا باڑی مانہ
تنہ بیٹھے یوں کیتی بات / رہے خواص وہی دن رات
ہویں بہت ہنر جس پاس / محلدار کر راکھوں تاس
تب عاشق اٹھ کیا سلام / ہور یہ اردا دیا تمام
کپڑے باسوں تیل لگاؤں / چھانٹوں پھول اور پان کھلاؤں
اس بن ہنر جو ہیں جگ مانہ / بوجھوں ہوں عالم تس ٹھانہ
تب اس کپڑے راکھن دیت / بھی اک دن یہ بات سو کیت
خاصا تری جو باندھے کوے / دے تس دن منجھ پاسے سوے
ان سن رشک بتی اوس ٹھار / گھوڑا بھی کیتا اختیار
گھوڑا پچھلی رات بنائے / سر ٹھاکر کپڑوں کن آئے

(ح) اس زمانے کی طرز معاشرت کا ایک نمونہ "عاشق و معشوق کے راز و نیاز کی صورت" میں آپ نے دیکھا، اب ذرا ڈومنیوں، بلوچنوں اور سندھنوں کی کیفیت بھی ملاحظہ کیجئے ؎ (تمثیل دہم)

وہم ڈومنیاں کریں بسیکھ / اون کا ایک تماشا دیکھ
پھسلے چھالے تیل لگائے / پان مسی کر کسوت آئے
باندھے تھن چولی منہ تان / دہم جوانی کا کر جان
جو وہ کاڈھی بوڈھی ہوئے / تو بھی اوس دیکھے سب کوئے
اور بلوچن سندھنیں جات / چھوٹے وہم پھریں دن رات
تن سیناں لرہترتا یوں / دو جو تر چھوٹے گل جیوں
تھن ہر کاندھے اوپر ناکھ / پیچھل بیٹا بیٹی راکھ
بیٹھی آگل کھان پکائے / پیچھل تن کوں دودھ پیائے
رکھے چھپیا تھن کر اک ٹھانہ / جیوں ہر لیسا موٹھی مانہ
کبھیں لڑیں اس کا بھرتھار / تس کھینچ ادھٹے وہ نار
مارے تھن سوں پکڑ سو ہاتھ / جیسے ترت ساٹ کے ساتھ

(خ) محبوبوں کی زیبائی و دلربائی کے طور ملاحظہ کیجئے ؎

تنہ معشوق سو جانے کاج / انگ ڈھنگ رنگ تلتل چتلاج

نین بھنوں کے ڈھنگ چڑھائے — کر انجن تن پنچہ بنائے

عاشق محبوب کی خاطرداری یوں کرتا ہے ؎

بسلایا اوس حجرے مانہ — عاشق رہتا تھا جس ٹھانہ
میوا ہور خوشبوئی پان — اور سائے بھائے کئی شان

اب بے مراد محبوب کی تصویر بھی دیکھئے:

دل منہ دکھ اور منہ منہ پان — زیارت کے پانوں کی شان

(د) مذہبی خیالات اور وہم پرستی کا انداز:

۱۔ دہری ؎ جیوں دہری کہتے ہیں آج — سب عالم مل ایک خداج
۲۔ تصویر اور فرشتہ ؎ صورت ہووے جس گھر مانہ — کرے فرشتا گذر نہ تانہ
۳۔ پری کا تصور ؎ ہمیں سنیں بتیاں اک دوے — پری جو کس کی عاشق ہوے
مانس سجے اختیار سو کیں — عشق مہیں سجے اردا دین
یہ سارے اختیار سو ہوے — عورت بھی ہو آوے سوے
سبی زرنیاں پھول اور پان — کسوت رنگ چھاتی کی شان
پن معشوق کہے جس حال — پری گھرل پھرے سر بال
بڈھیں ہوے مشغول اس ٹھانہ — جان پری بھی عاجز تانہ

(ڈ) نفسیاتی مطالعہ:

خوب محمد نفسیات کے ماہر معلوم ہوتے ہیں جیساکہ ذیل کی مثالوں سے معلوم ہوگا ؎

(۱) فرض کرو اک ایسا کوے — جن آپس دکھیاج نہ ہوے
وہ دیکھے جب درپن مانہ — یا پانیں بھریا ہو تانہ
اوسے کہو یہ تیری ذات — کدہیں نہ وہ مانے یہ بات
کہے کہ ہوں ہوں میری ٹھانہ — کیوں پانیں ہور درپن مانہ

(۲) محبوب کے بلاوے پر اس کی خادمہ کے پیچھے پیچھے چلنے والے عاشق کی کیفیت ملاحظہ ہو ؎

وہ آگے گھونگھٹ منہ جاے — یہ ان سمجھیں چلیا آے
کچھ بوجھے ہے ساچی بات — سچیں ملوں گا ہوں اس رات
ات خوشیوں گدگدیاں آے — اس پہلوں جیو منیں جاے

جھوٹھ کچھو بوجھے من مانہ — کہاں سو ہوں نیں ملناں کانہ
خوف امید میہیں ڈگ دیہ — دونہ پر جیو جانیں کا چھیہ
خوشی بتی جیو جاے بسیکھ — جھوٹ تو مرناں سچ کر لیکھ

وغیرہ

(ذ) **لغت نویسی :** رسالۂ حفظ مراتب کی طرح خوب ترنگ میں بھی لغت نویسی کا رجحان ملتا ہے۔

(۱) فرس ، اسپ ، گھوڑا ؎

فرس ، اسپ یا کہو تکھار — معنوں منہ گھوڑا ہر بار

(۲) قریب ، ولی ؎ — لغت قریب ولی اوس جان

(۳) ماٹی ، ارض ، زمین ، دھرتی ؎

جیوں ماٹی تنزیہ سوں جب — ارض ، زمین ، دھرتی کہیں سب

وغیرہ

(س) زیارت کے پان

؎ دل منہ دکھ اور منہ منہ پان — زیارت کے پانوں کی شان

سوئم یا فاتحہ کے لئے " زیارت کا یہ استعمال گجرات و دکن سے مخصوص ہے ۔ اور اس کا رواج اب بھی باقی ہے ۔

(ش) گھڑیالی ؎

جیوں گھڑیالی کی آواز — چھپی سو گھڑیالی منہ باز

دیواری گھڑی کا ذکر اردو ادب میں یہ غالباً پہلے پہل ہو رہا ہے ۔

(س) شکار کے مختلف طریقے

شکرے کے ذریعے شکار :

؎ عین طبیعت سے حیوان — کھول اسے شکرے کی شان
بھوکھا راکھ اور رات جگاؤ — انکھیاں موندیں دھیان دھراؤ

کتے کے ذریعے شکار :

نفس بدل حق پا اس ٹھار — جیوں کوتے سوں کرے شکار
پلیت کوتا ہے ہر حال — ہرن شکار کیا سو حلال ۔ وغیرہ

(ش) آگ جلانے کی ترکیب

جیوں جنہ چھپی پتھر منہ آگ
کیوں رہتی ہے کہیں نہ لاگ
پتھر مہیں پتھری کے رنگ
پائیں آگ دو ہوں اک سنگ
باندھیں لے کپڑے منہ تس
تھاں ٹھنڈہی پتھری کے مس
چخ مخ ماریں پھر جو آے
روپ کا چہ بھٹکوں بھر رائے

(ص) آتش بازی کی کیفیت

پھول پٹاکوں منہ اور رنگ
کرے تا مئے کن کن دھنگ
جب مہتاب مہیں ہے سوے
تب رنگ جیوں عاشق کا ہوے
بھی کبھینک اس بھانت دکھاے
ہوے ہوائی گگن چڑہ جاے
کبھی چھٹک جاوے بے باک
جیوں معشوق سو ہوے پٹاک
کبھیں دکھوں کے جھاڑ دکھاے
ورخ مناروں منہ جب آے
کبھیں ہرے ساروں کے دکھ
نرم پھول جیوں ہے سو مکھ
رنگ نگینوں کے دکھلاے
کب ہو چرخی پھیری کھاے

(ض) مختلف پیشے

۱۔ بہروپے
لیاے بھیس بہروپا جب
اتنا تو بوجھے گا تب
کی یہ روپ رہوں اس ٹھانوں
پرکہ تری کا بھیس دکھانوں
۲۔ پان فروس
تہاں سو رہے اور دکان
تہاں تنبولی بیچیں پان
۳۔ بازی گر
بازی گر پوتلا نچاے
وے ناچے نہیں ہاتھ ہلاے
۴۔ کمہار
جیوں ماٹ دیکھے کونبھار
پاوے اس میں تیتی بار
دیکھے قابلیت ہے تانہ
ابدار خانہ ہے تس مانہ
وغیرہ

۵۔ سامان موسیقی بنانے والے

عرب بانسلی گھڑیں سو جب
چھیک پاڑ خالی کر سب
نال تونبڑے تاراں تانہ
میر گھڑا بھنوریاں اک ٹھانہ
سارنگی کر ساز سو سب
ٹھاٹھے جنترے بوجھیں تب

۶۔ چھپائی چھاپ کرے کاغذ پر کوے سب چھاپا اک بیراں ہوے

۷۔ کرتب دکھانے والے:

بجانیں جیوں کھیلیں لاگ دونہ ڈوروں پر چل دیں ماگ
انیں انیں پر راکھیں جوڑ اوس پر سہ بھر رہیں بہوڑ
یہ کسرت ستا کی ماٹ دھیرے دل ہتیں کھیلیں کھاٹ

۸۔ پنھاری جیوں پنھاری گھڑے چڑھاے دھیان باندہ بھرا لے جاے
ہنسی ٹھکول کرے سب ساتھ گھڑا پکڑ وہم کے ہاتھ
باج دہم ٹل سکے نہ راکھ چھوٹے دھیان دیوے تب ناکھ

۹۔ سوتھار (بڑھئی) ؏ ہوے لکڑا تو گھڑے سوتھار

۱۰۔ لوہار ؏ لوہا جو ہوے تو گھڑے لوہار وغیرہ

(ط) کھیل اور مشغلے

پتنگ بازی سے جہاں پونگڑے گڈی اوڑائیں باو کدھر ہے تنہ کیوں پائیں
چیٹی بھر رج ناکھیں تانہ غلبا ہے ٹڈھاں رنگ مانہ
یہ نتھیں کی عادت ہوے گڈی اوڑاویں گے جے کوے

کبوتر بازی سے طالب کوکس کا جب ہوے اوس کی عادت سیکھے کوے
اوسے کبوتر کھیلیا بھاے یہ بھی ٹولا ملا اوڑاے
جن کھیلوں سوں اس کی میل یہ اختیار کرے وہ کھیل

(ظ) سواریاں

جہاز سے دریا ہے معرفت مجاز دل تس مانھیں جیوں جہاز
پانیں کہے ڈبوں اتال جے منجھ اوپر آوے چال
یہ لکڑی کا جھاز گڈھاے سوتا بیٹھا کیسے جاے
باندھے سڑہ جیوں باو بھرلے باد پاس یہ جہاز تناے

پالکی سے جب پوری بے ہوشی آے لیاؤ پالکی مانہ سلاے

(ع) ایک شاندار عمارت کی شان ملاحظہ ہو۔ خوب محمد اس عمارت کو محل سے تعبیر کرتے ہیں۔

یونھیں آے محل اک مانہ تن اینٹوں سس سورج چھانہ

روشن گچ کی صفا سو کیوں — صاف سو دل عارف کا جیوں
شمع ہلا لوں کا کنہ اور — قندیل اور فانوس کروڑ
اونہاں زماناں مانگ اوجال — اینہاں کلھاوے دیس اتال
تخت سو بھاری نگوں جڑاو — جوت سو ہر رنگ کی بن باو

خوب ترنگ کی لسانی خصوصیات

قطع نظر اپنے نہایت دقیق موضوع کے خوب ترنگ لسانی اعتبار سے بہت ہی اہم ہے۔ پراکرت اور جدید ہندوستانی کے درمیان اس کی زبان کو عبوری زبان کا نمونہ قرار دیا جاسکتا ہے۔ اس کے مطالعہ کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہنچے بغیر نہیں رہ سکتے؛ اس میں وہ لسانی خصوصیات پائی جاتی ہیں جو قدیم پنجابی، قدیم برج، قدیم دکنی اور قدیم مرہٹی میں بھی ملتی ہیں۔ بلکہ سچ تو یہ ہے کہ یہ لسانی خصوصیات پراکرت کی تقریباً تمام اپ بھرنش شکلوں میں مشترک ہیں۔ اس سے یہ قیاس لگانا کہ زمانۂ گذشتہ میں برعظیم ہندو پاکستان میں جو عوامی بولی رائج تھی وہ بہت سے عناصر مشترک رکھتی تھی۔ قدیم پنجابی اور دکھنی کے بعض مشترک عناصر پروفیسر شیرانی مرحوم وغیرہ نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ مسلمانوں کے ساتھ ساتھ یہ زبان پنجاب سے دہلی اور بعد ازاں گجرات اور دکن میں پہنچی۔[1] اگر ان زبانوں کا تعلق صرف چند الفاظ یا چند صرفی صورتوں تک محدود ہوتا تو غالباً یہ قیاس صحیح ہوتا لیکن قدیم گجراتی اور قدیم پنجابی میں جو تعلق نظر آتا ہے وہ صرف ایک فتح مند لشکر یا چند خاندانوں کے ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں منتقل ہونے سے پیدا نہیں ہوسکتا۔ اس لئے یہ نتیجہ نکالنا کہ دونوں زبانوں کی بنیادی شکل ایک تیسری زبان ہے، غلط نہ ہوگا۔ اور اس تیسری زبان کی کچھ خصوصیات ان دونوں میں وراثتاً آئی ہیں۔ اور بعض خصوصیات مقامی اثرات کا نتیجہ ہیں۔ تاہم جہاں تک اردو اور گوجری کا تعلق ہے، یہ کہنا بھی غلط نہ ہوگا کہ یہ دونوں ایک ہی زبان کے دو نام ہیں۔ اس کی شکل گجرات میں بہت پہلے (ہندوستان کے دوسرے علاقوں کے مقابلے میں) ہوئی اور یہ زبان یہیں سے ہندوستان کے دوسرے علاقوں میں پہنچی۔ اور خوب محمد کے زمانے تک آتے آتے ادبی تشکیل کا ایک دور بھی اس پر گذر گیا۔[2]

---

[1] پنجاب میں اردو۔ ہندوستانی لسانیات
[2] مقالۂ ڈاکٹر مدنی

اس سے قبل کہ ہم خوب ترنگ کی لسانی خصوصیات پر ایک نظر ڈالیں مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہم اس کی زبان کے متعلق خود خوب محمد کا بیان سن لیں جو اس سلسلے میں خصوصی اہمیت رکھتا ہے ؎

جیوں میری بولی منہ بات　　　عرب عجم مل ایک سنگھات

اس کی شرح میں خوب محمد کہتے ہیں:

"ہر یکی شعری بزبان خود تصنیف کردہ اند و میکنند من بزبان گجرات کہ الفاظ عربی و عجمی آمیز ست گفتہ ام۔" (امواج خوبی)

گویا خوب ترنگ یا خود خوب محمد کی زبان وہ "زبان گجرات" ہے جس میں عربی اور عجمی الفاظ کی آمیزش ہے۔ اور اس طرح خوب ترنگ کی زبان گجرات کی اس زبان سے ممتاز ہو جاتی ہے جسے گجراتی کہا جاتا ہے۔ یہ ممتاز زبان اردو کی وہ قدیم شکل ہے جسے گوجری یا گجری کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس کی صراحت بھی خوب محمد نے کر دی ہے۔ ؎

جیوں دل عرب عجم کی بات　　　سن بولے بولی گجرات

اس کی شرح سن لیجئے:

"مانند دل کہ کلام عربی شنیدہ و ترجمہ وار بزبان عجمی گفت و سخن عجمی در ہندی آوردہ بیان کرد۔" (امواج خوبی)

یہ ہندی وہی گوجری ہے جس کی لسانی خصوصیات خوب ترنگ کی روشنی میں یہاں پیش کی جا رہی ہیں:

(۱) مصادر کی کیفیت

أ۔ امر کے آخر میں علامت "نا" کا اضافہ:

۱۔ کہنا ؎　　تنہ میرا کہنا ہے کیوں　　　بات سنیں ہوگی تیں جیوں

۲۔ ہونا ؎　　ایسا وقت نہ ہووے دوبار

۳۔ ہوونا ؎　　جب پرگٹ ہووے اس ٹھانہ

۴۔ جانا ؎　　تنہ مولود محمد جان

۵۔ دھرنا، سمجھنا ؎

سن سن تو دھروں کے کان　　　خوبیں دل سمجھا اس شان

وغیرہ

(ب) امر کے آخر میں علامت "ناں" کا اضافہ:

۱۔ لیناں	سے	جو دے لیناں سہنگا مول	تنہ کھوٹے دل کا کیا بول
۲۔ امڑناں	سے	کشف ولی ہور نبی جو کوے	اینھاں امڑناں کے نہ ہوے
۳۔ چھپناں	سے	پرتگ کھولے تعین مانہ	ذات کھوے چھپناں تس ٹھانہ
۴۔ کھولناں	سے	بن پردے پردا ہے اس	پردے منہ کھولناں ہے تس
۵۔ بڈھناں	سے	تج بڈھناں دے تجے سو جیوں	ہبیں جسا جیوں ٹینبا تیوں
			وغیرہ

(ج) فارسی سے حاصل کردہ مصادر:

بخشیدن سے بخشنا	سے	ہوے غفورانیں تو اب	توبہ دے بخشے ہر باب
			وغیرہ

(۲) وقت: مختلف حصوں کے مختلف نام

۱۔ وقت	؏	وقت زمانیں منہ موجود	
۲۔ زمانہ	؏	سبی زماناں برس ملایں	وغیرہ
	؏	وقت زمانیں منہ موجود	وغیرہ
۳۔ ازل، ابد	؏	ازل، ابد دونہ اک ٹھنہ پایے	وغیرہ
۴۔ دن، رات	؏	دیکھ پچھانوں جس وات رات	
دیس (دن)	؏	دیس واعدے کا تھا جب	
دھاڑا (دن)	؏	پھر مہینا سو دھاڑے تیس	
نس (رات)	؏	جیوں کلف دیتا ہوے نس	وغیرہ
۵۔ کہ (صبح)، فجر	سے	کہہ نزدیک کھیا اس وَل	آج فجر ہے منجھ سحل
تڑکہ	؏	تڑکے کی تاپوں کل جاے	وغیر
۶۔ شام، سانجھ	؏	سانجھ مہیں لے ڈھانپیا دیس	
سرسانده (سرسانجھ، سرشام)	؏	ہوں سنتا ہوں یہ سرسانده	
مغرب	؏	کھیا ملیں مغرب کوں کال	وغیرہ
۷۔ پل	؏	دو پل رہے لو جاوے بھان	وغیرہ

۸۔ گھڑی	۶	جنہ گئی رات گھڑی اک دوے	
	۶	برس ماس گھڑی نمود	
گھڑیاں	۶	دیس سوہیں گھڑیا پانچ بتیس	وغیرہ
۹۔ پہر	۶	آٹھ پہر رہے مل دن رات	وغیرہ

۱۰۔ دوپہری (دوپہر) ۶ جب دوپہری بیلاں آئے وغیرہ

۱۱۔ مہینہ: مہینا	۶	پھر مہینا سو دھاڑے تیس	
مانہ	۶	یوں نھیں کرتیں کیتک مانہ	
ماس	۶	برس سو بارہ ماس کہایں	وغیرہ
۱۲۔ سال: برس	۶	پن وے برس مہیں اک بار	وغیرہ
۱۳۔ کل: کال	۶	باندی آئے کہے سب کال	
	۶	کھیا ملیں مغرب کوں کال	وغیرہ
۱۴۔ کل، پرسوں	۶	کل پرسوں تھا دیا محل	وغیرہ

۱۵۔ زمانے: ماضی، حال، مستقبل سے۹

ماضی ہور مستقبل سب عین حال موجود سو اب

حال	۶	حال وقت اوس ناوں دھرائے	وغیرہ

۱۶۔ دوسری، تیسری، چوتھی، چاندرات ۶ بیج، ترتیج، چوتھ ہرناوں وغیرہ

(۳) مختلف رنگ

سفید، اجلا	اجلا	۶	تب ہو اجلا پھٹک سو جاے
	اوجلا	۶	کالا اوجلا ہووے رنگ
زرد		۶	تس رنگ جیوں سونا ہے زرد
نارنجی		۶	ہری زرد نارنجی تیوں
سرخ	رترا	۶	جیوں چوناں ہور ہلد ملایں
	رتری	۶	رتری سوں دوہوں ہیں جوے
	لال	۶	غوسا چڑھے ہوے لال سو رنگ
سبز ہری		۶	ہری زرد نارنجی تیوں

سبز ہری		۶	پوپٹ جیسا بیڑا پان
کالا		۶	ولے جل کالا کاٹھی ہوے
سیاہی		۶	
نیلا		۶	عین نہ نیلا کرے خیال
نیلا، سبز	نیلاکچھنال	۶	تب رنگ جیوں نیلاکچھنال
کچے انار کی طرح	نیلاکچھنال	۶	تب رنگ جیوں نیلا کچھنال

دھندلا ۔ دھونکھلا سے

رنگ دہونکھلا جیسا سوے — دھوپ چھانہ بچ مل جیوں ہوے

سرخ ۔	رتری		
سیاہ ۔	کالی	۶	رتری کالی پیلی ذات
زرد ۔	پیلی		

(۴) ذائقوں کے نام

میٹھا کڑوا پھیکا کھار — یہ طبیعت کا سبی بچار
سانپ جو ڈسیا ہووے کس — نینب سو ہے میٹھا مکھ تس
باؤ پت جب غالب آئے — تب کڑوا سب ساؤ بجھائے

(۵) جمع کی مختلف صورتیں

ا ۔ اردو جمعیں :

اسم سے اسموں	۶	یعنی حق کے اسموں مانہ
اور سے اوروں	۶	عاشق اوروں کی دس جوے
بازو سے بازوں	۶	دو ہوں بازوں رستے جوڑ
بھانت سے بھانتوں	۶	جو آپس لکھ بھانتوں جوے
بیدا سے بیدوں (بیضوں)	۶	اثر کرے بیدوں منہ سوے
ٹولا سے ٹولوں	۶	دو نہ ٹولوں چل کیا سلام
چتیارہ سے چتیاروں	۶	تنہ کیتک چتیاروں آے
ذات سے ذاتوں	۶	ذاتوں الگی ہویں کیوں تب

رستہ	سے	رستوں	؛	تنہ رستوں خلق بیچ ہزار
طرف	سے	طرفوں	؛	طرفوں فوج حسن رنگ ہوے
نظر	سے	نظروں	؛	اس نظروں ہور صورت مانہ وغیرہ
بیدا	سے	بیدے (بیضے)	؛	بیدے پھاٹ بچے ہو جایں
ٹوٹلا	سے	ٹوٹلے	؛	دونہ ٹوٹلے چتریں دونہ ٹھانہ
خلیفہ	سے	خلیفے	؛	کرے خلیفے یوں موجود
گھڑا	سے	گھڑے	؛	جیوں پنھاری گھڑے چڑھاے وغیرہ

(ب) فارسی کے انداز پر "ان" کے اضافہ سے بنی ہوئی جمعیں :

اینٹ	سے	اینٹاں	؛	پن اینٹاں اوس بھانت دکھایں
انکھی	سے	انکھیاں	؛	مجنوں دیکھے انکھیاں کھول
بات	سے	باتاں	؛	سب ای باتاں کرے سو سوے
بوند	سے	بونداں	؛	دے بونداں ہو گرے سو جانہ
بھینت	سے	بھینتاں	؛	جیوں ظاہر بھینتاں کھلایں
بازو	سے	بازواں	؛	باندہ بازواں تنہ چھنلاے
زوج	سے	زوجاں	؛	زوج کھلے اوس زوجاں نام
شان	سے	شاناں	؛	عالم چھت کیا شاناں جان
صورت	سے	صورتاں	؛	سبی صورتاں ہیں جس مانہ
طرف	سے	طرفاں	؛	خلق خدا طرفاں ہیں دوے
گلال	سے	گلالاں	؛	بھریا گلالاں ہیں تس ٹھانہ
نسبت	سے	نسبتاں	؛	ہیں نسبتاں سو طرفاں دوے
نیک	سے	نیکاں	؛	ہر قابلیت نیکاں جیوں
ہانک	سے	ہانکاں	؛	ہاکاں ماریں بہت پکار وغیرہ

(ج) عربی جمعیں

حقیقت	سے	حقایق	؛	تانوں حقایق جگ کا تانہ
ذات	سے	ذوات	؛	اوس تفصیل جمیع ذوات

روح سے ارواح	۶	اوسی روح ارواح تمام	
علاقہ سے علایق	۶	عاشق سبی علایق توڑ	
عین سے اعیان	۶	جب اعیان مہیں چھت پاے	
قلب سے قلوب	۶	یہی قلوب ہور یہی مثال	
مرتبہ سے مراتب	۶	توسب پانچ مراتب ہویں	
موجود سے موجودات	۶	بگت حقایق موجودات	وغیرہ

(۶) خلاف قاعدہ صیغے

۱۔ آواز کے لئے تذکیر کا صیغہ	۶	تنہ پڑ چھندا ہے آواز	وغیرہ
۲۔ ارواح کے لئے واحد کا صیغہ	۶	تنہ مانھیں یوں ہے ارواح	وغیرہ
۳۔ باطن کے لئے تانیث کا صیغہ	۶	حق کی باطن سے ہے انسان	وغیرہ
۴۔ باس کے لئے تذکیر کا صیغہ	۶	پایا راج کنور کا باس	وغیرہ
	۶	تیسے خوش بوئی کا باس	
	۶	جب جوتیی کا باس سو پائے	وغیرہ
۵۔ تھڈ کے لئے تذکیر کا صیغہ	۶	دکھ کا تھڈ ایکل پن جان	وغیرہ
جڈ کے لئے تذکیر کا صیغہ	۶	دکھ کا جڈ اکلا پا مان	
۶۔ چال کے لئے تذکیر کا صیغہ	۶	عقل درس طبیعت کا چال	
	۶	یہ لیلیٰ کا پہلا چال	
	۶	جگ منہ بہت وہم کا چال	وغیرہ
۷۔ شان کے لئے تذکیر کا صیغہ	۶	پہلی شان نہ پایا جائے	وغیرہ
شراب کے لئے تذکیر کا صیغہ سہ			
ہوا شراب سو ہے اس ٹھار		آپیں پردا کھولن ہار	
۸۔ شرائط کے لئے تانیث کا صیغہ	۶	اوس کی کہوں شرائط اب	
۹۔ قید کے لئے تذکیر کا صیغہ	۶	تنزیہ کا بھی قید نہ ہوے	
	۶	ایک قید تنزیہ کا سوے	
۱۰۔ مقصود کے لئے تانیث کا صیغہ	۶	ان کی بھی حق ہے مقصود	

	۶	میری ہب کیا ہے مقصود
۱۱۔ میل کے لئے تانیث کا صیغہ	۶	جن کھیلوں سوں اوس کی میل
۱۲۔ مولود کے لئے تانیث کا صیغہ	۶	اسس تھیں آدم کی مولود
۱۳۔ نیہ کے لئے تذکیر کا صیغہ	سے	

پوچھیا نیہ پورا اس ٹھانہ   کہیا ادھورا ہجوں سو کانہ   وغیرہ

(۷) ضمائر

(ا) ضمائر متکلم

فاعلی حالت واحد	جمع
میں ۶ میں اس مانہ کھیاہے سوے	ہم (یہ ضمیر استعمال میں ہے مگر اس کی اپنی مثال نہیں ملی)
ہوں ۶ ہوں معلوم ہوں اس ٹھانوں	ہموں ۶ ہموں سمجھے کوں کہیا پن سمجھیں
	ہے نہیں پنیں کوں بھی ماگ نہیں
	اپن ۶ کہو اپن کیا کریں اونھار

مفعولی حالت	
منجے ۶ منجے دعا کر برائے خدائے	(مثال نہیں ملی)
منجھے ۶ منجھے فکر کر دیو جواب	
منجکوں ۶ وہ جیوں منجکوں آئی ترنگ	
ہوں کوں ۶ علم بتی جانوں ہوں کوں	

اضافی حالت	
میرا ۶ میرا جیوں کہوں ہوں جب	(مثال نہیں ملی)
میری ۶ کہے کہ ہوں ہوں میری ٹھانہ	
میرے ۶ یہی بجن لکھ میرے بھاگ	

ظرفی حالت

منجھ مانہ ۶ اتنی سان تو ہے منجھ مانہ   ہم منہ ۶ ہم منہ حادث علم واہیچ

طوری حالت۔ منجھ (سے) ۶ سمجھے ہو منجھ کہو سو تیوں   (مثال نہیں ملی)

(ب) ضمائر مخاطب

فاعلی حالت — واحد

تو ؏ تنہ تو پہلوں حق کوں پاے

توں ؏ کبھیں جو توں اس ہوں کوں پاے

تیں ؏ سمجھیا تیں جگ کا احوال

جمع

تُم (لکمؑ کا قافیہ) ؏ کرو سو یوں جب دعوت تُم

تُم ؏ فکر کرو ٹک جیوں سوں تم

تمھیں ؏ جہاں تمھیں تنہ وہی سو جان

تھوں ؏ فرق تھوں بوجھیا ہے سب

مفعولی حالت

تجھے ؏ خدا تجھے سمجھاوے بات

تونجہ

تونج

تمھیں ؏ تمھیں لباس لہن تیوں

اضافی حالت

تیری ؏ تیری قید مہیں توں جان

(مثال نہیں ملی)

ظرفی حالت

تجھ ماں ؏ تجھ ماں ہوں توں دیکھ اوس مانہ

تجہ منہ ؏ وہ ہوں خوب جو تجہ منہ توں

(مثال نہیں ملی)

(ج) ضمائر غائب

فاعلی حالت — واحد

وہ ؏ اقرب شہ رگ تھیں وہ جان

دے ؏ وے پگڑی جب لیے اتار

جمع

وے ؏ وے خالق ہے نوا نیاے (تعظیمی)

اون ؏ اون چتیاریں اور بھی مت

انھوں ؏ انھوں پالکی تہاں منگاے

وے ؏ سوتے سب نس وے گل بانہ

مفعولی حالت

اس کوں ؏ تو ہیچ اس کوں صفت سو ہوے

اوس کوں ؏ اے سب اوس کوں جے چھت ذات

تاس ؏ یہ بھی نہیں قابلیت تاس

اونھیں ؏ پوچھیا اونھیں سو ایکس بار

تن کوں ؏ پیچھل تن کوں دودھ پلاے

تنھوں کو ؏ پیا شراب تنھوں کو سوے

191

مفعولی حالت — واحد — جمع

تس کوں ع ناؤں محمد تس کوں دیتا

اوس ع جے جیسا اوس جانے تیوں

تس ع آپ سو آپس بسریا تس

اوسے ع دوزخ اوسے عذاب سوپاے

ان کوں ع ان کوں تھا یہ علم کمال

اضافی حالت

اس کا ع ظاہر علم سو اس کا ناؤں

اوسی (اس کی) ع اوسی دوستی کر مقبول

اونہہ کا ع سبع مثانی اونہہ کا ناؤں

انہہ ع انہہ پچھیں مولود سو تیں

انھوں ع ہوں تفصیل انھوں چنہ حال

ان کا ع عقلی پن ان کا ہر ٹھانہ

ظرفی حالت

(مثال نہیں ملی)

اِن ماں ع قدح قدح سب اِن ماں تیوں

اوں منہ ع اوں منہ کے کن پکڑیا نانہ

طوری حالت

تس تھیں ع تس تھیں قلب سو کہیا جاے

ان تھیں ع ان تھیں میں سنیا دن رات

تن تھیں ع تن تھیں پھوٹ دکھاے گلال

مذکورۂ بالا ضمیروں سے متعلق دوسری ضمیری کلمات

اپنیں ع جب لگ اپنیں پایں مراد

آپس ع تب آپس ناظر کہلاے

آپیں ع تو آپیں پڑھ ہوے کتاب

وغیرہ

(د) ضمیر موصولہ

فاعلی حالت — واحد — جمع

جنھیں ع جنھیں ٹٹولیا دم کے پاس

جن ع جن اس دیکھیا گئے سو کھوٹے

جنھوں ع جنھوں منجے سکھلایا دین

مفعولی حالت واحد — جمع

جسے ؏ جسے ثواب اسیچ عذاب — (مثال نہیں ملی)

جس ؏ مطلق کلی کہیں نہ جس

اضافی حالت

جس ؏ بغدادی جس چتر کلاہ — (مثال نہیں ملی)

ظرفی حالت

جس ؏ تو ہب جس مرتبے سو ذات — (مثال نہیں ملی)

طوری حالت

جس تھیں ؏ جس تھیں ہوں آپس کوں پائے — جن تھیں ؏ جن تھیں منجہ دل ہوا یقین

ضمیر موصولہ کی دوسری مثالیں :

جو ؏ جو دیکھے سو مول بڈھائے

جے ؏ ارض سما منہ جے نہ سمائے

جو، سو ؎ نرمائی کوں ہاتھ جو لائے
موم جو عین وجود سو پائے

جے، سوئے ؎ آوے قید نہیں جے کوے
اوس پہلوں بے قید سو ہوے

جے، سو ؎ نفی کریں یا کر اثبات
عین مراد سو شئے جے ذات

(۵) ضمیر استفہامیہ

فاعلی حالت واحد — جمع

کن ؏ اون منہ کن پکڑیا نانہ — (مثال نہیں ملی)

مفعولی حالت (مثال نہیں ملی) — (مثال نہیں ملی)

اضافی حالت

کس ؏ عرف نفسہ ذات سو کس — کنھوں کے ؏ ہرن کنھوں کے پڑیا پاس

ظرفی حالت

کس منہ ؏ پن جب کس منہ دیا چھپائے — (مثال نہیں ملی)

طوری حالت

(مثال نہیں ملی) — (مثال نہیں ملی)

(د) ضمیر اشارہ

۱	اِس	۶	دیکھے اِس مرتبے سو آن
۲	اُس	۶	اُس کھیا سی برباد
۳	اسی	۶	اسی روح ارواح تمام
۴	اوس	۶	دیکھے اوس پاسے کا سوے
۵	اوسی	۶	اوسی صفت سنہ فاعل تانہ
۶	اوسے	۶	اوسے صحیح کر برائے خدائے
۷	اِن	۶	اِن بولوں نقصان نہ جان
۸	اُن	۶	عقلی پن اُن کا ہر ٹھانہ
۹	اُون	۶	اون چھپانہوں کی شان نمود
۱۰	ای	۶	پن ای دو نسبتاں سو جانہ
۱۱	اسے	۶	یا اللہ اسے مدح رسول
۱۲	ایہ	۶	تحت قبائی ولی سو ایہ
۱۳	ایہاں	۶	ایہاں بگت علمی سنہ پاے
۱۴	اینہاں	۶	اینہاں امڑناں کے نہ ہوے
۱۵	تہاں	۶	تہاں صفت تشبیہ نہ کوے
۱۶	جہاں	۶	بیٹھی جہاں تری کی ذات
۱۷	اونھاں	۶	اونھاں اوچھانیاں کوڑ ہزار
۱۸	تس	۶	پن تس سوت سوجیو کا قوت
۱۹	تن	۶	تن منہ ای دو غیب سو جان
۲۰	سو	۶	عین مراد سو شئے سجے ذات
۲۱	سوے	۶	(آے وجود مہیں سجے کوے) پہلوں سوے عدم منہ ہوے
۲۲	وہ	۶	وہ جب ایک فرد کن پاے
۲۳	وہی	۶	دیکھے وہی پیشانی سوے
۲۴	یہ	۶	سارے نسخے منہ یہ بات

۲۵ یہی ۶ یہی فاتحہ یہ اخلاص

(ز) ضمائر تنکیر

کوے ۶ آ ے وجود نہیں جے کوے
کس کی (کسی کی) ۶ کس کی چھت پر چھتا نہ سوے
کچھ ۶ منجہ مقدار صفت کچھ آ ے
کچھو ۶ سنتیں کچھو نہ کیجئے ننگ
ہرٹھاہر ۶ جب یہ چھت ہرٹھاہر پاے
کو ۶ پن کو صفت نہ امڑے ثانہ
کوئی ۶ پاین جو امڑے کوئی صفات وغیرہ

(ح) صفات ضمیری

صفات مقداری

اوتناں ۶ اوتناں اوسے مراتب ہوے
جتنیں ۶ جتنیں جنسو گنو عذاب
جتناں ۶ جتناں اینہاں سکے رہ کوے
اتنیں ۶ اتنیں ساں تو ہے منجہ مانہ
اتناں ۶ پن اتناں کہوں گو دبچھاے
اتنا ۶ تب اتنا تو ہے من مانہ
اوتنیں ۶ اوتنیں بھاگ بتی ہور تیل
تیتی ۶ رہیں خدا سوں تیتی بار
جیتی ۶ جل درپن ہے جیتی بار
کیتی ۶ ہے موجود سو کیتی شان
تتنا ۶ تتنا عاشق کوں بس ہوے

صفات ذاتی

ایسی ۶ ایسی بھانتیں رنگ ملاے
جیسا، تیوں ۶ جے جیسا اوس جانے تیوں
ووں ۶ ووں ہووے جیوں کرے خیال
تیسا ۶ ہے تیسا کہ کہیا جاے
ایسا ۶ ایسا بوجھ کرے انکار
ویسا ۶ ویسا دیہ جواب سو تب

ان کے علاوہ دوسرے الفاظ یہ ہیں :

ای ۶ ای دونیں نسبتاں پچھان
ہرافراد ۶ صحت مانگے ہرافراد

ہر ہر — ء — جزی سو ہر ہر مانس مانہ
کو — ء — کوئی بول دیوے کو لیسلی جانہ
اے — ء — اے سب اوس کوں جے چھت ذات
ایہ — ء — تخت قبائی ولی سو ایہ
فلاں — ء — ہوں فلاں یہ کافر نفس
فلانے — ء — یہ تو کہیا فلانے یار
فلانیں — ء — پوچھے میاں فلانیں کانہ
آگل — ء — آگل بیٹھی کھان پکاے
پیچھل — ء — پیچھل بیٹا بیٹی راکھ
بعضوں — ء — بعضوں دیکھے روح بماس
جیوں — ء — جیوں کو بھینت پریں چل جاے
سارے — ء — سارے نسخے منہ یہ بات
ساروں — ء — یہ ساروں مل پر تھی بات
سب، پاچھے — ء — پاچھے دل سب گئے تس ٹھانہ
کے — ء — اوس کوں پہ پر دکھ ہیں کے
ہجوں — ء — دیپا جواب ہجوں ہے خام
آپ — ء — گھاٹ آپ منہ منیں سوناں ایکھٹے تھے ...
تس، پاچھا — ء — پاچھا دلیا تسی اونھار
چھیلا، (آخری) — ء — چھیلا ایک تعین جویں
سگلے — ء — جگت عالم منہ سگلے آے
کیاں شاناں — ء — عالم چھت کیاں شاناں جان
محلی — ء — آے تری کی محلی تانہ
حضوری — ء — علم حضوری ہے تس ٹھانہ
یوں — ء — ہوس دھرے یوں من منہ آن
سبی — ء — اس کا کھیا سبی برباد

تیوں ہی	۶	تیوں ہی کہوں گا کریں نہ کھوڑ	
کل، جز	۶	کل مراتب جز منہ لیاؤں	
اجان	۶	غلط نہ پکڑیں اہوں اجان	
پچھیس	۶	پچھیس اوس کی تنزلات	وغیرہ

(۸) افعال لازم و متعدی

(۱) افعال لازم و متعدی کا اندازہ مندرجۂ ذیل مثالوں سے لگایا جاسکتا ہے:

۱۔ دیکھن جاے، کہلاے	۵	جیوں آرسی دیکھن جاے	تب آپس ناظر کہلاے
۲۔ سمجھاوے	۵	خدا تجھے سمجھاوے بات	پاے مراتب منہ توں ذات
۳۔ پاے، دکھاے	۵	چھت وجود سو موج پاے	اور گھوڑا موجود دکھاے
۴۔ دکھلاوے	۵	موم ہییں نرمائی ماٹ	دکھلاوے گھوڑوں کی گھاٹ
۵۔ سکھلایا	۵	جنھوں منجے سکھلایا دین	جن تھیں منجہ دل ہوا یقین
۶۔ سکھایں	۵	جیوں معنی رحمان سکھایں	رزق سو مومن کافر پایں
۷۔ کھلاؤں	۶	چھانٹوں پھول اور پان کھلاؤں	وغیرہ

(ب) فعل ناقص کی مثالیں

۱۔ راکھوں	۶	محلدار کر راکھوں پاس	
۲۔ باسوں	۶	کپڑے باسوں تیل لگاؤں	
۳۔ چھانٹوں	۶	چھانٹوں پھول اور پان کھلاؤں	
۴۔ بوجھوں	۶	بوجھوں ہوں عالم تس ٹھانہ	وغیرہ

گجراتی کے فعل "چھے" کی استعمال کی مثالیں:

۱۔ چھے	۵	قل ہو اللہ احد اک دس	الہکم واحد چھے تس
۲۔ چھوں	۵	یہ ہوں چھوں رہیا جیوں جان	اے جیوں وحدت تیوں بچ آن وغیرہ

(ج) فعل کی امری صورتیں[1]

---

[1] یہ صورتیں اردو اور پنجابی میں بھی ملتی ہیں۔ ملاحظہ ہو پنجاب میں اردو ص ۹۷ و مابعد

(۱) علامت مصدر کے حذف کرنے کے بعد۔

لکھنا سے لکھ ؎ یہی بچن لکھ میرے بھاگ

سننا سے سن ؎ سن موجود چھتا جس نانوں

دیکھنا، بچارنا سے دیکھ، بچار ؎ تیوں ہوں ہوں مل کر دو چار کی ہوں ایکج دیکھ بچار

وغیرہ

(۲) جمع مخاطب میں ایک واؤ کا اضافہ:

آؤ، پاؤ ؎ اقرأ کتابک اس بھانت آؤ کفیٰ بنفسک معنی پاؤ

دیو ؎ منجھے فکر کر دیو جواب

دیکھو ؎ دیکھو انکھیاں میچ سوتب وغیرہ

(۳) امر کے بعد "ے" کے اضافے سے مضارع اور امر کا مفہوم پیدا کیا ہے۔

مت بوجھے ؎ مت بوجھے ہے چھوکرواو

بھرے ؎ بھرے تو نو کج کی مقدار

پاے ؎ جو کچھ خطا تو اس منہ پاے

کہیئے ؎ گھاٹ سونے کا کہیئے جیوں وغیرہ

(۴) صورت ج میں بعض جگہ "ی" جیم سے بدل دی ہے۔

کیجے ؎ دوی سمجھ کر کیجے سیر

دیجئے ؎ وہ دیجے جے کرے سوال وغیرہ

(۵) امر کے بعد جمع مخاطب میں یو کا اضافہ۔

لیو ؎ دوجا نانوں سو لیو تب جان

دیو ؎ نہ دیو زمانیں کوں تم گال

کریو ؎ جب بسرے تب کریو ... وغیرہ

اس کی انفی صورت

لیوں ؎ یہ لیوں ملک کہے جب دل

(د) مضارع کی صورتیں:

(۱) امر کے بعد "ے" کا اضافہ۔

مانے	ع	کبھیں نہ وہ مانے یہ بات	
بسارے ، رکھے	ع	رکھے بسارے یہ استاد	
دکھاے	ع	تن تھیں پھوٹ دکھاے گلال	
پچھاڑے ، چونتھے	ع	آپ پچھاڑے چونتھے بال	وغیرہ

(۲) امر کے بعد وے کا اضافہ۔

دکھاوے	ع	چھت کا نور دکھاوے تب	
آوے	ع	دل منہ آوے یہ مشکل	
ہلاوے	ع	روح ہلاوے کیوں من آن	
پاوے	ع	ہب تھیں صفت سو پاوے جانہ	وغیرہ

(۳) صورت ب بلحاظ جمع

کھاویں	ع	یہ پھیریں اور کھاویں ٹھور	
آویں	ع	جانے وہ بھی آویں نانہ	
دیویں	ع	کہ مجنوں جب دیویں بول	
لیویں	ع	خوب محمد لیویں نام	وغیرہ

(۴) صورت ا بلحاظ جمع

بندھایں	ع	جہاں وہم کے پاد بندھایں	
لیایں	ع	جیوں بانیں کوں لیایں اناج	
پایں	ع	جس منہ انسانیت پایں	
لکھایں	ع	صورت اس اس بھانت لکھایں	وغیرہ

(۵) ماضی

۱۔ ماضی مطلق بنانے کے لئے اردو کے قاعدے کے خلاف بجائے ا کے

(۱) یا کا استعمال

دھریا	ع	جو سا سو دھریا تس کا نانوں	
کہیا	ع	تس تھیں قلب سو کہیا جاے	
پوچھیا	ع	معشوقیں اوس پوچھیا تب	وغیرہ

(ب) زائد 'ی' کا استعمال

دییا ؎ دییا جواب ہجوں ہے خام

۲۔ ماضی تمام میں زائد 'ی' کا استعمال

کییا تھا ؎ وہم کییا تھا تس کی ذات

۳۔ 'جانا' سے ماضی بنانے کا وہی قاعدہ خوب ترنگ میں ملتا ہے جو اردو میں مروج ہے۔

جانا سے گیا ؎ کنہ تھیں آیا گیا سو کانہ

جانا سے گئی ؎ کنہ تھیں آئی گئی کنہ سوے وغیرہ

۴۔ 'دینا' سے ماضی مطلق 'دیا' بھی خوب ترنگ میں موجود ہے۔

؎ پن جب کس منہ دیا چھپاے

(۸) ماضی شرطیہ

ماضی شرطیہ اردو ہی کے قاعدے سے بنی ہے مگر خوب ترنگ میں اس کی بیشتر الفی صورتیں ملتی ہیں مثلاً

(۱) پاتیں ؎ پھر پاتیں چھت ذاتج پاے

(۲) ہوتیں ؎ دے بنسے ہوتیں نسیان

(۳) جاتیں جاتیں ؎ جاتیں جاتیں اوسی اونھار

(۴) کرتیں ؎ یونہیں کرتیں جن اک دوے وغیرہ

غیر الفی صورتیں :

(۱) ڈھونڈتے ؎ اسے ڈھونڈتے آپس کھوے

(۲) اڈتے ؎ چتریں مور سو اڈتے آن وغیرہ

(۹) بعض مصادر کی ماضی خلاف قاعدہ آئی ہے۔ مثلاً لینے، دینے کی ماضی لیتا، دیتا۔ اس کا استعمال دکنی، گوجری اور پنجابی میں پایا جاتا ہے[1]

(۱) کیتا = کیا ؎ ہور یہ کیت عزش تر

؎ کیتا سبی منتار امول

(۲) دیتا = دیا ؎ بھر دیتا اوس اپنیں ہاتھ

؎ دیتا ورنہ ٹولوں کوں مان

(۳) لیتا = لیا ؎ کاربار کرتا سب دیس رات بھرا لیتا اور بھیس وغیرہ

(۱۰) مستقبل

مستقبل بنانے کا اندازہ مندرجۂ ذیل مثالوں سے لگایا جاسکتا ہے:

(۱) کہینگے	ے	آپیں چھپتا کھلا ہے جد	روشن ہوا کہینگے تد
(۲) بولے گا	۶	سنے سوجے بولے گا سوے	
(۳) سمجھیگا	۶	تو سمجھیگا یقین سو آن	
(۴) کھونگا	۶	تیوں ہیں کھونگا کریں نہ کھوڑ	
(۵) دھراوینگے	ے	ہر مرتبے سو اس کے ناؤں	اور دھراویں گے سب ٹھانوں
(۶) دھرینگے	ے	روح دھریں گے اسی مقام	گھڑے کوز مخلوق تمام
(۷) دکھلاوگی	۶	صفا سو دکھلاوے گی سوے	
(۸) ملیگا	۶	پر تک خواب ملے گا سوے	
(۹) لاگے گی	۶	تالی لاگے گی اس مس	وغیرہ

اس "گا" کی علامت کے علاوہ مستقبل کی ایک اور صورت ملتی ہے: امر کے بعد "ہ" کا اضافہ۔ یہ صورت پوربی میں پائی جاتی ہے۔ مثال۔

(۱) دیہ (دے گا)	۶	وجود اضافی دیہ جلاے
(۲) لیہ (لے گا)	۶	وے پگڑی جب لیہ اتار

(۱۱) "گا" حال کے معنی بھی دیتا ہے۔ اس کا استعمال اب اردو تحریر میں نہیں ملتا مگر عوام کی بول چال میں اب بھی سنائی دیتا ہے۔ ویسے قدیم اردو اور پنجابی میں اس کا استعمال ہوتا رہا ہے۔[1]

(۱) سنی ہوگی کے لیے سنی ہوئیگی (تشکیہ اقراری)	ہے	جو سا بھرے کچھ یہ نہیں دور سنی ہوئیگی بات مشہور
(۲) باقی بچیگی کے لیے باقی رہوے گی	ے	نفی فلان پتاں کر اب ہوں مطلق رہوے گی تب
(۳)	ے	آپیں آپ کھلا ہے جد روشن ہوا کہینگے تد

(۱۲) فعل ناتمام میں ا کا حذف مثلاً

(۱) دیکھت ۶ صبر نہ رہوے دیکھت بار

[1] پنجاب میں اردو ص ۹۹

(۲) کرت ۶ کرت پالکی مانھیں خواب

(۳) کہت ۶ آہ کہت بھر راوے جھال وغیرہ

فعل کے ساتھ "کر" کا استعمال

(۱) ۶ جوں آرسی کوں کر دیکھ

(۲) ۶ یہ آگیں کر کہوں یہ بیکھ وغیرہ

(۱۳) فعل مطابق مفعول

(۱) ۶ بھریاں گلالاں ہیں تس ٹھانہ

(۲) ۶ جس مقصود کہی میں بات

(۳) ۶ کیاں عذرخواہیاں سمجھائیے

(۴) ۶ ہویاں جو باتاں جا معراج

(۵) ۶ انکھیاں کھولیاں جیتی بار

(۶) ۶ جیوں دو شمع سوجلتیاں دور وغیرہ

(۱۴) مرکب افعال

(۱) اٹھ بیٹھت ۶ صفتوں منہ اٹھ بیٹھت یار

(۲) الٹا کر دیکھ ۶ جیوں کاغذ الٹا کر دیکھ

(۳) ان دیکھ ۶ ہوں معتقد ہوا ان دیکھ

(۴) بوجھ کرے ۶ ایسا بوجھ کرے انکار

(۵) بھوک بھوک کہنا ۶ بھوک بھوک کیا کہوں تکرار

(۶) پاچھا ولیا ۶ پاچھا ولیا تسی اونھار

(۷) پڑ جاویں ۶ جیوں پڑ جاویں دانت جو جب

(۸) ٹھاک پڑے ۶ ٹھاک پڑے آ مسجد مانہ

(۹) جانیا جاے ۶ تو ایکل بن جانیا جاے

(۱۰) جانیاں کہیے ۶ جو کہیں جانیاں کہیے کب

(۱۱) جایو ناں تج ۶ جایو ناں تج یوں من لیکھ

(۱۲) جانیاں جاے ۶ جو کہیں جانیاں جاے رسول

(۱۳) خوبیں سمجھیا	۶	تو خوبیں سمجھیا اس شان
(۱۴) دھر دیکھو	۶	ہب چلیں دھر دیکھو ایک
(۱۵) دیا چھپاے	۶	پن جب کس منہ دیا چھپاے
(۱۶) دے لیناں	۶	جیو دے لیناں سہنگا مول
(۱۷) دیکھ پچھانے	۶	دیکھ پچھانے ہر ہر گھاٹ
(۱۸) سمجھی جاے	۶	بگت سو اس تھیں سمجھی جاے
(۱۹) سن دھر	۶	ہمیں کہوں ٹک سن دھر کان
(۲۰) کیا کر جانیا جاے	۶	نہیں تو کیا کر جانیا جاے
(۲۱) گذری ہتی	۶	جے جے گذری ہتی تنہ بات
(۲۲) سن کر	۶	مت سن کر کچھ کرو بچار
(۲۳) ان سمجھے	۶	مت ان سمجھے بول پھراے
(۲۴) نظر کر جوے	۶	جے اس بھانت نظر کر جوے
(۲۵) نہ کیجو دیکھ	۶	یوں انکار نہ کیجو دیکھ
(۲۶) ہوا اتراٹھ	۶	ہرن دیکھتیں ہو اتراٹھ وغیرہ

(۱۵) حالت مجروری میں بعض الفاظ کے آخر میں "وں" بڑھا دیا ہے۔ مثلاً

(۱) نظروں	۶	یہ نظروں کی عادت لیکھ	
(۲) اسماوں	ـه	یہ افعال فکر کر دیکھ	کر اسماوں مانہ بہ بیکھ
(۳) پہلوں	ـه	آئے وجود ہمیں جے کوے	پہلوں سوے عدم منہ ہوے
(۴) معنوں	ـه	علم ہمیں چھت روشن جاں	نور سو اِن معنوں نج پچھان

(۱۶) حالت ظرفیہ میں "یں" لفظ کے آخر میں لگا ہوا ملتا ہے۔ مثلاً

(۱)	ـه	ایک چکا پو پھیری کھاے	وہ پانیں حمایں جاے
(۲)	ـه	جب یہ چھت ہر ٹھاہر یاے	تب اک قیدیں گنی نہ جاے
(۳)	ـه	یوں وحدت بج کریں قیاس	پاسیں دونسبتاں سوتاس

مذکورۂ بالا دونوں حالتوں کا مخصوص استعمال دکنی اور پنجابی میں بھی ملتا ہے[۱]

[۱] پنجاب میں اردو طبع سوم ص ۱۴۴

(۱۷) خلاف قیاس جمع :

(۱) دو کی جمع دوہوں ؎ عدم وجود دوہوں اک حال

(۲) چار کی جمع چھوں ؎ چھوں دسوں میدان چھنٹا یں

اس کی مثال پنجابی اور دکنی میں بھی ملتی ہے[۱]۔

(۱۸) جب ہم مصدر کو منصرف کرنا چاہتے ہیں تو اردو کے مروجہ قاعدے کے لحاظ سے مصدر کے آخری حرف "الف" کو "ے" سے بدل دیتے ہیں۔ مثلاً نکلنا سے نکلنے، جانا سے جانے وغیرہ بنا لیتے ہیں۔ اس قاعدے کا استعمال خوب ترنگ میں بھی ملتا ہے :

(أ) (۱) دینا سے دینے ؎ ہاتھ جیو لے آے گرھاک جیو دینے کا بھی نہیں باک

(۲) پچھانا سے پچھانے ؎ وے ہب علم بصارت ماٹ دیکھ پچھانے ہر ہر گھاٹ

(۳) جاننا سے جانے ؎ حق ہور خلق نہ جانے اس مطلق علم نہ امرڑے ست

(ب) خوب ترنگ میں اس کی انفی صورتیں بھی ملتی ہیں :

(۱) ؎ ایکس علم سو کہنیں مانہ

(۲) ؎ دو ہٹا ہر جنہ چلنیں جاے

(۳) ؎ پن اک فعل سو کرنیں مانہ

(۴) ؎ باسے بہشت یوں آنیں ماٹ

(ج) تاہم خوب ترنگ میں اس کا ایک قاعدہ اور بھی ہے یعنی مصدر کے آخری حرف "الف" کو اسی مقصد سے گرا دیا گیا ہے۔ مثلاً

(۱) ؎ جنہ محسوس سو دیکھن جاے (۲) ؎ تب اس کپڑے راکھن دیت

(۳) ؎ تم مکھ لاگن کے سر اسے (۴) ؎ جب بیسن کوں آیا حیال

(۵) ؎ کھڑیا لیکھن کا تب ذات (۶) ؎ اک آپس یوں بوجھن مانہ وغیرہ

مصدر کو منصرف کرنے کے یہ دونوں قاعدے پنجابی و دکنی میں بھی ملتے ہیں[۲]۔

(۱۹) یوں ایسے مصادر ہیں جو گوجری اور اردو دونوں میں ملتے ہیں۔ لیکن کچھ ایسے بھی ہیں جو موجودہ گجراتی اور قدیم گوجری (و گجراتی) کے علاوہ دکنی[۳] پنجابی ہی میں ملتے ہیں :

---

[۱] پنجاب میں اردو ص ۱۲۴ [۲] پنجاب میں اردو طبع سوم ص ۱۲۵ [۳] پنجاب میں اردو ص ۱۲۶ تا ۱۲۹

(۱) لوڑنا = ضرورت ہونا ؎ جے کو آیا لوڑی مانجہ — کھولے باٹ وے کہ اور مانجہ

(۲) امڑنا یا ایَمڑنا = پہونچنا۔ دکنی و پنجابی میں اس کی صورت اپڑنا ہے۔

؎ ہویں تعین منہ سب ناتوں — توکیوں امڑیں کہہ تس ٹھانوں

(۳) پچھانا = پہچاننا ؎ جوہر اس منہ حرف سوجان — تہاں عرض اعراب پچھان

(۴) بلگنا = ایک شئے یا جسم کا دوسری شئے یا جسم سے ملنا، سٹنا ؎ بلگے گے وے چھت سنگھات

(۵) لانا = لگانا ؎ نرمائی کوں ہاتھ جو لاے — موم جو عین وجود سو پاے

(۶) بھلانا = ملانا (بھڑنے اور بھڑانے کی صورت میں یہ اب بھی مستعمل ہے۔)

؎ ہبیں فکر کرتوں من لاے — مت مرتبے بھلا کر جاے

(۷) آننا = لانا ؎ ہبیں الہیت کوں جان — کہوں سنیں من ایدھر آن

(۸) آنکنا = جاننا ؎ ہریک پاے وجود سوانگ — یہ قسمت بن قسمت آنک

(۹) اچانا = اٹھانا ؎ دوجی طرف وجود دکھاے — یہی امانت بھار اچاے

(۱۰) جالنا = جلانا ؎ نقطا چنگی لکڑی جال — اوسی دایرے پھرا سوال

(۱۱) پھرنا = بدلنا ؎ تلتل شکل پھرے اور شان — نھیں اعراض رہے دو آن

(۱۲) بھاننا = الگ کرنا ؎ احد سو بھانے صفت جلال — واحد دیہ وجود جمال

(۱۳) لہنا = پکڑنا ؎ جیوں جنہ چھپی پتھر منہ آگ — کیوں رہتی ہے لہیں نہ لاگ

(۱۴) کاچنا = کاڑھنا ؎ چخ مخ ماریں پھر جو آے — روپ کا چہ بھٹکو بھر راے

(۱۵) ناکھنا = رکھنا، راکھنا = رکھنا

؎ جال پتھر چوناں کر ناکھ — آپس کوں بھی رہے نہ راکھ

(۱۶) بھینا = کلکونا ؎ دانیں بانیں سبھے کر چھوڑ — اوگ اٹھینگے دیکھ بھوڑ

(۱۷) لیانا = لانا ؎ لیاے بھیس بہ روپا جب — اتنا تو بوجھے گا تب

(۱۸) پچھانا = پہچنوانا ؎ تمکوں تھوڑی تھوڑی دیت — صفت سو پچھانیں یوں کیت

(۱۹) الٹانا = الٹنا ؎ جیوں کاغذ الٹا کر دیکھ — تنہ پائے گا رنگ بہ بیکھ

(۲۰) بانا یا باہنا = ڈالنا

؎ تخت مہیں لے اچک سوآن — بانز گلے منہ باہی تان

(۲۱) جونا = دیکھنا ؎ جیوں آپس کی صورت جوے — تب دیکھے ہیں درپن سوے

(۲۰) **فعل سے اسم بنانا**

(۱) بوجھناں = بوجھنے کی قوت ؏ بوجھنے بوجھناں تس جو ہوے
(۲) بڈہ، گھاٹ = بیشی، کمی ؏ وحدت ماں کچھ بڈہ نہ گھاٹ
(۳) جاگنتی = بیداری ؏ یہ ہے موت جاگنتی باج
(۴) چتراون = تصویر ؏ جیوں چتراون ہٹا نہیں ٹھانہ
(۵) دیکھناں = دیکھنے کی قوت ؏ الہیت دیکھناں صفات
(۶) دیکھناں = دکھائی دینے کی صورت، درشن ؏ نور دیکھناں دیوے کیوں
(۷) دیکھناں، سنناں، دیکھنے اور سننے کی قوتیں ؏ دیبا دیکھناں، سنناں جب
(۸) دیکھنیں، جانیں = دیکھنے اور جاننے کی صلاحیتیں:
؏ دیکھے دیکھنیں تھیں، بوجھیں جانیں سوچھت چھت بتی کچھو نہ کرے
(۹) کہیا = کہا، کہنا ؏ کہیں کہ اتناں کہیا مان
(۱۰) کھلناں = ظاہر ہونے کی صورت ؏ کثرت جگ کھلناں اس کاج
(۱۱) کھیلیا = کھیل، بازی ؏ اوسے کبوتر کھیلیا بھاے
(۱۲) گھومن = گرداب (گھومنا سے) ؏ گھومن لہر ہوئے کیوں

(۲۱) مرکب الفاظ

ا۔ کبھی سالم اور کبھی غیر سالم میں پن یا پناں یا نیں یا پا کے لاحقے کا اضافہ کرکے ایک مرکب لفظ بنایا ہے اور اس سے اسم مطلق کا کام لیا ہے:

(۱) پن کا لاحقہ

اندھلاپن = اندھلا + پن (کوری) ؏ اس بھانتیں اندھلاپن دین
ایکل پن = ایکل + پن (تنہائی) ؏ تو ایکل پن جنیا جے
بڈپن = بڈ + پن (بڑائی) ؏ اس بڈپن [illegible]
بھارپن = بھار + پن (وزن) ؏ زور بھارپن ہوا سو آج
تتپن = تت + پن (گرمی، تپش) ؏ خوب دھوپ چھپتی تتپن
چنچل پن = چنچل + پن (شوخی) ؏ چنچل پن چیترے منہ پد
عقلی پن = عقلی + پن (عقلیت) ؏ عقلی پن ان کا ہر ٹھانہ

ننھپن = ننھ + پن (لڑکپن) ۶ یہ ننھپن کی عادت ہوے

(ب) پنا کا لاحقہ:

جان پنا = جان + پنا (جاننا) ۶ چھتا چھت بتی ہوا جان پنا خوب چھت سوں تو ملتا ج نہیں

(ج) پناں کا لاحقہ:

اندھل پناں = اندھل + پناں (اندھیرا) ۶ اندھل پناں نہیں حق ہے جانہ

ایک پناں = ایک + پناں (وحدت) ۶ چھت ایک پناں کچھو پاے نہیں...

فلان پناں = فلاں + پناں (منی) ۶ نفی فلان کر اب

لانب پناں = لانب + پناں (لمبائی) ۶ لانب پناں بھی تسی سنگھات

ہوں پناں = ہوں + پناں (خودی) ۶ عین ایک ہوں پناں سو ہوے

(د) پنیں کا لاحقہ:

جان پنیں = جان + پنیں (علم) ۶ ہے گھونگھٹے منہ من ہر چھپیا جنہ جان پنیں کوں بھی لاگ نہیں

۶ علم سو جان پنیں کا ناؤں

جوان پنیں = جوان + پنیں (جوانی) ۶ جوان پنیں منہ اورج بات

جھاڈ پنیں = جھاڈ + پنیں (وجود درخت) ۶ ... سو تو جھاڈ پنیں منیں اور رہیا

دور پنیں = دور + پنیں (دوری) سے دور پنیں کی یہ تاثیر سبی کبیر دکھاے صغیر

ذات پنیں = ذات + پنیں (وجود ذات) ۶ ذات پنیں منہ پای نہ جاے

ہوں ہوں پنیں = ہوں ہوں + پنیں (منی) ۶ ہوں ہوں پنیں سو اپنیں مانہ وغیرہ

(ہ) پا کا لاحقہ:

اکلاپا = اکلا + پا (وحدت، تنہائی) ۶ دکھ کی جد اکلاپا مان وغیرہ

۲۔ دار کے لاحقہ سے اسم فاعل بنانا۔

پردادار = پردا + دار ۶ دل کا پردادار ہو بیس وغیرہ

۳۔ اسم فاعل کرنھار (کرنے والا) کے لاحقہ سے ایک دوسرا اسم فاعل بنانا

روشن کرنھار = روشن + کرنھار ۶ ناؤں دھریں روشن کرنھار

۴۔ کچھ کے سابقہ کے اضافے کے ساتھ مرکب لفظ بنانا

کچھنال = کچھ (کچ) + نال (نار مخفف انار) ۶ تب رنگ جیوں نیلا کچھنال

۵۔ ال کا سابقہ زور کے لئے استعمال کرنا

ال الگا = ال + الگا (الگ، جداگانہ) ؏ ہر یک سنہ ال الگا راز

۶۔ حاصل مصدر میں "وک" کے لاحقہ کے اضافہ سے اسم بنانا

پانا سے پا + وک = پاوک۔ پانے والا ؏ اس دکھ پاوک کے تن جھال

جینا سے جی + وک = جیوک۔ جینے والا ؏ سبب تردد ہور جیوک ذات وغیرہ

۷۔ واد کا لاحقہ:

چھوکرواد = چھوکر + واد ؏ پڑھے جو چھوکرواد قرآن

۸۔ یل کا لاحقہ:

دوھیل = دوہ + یل ؏ جیو دینا ہے بات دوھیل

۹۔ ل کا لاحقہ:

بتل ؏ کن کے امر بتل جک پاوے آگل ؏ آگل بیٹھی کھان پکاوے

پیچھل ؏ پیچھل بیٹا بیٹی راکھ

۱۰۔ تل + ہار کا دوسرا لاحقہ:	امرتلھار	؏	جیون اک کن کے امرتلھار
۱۱۔ لا کا لاحقہ:	چھیلا	؏	چھیلا ایک تعین جو یں
۱۲۔ س (فارسی) کا لاحقہ	ایکس	؏	ایکس علم سو کہنیں مانہ
۱۳۔ پر کا سابقہ:	پر دکھ	؏	اوس کوں پر پردکھ ہیں کے
۱۴۔ نا کا سابقہ:	ناچار	؏	جو ہوے قدرت ناچار
۱۵۔ اود کا سابقہ:	اودناد	؏	تب کیا کیا اودناد مچاوے
۱۶۔ بن کا سابقہ:	بن پار	؏	نوک نھنیں دریا بن پار
۱۷۔ ان کا سابقہ:	ان دیکھ	؏	ہوں معتقد جو ان دیکھ

۱۸۔ ہار کا لاحقہ لگا کر اسم فاعل بنایا ہے:

آون + ہار = آون ہار = آنے والا ؏ جیوں فرزند ہوے آون ہار

اچکن + ہار = اچکن ہار = اچکنے والا ؏ امر نہی کا اچکن ہار

بھیجن + ہار = بھیجن ہار = بھیجنے والا ؏ آپ رسول اور بھیجن ہار

جاگن + ہار = جاگن ہار = جاگنے والا ؏ ہوں مطلق سو جاگنہار

جن + ہار = جن ہار = جننے والا/والی ؎ آگم نانوں دھریں جن ہار

دیکھن + ہار = دیکھن ہار = دیکھنے والا ؎ جیوں درپن منہ دیکھن ہار

کرن + ہار = کرنہار = کرنے والا ؎ وجود الف کا توں کرنہار

کھولن + ہار = کھولن ہار = کھولنے والا ؎ آپیں بردا کھولن ہار

کھیلن + ہار = کھیلن ہار = کھیلنے والا ؎ ہارے جیتے کھیلن ہار وغیرہ

۱۹ - ہارا کا لاحقہ لگاکر اسم فاعل بنایا ہے:

دیکھن + ہارا = دیکھن ہارا - دیکھنے والا ؎ یہ جے دیکھن ہارا سوے

۲۰ - ہر کا لاحقہ لگاکر اسم فاعل بنایا ہے:

من + ہر = من ہر = من جیتنے والا، محبوب ؎ گھر نورانی من ہر کاج

؎ ہے گھونگھٹے منہ من ہر چھپا... وغیرہ

۲۱ - اسم فاعل کرنہار کے لاحقے سے ایک دوسرا اسم فاعل بنایا ہے:

روشن + کرنہار = روشن کرنہار = روشن کرنے والا ؎ نانوں دھریں روشن کرنہار

؎ آپ ہوا روسن کرنہار وغیرہ

۲۲ - تھار کے لاحقے سے اسم فاعل بنایا ہے:

سن + تھار = سنتھار = سننے والا ؎ ہب تھیں بھایو سنتھار

۲۳ - سال کا لاحقہ لگاکر اسم فاعل بنایا ہے:

چتر + سال = چترسال = تصویریں بنانے والا، مصور ؎ چترسال کچھ کر دکھلائیں

۲۴ - وال کا لاحقہ لگاکر اسم فاعل بنایا ہے:

رکھ + وال = رکھوال = محافظ ؎ کوڑوں کانٹے ہیں رکھوال وغیرہ

۲۵ - کار کا لاحقہ لگاکر اسم فاعل بنایا ہے:

جنتر + کار = جنتر کار = ؎ جنتر کار کرے کھپ ات

۲۶ - دو اسموں کی یکجائی سے مرکب لفظ بنانا:

(۱) آبدارخاناں ؎ آبدار خاناں ہے لس مانہ

(ب) مکھ پونم ؎ مکھ پونم گھٹ ہوا سو بیچ

(ج) تالاویل ؎ تالاویل ہوے اس ماٹ

(د) پانیں پرب ؁ پانیں پرب بھری جیوں کو ے وغیرہ

۲۷۔ عربی کے مرکب لفظ

یوں تو پوری مثنوی میں جگہ بجگہ کلام پاک اور احادیث وغیرہ کے مختلف الفاظ یا ان سے متعلق تلمیحیں ملتی ہیں، مگر بعض مقامات پر خالص ترکیبیں بھی نظر آتی ہیں:

ابوالارواح ؁ ای ابوالارواح سوجان
فرد الافراد ؁ وے فرد الافراد سو تب
فی الآفاق ؁ آیۃ فی الآفاق سو دیکھ
فی الحال ؁ دسے دیکھی جاوے فی الحال
مرج البحرین ؁ مرج البحرین سو جان
ممتنع الوجود ؁ کہے ممتنع الوجود سو جانہ
ممکن الوجود ؁ ہب ممکن الوجود سو کیوں وغیرہ

(۲۲) دکنی چ کے مقابلے میں اسی کے معنوں (ہی) میں زائد ج کا استعمال:

۱۔ آشناج ؁ آشناج تھا ہم منہ سوے
اورج ؁ جوان پنیں منہ اورج بات
انانج ؁ نطق سو ہے انانج مانہ
۲۔ بیج ؁ الف الف، بے بیج پڈھاے
۳۔ جان پنانج ؁ یہ تو جان پنانج نہ ہوے
۴۔ چھتاج ؁ وہ اپنیں ذاتیج چھتاج
چھیتج ؁ اوس چھت نہیں ہے روئی چھیتج
۵۔ خداج ؁ خداج حافظ ہے ہر ٹھانہ
۶۔ ذاتج ؁ عین مطالع ذاتج ہوے
۷۔ کاج ؁ دوجا نقطا کاغذ کاج
۸۔ شرانج ؁ عین شرانج ہے ہر ٹھور
۹۔ گھٹاج ؁ ذات میں نہیں کچھ گھٹاج
۱۰۔ قبلاج ؁ ہے کعبہ جگ کا قبلاج

۱۱۔ موجِ	؎	چھت وجود سو موج ہوے	
۱۲۔ نوکِج	؎	بھرے تو نوکج کی مقدار	
۱۳۔ ہوج	؎	کدہیں ظہور نہ ہوج دکھاے	
ہونج	؎	ہونج بعِلمٗ ہونج وجود	
ہیچ	؎	دے تو ہیچ نہیں چھت مانہ	وغیرہ

خود دکنی چ کا استعمال:

کدہینچ	؎	دے کدھینچ منداوے نانہ	وغیرہ

(۲۳) فارسی کے باے فصاحت کے مصداق "سو" کا زائد استعمال ملتا ہے۔ مثلاً

(۱)	سہ	اینہا وجود صفت نہیں دیکھ	عین یہی موجود سو لیکھ
(۲)	سہ	اب موجود آیا اس ٹھانہ	یہ شئے آے وجود سو مانہ
(۳)	سہ	ہب موجود وجود پچھان	تیونھیں عدم معدوم سو جان
(۴)	ع	ماے لطیف سو مانجہ کثیف	
(۵)	ع	دو نہ ماں ہوں اک ذات سو ہوے	وغیرہ

(۲۴) ق کا تلفظ خ کے طور پر حیدرآباد دکن کی خصوصیت سمجھا جاتا ہے مگر اس کی بھی ایک مثال ہمیں خوب ترنگ میں ملتی ہے۔ چقماق کم ہوکر چقمق اور پھر چخ مخ ہوگیا سہ

روپ کا چہ بھٹکوں بھر راے
چخ مخ ماریں پھر جو آے

(۲۵) فک اضافت

۱۔ امرِ جزی بجاے امرجزی سہ	وہ جب ایک فردسن پاے	امر جزی اوس نانوں دھراے
۲۔ اہلِ دل بجاے اہلِ دل	؎	ناوں مثال اہلِ دل مانہ
